بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

وَاسْتَمِعْ یَوْمَ یُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّکَانٍ قَرِیْبٍ یَوْمَ یَسْمَعُوْنَ
الصَّیْحَۃَ بِالْحَقِّ ذٰلِکَ یَوْمُ الْخُرُوْجِ ہ

(سورہ۔ ق ۵۰)

سنو! جس دن ایک نزدیک جگہ سے منادی صدا دے گا۔ اس دن
وہ حق کی آواز سنیں گے اور یہی دن ظہور کا ہوگا !!

# نور العصر

○

تصنیف منیف

## سرکار خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب قبلہ دہلوی

ناشر

مکتبہ تعمیر ادب

پوسٹ بکس نمبر ۵۴۲ - پیسہ اخبار۔ لاہور

Marfat.com

## ہماری دیگر مطبوعات

- قرآن مجید ترجمہ مولانا فرمان علی مرحوم
- مستند تحفۃ العوام
- مفاتیح الجنان
- ابو طالب مومن قریش
- نص و اجتہاد
- صحابیت کا صحیح تصور
- فدک تاریخ کی روشنی میں
- بیعت رضوان
- شہداء ایمان
- ترجمہ احیاء المیت
- ترجمہ سر الشہادتین
- وضو کتاب و سنت کی روشنی میں
- ترجمہ جلاء العیون
- امام صادق و مذاہب اربعہ (زیر طبع)
- تذکرۃ الخواص (زیر طبع)
- تاریخ ابو الفدا (زیر طبع)
- توضیح المسائل
- مستند نماز
- مستند دعائیں
- سیدہ کی کہانی (منظوم)


| | |
|---|---|
| بار اول | جنوری ۱۹۶۸ء |
| تعداد اشاعت | دو ہزار |
| کتابت | محمد چراغ الدین |
| سرورق | انصاری |
| طباعت | نامی پریس لاہور |
| قیمت قسم اول | ساڑھے چھ روپے |
| ” قسم دوم | ساڑھے چار روپے |

۲۹۷۶۸۳۰۹۲
۸۵۹۲
۱۴۷۰۳

DATA ENTERED

# اس کتاب میں

| | |
|---|---|
| عرض ناشر | ۹ |
| مقدمہ | ۱۱ |
| عقیدہ امام آخر الزمان | ۱۷ |
| قرآن میں محیر العقول تخلیق کا ذکر | ۱۹ |
| شیعوں کا اعتقاد | ۲۲ |
| رفع عیسٰی اور مذہب اہل سنت | ۲۳ |
| پیش لفظ | ۲۹ |
| نائبین رسول و نبی ہمیشہ بارہ بارہ ہیں — | ۳۳ |
| ستارہ توریت و انجیل | ۳۳ |

Marfat.com


| | |
|---|---|
| اسنادِ قرآن | ۳۶ |
| اسنادِ حدیث | ۳۸ |
| توضیحاتِ احادیثِ صحیح | ۴۴ |
| بارہ امیر یا بارہ خلیفہ | ۴۶ |
| شمارِ اشخاص | ۴۷ |
| قدرت کا غیبی انتظام | ۵۰ |
| ہر زمانے میں وجودِ حجت لازم ہے | ۵۶ |
| ہر زمانے میں اولوالامر کا وجود لازمی ہے۔ | ۶۰ |
| امر کی توضیح | ۷۳ |
| وسیلہ | ۸۴ |
| خدا کی رسی | ۸۵ |
| ثمرِ شجرہ طیبہ | ۸۷ |
| ہر زمانہ میں وارث کتاب رہنا لازمی ہے۔ | ۹۱ |
| وارث کون ہے۔ | ۹۲ |
| امانِ زمانہ | ۹۶ |
| ہر زمانہ میں تنزیلِ ملائکہ لازمی ہے | ۹۸ |
| ہر زمانہ میں ایک ہادی رہنا ضروری ہے۔ | ۱۰۱ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| ضروری گذارش | ۱۲۸ |
| مقابل شیطان | ۱۳۴ |
| عقل و روح ولاشعور | ۱۳۶ |
| وجود امام کے فوائد | ۱۴۵ |
| عالم میں وجود حجت و ہادی ضروری ہے ۔ | ۱۵۹ |
| غیب پر ایمان لانا عین ایمان ہے | ۱۸۵ |
| تعریف مومنین بالغیب | ۱۸۶ |
| حدیث افتراق | ۱۸۷ |
| آخرت پر ایمان | ۱۹۵ |
| حیات دجال | ۲۰۱ |
| تلک عشرہ کاملہ | ۲۲۱ |
| غیبت امام سے فائدہ | ۲۳۲ |
| آپ کے ظہور پر کیا ہو گیا | ۲۴۲ |
| سنّت الٰہیہ | ۲۵۳ |
| ہدایت بذریعہ نور | ۲۶۱ |
| ذکر کتب اہل سنت | ۲۷۲ |
| مصنوعی مہدی | ۲۸۰ |
| انتظار امام آخر | ۲۸۴ |
| انتظار | ۲۸۸ |


Marfat.com

| | |
|---|---|
| لا مهدی الا عیسیٰ | ۲۹۵ |
| انکار غیب کے نقصانات | ۲۹۷ |
| وجود خدا پر مسلمانوں کی دلیل | ۲۹۸ |
| منکرین امام کی قرآن وسنت سے چشم پوشی۔ | ۳۱۵ |
| عقیدہ امام پر اعتراضات | ۳۲۵ |
| اعتراض و اقرار | ۳۳۲ |
| وجہ بقائے امام زمانہ | ۳۴۳ |
| حدیث بارہ خلیفہ اور بارہ امام پر غور۔ | ۳۴۵ |
| انصاف پسند اہل سنت | ۳۵۳ |
| تاریخ خمیس کا فیصلہ | ۳۵۵ |
| حضرت مہدی علیہ السلام | ۳۶۳ |
| سبب بقائے حضرت عیسیٰ | ۳۶۳ |



خطیب اعظم مولانا محمد سعید دہلوی مدظلہ

Marfat.com

Marfat.com

# عرضِ ناشر

ہماری ایک اور انمول پیشکش "نورالعصر" آپ کے زیرِ نظر ہے۔

حضرت امام آخرالزمان عجل اللہ فرجہ کے بارے میں آج کل خاصی غلط فہمیاں پھیلائی جاری ہیں اس سلسلہ میں گذشتہ دنوں ماہنامہ "سیارہ ڈائجسٹ" اور ہفت روزہ "پیغام صلح" نے نہایت دل آزار اور بے ہودہ مضامین شائع کئے۔ مکتبہ تعمیر ادب کے ارگن "المنتظر" کی وساطت سے ہم نے ایسی تمام تحریروں کے مسکت جواب شائع کئے۔ لیکن اس کے باوجود یہ خواہش دل میں چٹکیاں لیتی رہی کہ حضرت امام عصر عجل اللہ فرجہ کے بارے میں ایک مستند اور مدلل کتاب شائع ہونی چاہیے تاکہ آئندہ کسی کو بھی غلط فہمیاں پھیلانے کی جرأت نہ ہو۔

خوش قسمتی ملاحظہ فرمایئے کہ رہبر قوم . . . قائد ملت جعفریہ خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب دہلوی مدظلہ العالی نے اس موضوع پر ایک کتاب تصنیف فرما رکھی تھی۔ ہم نے سرکار ممدوح کی خدمت میں اس کو شائع کرنے کی درخواست کی تو انہوں نے بہ کمال شفقت و عنایت اس کی اجازت مرحمت فرمائی۔

اس کتاب کو ملاحظہ فرمانے کے بعد آپ ہمارے ساتھ اس بات میں مکمل اتفاق کریں گے کہ اس موضوع پر اس سے بہتر کتاب ابھی تک اردو زبان میں شائع نہیں ہوئی کتاب و سنت۔ نقل و عقل۔ روایت درایت ہر لحاظ سے حضرت امام عصر کے وجود مبارک کے متعلق جو وسوسے اور شبہات عوام کی گمراہی کا سبب بن رہے ہیں۔ ان کا جواب شافی اور اثبات اور حیات قائم آل محمد کو سواد اعظم کی کتب ہائے معتبرہ سے

Marfat.com

پیش کیا گیا ہے۔

علمی حلقوں میں سرکار خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب دہلوی کی ذات والا صفات محتاج تعارف نہیں ہے۔ موصوف آسمان خطابت پر برسوں آفتاب عالم تاب بن کر چمکے۔ برصغیر کی ہر فرد اس بات کی گواہ ہے کہ بلاشبہ اس میدان میں ان کا کوئی ثانی نہ تھا جہاں آپ نے خطابت میں اپنی عظمت کے جھنڈے گاڑے وہاں اب اس پیرانہ سالی میں انہوں نے تصنیف و تالیف کی طرف توجہ مبذول فرما کر تحقیق انیق کا حق ادا کر دیا ہے۔ زیر نظر کتاب آپ کی ایک کاوش کا بہترین ثمر ہے۔

افراد ملت کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اس کتاب کی توسیع اشاعت میں حصہ لے کر عند اللہ و عند الرسول ماجور و مثاب ہوں۔

ناشرین

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# مقدمہ

مولانا سید مرتضیٰ حسین صدر الافاضل دام مجدہ

زیر نظر کتاب ملک کے مایہ ناز خطیب کی تالیف و ترتیب ہے اس کا موضوع اثبات وجود حضرت صاحب الزمان علیہ السلام ہے۔ میں اصل کتاب کے بارے میں آگے چل کر کچھ عرض کروں گا۔ پہلے تمہید کے طور پر جناب خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب قبلہ مدظلہم کے بارے میں کچھ عرض کرتا چلوں۔ تاکہ مؤلف اور تالیف دونوں پر اظہار خیال ہو جائے۔

جناب خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب قبلہ کے کم و بیش پچاس سال شہرت و ناموری کے آفتاب نصف النہار میں گذرے اور برصغیر کا کوئی شہر ایسا نہ ہوگا جہاں موصوف نے خدمت دین اور تبلیغ مذہب کے لیے سفر نہ کیا، ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی اور دوسرے مذہبوں کے ماننے والوں نے آپ کی خطابت، دل کشی بیان، حسن تقریر اور انداز وعظ کو والہانہ پسندیدگی کے ساتھ دیکھا، اور ہمیشہ تاثیر کا اقرار اور اثر کا اظہار کیا

مولانا سید محمد صاحب کے والد بزرگوار جناب مولانا سید آفتاب حسین صاحب اور ان کے والد مرحوم جناب سید غازی الدین حسین صاحب بیتن ہیڑی ضلع بجنور کے

Marfat.com

باوقار زمیندار تھے وہ اپنے علاقے میں حاکمانہ اعزاز اور پرخلوص محبتوں کے مالک تھے، اس عہد کی رسم کے مطابق صاحبان دولت علم دین سے منغمض رکھتے تھے، خاص کر دیندار خاندانوں میں اولاد کو تبلیغ مذہب کا شوق دلایا جاتا تھا، جناب مولانا آفتاب حسین مرحوم بھی دولت دنیا کے باوجود علم دین کے شوقین تھے، موصوف نے میراں پور اور مدرسۂ منصبیہ میرٹھ میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد پنجاب یونیورسٹی لاہور سے عربی کی سند مولوی فاضل حاصل کی اور مولف تذکرۂ بے بہا کے بقول آپ متحدہ پنجاب میں اوّل آئے۔

آغاز جوانی ہی میں خطابت کا شوق ہوا۔ اور اپنی ذہانت وذکاوت علم وفضل، کمال خطابت اور خلوص نیت کی بدولت اپنے عہد کے عظیم واعظ مانے گئے معاصر شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا ایک خاص طرز بیان کے موجد تھے، اہل سنت اور غیر مسلم حضرات بھی آپ کی تقریر کے گرویدہ تھے۔ دہلی میں آپ کے قیام سے مسلمانوں کو عموماً اور شیعوں کو خصوصیت کے ساتھ بڑی ڈھارس تھی۔

مولانا آفتاب حسین صاحب نے دہلی میں تبلیغ واصلاح کے لیے بہت سے اقدامات کیے جن میں سے نواب حامد علی خان کی امداد سے ایک دینی مدرسہ اور انجمن و شیعۃ الصفا، کا قیام بھی ہے۔ دہلی عربک ہائی اسکول میں السنۂ شرقیہ کے مدرس اول ہونے کے باوجود ان کی دینی سرگرمیوں میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا انھوں نے دہلی کے شیعوں میں بیداری کی روح پھونکی اور علم دین کی طرف مائل کرنے میں بڑی کامیابی حاصل کی۔

شہر دہلی اور دوسرے شہروں میں آپ کی حیثیت شیعہ زعیم اور مذہبی رہنما کی تھی آپ کے اور کارناموں کے ساتھ جناب مولانا مقبول احمد صاحب قبلہ مرحوم کا اپنے آبائی مذہب اہل سنت والجماعت کو چھوڑ کر مذہب شیعہ اختیار کرنا ایک ناقابل فراموش واقعہ ہے مولانا آفتاب حسین صاحب قبلہ مرحوم ہی نے مولانا مقبول احمد صاحب مرحوم اعلی اللہ

Marfat.com

مقامہ کو خطابت کی طرف مائل کر کے مذہب حق کی بہت بڑی خدمت انجام دی۔

مولانا آفتاب حسین صاحب قبلہ (بقول مولانا محمد حسین صاحب مولف تذکرہ بے بہا) ۱۳۲۲ھ میں رحلت فرما گئے اور جناب مولانا محمد کامل صاحب اعلی اللہ مقامہ صاحب نزہتہ اثنا عشریہ، کی قبر کے سرہانے پنجہ شریف دہلی میں محو آرام ہوئے

مولانا سید محمد صاحب اس وقت کم عمر تھے والد کی رحلت کے بعد آپ نے اپنی خاندانی روایت کا احترام کیا اور کم سنی ہی سے علم و عمل درس و تدریس اور خطابت و تبلیغ کا شوق رہا۔ میرٹھ اور لکھنؤ میں تعلیم حاصل کر کے دہلی کے عربک ہائی اسکول میں کرسی درس پر فائز ہوئے اور اپنے والد مرحوم کے فرائض تدریس انجام دینا شروع کیے۔ اہل دہلی نے بچپنے اور عنفوان شباب ہی میں اعزاز و شہرت حاصل کر لی تھی، ان کی باتیں وزن اور ان کے احکام کا احترام ہوتا تھا۔

مجالس اور محافل سیرت میں ان کی تقریر بڑے سے بڑے خطیب سے بہتر مانی گئی اور عمر کے ساتھ ساتھ مقبولیت میں اضافہ ہوتا گیا۔ ان کی باغ و بہار طبیعت اور اصلاحی خیالات، ان کی خطابت میں نمایاں ہوئے تھے، دو دو تین تین گھنٹے ممبر پر بولتے تھے اور مجمع مسحور بیٹھا سنا کرتا تھا۔ وہ جہاں جاتے قرب و جوار کی آبادیاں امنڈ کر مجلس میں جمع ہو جاتی تھیں۔ ہزاروں اور لاکھوں کے مجمع میں طویل سے طویل تر تقریر سننے والوں کی طبیعت سیر نہ ہوتی تھی، پر لطف تقریر، بات بات میں ہنسانا اور ہنسی ہنسی میں کام کی بات کہہ جانا ان کا فن ہے۔ سادی زبان میں روزمرّہ کی باتوں کو یوں بیان کرتے ہیں کہ اصول مذہب اور فضائل محمدؐ و آلِ محمدؐ دل میں اتر جاتے اور ذہن کو تازگی بخشتے ہیں۔

مولانا سید محمد صاحب اب سے پچاس برس پہلے شیعوں کی قومی ضروریات اور ملت حقہ کی تنظیم کے داعی ہیں، وہ باعزت زندگی گذارتے رہے، لالچ سے

Marfat.com

دوری اور استغنا کی وجہ سے ہر شخص ان کی طرف جھکتا ہے، طبیعت داری اور بے ساختگی کی وجہ سے نظام دکن میر عثمان علی خان صاحب مرحوم سے میجر مبارک علی شاہ تک ان کے گرویدہ ہیں، وہ جہاں جاتے ہیں شیعوں کی فلاح و اعزاز کی ہی بات کرتے ہیں۔ انہوں نے سادات بارھہ کے لیے ایک شایاں شان بورڈنگ خود انہی سے بنوایا۔ بمبئی میں کیسر باغ جیسی تعمیر انہی کی پر خلوص جد و جہد کا نتیجہ ہے، دہلی ہال اور جھنگ کا یتیم خانہ مولانا ہی کے جذبۂ فراواں کا ثمر ہے۔

خطیب اعظم نے برصغیر میں مقبولیت و عزت کے پچاس سال فقط خطابت کے سایے میں نہیں گذارے انہوں نے دہلی کے شیعہ مساجد و اوقاف کو منظم کیا اور لکھنو کے تاریخی ایجی ٹیشن میں بے مثال خدمتیں انجام دیں، وہ سرکار ناصر الملت اعلی اللہ مقامہ کے ہراول دستہ کے جاں باز سپاہی اور قوم کے محترم رہنما تھے۔ اس سلسلے میں انہوں نے برصغیر میں عموماً اور پنجاب میں خصوصاً جس دوراندیشی اور مخلصانہ مساعی سے بیداری کی لہر دوڑائی اسے جناب مولانا ظفر مہدی صاحب قبلہ مرحوم اور جناب مولانا حافظ کفایت حسین صاحب قبلہ مدظلہم بھی انتہائی قدر و عظمت کے ساتھ بیان فرماتے تھے۔

آج بھی وہ ستر برس کی عمر میں اپنی جوان ہمتی اور بہادرانہ پامردی کے ساتھ ایک ان تھک سپاہی، ایک بے پروا مجاہد اور ایک نڈر قائد کی طرح پوری قوم کی قیادت فرما رہے ہیں۔ اور مولانا کی پسند و ناپسند کا خیال کیے بغیر یہ کہنے میں باک نہیں رکھتا کہ انہوں نے شیعوں کی اس افراتفری، نفسا نفسی اور کس مپرسی میں انہیں منظم کیا، ان کے دل کی آوازوں کو فضا میں پھیلایا، انہیں سہارا دیا اور توفیقات الہیہ سے ان کی تمناؤں کو ایسے راستے سے آشنا کیا کہ اگر خدا نے چاہا تو بہت بڑی کامیابی سے ہمکنار رہوں گے۔ آج پورا ملک ان کی خدمتوں کو سراہ رہا ہے اور

ان کی ضعیفی کمزوری اور علالت کو دیکھ کر ہر شخص سوچنے پر مجبور رہے کہ ایک جوان بھی اس سے زیادہ محنت کیا کرتا۔

اطال اللہ بقاءھم و زاد اللہ توفیقاتھم

مولانا سید محمد صاحب قبلہ عمر کی اب ان منزلوں میں ہیں کہ آرام فرماتے۔ بھائی کی مفارقت، اہلیہ کی رحلت اور صحت کی جدائی نے انھوں بہت کمزور کر دیا ہے، لیکن وہ اپنے مقصد اور نصب العین سے غفلت برتنا گناہ سمجھتے ہیں۔ قومی مطالبات کے سلسلے میں ان کی جدوجہد ایک طرف اور تبلیغ حق کے لیے مطالعہ اور قلمی کاوش دوسری طرف وہ مثالی عمل ہے جس سے ملت کے جوانوں کو سبق لینا چاہیے۔

## ۲

مولانا سید محمد صاحب کراچی میں قیام فرمائیں اور قومی خدمات سے جو وقت بچتا ہے وہ مطالعہ میں گزارتے ہیں، انھوں نے ملک کے بڑے سے بڑے نجی اور پبلک کتاب خانے دیکھے ہیں، خدا بخش کی لائبریری اور حیدرآباد دکن کے علمی خزانے رام پور کے ذخیرے اور لکھنؤ کے مشہور و غیر مشہور تحقیقی مراکز میں وقت گذارا ہے۔ بڑے بڑے علماء اعلام سے فیض اٹھایا اور خود بھی اچھے خاصے کتب خانے کے مالک رہے، آج بھی ان کے پاس لٹ جانے کے باوجود بہت قیمتی ذخیرۂ کتب موجود ہے۔

مولانا مدظلہ مجھ سے بارہا اپنی اس خواہش کا اظہار فرما چکے ہیں کہ انھوں نے اپنے طویل سفروں اور ایران و عراق، پاک و ہند کے کتب خانوں سے جو کچھ فائدہ اٹھایا ہے اور جو حوالے اور نوٹ محفوظ کیے ہیں انہیں ترتیب دیں۔ مگر ان کی

Marfat.com

مصروفیت تصنیف وتالیف کا وقت کہاں دیتی ہے۔ پھر قوم کو اب وہ ذوق وشوق بھی نہیں کہ اس قسم کے کام کرنے کے لیے وقت وسکون کی فراوانی مہیا کرے اور پھر جو کام پیش کیا جائے اس کی قدر ہو۔ اس حوصلہ شکن ماحول میں مولانا نے اپنے طبعی استغنا سے متاثر ہو کر عقیدۂ وجود حجت پر اپنے جمع کردہ مطالعہ کو سمیٹا اور مختلف لمحات فرصت میں مرتب کر کے کتاب کی شکل دی۔

اس کتاب میں قرآن مجید، تفسیر، حدیث، عقائد، کلام اور آسان فلسفۂ دیانت کے حوالے ہیں، مسلمانوں کے مسلمات، اور اکابر علماء اسلام کے ارشادات ہیں، سادی اور مضبوط، عام فہم اور نتیجہ خیز دلیلیں ہیں، عقل کی روشنی میں مذہب شیعہ کے عقائد کا بیان ہے۔ آیات کے فیضان سے امامت پر استدلال ہے اور قرآنی شواہد کی امداد سے لوگوں کو حضرت امام آخرالزماں علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معرفت کے لیے دعوت فکر دی ہے۔ قبول حقائق کے لیے مواد مہیا کیا، اور بات سمجھنے کے لیے قندیل نور روشن کی ہے۔

## فمن شاء فلیومن!

فرقہ پرستی سے دور اور تعصب سے الگ ہو کر دیکھا جائے تو ہر دل کو یقین ہے اور ہر مسلمان کا ایمان ہے کہ اسلام فقط مشاہدات کے اعتقاد کی دعوت نہیں دیتا، بلکہ قرآن مجید کے آغاز سے آخر تک "غیب" سے موجودات، اور "غیب" کے حقائق کا اعتقاد رکھنے کا حکم ہے اور کون کلمہ گو ہو گا جو ان غیبی معاملات ومسائل اور نظر نہ آنے والے موجودات کو نہ مانے۔

فرشتے، جن، جنت ودوزخ، کوثر وطوبیٰ، سلسبیل وماء معین، حور وغلمان عیسیٰ علیہ السلام اور خضر علیہ السلام ہوں یا دوسرے انبیاء واولیا کا وجود

Marfat.com

ملنے بغیر بات نہیں بنتی۔ شہید کو دفن کرنے کے بعد بھی یہ اعتقاد ہے کہ وہ زندہ ہے، خدا کے حضور سے رزق پاتا ہے، رزق سے فائدہ اٹھاتا ہے دینیات کی کتابوں میں تمام مسلمان بچے پڑھتے اور تمام کلمہ گو مانتے ہیں کہ مذکورہ بالا حقائق پر ایمان رکھنا واجب ہے۔

## عقیدۂ امام آخر الزمان علیہ السلام

مولانا عبد القیوم ندوی کی تبلیغی تقریروں اور اعتقادی مواعظ کی ایک کتاب "اسلامی دستور حیات" کے نام سے چھپی ہے۔ (ایم ثناء اللہ ۲۶ ریلوے روڈ، لاہور) اس کتاب میں سادہ طریقہ سے عام فہم انداز میں سنی حنفی مسلمانوں کے عقائد کا بیان ہے "اسلامی دستور حیات" کا پہلا عنوان ہے "خدا کا وجود" اور آخری موضوع ہے "نزول عیسیٰ ع" صفحہ ۵۵ اپر "علامات قیامت" اور ۱۵۶ پر "قیامت" کے تفصیلات میں لکھتے ہیں:

"اسی دوران میں ملک شام میں ایک شخص پیدا ہوگا، جو سیدوں کا بہت دشمن ہوگا اور سادات و صالحین کا قتل عام کرائے گا، مسلمان نہایت پریشانی میں ہوں گے۔ اس زمانے میں امام مہدیؑ جو خود سید ہوں گے۔ مدینے سے مکۂ مکرمہ جائیں گے۔ لوگوں کو آپ کی بڑی تلاش ہوگی۔

امام مہدی ع

آخر اولیاء اللہ کی ایک جماعت۔ . . حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ کے درمیان آپ کو پہچان لیں گے، تب غیب سے ایک آواز آئے گی . . . جس سے آپ کے مہدی ہونے کی تائید ہوگی"

- الی آخرہ۔

Marfat.com

ـــــ " نزول عیسیٰؑ ۔

عصر کی اذان کے بعد دمشق کی جامع مسجد کے مشرقی حصے پر حضرت عیسیٰؑ دو فرشتوں کے سہارے آسمان سے نازل ہوں گے" صفحہ ۱۵۸

قیامت سے پہلے حضرت امام مہدی آخر الزمانؑ کا ظہور اور ان کے ساتھ حضرت عیسیٰؑ کی تشریف آوری ایک ہی واقعہ کے دو جزیئے ہیں، جیسے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور قرآن مجید کا نزول۔ گویا ایک دعوئے ہے دوسری دلیل، حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا اعلان خدا کے نزدیک ایک ایسی دلیل کا طلب گار تھا جسے رد کرنا ممکن نہ ہو، لہٰذا قرآن مجید نازل کیا گیا جو زبان و بیان کے اعتبار سے ہر شخص کے لیے قابل قبول تھا۔ وہ ان لوگوں کے مسلمہ اصولوں کے مطابق تھا، انہیں کا لہجہ تھا، انہیں کی زبان تھی مگر وہ خود کوشش کے باوجود اس قسم اور اس انداز میں بات نہ کر سکتے تھے، اس کا جواب پیش نہ کر سکے اور یہ ماننے پر مجبور ہو گئے کہ جس دعوے کی دلیل یہ کتاب ہے وہ دعویٰ سچا ہے۔ اسی طرح ہمارے امام کی تشریف آوری اور حضرت عیسیٰؑ علیہ السلام کا آسمان سے اتر کر زمین پر آنا، تمام انسانوں کے لیے آپ کے امام برحق، زندہ اور قائم ہونے پر دلیل ہوگا۔ جسے کوئی رد نہ کر سکے گا۔

اس بارے میں بحث کوئی انجوبہ چیز نہیں۔ حیات ائمہؑ میں امام پر بحث ہوئی دور نبوت میں انبیاء کے دعوے زیر بحث آئے، لوگوں نے جنوں کا انکار کیا، بعض ذہن "فرشتہ" کے وجود سے انکار کرتے ہیں۔ کچھ ایسے بھی ہیں جس کے نزدیک آج کل صبح کی دو رکعتیں اور دفتر و کاروبار کے وقت ظہر کی چار رکعتوں کی وجہ معلوم کرنے کی کوشش ہو رہی ہے حد یہ ہے کہ نماز وروزہ حج اور قربانی، زکوٰۃ و خمس اور جہاد کے بارے میں "روح"، "مقصد" اور "مفہوم" ہی قابل بحث ہیں۔ خداوند عالم کی قدرتیں دیکھ کر انکار تو مشکل ہے۔ مگر اس کے اقرار میں "تردد" نظر آتا ہے۔

Marfat.com

# قرآن میں محیر العقول تخلیق کا ذکر

درحقیقت، قرآن مجید پر اعتقاد رکھنے والا یہ بات مانتا ہے کہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام بے باپ کے پیدا ہوئے، کیونکہ خود قرآن مجید نے جناب مریمؑ کی بات محفوظ کی ہے۔

"قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِیْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِیْ بَشَرٌ"۔

مریم نے کہا، میرے یہاں فرزند کیسے ہوگا، مجھے تو کسی بشر نے ہاتھ بھی نہیں لگایا۔ (سورۃ مریم، آیت ۲۰)

قرآن مجید نے قدرت کا عطا کردہ جواب یہ بتایا ہے:

"قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗۤ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا"،

کہا، یوں ہی ہوگا، تمہارے پروردگار نے فرمایا کہ یہ میرے لیے آسان ہے اور ہیں تو اسے لوگوں کے لیے، آیت، (نشانی) اور اپنی رحمت بنائیں گے اور اس بات کا فیصلہ بھی ہو چکا ہے (مریم ۲۱)

سورۂ آل عمران میں یہ واقعہ اس سے زیادہ تعجب انگیز اور حیرت خیز انداز میں بیان ہوا ہے

"فرشتوں نے کہا، مریم! خدا تم کو اپنے، کلمہ، کی بشارت دیتا ہے اس کا نام مسیح، عیسےٰ بن مریم ہوگا وہ دنیا اور آخرت میں صاحب شان ہوگا اور خدا کے مقربین میں سے ہوگا۔ وہ گہوارے میں بھی اور بڑا ہو کر بھی لوگوں سے خطاب کرے گا۔ اور صالحین میں سے ہوگا۔

مریمؑ نے کہا، پروردگارا! میرے یہاں لڑکا کیسے پیدا ہوگا، مجھے تو کسی بشر نے چھوا بھی نہیں فرمایا، خدا اسی طرح جسے چاہتا ہے

Marfat.com

پیدا کرتا ہے ۔ وہ تو جب کسی بات کا فیصلہ کرتا تو ارشادہ کرتا ہے کہ " ہو جا" وہ شئے فوراً وجود حاصل کر لیتی ہے "

(آل عمران آیت ۴۵ تا ۴۷)

عام ذہن سے کوئی پوچھے کہ یہ سب کچھ کیونکر ہوا؟ اور قرآن مجید کی اس توضیح پر اگر بات ختم ہو جاتی تو غنیمت تھا مگر بات آگے بڑھتی اور پھر مشاہدات و تجربات کا ایک نیا علم دیا جاتا ہے۔ یعنی حضرت عیسےٰ علیہ السلام بے وساطت پدر عالم میں آگئے، ابھی ماں کی گود اور جھولے ہی میں ہیں لوگ آ کر حضرت مریمؑ سے اس عجیب فرزند کی ولادت کے متعلق طرح طرح کے سوال کر رہے ہیں۔ ہفتہ عشرے کے اندر بچہ کو باتیں کرتے کس نے سنا، اور اگر کوئی کہے بھی تو ماننے والے کب مانیں، مگر قرآن حکیم کا ارشاد ہے کہ عیسےٰؑ نے گہوارے ہی سے معترض لوگوں کو جواب دیا۔

" قال انی عبد اللہ اٰتانی الکتاب و جعلنی نبیا "  — (مریم آیت ۳۰)

کہا: میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی ہے اور اس نے مجھے نبی بنایا ہے۔

معتدل عقل و بصیرت رکھنے والوں نے جواب سنا تو اپنا اعتراض واپس لے لیا، گردن جھکائے چلے گئے اور خود سروں نے کہنا شروع کیا۔ المسیح ابن اللہ عیسےٰؑ تو اللہ کے بیٹے ہیں یہ افراط کی طرف گئے۔ کچھ تفریط میں آئے اور کہنے لگے۔ کہ عیسےٰ علیہ السلام یوسف کے بیٹے تھے۔ اب اس پر بحث و نظر کا سلسلہ شروع ہو گیا، مباحثوں اور مناظروں کی داستانوں میں ایک واقعہ زبان وحی سے سنیے، ۹ سنہ ہجری میں عیسائیوں کا ایک وفد آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم سے بحث کرنے آیا، " عیسےٰ اگر خدا کے بیٹے نہ تھے " تو بے باپ کے پیدا کیسے ہوئے ؟

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"اِنَّ مَثَلَ عیسیٰ عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب" (آل عمران آیت ۵۹)

خدا کے نزدیک عیسیٰؑ کی مثال آدمؑ جیسی ہے۔ اس نے آدم کو فقط مٹی ہی سے پیدا کیا تھا ان کے ماں باپ کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ اگر اس دلیل سے مطمئن ہو سکتے ہو تو خیر ورنہ بحث سے کیا حاصل، آؤ تم اپنے دل کے ٹکڑے لے آؤ، میں اپنے اہل بیت کو لے کر آجاؤں گا، پھر کھلے میدان میں جھوٹا دعوے کرنے والے پر لعنت کی دعا کریں دیکھیں اس میدان (مباہلہ) میں کون ٹھیرتا ہے اور کس کے قدم اکھڑتے ہیں (آل عمران ۶۱)

**امام زمانہ** سوچیئے کہ یہ سب کچھ صحیح ہے اور یہ صحیح نہیں؟ کہ حضرت امام حسن عسکری کے فرزند حضرت امام مہدی علیہ السلام ۱۵ شعبان ۲۵۵ھ ہجری کو پیدا ہوئے حضرت نرجس خاتونؑ نے اس امام ابن امام کی پرورش فرمائی آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ کی صاحب زادی حضرت فاطمہ زہراؑ کے فرزند امام حسین علیہ السلام کی آٹھویں پشت میں تھے۔ کم از کم پانچ سال تک امام حسن عسکری علیہ السلام کے ساتھ رہے گیارہویں امام کی شہادت کے بعد آپ نے لوگوں سے ملنا چھوڑا اور چار بزرگوں کے ذریعے اپنے احکام نشر کیے۔ ۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ کو امام حسن عسکریؑ کے بعد آپ کا دور امامت شروع ہوا جناب عثمان بن سعید اور محمد بن عثمان۔ ابو القاسم حسین بن روح اور جناب علی بن محمد سمری رضوان اللہ علیہم یکے بعد دیگرے آپ کی طرف سے نائب خاص مقرر ہوئے ۱۵ شعبان ۳۲۹ھ سے وہ دور شروع ہوا جس میں حضرت حکم خدا سے پردۂ غیب میں تشریف لے گئے اور اب اس وقت تشریف لائیں گے جب یہ دنیا ظلم و ستم سے بھر جائے گی۔

غیبت کبریٰ سے پہلے اصول اسلام، احکام شریعت اور متعلقہ ضروریات

Marfat.com

کے بارے میں کافی ووافی تعلیمات وتشریحات مرتب ہو چکے تھے۔ جس میں سے مستقل طور پر، جناب برقیؒ کی "المحاسن"، جناب کلینیؒ کی "الکافی"، کا سب کو علم ہے۔

غیبت کبری کے آغاز کی اطلاع جناب علی بن محمد سمری نے حضور امام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اس فرمان کے بموجب لوگوں تک پہنچائی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علی بن محمد سمری! خدا تمہیں اور تمہارے دوستوں اور عزیزوں کو بہت زیادہ اجر رحمت فرمائے۔ اب تم چھ دن کے اندر اندر دنیا سے رحلت کرنے والے ہو لہٰذا تمام انتظامات مکمل کر لو اور اب اپنے بعد کسی کو وصی و جانشین مقرر نہ کرنا کیونکہ تمہاری وفات کے بعد مکمل غیبت کا وقت ہوگا۔ اب خدا کے حکم ہی سے ظہور ہوگا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ "۔ ۳۰۷ھ/

# شیعوں کا اعتقاد

ہم شیعہ امامیہ الحمد للہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ حضرت عیسےٰؑ حکم خدا سے پیدا ہوئے آپ کی تخلیق میں پدری حصہ نہیں، آپ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں، آپ دنیا میں احکام الٰہی کی تبلیغ فرماتے رہے، لیکن امت کی ستم رانیوں کا زور دیکھ کر خداوند عالم نے آپ کو زندہ بجسم مادی آسمان کی طرف اٹھا لیا اس وقت سے اب تک آپ زندہ ہیں اور قریب قیامت آپ آسمان سے اتر کر زمین پر آئیں گے اور ہمارے امام علیہ السلام کی مدد فرمائیں گے۔ دین اسلام کی تصدیق فرما کر دنیا سے رخصت ہوں گے۔ اور امام مہدی آخر الزمان علیہ السلام بھی آپ کی طرح لوگوں کی

Marfat.com

دشمنی کے ہاتھوں حکم خدا سے پردۂ غیب میں ہیں جب حکم خدا ہوگا اس وقت ظاہر ہوں گے

## حضرات اہل سنت کے خیال میں رفع حضرت عیسےٰؑ کا سبب

علماء اہل سنت اور حنفی عوام وخواص کا بھی یہی عقیدہ ہے کہ حضرت عیسے علیہ السلام صرف اس لیے آسمان پر اٹھائے گئے کہ خدا حضرت عیسےعؑ کے دشمنوں کو رسوا کرنا چاہتا تھا۔ اور ان کی نارسائی دکھانا مقصود تھی۔ چنانچہ مولانا عبدالحق حقانی دہلوی نے اپنی مشہور ومتداول تفسیر اردو۔ فتح المنان بہ تفسیر القرآن، مشہور بہ تفسیر حقانی۔ طبع دیوبند، محمدی پرنٹنگ پریس ۱۹۵۶ءء میں تحریر فرماتے ہیں:

"حضرت عیسٰےؑ علیہ السلام حواریوں کو ساتھ لیے ملک شام کے شہروں میں معجزے دکھاتے اور وعظ فرماتے پھرتے، ہر شہر میں سینکڑوں مرد عورت حضرت کے دین میں آتے تھے اس پر اور بھی یہود کو حسد اور رشک ہوتا تھا، جب یہود کی دشمنی حد سے بڑھ گئی اور وہ حضرت کو قتل کا موقع تلاش کرنے لگے۔ تو حضرت عیسٰےؑ دن کو شہر یروشلم میں آکر ہیکل یعنی بیت المقدس میں وعظ فرمایا کرتے تھے، شام کو زیتون کے پہاڑ میں کسی درخت کے تلے بیٹھ کر دعا وعبادت الٰہی میں رات تمام کرتے تھے۔ اس عرصے میں یہود کی عید فطیر، جس کو عید فسح، کہتے ہیں قریب آئی اور سردار کاہن اور فقیہ اس فکر میں تھے کہ ان کو مار ڈالیں، عیسٰےؑ کے حواریوں میں سے ایک۔۔

شخص یہودا، نامی نے جاکر ان سے کچھ روپیہ لے کر خبر دی، پھر تو یہودیوں کی ایک جماعت ہتھیار باندھ کر اس پہاڑ پر پہنچی۔ ادھر حضرت، خدا سے گریہ وزاری کرکے یہ کہہ رہے تھے کہ اے خداوند، اگر تیری مرضی ہو تو یہ پیالہ مجھ سے دور کردے! اور اپنے حواریوں کو آمادہ کر رکھا تھا، ان کے پاس صرف دو تلواریں تھیں حضرت عیسے کو یہ حال معلوم ہو گیا تھا۔ الغرض شبا شب یہود، حضرت مسیح کو گرفتار کرکے ان کے منہ پر طمانچے مارتے اور ٹھٹھا کرتے ہوئے شہر میں لائے صبح کو تمام یہود جمع ہوئے اور ان سے پوچھا،

اگر تو مسیح ہے تو ہم سے کہہ دے (جس طرح اہل اسلام امام مہدیؑ کے منتظر ہیں اسی طرح یہود میں ایک شخص کا انتظار تھا بلکہ اب بھی ہے کہ وہ ان کو پھر بادشاہت دے گا) آپ نے فرمایا، میں کہوں بھی تو تم کب یقین کرو گے۔ آخر الامر سب لوگ ان کو پلاطوس حاکم کے پاس لے گئے کہ یہ لوگوں کو قیصر کے محصول دینے سے منع کرتا ہے اور اپنے آپ کو مسیح بادشاہ کہتا ہے حضرت نے انکار کیا۔ اس نے کہا میرے نزدیک اس کا کوئی جرم مستوجب قتل نہیں ہے۔ پلاطوس نے

---

سلہ۔ یا زماں فترت و قبل بعثت حضرت رسالت مآب یہود و نصاریٰ وغیرہ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منتظر تھے۔

حضرت عیسےٰ کو اسی حالت میں "ہیرودیس" کے پاس بھیج دیا۔ اس نے پھر اسی کے پاس بھیجا اور چھوڑنا چاہا تو یہود نے غل مچایا کہ ایسا نہ کر، تب اس نے کہا تمہارے کہنے سے میں اس کو سولی دیتا ہوں۔ مگر اس کا گناہ تم پر اور تمہاری اولاد پر، یہود نے کہا، منظور، حضرت کے حواری اور دوست سب بھاگ گئے اس وقت، حضرت پر ایک عجیب حالت طاری تھی جس میں خدا نے حضرت مسیح سے خطاب کر کے یہ جملے فرمائے جو ان آیات میں ہیں۔ کہ اے عیسٰی تو کچھ غم نہ کر[1] میں تجھ کو قبض کر کے آسمان کی طرف اٹھا لیتا ہوں اور جو تجھ پر لوگ[2] تجھ پر بہتان لگاتے ہیں کہ تو نے خدائی کا دعویٰ کیا اور خدا کا بیٹا بنا (انجیل لوقا باب ۲۲ درس ۶۹) اس سے میں نبی[3] آخیر کی معرفت تجھ کو پاک کر دوں گا، جیسا کہ "انجیل برنباس" سے ثابت ہے اور اب جو یہ مخالفین کی جماعت تجھ کو غالب دکھائی دیتی ہیں ان کو قیامت تک تیرے ماننے والوں کے ماتحت کر دوں گا یہ دنیا کی سزا ہے اور آخرت میں تو ہر شخص ہماری طرف رجوع کرتا ہے۔ ہم نیکوں کو پورا بدلہ نیک دیں گے اور بدوں کو سخت عذاب دیں گے۔

---

[1] اذ قال اللہ یا عیسےٰ انی متوفیک ورافعک الیّ (آیت ۵۵ آل عمران)

[2] ہو سکتا ہے کہ نبی آخیر سے نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اہلبیت مراد ہوں

آخر کار خدا نے ایک شخص مفسدؔ "شمعون قرینی"
کو حضرت عیسےٰؑ کی شکل میں کر دیا، لوگوں نے اسی کو عیسےٰؑ
سمجھ کر اس پر صلیب دھر دی اور اسی کو شہر کے باہر
سولی دیا، اور حضرت عیسےٰؑ کو ملائکہ آسمان پر اٹھا
کر لے گئے"۔ (تفسیر حقانی ص ۵۸، ۵۹ تفسیر
سورۂ آل عمران)

مولانا حقانی صاحب ابتدائی عالم اور مفسر ہیں ان کے بیانات دیکھے جا چکے اب عہد جدید کے علوم سے باخبر جناب محمد جمیل احمد صاحب ام۔ اے کی کتاب و انبیائے قرآن، جلد سوم میں حضرت عیسےٰ کے حالات دیکھیے اور موصوف نے جو بحث "حیات مسیح" پر کی ہے اس کو بھی ملاحظہ فرمایئے، جس کے نتیجے میں موصوف نے قرآن و حدیث سے ثابت کیا ہے کہ حضرت عیسےٰؑ زندہ ہیں اور بلاشبہ وہ قیامت سے پہلے اس دنیا میں تشریف لائیں گے "آپ کی حیات امروزہ پر نصوص قطعیہ وارد ہیں"۔ کتاب مذکور صفحہ ۷۵ طبع غلام علی اینڈ سنز، لاہور

برصغیر کے مسلمانوں میں فلسفہ و تصوف، شریعت و طریقت، کتاب و سنت کے عالم جناب عبدالماجد صاحب دریا بادی، اپنی تفسیر ماجدی (طبع لاہور۔ تاج کمپنی) جلد اوّل صفحہ ۱۷۰ پر آیت نمبر ۵۴ کی تفسیر کرتے ہیں۔

"اور اللہ کی تدبیریں سب سے اونچی اور سب پر
غالب آنے والی ہیں، اس کا مقابلہ جس طرح کوئی
جسمانی قوت اور مادی زور سے نہیں کر سکتا اسی
طرح کسی عقلی تدبیر اس کے سامنے پیش نہیں پا
سکتی۔ چنانچہ یہاں بھی اس کی حکمت و تدبیر کارگر

Marfat.com

رہی، حضرت عیسےٰ زندہ وسلامت رہے اور صلیب
دیتے وقت یہود عوام کے ہجوم و اژدھام کے (کذا)
گڑبڑ اور وقت تنگی سے اور سولی گھر کے رومی سپاہیوں
نے شناخت نہ ہونے کی بنا پر یوں کہا کہ حضرت ہی کے
قوم کے کسی ہم شکل، ہم عمر، ہم وضع کو سولی پر چڑھا دیا

مطلب یہ ہے کہ حضرت عیسےٰ ایسے بھیانک ماحول میں گھر گئے تھے کہ حکمت الٰہی نے چاہا کہ اب انہیں زندہ بھی رکھا جائے اور دشمنوں کو جلنے اور پیچ و تاب کھانے کی سزا بھی دی جائے۔ چنانچہ شیعوں کی طرح شیخ الاسلام جناب شبیر احمد صاحب عثمانی اپنی تفسیر میں عام اہل سنت کا تحقیقی عقیدہ لکھتے ہیں:۔

"امت مرحومہ کا اجماعی عقیدہ ہے کہ جب یہود نے
اپنی ناپاک تجویزیں پختہ کر لیں تو حق تعالیٰ نے حضرت
مسیح علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا۔ نبی کریم
متواتر احادیث کے موافق قیامت کے قریب جب
دنیا کفر و ضلالت اور دجل و شیطنت سے بھر جائے گی
خدا تعالیٰ، خاتم الانبیاء نبی اسرائیل (حضرت مسیح
علیہ السلام) کو خاتم الانبیاء علی الاطلاق حضرت محمد
رسول اللہ صلعم کے ایک نہایت وفادار جرنیل کی حیثیت
میں نازل کر کے دنیا کو دکھلا دے گا کہ انبیاء سابقین
کو بارگاہ خاتم النبیین کے ساتھ کس قسم کا تعلق ہے"
(قرآن مجید ترجمہ شیخ الہند و حواشی شیخ الہند و شیخ الاسلام
طبع مدینہ پریس بجنور صفحہ ۷۴ / ۷۳)

آپ نے محسوس کیا ہو گا کہ مخلوق ارضی اور انسان زمین سے آسمان پر جا کر آج تک بلکہ قرب قیامت تک زندہ رہ سکتا ہے، پھر وہ آسمان سے زمین پر آسکتا ہے، لیکن فرزند رسول صلعم زمین پر رہ کر زندہ ہے۔ بحث طلب بات بن جاتی ہے؟ آپ کا ظہور ہو گا؟ یہ سوال حل نہیں ہوتا۔

نہیں، قرآن وحدیث، اجماع علماء اور رہنمائی عقل وخرد سے ثابت ہے کہ امام برحق، ہادی مطلق حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام زندہ وجود ہیں اور قریب قیامت ظہور فرمائیں گے اور جناب مسیح علیہ السلام آپ کے پرچم تلے دین اسلام کے دشمنوں سے مقابلہ فرمائیں گے اور ایک جرنیل کی حیثیت سے خدمات انجام دیں گے، امام کے پیچھے نماز ادا کر کے دنیا کو دین محمدی کی برتری کا یقین دلائیں گے۔

اس کتاب میں میں اس عقیدہ وبحث کے مختلف پہلوؤں کو سامنے رکھ کر تعصب سے الگ ہٹ کر مفصل گفتگو کی گئی ہے۔ یہ گفتگو ٹھوس دلیلوں اور مبسوط مطالعہ کا نتیجہ ہے۔ آپ کو کتاب میں بعض مقامات پر تکرار مضمون وحوالہ سے دوچار ہونا پڑے گا، لیکن اس قسم کی بحثوں میں جہاں ایک ہی بات پر مختلف پہلوؤں سے مختلف اعتراض ہو رہے ہوں وہاں سمجھانے والے کے لیے تکرار حوالہ کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ ترتیب ومواد، زبان وبیان میں تحقیق کے خشک اسلوب کے بجائے افہام وابلاغ کے شگفتہ وروان انداز کو اپنایا گیا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ارباب نظر اور عام حضرات اس سے مستفید ہوں گے۔

دعا ہے کہ خداوند عالم جناب مولانا سید محمد صاحب قبلہ کو صحت وطول عمر کرامت فرمائے اور ناصرین حضرت قائم آل محمد میں محسوب فرمائے۔

خاکسار۔

سید مرتضیٰ حسین عفی عنہ ۳ جمادی الاول ۱۳۸۷ھ لاہور

# پیش لفظ

کائنات کا ذرہ ذرہ اُس ذاتِ واحد کی قدرتوں کا پرتو ہے جس نے اس کی پہنائیوں میں قوتوں حکمتوں اور تدابیر کے کرشمے بکھیر دیئے ہیں۔ عالم ملکوت ولاہوت کی ہر حمد دنیائے جسم و روح کی ہر مدح۔ فضائے سموات و ارضین کی ہر ثنا ئے حقیقی کا وہ اور صرف وہ سزاوار ہے۔

کائنات میں اس کے ہمہ گیر نظم و نظام۔ اس کی وحدتِ قانون۔ اس کی پائدار سنت اس کی ربوبیت کے ڈھنگ زبانِ حال اور مقال سے صرف اس کو اور اس کی صناعیوں کو بتلا کر دعوت توحید دیتے ہیں۔

ہزاروں درود و سلام ان نورانی ہیکلوں پر جنہوں نے عالم آب و گل میں آکر اپنی انتھک کوششوں اپنی بے لوث بے ریا، بے حرص مساعی سے بھٹکے ہوئے انسانوں اور بہکی ہوئی انسانیت کو راہِ ہدایت پر لگا دیا۔ وہ سب ایک ہی تسبیح کے دانے تھے جن کا امام وہ خاتم النبیین تھا جو ہدایت ربانی کی منزلِ آخر تھا۔ جس کے اقوال وحی ربانی کے سانچے میں ڈھلے ہوئے تھے اور جس کے افعال مشیئت الٰہی کا مجسّم سایہ تھے۔ وہ قرآن عمل تھا اور قرآن آپ کے عمل کی صحیح تصویر تھا۔ قدرت اس کی زبان سے بولی اور مشیئت نے اس کے پردے میں آکر رہنمائی کی۔

اس کے ساتھ ہزاروں درود و سلام اس کی آل پر جن کی عصمت کا گواہ قرآن ہے جن کے عمل کی ثنا خواں آیات ہیں۔ جن کی سیرت کی نمود قرآن کی سورتیں ہیں۔ جو نبیؐ

Marfat.com

کے بعد ان کی ہدایت کا بارے کر پڑھیے) اور عمل رسول کی تصویر بن کر دنیا کے سامنے آئے ان کے قول و فعل کی روشنی سے ایوانِ ایمان جگمگا گیا۔ اور ان کی نورانیتوں نے کاشانہائے دل روشن کر دیئے۔ وہ نفوس بعد نبیؐ ہدایت نبی کے ذمے دار تھے اور حب دنیا فتوحات ملکی۔ دولت کے انبار اور جواہرات سے لبریز خزانوں میں الجھ کر مقصد اسلام کھو چکی تھی اور مسلمان۔ زرتشتی یونانی اور مفتوحہ ممالک کے فلسفوں میں الجھ رہے تھے یہ نفوس ان گرہوں کو کھول رہے تھے۔ جو غیروں نے لگائیں تھیں جب اسلام میں بہتر فرقوں کا سنگ بنیاد رکھا جا رہا تھا یہ کلھا فی النار کہہ کر الا واحدۃ کی نمائندگی فرما رہے تھے۔ جب فرقہ بندیاں بہتر پہ پہنچ کر ٹھیر گئیں تو ان کی ظاہری ہدایت کی منزل بھی تمام ہو گئی۔ اپنے اقوال و سیرت کے انبار صالحین کے سپرد فرما کے غیبت اختیار فرما گئے۔ اب ہدایت روحانی کا دور شروع ہو گیا۔ جو قیامت تک رہے گا

جن کے آئینہ دل میں بال نہیں آیا اور جن کے آئینوں کی قلعی مردہ نہیں ہوئی۔ وہ آج بھی اس کی نورانیت کے پرتو سے روشن ہیں اور قیامت تک روشن رہیں گے بہتر فرقوں کی اکثریت آج اس امام غائبؑ کی منکر ہے۔ صرف ایک فرقہ شیعہ اس بات کا قائل ہے۔ کہ زمانہ حجت خدا سے خالی نہیں رہتا۔ اس لئے آل نبی محترم میں سے ایک معصوم ذات آج بھی خلق کو ہدایت روحانی فرما رہی ہے، میں نے اس کتاب میں تقریباً کل حوالے کتب اہل سنت سے دیئے ہیں تا کہ معلوم ہو جائے کہ ان میں بھی ایک گروہ اہل حق کا موید ہے اور اس امام کے وجود کا قائل ہے۔ اس کتاب میں اختصار کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ زبان اردو میں اگر کوئی تفصیل سے دیکھنا چاہتا ہے تو صراط السوی مصنفہ مولوی سید محمد سبطین صاحب مرحوم اعلی اللہ مقامہ۔ ... ابُ المہدویۃ والامامۃ مصنفہ محترم مخدوم جناب شیخ غیاث الدین صاحب دام مجدہ دیکھ سکتا ہے

Marfat.com

عربی اور فارسی میں بکثرت ذخیرہ اس امام عالی مقام کے لیے ہے۔ ایک مختصر اور مفید رسالہ عربی میں سرکار حجتہ الاسلام سعید الملتہ مولوی سید محمد سعید صاحب قبلہ آلی صاحب عبقات الانوار کا بھی موجود ہے جس کا ترجمہ اردو[1] میں بھی ہو چکا ہے۔ یہ مختصر کتاب اپنی روش اور ترتیب میں ایک جداگانہ نوعیت کی ہے۔ خدا کرے میں اپنے مقصد میں کامیاب رہا ہوں اس لیے کہ جس طرح خدائے غیر مرئی کے ثبوت کے لیے مسلمانوں کو زور دلائل صرف کرنا پڑتا ہے اس سے زیادہ مشکل اہلِ ایمان کے لیے ہے۔ اس لیے کہ مسلمانوں کا پہلا سرا غائب ہے (خدا) ہمارے دونوں سرے نظر سے اوجھل اور پردۂ غیب میں ہیں۔ مگر دلائل اور براہین پسند دماغ جس طرح دلائل توحید کے سامنے سرِ نیاز جھکاتے ہیں اسی طرح حق پسند طبائع ان دلائل امامت کے سامنے بھی سرِ تسلیم خم کریں گے۔ بس اس رسالے کا یہی مقصد ہے کہ اہلِ حق پسندوں پر اس وجود امامت امام غیب کو واضح کر دیا جائے۔ وما توفیقی الّا باللہ۔

سید محمد دہلوی عفی عنہ

---

[1] یہ ترجمہ "آخری تاجدار امامت" کے نام سے جناب مولانا مرتضیٰ حسین صاحب فاضل صدر الافاضل نے کیا ہے اور مکتبہ تعمیر ادب، پلیسہ اخبار۔ لاہور سے دستیاب ہے۔

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نائبینِ رسول و نبی ہمیشہ بارہ بارہ رہے ہیں

روحانی دنیا اور سلسلۂ رشد و ہدایت میں سنت الٰہیہ اور دستورِ قدرت یہ رہا ہے کہ بعد نبی و رسول یا حیاتِ رسول میں ہمیشہ بارہ بارہ نائب یا لقب با حافظین شرع رہے۔ یہ سنت الٰہیہ کبھی نہیں بدلی۔ ایک لاکھ ۲۴ ہزار میں صرف ۶ نبی صاحبانِ شرع و کتاب تھے، باقی ان کے مؤید اور ان کی شرائع کے محافظ اور حقیقی مقصد بیان کرنے والے ہادی تھے۔

خلفائے راشدین کا انحصار چار پر یا امام حسنؑ کے چند یوم ملا کر پانچ پر کبھی نہیں ہوا۔ یا امام کی تعداد دس تک دستور اسلام یا سنتہ الٰہیہ میں کہیں نہیں ملتی۔ یہ سب بعد کی ایجادات ہیں جن کو وضعی یا من گھڑت روایات سے مدد پہنچائی گئی ہے۔ اب ہم ایک فہرستِ اسنادِ کتب قدیم و قرآن و سنت آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں جس سے آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ بارہ کی تعداد ہر زمانے میں مقرر کردہ خداؐ و رسولؐ ہے اور اس اصول کے ماننے والے صرف شیعہ ہیں جس کی وجہ سے وہ اثنا عشری بھی کہلاتے ہیں۔ بنی الاہم اقتدا۔ اسلام کے دیگر فرقوں نے کتب سماوی۔ قرآن اور حدیث کو اس بارے میں نظر انداز کر دیا ہے۔

## موجودہ توریت و انجیل اور دیگر کتب کے اسناد

(۱) للت وستار (متعلق بدھ مذہب) گوتم بدھ کا جب زمانۂ وفات قریب آیا تو اس

Marfat.com

نے کہا کہ میری امت میں میرے بارہ پیرو ہوں گے جو بہت نیکیوں کا استعمال کریں گے اور دنیا کو معصیت سے آزاد ہونے کی ترغیب دیں گے۔ (العلم والعمل نواب خاقان حسین)

۲۔ (توریت۔ تکوین۔ اصحاح ۱۷ آیت ۲۰) اما اسمٰعیل فقد سمعت لک فیہ ھا انا ابارکہ واثمرہ واکثرہ کثیرا جدا اثنا عشر رئیسا۔ (ترجمہ بنا بر خطبات احمدیہ ص ۳۶۲ مولفہ سر سید احمد بانی علی گڑھ کالج) میں نے تیری دعا اسمٰعیل کے حق میں قبول کی ہاں میں نے اس کو برکت دی اور اس کو بارآور کیا اور اس کو بہت کچھ فضیلت دی اس سے بارہ امام پیدا ہوں گے اور اس کو بڑی قوم کروں گا۔

یہ مسلم ہے کہ یہ رئیس یا سردار یا امام دنیاوی شاہی اور حکومت کے رئیس نہ تھے کیونکہ دنیاوی رئیسوں کی حد بندی اور تعداد کا تعین کسی جگہ اور کسی سماوی کتاب اور آسمانی صحیفوں میں نہیں کیا گیا بلکہ مراد روحانی پیشوا اور سردار ہیں۔ اور بعد ختم الرسل روحانی پیشوا صرف ائمہ اہل بیت ہیں اس لیے کہ جس جگہ بھی بارہ کا ذکر ہے وہ یا تو نبی کے ساتھ ہیں یا بعد نبی۔ اسی طرح یہ بارہ امام بعد نبی تھے اور صفات ائمہ مذکورہ قرآن سے صرف یہی متصف تھے۔ اسلام میں دوسری ہستیاں ان صفات سے خالی تھیں جیسا کہ آئندہ بتفصیل ذکر کیا جائے گا۔

۳۔ (توریت تثنیہ اصحاح اول آیت ۲۳) میرے نزدیک کلام بہتر ہو گیا تو میں نے تم میں سے بارہ کو لیا ہر گروہ سے ایک ایک آدمی اس آیت سے صاف ظاہر ہوا کہ صرف بارہ کا انتخاب ہوا تھا اور یہ تعداد مقرر کردہ قدرت تھی۔

۴۔ (توریت۔ تثنیہ اصحاح اول آیت ۱۱) موسیٰ نے تمام قوم کو برکت دینے اور لعنت کرنے کے لیے بارہ سردار بنائے تھے۔ برکت اور لعنت مثل موسیٰ صرف بارہ دے سکتے تھے۔ ان کا الیکشن نہیں ہوا تھا بلکہ حضرت موسیٰ نے بحکم خدا مقرر کئے تھے۔

Marfat.com

۵ - حضرت موسیٰ نے بارہ کو بلایا اور یادگار میں بارہ پتھر (عبادت گاہوں کے لیے) نصب کیے۔

۶ - داؤد نے معلمین بنی اسرائیل بارہ بنائے (ایام الاول توریت اصحاح ۲۵ آیت ۸

۷ - یسوع نے بارہ کو مقرر کیا تاکہ اس کے ساتھ رہیں (انجیل مرقس - ۳ - ۱۵)

۸ - یسوع گاؤں گاؤں پھرنے لگا اور بارہ اس کے ساتھ تھے (انجیل لوقا - ۸ - ۱)

زمانہ جو کہ حضرت علیٰ کے بعد آنحضرت کی تشریف آوری تک کوئی نبی نہ تھا - کیا زمین حجتہ خدا سے خالی رہی ہے صیحہ حاشیہ ۔

۹ - مکاشفات یوحنا (بنی یحییٰ) ایک نیا یروشلم آسمان سے نازل ہوا اس کی ایک بہت بڑی فصیل تھی (دیوار شہر پناہ) اور اس کے بارہ دروازے تھے اور دروازوں پہ بارہ سردار تھے۔ (یوحنا آیت ۲۱)

حضرت یحییٰ کے اس خواب سے کتنی مشابہ ہے حدیث انامدینۃ العلم و علیؑ بابھا یعنی میں شہر علم ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہے - یہی نیا یروشلم تھا علی جس کا پہلا دروازہ تھے اور ان کے بعد دیگر گیارہ امام گیارہ دروازے ایوان شریعت کے تھے

۱۰ - پھر آپ اصحاح ۲۲ میں فرماتے ہیں - کہ ایک نہر صاف شفاف عرش خدا سے نکل رہی تھی اور وہاں ایک زندگانی کا درخت تھا جو بارہ پھل دے رہا تھا - آخر میں فرماتے ہیں وہ ثمر ہمیشہ ہمیشہ مالک رہیں گے - اب اس جگہ درخت حیات سے مراد حیوانی زندگی نہیں ہے بلکہ روحانی زندگی ہمارے نبی لے کر آئے تھے جس کا قرآن گواہ ہے

| | |
|---|---|
| یاایھا الذین آمنوا استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم (انفال ۲۴) | یعنے ایمان والو خدا اور رسول کے حکم کو قبول کرو جب وہ رسول تم کو ان چیزوں کی طرف بلائے جو تم کو زندگی دیں گی۔ |

اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ روحانی زندگی ہوگی اور یوحنا نبی کی پیشین گوئی میں

Marfat.com

شجر حیات سے مراد ذاتِ نبیؐ ہے جس کو وہ نور کی نہر سیراب کرتی تھی جو عرش سے نکلی تھی اور اس کے بارہ ثمر سے مراد ہے بارہ امام کیونکہ قرآن مجید میں ثمرات سے مراد اولاد لی گئی ہے اور اس پر کل مفسرین کا اتفاق ہے۔ اور پیشین گوئی کے یہ الفاظ کہ سیملکون ابد الآبدین بتلاتے ہیں کہ اسی اولاد کی روحانی حکومت قیامت تک رہے گی۔ اب جبکہ ائمہ اولادِ نبی کا انحصار بارہ میں ہے اور تا قیامت ہے تو یا تو بارہ کی عمریں اتنی دراز ہونی چاہئیں۔ جو قیامت تک سلسلہ بارہ کا پورا کردیں اور ایسا نہیں ہوا تو ایک کو ایسا ضرور ماننا پڑے گا جو قیامت تک زندہ رہے۔ اور یہ صرف فرقہ حقہ شیعہ کا عقیدہ ہے۔

۱۱۔ (رویائے یوحنا نبی۔ اصحاح ۱۲) اسی نبی کو خواب میں ایسی عورت دکھلائی گئی جس کے سر پر ایسا تاج تھا جس میں بارہ ستارے لگے ہوئے تھے۔ یہاں بھی بارہ ہی کا ذکر ہے۔ ظاہر ہے کہ وہ عورت جناب فاطمہ زہراؑ ہیں اور بارہ ستارے بارہ امام ہیں جن سے آپ کا تاج عصمت مزین ہے۔ (اسنادِ قرآن)

۱۲۔ (قرآن مجید پ ۹ رکوع ۱۰)

| | |
|---|---|
| ومن قوم موسیٰ امۃ یھدون بالحق وبہ یعدلون وقطعناھم اثنتی عشرۃ اسباطا امما | قوم موسیٰ میں ایک گروہ ہوگا جو حق کی ہدایت کرے گا اور حق کے ساتھ فیصلہ کریگا اور ہم نے ان کو بارہ گروہوں میں تقسیم کردیا۔ |

یہاں بھی تعداد بارہ ہے اور وہ مقرر کردہ خدا ہیں امت موسیٰ نے انتخاب نہیں کیا تھا۔ اور جب قرآن بتلاتا ہے کہ آنحضرتؐ مثل حضرتِ موسیٰ ہیں تو یہاں بھی مثل اوصیائے موسیٰ بارہ کی تعداد ہوگی جو مقرر کردہ خدا ہوں گے۔

| | |
|---|---|
| ۱۳۔ فانبجست منہ اثنتا | اس پتھر سے بارہ چشمے جاری ہوگئے |

Marfat.com

عشرة عينًا قد علم كلّ — کہ ہر شخص نے اپنے سیراب ہونے کی جگہ
اناسٍ مشربهم — جان لی (اعراف ۳۰)

یہاں بھی بارہ چشموں ان کا ذکر ہے۔ جن سے کل امت موسیٰ سیراب ہوتی تھی۔ پانی کے یہ بارہ چشمے رشد وہدایت کے بارہ چشموں کو بتلا رہے ہیں۔

۱۴)۔ انّ عدّة الشهور عند الله — یعنی خدا کے نزدیک مہینوں کی تعداد
اثنا عشر شهرًا في كتاب الله — بارہ ہے اور یہ تعداد کتاب خدا میں ازل
يوم خلق السمٰوات والارض — سے ہی معین ہے ان میں سے صرف چار
منها اربعة حرم ذالك — مہینے حرمت کے ہیں یہی دین مستقیم
الدين القيّم فلا تظلموا فيهن — ہے۔ ان مہینوں میں اپنے نفسوں پر
انفسكم (توبة - ۵) — ظلم نہ کرو۔

غور فرمائیے کیا بارہ مہینوں کی تعداد اور چار کا محترم ہونا دین قیم ہے۔ کیا یہی مدار دین ہیں؟ بے شک ان بارہ ماہ میں عبادت کا زمانہ معین ہے مگر صرف اسی کو دین قیمّ سمجھ لینا زبردستی ہے۔ بلکہ اس سے مراد بارہ امام ہیں۔ جن میں سے چار صاحب سیف (تلوار) ہوں گے کہ جب وہ تلوار لے کر اٹھیں تو ان کا احترام لازم ہے اور ان کی حمایت عین دین ہے۔ جو ائمہ تلوار لے کر اٹھے وہ امیرالمومنین علی ابن ابی طالبؑ ہیں اور امام حسنؑ (اگرچہ آپ کو مثل نبیؐ منافقین سے صلح کرنا پڑی لیکن جنگ کی تیاری فرما لی تھی) اور امام حسینؑ ہیں جن کی جنگ اہل حق کے لیے اب تک دعوت عمل ہے۔ چوتھا تلوار لے کر آنیوالا وہ امام آخر ہے جو صرف تلوار لے کر آئے گا اور دنیا کو ایک دین پر لائے گا۔ نیز ہر جگہ لفظ شہر سے مہینہ ہی مراد نہیں لیا جاتا بلکہ لفظ شہر کہ جس کی جمع شہور ہے اس کے معنیٰ عالم کے بھی ہیں (المنجد مولفہ اب لوئیس الیسوعی ص۴۱۵) پس یہ ظاہر ہوا کہ ملت نبوّیہ کے علماء بارہ ہیں اور انہیں کا ماننا اور ان پر ایمان لانا

Marfat.com

یقیناً دین قیم ہے۔ خاطر جمع رہے کہ اس سے عام علمائے ملّت مسلمہ مراد نہیں لیے جا سکتے کیونکہ ان کی تعداد حد سے زیادہ ہے بارہ میں منحصر نہیں۔

اور اگر ملت مسلمہ نے اس آیت کی تفسیر میں یہ اصرار کیا کہ اس سے مراد محض بارہ ماہ ہیں تو میں کہونگا کہ اگر یہی دین قیم ہے تو آج عیسائی۔ یہودی۔ ہندو غرض تمام وہ ملّتیں جو سال کو بارہ ماہ پر مشتمل مانتی ہیں ان کو یقیناً دین قویم پر ماننا پڑے گا۔ حالانکہ یہ خلافِ عقل ہے نیز یہ بھی ظاہر ہے کہ یہود و نصاریٰ اور ہندوؤں کے نزدیک بھی بعض مہینے اور ان کے بعض دن محترم ہیں۔ مثلاً ایسٹر۔ بڑا دن نیو ایرس ڈے نصاری کے یہاں۔ اور ہولی دیوالی۔ دسہرہ۔ جنم اشٹمی۔ ہندوؤں کے یہاں قابل احترام ہیں۔ تو کیا یہ سب دین قیّم پر ہوں گے۔ کیونکہ سب کے یہاں بارہ بارہ ماہ مانے جاتے ہیں اور بعض ماہ محترم مانے جاتے ہیں۔

جب کتب سماوی اور قرآن مجید نے بارہ کی تعداد معین کر دی تو اب ساری امّت کو بھی یہ حق نہیں کہ اس تعداد کو گھٹا کر پانچ راشدین خلیفہ مانے یا تعداد بڑھا کر درجنوں امیر المومنین یا خلیفہ بنائیے۔

# اسناد احادیث

اب بارہ کی تعداد کا تعیّن اور ارشاد رسول اہل سنّت کی مشہور اور معتبر کتب سے ملاحظہ فرمایئے۔

## صحیح بخاری

| | |
|---|---|
| ۱۵۔ عن جابر بن سمرۃ قال سمعت النبی یقول یکون | جابر ابن سمرہ کہتے ہیں کہ میں نے نبیؐ سے سنا کہ بارہ امیر |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اثنا عشر امیراً کلھم من قریش | ہوں گے۔ اور وہ سب قریش |
| (بخاری کتاب الاحکام فی آخرہ پ ۲۹ صفحہ ۱۰۶۹) | سے ہوں گے۔ |

نیز بخاری کے حاشیے پر یہ تصریح موجود ہے کہ اس سے مراد تا زمانہ اسلام بارہ خلفا ہی موجود ہے۔ جو قیامت تک حق پر عمل کریں گے اگرچہ ان کا زمانہ مسلسل نہیں رہے گا۔ خیر یہ تو ان کا قول ہے کہ زمانہ مسلسل نہیں رہے گا جب حق مٹانے کے لیے عزیزوں کو کچھ نہ بن پڑا تو اتنی بھی تاویل نہ کریں، مگر ارباب نظر پر یہ تو واضح ہو گیا کہ اس سے مراد بارہ خلیفہ ہیں۔

# صحیح مسلم

| | |
|---|---|
| ۱ - انّ ھٰذا الامر لا تنقضی | یہ امر (دین) ختم نہیں ہو گا جب |
| حتیٰ یمضی فیھم اثنا عشر | تک ان میں بارہ خلیفہ نہ ہو جائیں وہ |
| خلیفۃ کلھم من قریش (صحیح مسلم) | سب قریش سے ہوں گے |
| ۲ - لا یزال امر الناس ماضیاً | لوگوں کا کام ہمیشہ جاری رہے گا |
| ما ولیھم اثنا عشر (جلد ۲ مسلم) | جب تک کہ ان پر بارہ حاکم نہ ہو جائیں۔ |
| ۳ - لا یزال الاسلام عزیزاً الی | دین اسلام بارہ خلفاء تک گرامی و |
| اثنا عشر خلیفۃ۔ | باعزت رہے گا۔ |
| ۴ - لا یزال ھٰذا الامر عزیزاً | ہمیشہ یہ امر (دین اسلام) بارہ خلفاء |
| الی اثنا عشر خلیفۃ | تک گرامی و باعزت رہے گا۔ |
| ۵ - لا یزال ھٰذا الدین عزیزاً | یہ دین (اسلام) معزز اور محفوظ |
| منیعاً الی اثنا عشر خلیفۃ | رہے گا بارہ خلیفہ تک۔ |
| ۶ - لا یزال ھٰذا الدین قائماً حتیٰ | ہمیشہ یہ دین قائم رہے گا جب تک |

تقوم الساعة او تکون علیکم — قیامت نہ آجائے یا تم پر بارہ خلفاء
اثنا عشر خلیفۃ — نہ ہو جائیں۔

(صحیح مسلم۔ طبع مصر۔ جلد دوم ص۱۹۱)

## صحیح ابوداؤد

۱۔ لا یزال ھٰذا الدین قائماً حتیٰ — ہمیشہ یہ دین قائم رہے گا جب تک
یکون علیکم اثنا عشر خلیفۃ — تم پر بارہ خلیفہ نہ ہو جائیں۔
۲۔ لا یزال ھٰذا الدّین عزیزاً الیٰ — یہ دین گرامی و معزز رہے گا بارہ
اثنا عشر خلیفۃ — خلفاء تک

(سنن ابی داؤد۔ طبع مصر۔ جلد چہارم ص۱۰۶)

## صحیح ترمذی

(۱) یکون من بعدی اثنا — میرے بعد بارہ امیر ہوں گے اور
عشر امیراً کلھم من قریش — وہ سب قریش سے ہوں گے۔

(ترمذی۔ جلد نہم ص۶۷ طبع مصر)

## صحیح مشکوٰۃ

۱۔ لا یزال الاسلام عزیزاً الیٰ — ہمیشہ اسلام گرامی رہے گا بارہ
اثنا عشر خلیفۃ — خلیفہ تک
۲۔ لا یزال امر النّاس ماضیاً — لوگوں کا کام ہمیشہ (عدل پر) جاری
ما ولیھم اثنا عشر رجلاً — رہے گا جب تک ان پر بارہ خلفاء رہیں گے

۳۔ لا یزال الدین قائماً حتی تقوم الساعۃ او یکون علیہم اثنا عشر خلیفۃ (متفق علیہ) | ہمیشہ دین قیامت تک رہے گا تا اینکہ قیامت آجائے یا ان پر بارہ خلیفہ ہوں

مشکواۃ از اشعۃ اللمعات جلد چہارم صفحہ ۳۴۱

اس روایت پر سب کا اتفاق ہے یعنی یہ متفق علیہ ہے

# کنز العمال علامہ متقی

۱۔ لا یزال ھذا الدین منیعاً الی اثنا عشر خلیفۃ۔ | یہ دین محفوظ رہے گا بارہ خلفاء تک۔

۲۔ یملک ھذہ الامۃ اثنا عشر خلیفۃ کعدۃ نقباء بنی اسرائیل | حسب تعداد نقباء بنی اسرائیل اس امت کے مالک بارہ خلیفہ ہوں گے

۳۔ یکون لھذہ الامۃ اثنا عشر خلیفۃ | اس امت کے بارہ خلیفہ ہوں گے۔

۴۔ یکون بعدی من الخلفاء عدۃ نقباء موسیٰ۔ | میرے بعد خلفاء (بارہ) ہوں گے حسب تعداد نقباء موسیٰ۔

۵۔ لا یزال ھذا الدین قائماً الی اثنا عشر خلیفۃ من قریش فاذا ھلکوا ماجت الارض باھلھا۔ | ہمیشہ یہ دین بارہ خلفاء تک قائم رہے گا جو قریش سے ہوں گے۔ جب وہ ہلاک ہو جائیں گے تو زمین اہل زمین کو لے کر زلزلے میں آجائے گی

(کنز العمال۔ علامہ متقی۔ طبع حیدرآباد جلد ششم صفحہ ۱۶۰ و صفحہ ۲۰۲ و صفحہ ۱۹۸ و صفحہ ۲۰۱ مفصل)

# مسند طیالسی

حدیث ۷۶۷ و حدیث ۱۲۷۸ (مفتاح کنوز السنۃ صفحہ ۶۰۔ طبع مصر)

# مسند احمد ابن حنبل

یہ اہل سنت کی وہ معتبر ترین کتاب ہے جس میں احادیث معتبرہ کو جمع کر دیا گیا ہے اور آج تک اس کے معتبر ہونے میں کسی نے شک نہیں کیا اس کتاب میں بارہ خلفاء یا بارہ امیر والی روایت کو جلد اول میں دو جگہ ص۳۹۸ اور ص۴۰۶ اور جلد پنجم میں اکتیس ۳۱ مختلف راویوں سے مختلف مقامات پر روایت کیا ہے۔ جو صفحہ ص۸۶۵ سے شروع ہو کر ص۱۱۶ تک مختلف مقامات میں ملتی ہیں ہم صرف ان روایات کو ذیل میں درج کرتے ہیں جن کے الفاظ دیگر صحاح سے کچھ جداگانہ ہیں۔

۱- انّ ھٰذا الدین لن یزال ظاھرًا علیٰ مَن ناواہ لا یضرّہٗ مخالف ولا مفارق حتی یمضی مِنْ امّتی اثنا عشر خلیفۃ کلھم من قریش۔

یہ دین ہمیشہ اپنے مان لینے والوں کے لیے غالب رہے گا نہ مخالف اور تفرقہ انداز نقصان پہنچا سکے گا جب تک بارہ خلیفہ نہ گزریں جو سب قریش سے ہوں گے۔

(مسند امام حنبل۔ جلد خامس ص۸۶ طبع مصر)

۲- لا یزال ھٰذا الامر عزیزًا منیعًا ظاھرًا علیٰ من ناواہ حتی یملک اثنا عشر کلھم من قریش
(ج ۵ ص۹۳)

۳- لا یزال ھٰذا الامر صالحًا حتی یکون اثنا عشر امیرًا
(جلد ۵ ص۹۷)۔

ہمیشہ اور برابر یہ دین معزز اور محفوظ اور غالب رہے گا اپنے ماننے والوں کے لیے جب تک بارہ اس کے مالک رہیں گے جو سب کے سب قریش سے ہوں گے
ہمیشہ اور برابر یہ دین صالح رہے گا جب تک بارہ امیر ہوں گے۔

Marfat.com

۴- بعد الاعلان- ثم لغط القوم وتکلموا فی حدیث قال النبی صلعم فی حجۃ الوداع

(جلد ۵ ص ۹۹)

اس اعلان کے بعد قوم نے غل مچا دیا اور چہ میگوئیاں کرتے لگے۔ اس کتاب کی ایک حدیث میں ہے کہ میرا اعلان حجۃ الوداع ہی میں ہوا ہے۔

۵- لا یزال ھذا الامر مواتیاً او مقاربا حتیٰ یقوم اثنا عشر خلیفۃ

(جلد ۵ ص ۱۰۰)

ہمیشہ یہ دین موافق (عدل) یا قریب (بہ عقل) رہے گا جب تک کہ بارہ خلفاء رہیں گے۔

۶- انا قعود علیٰ باب رسول اللہ ننتظر ان یخرج لصلوٰۃ الظھر اذ خرج علینا فقال اسمعوا فقلنا سمعنا ثم قال اسمعوا فقلنا سمعنا فقال انہ سیکون علیکم امراء فلا تعینوھم علیٰ ظلمھم فمن صدقھم بکذبھم فلن یرد علیّ الحوض۔

(جلد ۵ ص ۱۱۱)

راوی کہتا ہے کہ ہم آنحضرت صلعم کے دروازے پر بیٹھے آپ کا انتظار کر رہے تھے کہ دفعۃً حضرت صلعم برآمد ہوئے اور فرمایا سنو! ہم نے عرض کی سن رہے ہیں پھر فرمایا سنو! ہم نے عرض کی حضور متوجہ ہیں فرمایا کہ عنقریب تم پر کچھ سردار ہوں گے۔ دیکھو تم ان کے ظلم پر ان کی مدد نہ کرنا جو لوگ ان کے جھوٹ پر ان کی تصدیق کریں گے (یاد رکھیں کہ) وہ حوض کوثر پر نہیں پہنچ سکتے۔

اب ان تمام احادیث کے بعد اتنا ضرور واضح ہو گیا کہ ہذا الامر سے مراد دین ہے اور وہ ۱۲ خلفاء تک غالب بہ دلیل اور معزز رہے گا اس کے بعد نہیں۔ اب تیرہ سو برس کے بعد یہ سوال باقی رہا۔ کہ اب وہ دین باقی اور دلائل سے غالب رہا ہے یا مغلوب اگر غالب ہے تو لامحالہ روایات مذکورہ کی بنا پر ان بارہ میں سے ایک کا باقی رہنا لازمی

ہے۔ مگر اس حدیث کے حقیقی معتقد صرف شیعہ ہیں جو آج بھی اس امام کے وجود کے قائل ہیں۔

# توضیحاتِ احادیث صحاح

صحیح بخاری میں و من بعدی کا لفظ اڑا کر اس کو گنجلک کرنا چاہا ہے۔ مگر دیگر صحاح کی بکثرت روایات میں اس کا تذکرہ موجود ہے۔ نیز علامہ بخاری نے صرف امیراً کہہ کر روایت کو ٹال دیا ہے، حالانکہ بکثرت صحاح میں لفظ خلیفہ موجود ہے جو بتاتا ہے کہ امیر سے مراد خلیفہ ہے۔

صحیح مسلم کی روایت ۷ میں اور صحیح مشکواۃ کی روایت ۳ میں صاف موجود ہے کہ دین کا قیام اور اس کی بقاء قیامت اور بارہ خلفاء تک ہے۔ اس کے بعد خیریت ہے۔ اب فرمایئے کہ دین باقی اور قائم ہے یا نہیں؟ اور اگر ہے تو بارہ میں سے ایک کا ہونا لازم ہے ہر جگہ روایات میں لفظ لا یزال ہے جس کے معنی ہیں دوام اور ہمیشگی کے یعنی دین ہمیشہ رہے گا بارہ خلفاء تک۔ لہٰذا اس وقت اگر کوئی خلیفہ نہیں ہے تو یہ سب احادیث لغو اور بے معنی اور جھوٹی قرار پائیں گی۔ اور اگر ہے تو اس کے صرف شیعہ قائل ہیں۔ دیگر فرقہائے اسلام حدیث کے تو قائل ہیں اور بارہ خلفاء کے منکر ہیں۔ کیا یہ مقام حیرت نہیں؟ لا یزال کا صحیح ترجمہ لفظ "برابر" ادا کرتا ہے جس میں ہمیشگی لازم ہے۔

کنز العمال کی روایت ۵ میں بتلایا گیا ہے کہ برابر (ہمیشہ) یہ دین قائم رہے گا بارہ خلفاء تک اور لفظ "الی" یہ بتایا گیا ہے کہ ان بارہ میں سے ایک کے بغیر بھی یہ دین قائم نہ رہ سکے گا۔ مگر یہ ظاہر ہے کہ دین حق ابھی تک قائم ہے۔ (۷۳ فرقوں میں سے ایک حق پر ہے) اور جس کے دم سے قائم ہے وہ خلیفہ ہے اور اس کا موجود رہنا ضروری ہے جس دن یہ فرقہ بھی ختم ہوگا دنیا ظلم و جور سے بھر جائے گی اس دن وہ امام ظاہر

Marfat.com

ہوجائے گا۔ اب اس روایت کے آخری فقرے پر غور فرمائیے

فاذا هلكوا ماجت الارض — جس وقت وہ ہلاک ہو جائیں گے تو زمین

باهلها — اپنے مکان سمیت زلزلے میں آ جائے گی۔

روایت میں لفظ "ماتوا" نہیں وارد ہوا جس کے معنی ہیں "مر جائیں گے" بلکہ لفظ "هلكوا" ارشاد فرمایا گیا جس کے معنی ہیں "ہلاک ہو جائیں گے" جس سے صاف ظاہر ہے کہ وہ بارہ خود نہیں مریں گے بلکہ ہلاک کئے جائیں گے (مختلف تدبیروں سے) اور یہ امر بھی آج کسی سے پوشیدہ نہیں کہ ہمارے تمام اہل بیت اپنی طبعی موت سے نہیں اٹھے بلکہ کسی کو قتل کیا گیا تو کسی کو زہر دیا گیا یہاں تک کہ قدرت نے ایک کو باقی رکھا تاکہ زمین اور اہل زمین باقی رہیں۔

جن اقوام کو روحانیت سے کوئی لگاؤ نہیں وہ تو اس امر کا انکار کرنے کی عادی ہیں۔ لیکن جن کو روحانیت سے لگاؤ اور اسلام کی روایات پر اعتقاد کامل ہے۔ اگر وہ اس کا انکار کر دیں تو یہ ان کا ذاتی تعصب اور ہٹ دھرمی ہو گی۔ اب ہم مسند امام احمد بن حنبل جیسی اسلام کی معتبر ترین کتاب اور خزانۂ روایات کی طرف توجہ دلاتے ہیں مسند کی حدیث ۱ سے واضح ہو رہا ہے کہ ماننے والوں کے لیے اسلام ہمیشہ غالب رہے گا۔ نیز مخالف اسلام یا اسلام سے روگردانی کرنے والے اس کو نقصان نہیں پہنچا سکے۔ اس روایت سے پتہ چلا کہ غلبہ فتوحات اور ملک گیری سے نہ ہو گا ورنہ ملک گیری اور فتوحات کی بناء پر آج عیسائیت اور کفر اسلام پر غالب ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم ملک گیری اور فتوحات کو دلیل حقانیت اسلام نہیں قرار دیتے۔ ہاں اس کے دلائل اس قدر زبردست ہیں کہ اسلام کے بہتر (۷۲) (جہنمی) فرقوں کے بگڑے ہوئے عقائد و دلائل بھی دوسرے ادیان پر غالب ہیں چہ جائیکہ ایک فرقۂ حقہ کے عقائد و دلائل روایت ۲ بتاتی ہے کہ دین بارہ خلفاء تک صالح رہے گا۔ اب آپ لاکھ صالحین کے

Marfat.com

برائے نام گروہ کو بتائیں مگر یاد رکھیئے جب تک ان کا بارہ پر عقیدہ نہ ہو صالح نہیں ہو سکتے۔

حدیث ۵ بتاتی ہے کہ نبیؐ فرماتے ہیں "عنقریب" یعنی زیادہ زمانہ نہیں گزرے گا۔ بلکہ قریبی زمانے میں ظالم امیر بھی ہوں گے۔ اور چونکہ روایات میں متعدد مقامات پر بارہ امیر اور دوسری جگہوں پہ بارہ خلیفہ مذکور ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ بارہ امیر ہوں گے اور بارہ خلیفہ بلکہ لفظ "امیر" سے بھی مراد خلیفہ ہے۔ اور خلیفہ سے مراد امیر ہے۔ تو گویا زمانہ نبوت کے قریب ظالم خلیفہ بھی ہوں گے اور وہ جھوٹے بھی ہوں گے اور کچھ آن کے جھوٹ کی تصدیق کرنیوالے بھی ہوں گے۔ لہذا اب ضرورت تحقیق ہے کہ وہ بارہ کون ہیں؟۔

## بارہ امیر یا بارہ خلیفہ کون ہیں؟

نبیؐ کے اہل بیت کو محروم بنا کر اور بارہ اماموں کا انکار کر کے مسلمانوں نے اس روایت میں جو جو گل افشانیاں فرمائی ہیں اور جو جو چکر کاٹے ہیں عقلِ سلیم کو ان پر ہنسی آتی ہیں مسلمانوں کے مسلمہ امام ابن حجر عسقلانی نے صحیح بخاری کی مشہور شرح فتح الباری میں اس روایت کے متعلق اپنی اور دیگر علماء کے خیالات کو جمع کیا ہے مگر ہر جگہ اور تاویل کے آخر میں تھک کر یہ اقرار کیا ہے کہ واللہ اعلم۔ خدا ہی خوب جانتا ہے کہ ان کا کیا مطلب ہے۔ یہ فقرہ دلیل عجز ہے۔ عاجز کیوں ہیں اس لیے کہ خود ساختہ خلفاء اور امیروں کی کثرت کو اس حدیث نے روند کر رکھ دیا ہے۔ مخالفت اہل بیت میں ان کا اقرار نہیں کرتے اور اپنوں کو بچانے کے لیے ہاتھ پیر مارتے ہیں مگر بات نہیں بنتی۔

پہلی شرط تو ان تمام احادیث میں یہ ہے کہ یہ خلفاء اور ائمہ قریش سے ہوں گے۔ یہ تو مسلم ہے کہ اجداد نبیؐ میں کوئی بزرگ ایسے گذرے ہیں جن کا لقب سب سے پہلے

Marfat.com

قریش ہوا اور وہ ان کی اولاد کے لیے نسلاً بعد نسلٍ مستعمل ہوا لیکن اختلاف ان بزرگ کی تعیین میں ہے۔ چنانچہ بعض کا خیال ہے کہ سب سے پہلے نضر بن کنانہ کا لقب قریش قرار پایا اور بعض کا خیال ہے کہ سب سے پہلے بزرگ قصیٰ بن کلاب ہیں جو اس وصف سے موصوف ہوئے اس کی جانب علامہ ابن عبد ربّہ الاندلسی اللہوی نے بھی اپنی مشہور کتاب عقد فرید جلد دوم صت ۲۰۲ پر اشارہ کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ "ترجمہ۔ قصی نے سب منتشر قبائل کو جمع کیا تو اس وقت سے قصیٰ کا لقب ہوا قریش ۔غرض اہل تاریخ نے اس میں اختلاف کیا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ اگر واقعاً لقب قریش مضر یا نضر سے شروع ہوا ہے تب تو خیریت ہے ورنہ اگر قصی سے شروع ہوا ہے تو اول کے دو خلیفہ اس حساب سے قریش میں سے نہیں تھے اور بقیہ بنی ہاشم۔ بنی امیہ۔بنی عباس ہونے کی وجہ سے اس میں داخل ہو جائیں گے ۔

پس ہمارے بیانات سے یہ باتیں واضح ہوئیں کہ (۱) تمام الہامی کتب میں تعداد بارہ بارہ ہے اور قرآن مجید نے بھی اس کی تصدیق کر دی (۲) احادیث معتبرۂ صحاح میں بھی آنحضرتؐ نے خلفاء یا امراء کی تعداد بارہ ہی بتلائی ہے۔

۳ - اب آپ کو اختیار نہیں کہ اس تعداد کو بارہ سے زیادہ یا بارہ سے کم کر دیں۔ جیسے آپ کو اختیار نہیں کہ نبی کی مقرر کردہ نماز کی رکعتوں میں مغرب کی چار اور ظہر کی تین کر دیں امت یا اجماع کو حکم صریح کے بعد اس کا اختیار نہیں کہ وہ تعداد میں ردّ و بدل کر دیں۔

## شمارِ اشخاص

ابن حجر وغیرہ نے بارہ کی گنتی خلفائے راشدین کے علاوہ بنی امیہ کے حکمرانوں کو گنوا کر پوری کر دی۔ اگرچہ اس کاوش میں کہیں تو درمیان میں دو کو چھوڑ دیا ہے اور کہیں ایک کو کہیں دو چار کو پھلانگ کر آگے نکل گئے ہیں ۔ ذرا سوچنے کی بات ہے کہ

درجن بھر کیلے اور آم بھی اگر آپ خریدتے ہیں تو ایک ایک کو خوب دیکھ لیتے ہیں کہ گلا سڑا اور داغی تو نہیں مگر علمائے اسلام گنتی کو پورا کرانے میں اس کو بھی نہیں دیکھتے اور ہر خطاکار تخت نشین کو جانشین نبیؐ مان کر گنتی پوری کر دیتے ہیں۔ مگر جن کو گنوایا ہے۔ ان میں اکثر کو کتب تواریخ۔ سیر۔ احادیث داغی بتلاتی ہیں۔ یا باغی۔ سوائے حضرت علیؑ کے جو بنصِ قرآن معصوم ہیں باقی تمام تعداد غیر معصوم کی ہے۔

مسند امام حنبل کی مذکورہ روایات میں سے روایات ملا میں صاف تحریر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ عنقریب تم پر ظالم اور جھوٹے امیر حکومت کریں گے۔ وہ قریب کا زمانہ صرف بنی امیہ وغیرہ کا ہو سکتا ہے۔ جن میں سے اکثر کو ابن حجر وغیرہ نے بارہ کی تعداد پوری کرنے کے لیے گنوایا ہے۔ مگر صحیح ترمذی کی مندرجہ ذیل حدیث نے ان کی گنتی کو بھی بالکل رد کر دیا۔ ملاحظہ ہو۔

سعید راوی ہیں کہ میں نے سفینہؓ سے پوچھا کہ بنی امیہ کا یہ گمان ہے کہ خلافت ان میں ہے تو انہوں نے کہا کہ زنِ رزقاد (کرنجی آنکھ کی عورت) کے بیٹوں نے سفید جھوٹ بولا ہے بلکہ وہ لوگ تو بادشاہ ہیں اور بدترین بادشاہ (صحیح ترمذی جلد ۲ صفحہ ۳۵ طبع مصر)

مشہور محدّث علاّمہ وحید الزماں فرماتے ہیں کہ "جن لوگوں نے اس حدیث کا مصداق خلفائے بنی امیہ یا بنی عباس کو قرار دیا ہے انہوں نے سخت غلطی کی ہے چونکہ اموی حکمران اکثر غاصب ظالم اور جابر تھے اور عباسیہ کا عدد بارہ سے زائد تھا۔ اہل سنت کے علماء ان میں تراش خراش کرتے ہیں اور خلفائے راشدین کے بعد کچھ لوگوں کو بنی امیہ سے لیتے ہیں اور کچھ کو بنی عباس میں سے جو ذرا اچھے اور عادل گذرے ہیں اور ہم نے ہدیۃ المہدی میں یہ لکھا ہے کہ ان بارہ امیروں سے ائمہ اثنا عشر یعنی بارہ امام مراد ہیں اور امارت سے دینی پیشوائی اور سرداری مراد ہے۔ نہ کہ

Marfat.com

حکومتِ ظاہری۔"

(لغات الحدیث مولفہ وحید الزماں محدث حرف الف صلا)

مولف مذکور نے دوسری کتاب ہدیۃ المہدی کے صدا پر نام بنام وہ امام گنوائے ہیں جن کو شیعہ مانتے ہیں اور وہی ترتیب ہے جو شیعہ لکھتے ہیں۔ لہٰذا اب گھبرا کر یہ نہ کہد یجیے گا کہ یہ شیعہ تھے۔ حضرت یہ پکے سُنی تھے بلکہ امام اہلحدیث تھے۔

پھر وہ دوسری جگہ لکھتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے تفسیر سماء و بروج میں فرمایا کہ

| | |
|---|---|
| اما السّماء فانا و اما البروج | سماء سے مراد میں ہوں یعنی آنحضرتؐ |
| فالائمة بعدی اولهم علی | اور بروج سے بارہ امام مراد ہیں پہلے |
| و آخرهم المهدی (سورة | امام علیؑ ہیں اور آخر امام مہدی علیہ |
| والسّماء ذات البروج (بروج ۸۵/۱) | السلام ہیں۔ |

(انوار اللغۃ - پارہ ب - لغۃ برج صنا طبع کراچی وصد۲ طبع بنگلور)

اس سے زیادہ واضح اور کیا بیان ہو سکتا ہے۔ اللہ نہ ور اس صداقت ... ان کو اجر دے گا کہ وہ مخالفین اہلبیت سے نہیں ڈرے جو کچھ کہنا تھا باوجود اہلسنت ہونے کے صاف کہدیا۔ اب ان بیانات کی روشنی میں آپ علامہ ابن حجر عسقلانی کا قول النصف ملاحظہ کیجئے کہ انہوں نے آنکھ بند کر کے بارہ امیر بنی امیہ جیسے ظالم بادشاہوں میں سے گنوا دیئے۔

(فتح الباری جلد ۱۳ صد ۱۷۹)

اب جو اس کے قائل ہیں کہ خلافت چار خلفائے راشدین پر ختم ہو گئی یا بنی امیہ کی زیادہ تعداد میں سے بعض کو خود منتخب کر کے بارہ کی تعداد پوری کرتے ہیں وہ نبیؐ کے بیان فرمودہ خلفائے حق کے منکر ہیں اور سابقہ کتب وحی کو ... ہیں اور سنت الٰہیہ کے خلاف چلتے ہیں۔

Marfat.com

# قدرت کا غیبی انتظام

قدرت کا یہ غیبی انتظام ہے کہ مسلمانوں میں علاوہ ائمہ اثنا عشر اور خلفائے اہل بیت کے جنہوں نے دوسرے خلفاء کو مانا ہے قدرت نے ایسے خلفاء کو کسی ایک سلسلے میں بارہ نہیں ہونے دیا ہے تاکہ حق اور ناحق ایک تعداد میں ہو کر مشتبہ نہ ہو جائیں غرضیکہ حقیقی خلفائے رسول کے مقابلے میں جس قدر خلفاء امت نے بنائے یا بنے، ان کا کوئی سلسلہ بارہ کی تعداد کے مطابق نہیں ہوا۔ کوئی سلسلہ کم ہے تو کوئی زیادہ۔ اس لیے حق ادھر ہوگا جن کی تعداد رسول اللہ ص کی مقرر کردہ تعداد بارہ کے برابر ہوگی۔ اسلام کے تمام فرقوں میں صرف شیعہ ہی اس حدیث شریف کی مقرر کردہ تعداد پہ قائم ہیں اور اسی بناء پر ان کو اثنا عشری کہا جاتا ہے۔

شیعوں کے علاوہ تمام فرقے خلفاء میں راشدین اور غیر راشدین کی قید لگاتے ہیں اور یہی قید ان کو حدیث رسول کے خلاف کر رہی ہے اور وہ مجبور ہو کر صالح اور غیر صالح ہدایت یافتہ اور ہدایت شکن کو گنتی پوری کرنے کے لیے ایک ہی مد میں شمار کر رہے ہیں اسی نے اسلام کو تباہ کیا اور ہر دل میں خلافت کی امنگ اور تمنا پیدا کر دی اور جب مقررہ تعداد ٹوٹ گئی تو خلافت مختلف خاندانوں میں چلتی چلاتی سلطان عبدالحمید تک پہنچ کر رک گئی۔

پہلا سلسلہ بقول اہل سنت خلفائے راشدین کا ہے اس میں چار خلیفہ ہیں اور یہ سلسلہ رسول اللہ کی بیان کردہ تعداد سے کم اور اس لیے احادیث مذکورہ سے مطابق نہیں۔ دوسرا سلسلہ بنی امیہ کا شروع ہوتا ہے۔ اس میں بارہ سے زاید ہیں اور اگر اول کے چار بھی ملا لیے جائیں تو تعداد ۱۸ تک پہنچتی ہے اور اگر خلفائے اندلس بھی ملا لیے جائیں تو تعداد ۸ ہ تک بلکہ ۲۸ سے زیادہ ہو جاتی ہے۔

تیسرا سلسلہ بنی عباس کا ہے جن کی تعداد ۳۷ ہے اب سب مل کر تقریباً ۵۵ جاتے ہیں ۔ اور خیریت سے یہ سب مدعی خلافت و امامت ہیں ۔ اور اگر ان میں خلفائے بیہ وغیرہ بھی ملا لیے جائیں تو شمار مشکل ہے ۔ بہرحال ہر طرح سے یہ حدیث شریف بر غلط ہو جاتی ہے ۔ اور اگر آغا خانیوں کو (جو خود کو مسلمان کہتے ہیں) بھی ملا لیا جائے ان کی تعداد بھی اب تک ۴۹ ہو چکی ہے ۔ اور ابھی قیامت کے نہ معلوم کتنے دن ہیں نہیں اماموں کے کتنے سیکڑے پورے ہو جائیں گے ۔ اب رہے بوہری حضرات تو ن کے یہاں بھی شاید . . اپر جاکے یہ سلسلہ رکے ورنہ پیدا اور بڑھتی ہی جارہی ہے ب ہم احادیث مذکورہ کے دوسرے حصوں پر غور کرنے کے لیے دعوت فکر دیتے ہیں ن الفاظ پر ہم تحقیقی نظر ڈالیں گے ۔ آپ ان کو گذشتہ حوالوں میں دیکھ لیجیے ۔ نمبروں سے ر چل جائے گا ۔ جو الفاظ مکرر آگئے ہیں ان کو نہیں لکھیں گے ۔

| | |
|---|---|
| ۱ - هٰذا الامر لا ينقضى حتى يمضى فيهم اثنا عشر (مسلم - حديث ۱) | امر دین ختم نہ ہوگا یہاں تک کہ ان میں بارہ گذر جائیں ۔ |
| ۲ - لا يزال الاسلام عزيزا الى اثنا عشر (مسلم - حديث ۳) | اسلام ہمیشہ (برابر) معزز رہے گا بارہ تک |
| ۳ - لا يزال هٰذا الدين عزيزا منيعا الى اثنا عشر (مسلم - حديث ۵) | یہ دین ہمیشہ (برابر) معزز اور محفوظ رہے گا بارہ تک ۔ |
| ۴ - لا يزال هٰذا الدين قائما حتى تقوم الساعة او يكون عليكم اثنا عشر (مسلم حديث ۶) | ہمیشہ اور برابر یہ دین قائم رہے گا ۔ یہاں تک کہ قیامت آجائے یا بارہ خلیفہ تم پر ہو جائیں ۔ |
| ۵ - يملك هٰذه الامة اثنا عشر (كنز العمال حديث ۳۳) | یعنے اس امت کے مالک بارہ ہوں گے ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۶ - یکون بعدی من الخلفاء عدۃ نقباء موسیٰ ۔ | میرے بعد خلفاء حسب تعداد نقباء موسیٰ (بارہ) ہوں گے ۔ |
| (کنز العمال حدیث ۱۳) | |
| ۷ - لایزال ھذا الدین قائماً الیٰ اثنا عشر خلیفۃ من قریش | یہ دین ہمیشہ (برابر) قائم رہے گا بارہ خلفاء تک جو قریش سے ہونگے |
| فاذا ھلکوا ماجت الارض | جب وہ سب ہلاک ہو جائیں گے |
| باھلھا (کنز العمال حدیث ۵) | تو زمین مع ساکنوں کے زلزلہ آ جائے گی |
| ۸ - لایزال ھذا الامر صالحاً حتیٰ یکون اثنا عشر امیراً (مسند حدیث ۱۳) | یہ دین ہمیشہ (برابر) صالح رہے گا بارہ امیروں تک ۔ |

حدیث کے یہی حصے دوسری صحاح میں بھی ہیں ۔ گذشتہ حوالے ملاحظہ فرمایئے

ان تمام فقرات پر نظر انصاف ڈالی جائے تو نتیجہ صاف ہے کہ :۔

دین اور اسلام کی برقراری اس کی عزت ۔ اس کی حفاظت ۔ امت کے مالک ، اہل دین کی صلاحیت ۔ بارہ تک ہوگی اس کے بعد نہیں ۔ لفظ لایزال ہمیشگی اور استمرار یعنی لگاتار سلسلے کو بتاتا ہے ۔ اور یہ کہ یہ تعداد قیامت تک برقرار رہے گی ۔ یہ دین بارہ تک اور دینوں پر غالب رہے گا ۔ اور یہ کہ اس غلبے سے مراد یہ نہیں ہے اور یہ کوئی قطعہ نہیں اس لیے کہ سلطنت یا بادشاہت حکومت اور ملک گیری میں کفار اور مشرکین دونوں مسلمان سب شریک ہیں بلکہ شوکت و حکومت کفار زیادہ رہے اور اہل اسلام آج بھی حکومت کفار کا دست نگر رہے ۔ بلکہ غلبۂ اسلام سے مراد غلبۂ حجت و برہان و دلائل ہے ۔ قیام دین اسلام ۔ وجود اسلام ۔ حقیقی و عقلی ان بارہ کے دم سے ہے اسی لیے ان کا صالح ہونا صاحب قوت قدسیہ اور روحانیہ ہونا لازم ہے اور یہ حسب فرمان قرآن حضرت رب العزت کی طرف سے مؤید تھے ۔ جیسا کہ سورۂ مجادلہ میں ہے ایدھم بروح منه

Marfat.com

یعنی ان اہل ایمان کو مثل انبیائے گذشتہ ہم نے اپنی روح (قوت) سے مدد پہنچائی نبی بغیر تائید روح منصب نبی نہیں ہوا اسی طرح سے یہ امیر اور خلفاء مخصوص قوت الٰہیہ سے مؤید اور صاحب قوت ہوں گے یہ نہ کہیئے گا کہ ائمہ اہل بیت سب مجبور رکھے اور خلفائے زمانہ سے دبے رہے کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ انبیاء میں بھی سب کی زندگی (سوائے حضرت سلیمان کے) مجبور اور دبی ہوئی رہی ہے۔ مگر وہ پیغام الٰہی پہنچانے اور حفاظت شریعت میں کبھی دب کر نہیں رہے۔

حق اور صداقت کی سب سے بڑی دلیل حدیث لم یرسات میں ملتی ہے کہ جب بارہ ختم ہو جائیں گے تو زمین مع اپنی ساکنوں کے زلزلہ میں آ دے گی تو ابھی ایسا نہیں ہوا معلوم ہوا کہ اس میں سے بارہواں ابھی تک موجود ہے۔

تمام صفات مذکورہ ائمہ اثنا عشر کے علاوہ اور کسی خلیفہ میں نظر نہیں آتے اور قیامت تک یہ تعداد زیادہ نہیں ہو گی۔ اسی لیے ان کا آخری غائب اور قائم ہے اور اسی کے دم سے اسلام اور دین صحیح کا قیام ہے۔ اس صورت کے علاوہ صداقتِ فرمانِ رسول کی دوسری صورت نہیں نکلتی۔ ساری خلافتوں کے ظاہری سلسلے ختم ہو چکے ہیں اور مصطفیٰ کمال نے خلافت کو ہمیشہ کے لیے باسفورس میں ڈبو دیا ہے۔ پھر بھی یہ دین قائم ہے تو حسب فرمانِ رسول ایک ایسا وجود لازمی ہے جس کے دم سے یہ دین اسلام قائم ہے۔ آج کروڑوں مسلمانوں میں کسی کا یہ دعویٰ نہیں کہ اسلام اور دین میرے دم سے قائم ہے۔ اور مجھ میں صفاتِ خلیفۃ اللہ موجود ہیں۔ اور جب احادیث مذکورہ بتاتی ہیں کہ ان کا وجود ضروری ہے تو وہ ظاہر میں نہیں ہے۔ تو غائب رہ کر موجود ہے اور ان سے بقائے دین و اسلام ہے

وہ آیات جن پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے
کہ ایک حجت کا وجود خدا کی جانب!

Marfat.com

سے ضروری اور لازمی ہے

قرآن و حدیث اس کی موئد ہیں۔

ذیل میں ہم ان آیات قرآن مجید اور احادیث کو پیش کرتے ہیں جو بتاتی ہیں کہ ایک حجّت خدا کا وجود ہر زمانے میں خدا کی طرف سے ہونا ضروری ہے:

۱۔ یاایّھا الّذین آمنوا اتقو اللہ وکونوا مع الصّادقین ۝ — اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچّوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

(س توبہ۔ ۹/۱۵)

اس لیے ہر زمانے میں ایک صادق کا وجود لازمی ہے۔ اس آیت کے متعلق ہم خود کچھ نہیں کہتے بلکہ امام اہل سنت علامہ فخر الدین رازی کے قول کو لکھنا کافی سمجھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ :۔

یہاں خداوند کریم نے حکم دیا ہے کہ صادقین کے ساتھ رہو۔ اور جب صادقین کے ساتھ رہنا واجب ہے تو ضروری ہے کہ ہر زمانے میں صادقین موجود ہیں۔ اور جب صادقین کے ساتھ رہنا واجب ہے تو جن کے بغیر یہ حکم پورا نہیں ہو سکتا ان کا بھی ہونا ضروری ہو گا۔ اس لیے ہر زمانے میں صادقین کا وجود ضروری ہے۔ کیونکہ یہ مسلّم ہے کہ جو حکم اور پابندیاں نہ قرآن مجید میں آئی ہیں وہ قیامت تک لازم ہیں اس لیے کہ آیت میں کوئی وقت مقرر نہیں ورنہ اس کا بھی اعلان کر دیا جاتا۔ جب خداوند کریم نے شرط لگائی ہے کہ تقویٰ اختیار کرو تو واضح ہے کہ یہ حکم اسی کے لیے ہیں کہ جن کا متقی نہ ہونا بھی ممکن ہے۔ تو اب صورت حکم یہ ہے کہ جن سے خطا ہو سکتی ہے وہ اس معصوم کی پیروی کریں جس سے غلطی نہیں ہو سکتی۔ اور یہ اس وقت ممکن ہے کہ جب ہم کو ذاتِ معصوم کا علم ہو اور چونکہ ہم کو ذاتِ معصوم کا علم نہیں اس لیے یہ مسئلہ واضح ہے کہ تمام امت مل کر معصوم ہے اور اسی نے بتایا کہ اجماع امّت حجّت ہے

اور بمنزلہ معصوم کے ہے (رازی جلد ۴ صفحہ ۱۸۵ طبع مصر)

علامہ رازی اول تو ٹھیک چلے تھے مگر پھر اہل بیت سے رو گردانی کر کے بہک گئے اور وہ بات لکھدی جو قطعاً خلافِ عقل ہے۔ کہ امت میں ہر شخص غیر معصوم لیکن ساری امت مل کر معصوم ہو جاتی ہے تو کیا سارے غیر معصوم مل کر ایک معصوم بن سکتا ہے یا سارے اندھے مل کر ایک بینا بن جائے گا یا سارے احمق مل کر ایک عقلمند بن جائیگا

موجودہ عہد کے مفکر اور تعلیم یافتہ طبقے کے راہبر علامہ اقبال فرماتے ہیں کہ

گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کارے شو — کہ از مغز دو صد خر فکرِ انسانی نمی آید

یعنی طریقہ جمہوریت سے بھاگو اور پختہ کار کے تابع بن جاؤ کیونکہ دوسو گدھے مل کر بھی انسانی فکر کے مالک نہیں بنتے۔ علامہ نے اکثریت پر جان دینے والوں کی وجہ سے تقیہ کیا ورنہ یہ کہتے کہ "گریز از طرز اجماعی" طریقہ اجماعی یا اجماع مردم سے بھاگو غیر معصوم کا اجماع غلطی سے محفوظ نہیں ہو سکتا۔ اجماع یا جمہوریت پر لوگوں نے اس لیے جان دی کہ یہ دونوں چیزیں ان کو برسر اقتدار لانے کی امید دلاتی ہیں اور اسی لیے خلافت رسول بنی تیم۔ بنی عدی۔ بنی ہاشم۔ بنی امیہ۔ بنی عباس۔ ترکوں اور مصریوں وغیرہ میں بھاگی بھاگی پھری۔ جس کے ہاتھ میں لاٹھی بھینس اسی کی ہوگئی۔ اور باقی کے دماغوں میں امنگ پیدا کردی۔ اجماع کی ناکامی کا اس سے بڑا کیا ثبوت ہوگا کہ صرف پہلی خلافت میں ناقص اجماع کا پتہ ملتا ہے پھر کسی خلافت میں اجماع نظر نہیں آتا بلکہ ڈنڈا کارفرما نظر آتا ہے۔ اور اہل دنیا چڑھتے سورج کو پوجتے ہیں اس لیے علمی کمالات اور ملکی اوصاف کی وجہ سے دل اہل بیتؑ کے ساتھ تھے اور دولت کی وجہ سے تلواریں دشمنوں کے ساتھ تھیں۔ اور جو حقیقتاً اہل بیتؑ کے ساتھ رہے تاریخیں گواہ ہیں کہ قتل و غارت وزہر و جلاوطنی غرض کوئی ظلم ایسا نہ تھا جو ان پر کیا گیا نہ ہو۔ یہ انہیں کے فعل و حوصلہ صبر کا کارنامہ ہے کہ آج ان کے نام لیوا

Marfat.com

اس دنیا میں موجود ہیں۔ الغرض یہ آیۂ داقی ہدایہ صرف مذہب شیعہ کی بنا پر واجب العمل ہو سکتی ہے جو ہر زمانے میں ایک معصوم کے وجود کے قائل ہیں۔

علامہ رازی اپنی دھن میں یہ بھی کہہ گئے ہیں کہ صادقین جمع کا صیغہ ہے لہٰذا ایک سے زیادہ صادقین کا ہونا لازمی ہے۔ اچھا یہی سہی لہ وہ بتائیں تو زمانۂ رسول میں اس کی تعمیل ہوئی یا نہیں۔ اگر ہوئی تو ان سب کا معصوم ہونا لازم ہے۔ اور آیۂ تطہیر بتاتی ہے کہ معصوم صرف اہل بیت (ارباب کساء) ہیں۔ نیز آیۂ مباہلہ بتاتی ہے۔ کہ نبی مباہلے میں صرف چار نفوس کو اپنے ساتھ لے گئے۔ اور وہ بھی جھوٹوں پر لعنت کرنے کے لیے۔ تو اگر ان چار میں کہیں بھی جھوٹ کی گنجائش ہوتی تو لعنت ان پر بھی ہو سکتی تھی۔ جس سے معلوم ہوا کہ نبی صرف ان کو ساتھ لے گئے تھے جو معصوم تھے۔ اور جن کا ہر گوشۂ زندگانی جھوٹ سے بری تھا۔ اور وہی حقیقی صادقین تھے۔ اور یہ سب صادقین جس کی پیروی کا حکم دیدیں وہ بھی صادق و معصوم ہو گا۔ اگر انہوں نے نہیں بتایا تو واجب حکم خدا سے باز رکھا۔ اور اگر بتا دیا تو امت پر ان کی پیروی واجب ہے اور وہ حضرات اور ان کی بتائی ہوئی ذوات معصوم اور صادقین ہیں۔ اس لیے انہی کی پیروی واجب ہے

## ہر زمانے میں وجود حجّۃ لازم ہے

اب ہم مذہب اہل سنت کے سب سے بڑے متعصب امام ابن تیمیہ کے مقلد علامہ ذھبی کا ایک قول وجود حجّۃ کے متعلق لکھتے ہیں۔ ذھبی ہر شیعہ راوی کو اپنی مشہور کتاب تذکرۃ الحفاظ میں ضعیف جھوٹا مفتری کہنے پر کمر بستہ رہتا ہے۔ اس سے یہ ممکن نہ تھا کہ اس قول کو لکھتا لیکن حق زبان پر جاری ہو کر رہا چونکہ یہ بہت ضروری حوالہ ہے اس لیے ہم اس کو اصل عبارت کے ساتھ نقل کرتے ہیں۔

علامہ ذھبی امیر المومنین ع کی روایت مع اسناد حدیث لکھتے ہیں (ہم بحذف

Marfat.com

استاد لکھتے ہیں)

اللّٰھم لا تخلو الارض من
قائم للہ بحجۃ لئلا تبطل
حجج اللہ وبیناتہ اولئک
الاقلون عددا الاعظمون
عند اللہ قدرا۔ بھم یدفع
اللہ حججہ حتی یودّوھا
الی نظرائھم ویزرعوھا فی
قلوب اشباھھم۔ ھجم بھم
العلم علی حقیقۃ الامر
تلک ابدان ارواحھا
معلقۃ بالمحل الاعلی
اولئک خلفاء اللہ فی بلادہ
والدعاۃ الی دینہ ھاھا
شوقا الی رویتھم۔

۱۔ تذکرۃ الحفاظ۔ ذھبی جلد اول
ص۱۱ طبع دکن)

۲۔ وحلیۃ الاولیاء۔ جلد اول
ص۸۰ طبع مصر)۔

ترجمہ:۔ ہاں ہاں خدا گواہ ہے کہ ہرگز
زمین ایسی ذات سے خالی نہیں رہتی
جو خدا کی جانب سے حجت کو قائم رکھتی
ہے تاکہ خدا کی حجتیں اور دلائل فنا
نہ ہو جائیں یہ لوگ تعداد میں کم ہیں
(صرف بارہ ہیں) لیکن مرتبہ میں خدا
کے نزدیک سب سے بڑے ہیں
انہیں کے ذریعہ سے خدا اپنی
حجتیں پیش کرتا ہے تاکہ وہ ان
حجتوں کو صاحبان غور و فکر تک
پہنچا دیں اور ان کا تخم ان سینوں میں
بو دیں (کاشت کر دیں) جو ان سے
مناسبت رکھتے ہیں انہی کی وجہ سے
علم حقیقت امر پر ہجوم کرتا ہے یہ ہیں
تو بدن اور جسم۔ لیکن ان کی روحیں
ایک بلند ترین منزل سے وابستہ ہیں
یہ ہیں اللہ کے خلیفہ اس کے شہروں میں
اور اس کے دین کی طرف بلانے
والے ہیں۔ ہائے ہائے مجھ کو
ان کے دیکھنے کا کس قدر شوق ہے۔

Marfat.com

(اخلاف دیانت) علامہ ذہبی کی ذہنیت اور ان کی دیانت کا نقل حدیث میں اس سے پتہ چلتا ہے کہ جو فقرے ائمہ اہل بیت خصوصاً آخری امام کے لیے حدیث میں ہیں ان کو اڑا دیا ہے ۔ جس سے ان کی دشمنی اہل بیت نمایاں ہو جاتی ہے ۔ مجبوراً روایتہ کو اس لیے لکھ دیا کہ راویوں میں اس روایتہ کی کافی شہرت تھی ۔ کہاں تک چھپاتے صرف اس حصہ کو نظر انداز کر دیا جو ان کے خلاف اور ان کی قائم کردہ خلافت کو بیخ و بُن سے اوکھاڑ ہی دینے والا تھا ۔

اور وہ فقرہ یہ ہے ، قائم للہ بحجتہ اما ظاھر مشھور واما خائف مغمور ۔ وہ حجتہ خدا یا تو ظاہر اور مشہور ہو گا ۔ یا دشمنوں کے خوف سے پوشیدہ ہو گا چونکہ اس فقرہ سے بنی عباس کی امامتیں اور خلافتیں ۔ پادر ۔ ہوا ہوتی تھیں اس لیے صاف اڑا گئے ۔

اسی طرح اہل مصر نے جدید طبع شدہ حلیتہ الاولیاء سے اپنے خود ساختہ ائمہ خلفاء کی جان نثاری میں اس فقرہ کو اڑا دیا اس لیے کہ اس میں امام غائب کے لیے صاف ارشاد ہے ۔ مگر ان کی یہ کوششیں قدرت نے بیکار کر دیں اور ایک دیانت دار کے قلم سے پوری روایت صاحبان انصاف کے لیے پیش کر دی ۔

کنز العمال علامہ متقی میں یہ دونوں فقرے موجود ہیں اور اس روایت کو مع ان حضرات کے حسب ذیل کتب سے نقل کیا ہے (۱) کتاب المصاحف علامہ انباری ۔ (۲) کتاب العلم علامہ ذھبی (۳) کتاب حجتہ علامہ نصرے (۴) حلیتہ الاولیاء (۵) ابن عساکر (۶) بعینہ اس روایتہ کو علامہ قندوزی عالم اہلسنت جو زمانہ سلطان عبدالحمید میں شیخ الاسلام تھے ۔ ینابیع المودۃ طبع قسطنطنیہ صفحہ ۵۲۳ پر لکھا ہے ۔ (کنز العمال علامہ متقی ۔ جلد پنجم صفحہ ۲۳۱ ۔ طبع دکن)

حسب عادت قدیم یہ نہ کہہ دیجیے گا کہ ہم کو طبع دکن پر اعتبار نہیں ۔ تو بجنسہٖ یہ

Marfat.com

روایت مع ان دونوں فقرات کے (حاشیہ مسند احمد ابن حنبل جلد چہارم صفحہ طبع مصر منتخب کنز العمال) میں موجود ہے۔

اب یا تو اہل مصر کی حق پوشی اور ذھبی کی دیانت پر حرف آتا ہے۔ یا علامہ متقی کی دیانت پر شک ہوتا ہے۔ جنہوں نے اس کو حلیۃ الاولیا سے روایت کیا ہے۔ حالانکہ یہ دونوں فقرے جدید شائع شدہ کتاب میں موجود نہیں ہیں۔ اب جن پر زد پڑتی ہے وہ دونوں آپ کے مسلمہ محدث ہیں لیکن پلہ صاحب کنز العمال کا بھاری ہے۔ اس لیے کہ دیگر کتب بھی اس کی مویٔد ہیں۔ اب اس حدیث معتبر و مسلم میں لفظ ہے خائف مغمور۔

مغمور کی شرح اور معانی کے لیے دیکھیے منجد یہ تالیف اُن عیسائیوں نے کی ہے جن کی مادری زبان عربی ہے اور یہ کتاب اس قدر مقبول ہے کہ ادب عربی جاننے والوں کا کوئی گھر اس کتاب سے خالی نہیں۔ منجد میں مغمور کی شرح یہ ہے کہ مغمور اس غائب ذات کو کہتے ہیں کہ جن کا ذکر پوشیدہ کیا گیا ہو۔ اور وہ فقھورا ور دبا ہوا ہو۔ نیز جب کسی کو پانی چھپا لے اور پانی سر سے بلند ہو کر اُس کو پوشیدہ کرلے تو اس کو مغمور کہیں گے۔

حدیث میں دو فقرے ہیں اما ظاھراً مشھوراً اما خائف مغموراً۔ یا تو وہ حجتہ خدا اس قدر ظاہر ہوگا کہ حد شہرت تک پہنچا ہوا ہوگا۔ چنانچہ گیارہ آئمہ اہل بیت اس قدر مشہور تھے کہ خلفاء بنی امیہ اور بنی عباس تک ان سے واقف تھے اور اپنی مشکلات میں اُن سے مدد لیا کرتے تھے۔ جیسا کہ امام محمد باقرؑ سے عبدالملک ابن مروان نے سکہ بنانے میں مدد لی۔ (حیواۃ الحیوان دمیری جلد اول ص۶۳) اور امام حسن عسکریؑ سے معتمد خلیفہ عباسی نے نصاری کے مقابلہ میں اور ک امتہ جدک اپنے دادا کی امت کو بچاؤ کہہ کر مدد لی (صواعق محرقہ ابن حجر مکی ص۱۲۴) طبع مصر)

اس قسم کے بکثرت واقعات آپ کو تاریخ و سیر میں ملیں گے۔ مگر ان سب آئمہ اہل بیت کو اپنے حکومت و خلافت بچانے کے لیے زہر دئے گئے۔ اور جب قتل و زہر

سے گیارہ کے بعد نوبت اس بارہویں امام اہل بیت تک پہنچی تو پھر حدیث کے دوسرے فقرہ کا مصداق اس بارہویں کو بنا دیا۔ اما خائف مغمور یا تو وہ بوجہ خوف پوشیدہ رہے گا۔ اگر یہ بھی قتل کر دیے جاتے تو زمین حجتہ خدا سے خالی رہ جاتی۔ اس لیے ان کو مثل خضر و الیاس غائب کر دیا۔ تاکہ زمین حجتہ خدا سے خالی نہ رہے۔ یہ کیوں خائف تھے۔ خائف اس لیے تھے کہ آپ کی تلاش میں معتضد عباسی نے دائیوں کو مقرر کر دیا تھا اور حکم دیدیا تھا کہ بنی ہاشم کے ہر گھر میں جب چاہیں بے اجازت چلی جائیں اور حاملہ عورت کی نگرانی کریں (منتخب الاثر) لیکن قدرت نے اس مولود کو مثل حضرت موسیٰؑ محفوظ رکھا اسی امام کے لیے حدیث میں آیا ہے خائف مغمور۔ جو دشمنوں کے خوف سے چھپا رہے گا۔ اور مشیت خدا اس کو خاص وقت میں نمایاں کرے گی

یہاں یہ نہ کہہ دیجیے گا کہ اور آئمہ کو کیوں نہیں چھپایا اور دشمنوں نے ان کی تلاش زمانہ حمل میں کیوں نہیں کی۔ تو یہ بھی حدیث نبوی پر روشنی ڈال رہا ہے کہ مہدی تلوار لے کر آئے گا اور سب کو مغلوب کر کے ایک دین پھیلا دے گا۔ مصنوعی خلفاء کا اس حدیث پر یقین تھا زمانہ کی خبر نہ تھی اس لیے ان کو خدشہ تھا کہ آخری مہدی کے ہاتھوں ان کی حکومت تباہ نہ ہو جائے۔ اور آئمہ کے متعلق اُن کو خدشہ نہ تھا۔ اس لیے کہ وہ تلوار کے ساتھ مامور نہ تھے اور آخری تلوار لے کر آنے والا تھا یہی ہے وہ نفوس قدسیہ اور جگر گوشہ رسول تھے جن کو خود ساختہ خلفاء بنی امیہ و بنی عباس نے مٹانے کی سعی کی اور اہل دنیا شاہوں سے زر و مال لے کر اُن کے خلاف ہو گئے۔

اتنی مخالفتوں میں اس روایت کا باقی رہنا۔ خدا کے اُس اعلان کی صداقت کو بتلاتا ہے۔ یریدون ان لیطفئوا نور اللہ بافواھھم واللہ متم نورہ (صف ۶۱) وہ خدا کے نور کو اپنی .. افواہ سے دین (روایتیں بنا کر یا صحیح روایات گھٹا کر۔ یا اُن کا ذکر نہ کر کے) سے بجھانا چاہتے ہیں۔ لیکن خدا اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا۔ یہاں نور

Marfat.com

خدا سے اس کی ذات مراد نہیں وہ ہر دم کامل ہے ۔ یہ اُن نفسوں کا ذکر ہے جو نور خدا کے مظہر تھے ۔ خدا اُن کے کمالات با لتعداد کو پورا کرنے والا تھا اور وہ اُس کی قدرت سے پورے ہونے والے تھے ۔ ورنہ خدا اپنے ذات کو اپنے ہاتھ سے پورا نہیں کرتا ۔

۱۔ خدا کی جانب سے اس زمین پر ہمیشہ ایک حجتہ خدا باقی رہے گی ۔ جو آج بھی شیعوں کے اصول پر موجود ہے ۔

۲۔ اُن کا تعلق فرش حکومت سے نہیں، بلکہ عرش خدا سے رہے گا ۔ جو سب سے بلند منزل ہے ۔

۳۔ یہ سب اللہ کے خلفاء اور اس کے مقرر کردہ ہوں گے ۔ اُن کا خود ساختہ اجماع سے تقرر ہوگا ۔ جس کا پہلے اجماع ناقص کے بعد کہیں نشان نہیں ملتا ۔

۴۔ یہ سب خدا کے دین کے داعی ۔ زمین پر اس کی حجتہ تعداد میں کم مرتبہ میں زیادہ ہوں گے ۔ مرتبہ میں پست اور تعداد میں زیادہ نہ ہوں گے ۔ دین کے داعی اور اس کے محافظ ہوں گے ۔ اور وہ اسلام جو ۷۳ ٹکڑوں پر تقسیم ہوگیا ہے اُس کے صحیح رُخ کو اہل انصاف کے سامنے پیش کریں گے یہ اور بات ہے کہ حضرت نوح کی طرح وَمَا آمَن معہ الا قلیل (ہود ۱۱) صرف تھوڑے اُن پر ایمان لائے اسی طرح آج تک اہل ایمان کی قلت ہے ۔ اور وہ اس قدر تھوڑے ہیں کہ ۷۳ میں ایک ہیں ۔ مگر اپنے ائمہ اہل بیت کے طفیل ہیں ۔ راہ مستقیم پر قائم ہیں ۔ فقرہ حدیث تحریر کردہ علامہ ذھبی ۔

۵ بہت بہت اشتیاق ہے اُن کے دیکھنے کا ۔ معلوم ہوا کہ امیر المومنین جن خلفاء کو دیکھنا چاہتے تھے ۔ وہ حضرت کے نزدیک خدا کی حجتوں کے معیار پر پورے نہیں اترتے تھے نہ امیر المومنین اُن کو حجتہ خدا اور محافظ دین خدا مان سکتے

تھے۔ البتہ ان کو اپنے ملک کا محافظ سمجھ لیجیے۔ تمنا اس کی اور شوق اس کی رویت کا کیا جاتا ہے جن کو نہیں دیکھا ہے۔

اس مسلمہ روایت کی بنا پر جس کو علامہ ذھبی کے علاوہ (حلیہ الاولیا جلد اوّل صفہ ۸) نے روایت کیا ہے۔ اتنا تو ضرور ثابت ہو گیا کہ ہر زمانہ میں ایک حجتہ کا رہنا ضروری ہے نہ کہ بہت سے حجتوں کا یا اجماع امت کا وجود لازمی ہے۔

## حدیث دوئم مؤید

اب ہم اس کی تائید میں ایک اور حدیث بھی پیش کرتے ہیں جو اس کو واضح کر دے گی کہ حجتہ کون ہو سکتا ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: (من سرّہ ان یحیٰی حیاتی ویموت مماتی ویسکن جنۃ عدن غرسھا ربی فلیوالِ علیاً مِن بعدی ولیوال ولیہٗ ولیقتدِ بالائمۃ من بعدی فانھم عترتی خلقوا من طینتی ورزقوا فھماً وعلماً ویلٌ للمکذبین بفضلھم من امتی للقاطعین فیھم صلتی لا انالھم اللہ شفاعتی

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جو شخص اس بات سے خوش ہو کہ زندگی پر اور میری موت پر (پیروی کرے) زندہ رہے اور اس جنت عدن میں رہے جس کو قدرت نے اپنے ہاتھ سے لگایا ہے۔ تو وہ میرے بعد علیؑ کو حاکم بنائے اور پھر وہ جس کو ولی بنائے اس کو حاکم مانے اور ان آئمہ کی پیروی کرے جو میرے بعد آئیں گے اور میری اولاد سے ہوں گے اور میری مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں ان کو علم اور عقل سے آراستہ کیا گیا ہے۔ میری

| | |
|---|---|
| امت میں اس پر تباہی آجائے جو ان کے فضل کو جھٹلائے اور میرے رشتہ کو ان سے قطع کرے۔ خدا اس کو میری شفاعت نصیب نہ کرے | (حلیۃ الاولیاء ابی نعیم الاصبہانی متوفی سنہ ۴۳۰ھ طبع مصر صفحہ ۸۶ جلد اول) |

اس روایت میں ہم نے فَلْيُوَالِ عَلِيًّا من بعدی کا ترجمہ۔ میرے بعد حاکم بنائے کیا ہے۔ اہل بیت کا حق چھپانے والے علماء نے اس کا ترجمہ یہ کیا ہے کہ میرے بعد علیؑ سے محبت رکھے۔ مگر اس ترجمہ اور مطلب پر عقل مضحکہ کرتی ہے اور لفظ بعدی و میرے بعد) کا لفظ ان کی ساری بنی ہوئی عمارتوں کو گرا دیتا ہے۔ جس کو اللہ نے ذرا سی عقل اور انصاف دیا ہے کیا اس مطلب کو صحیح سمجھے گا کہ میرے بعد علیؑ کو دوست بنائے میری زندگی میں نہیں اس لیے اس جگہ میرے بعد کی قید حد درجہ مہمل اور کلام رسول کو بھی معاذ اللہ مہمل بنانے والی ہے۔ اس لیے اس روایت میں لفظ بعدی آنے کے بعد اس کے معنی سوائے حاکم اور کچھ ہو ہی نہیں سکتے۔ یا پیروی کے معنی ہو سکتے ہیں کہ میرے بعد علیؑ اور آئمہ کی جو میری اولاد اور اصل اور نسل سے ہوں گے پیروی کرے۔ تو اس میں نہ صحابہ کی پیروی کا حکم ہے نہ خلفاء کی پیروی کا۔ اس لیے کہ وہ نبی کی اصل اور اولاد سے نہ تھے اس قید کے بعد بنی امیہ بنی عباس سب کی امامتیں ایک ہی ریلے میں بہہ جاتی ہیں۔ ان کی امامتوں کے متعلق ایک اور روایت بھی حاضر ہے آنحضرتؐ نے فرمایا۔ یکون بعدی ائمۃ لا یھتدون بھدای ولا یستنون سنتی (مسلم حصہ سوئم ص ۱۲۰ باب الامر بلزوم الجماعۃ) ترجمہ میرے بعد ایسے امام بھی ہوں گے جو میرے طریقہ و سنت پر نہیں چلیں گے۔ یہاں آنحضرتؐ نے اولاد و اصل و نسل کی قید نہیں لگائی معلوم ہوا کہ یہ گمراہ آئمہ ان کی اولاد سے نہ ہوں گے بلکہ ان کی اولاد کے دشمن ہوں گے۔ اور اس حدیث میں اس پر ہے وسیقوم فیھم رجال، قلوبھم قلوب الشیاطین فی جثمان

رانس ،، (مسلم جلد سوم ص۲) ان میں ایسے آدمی بھی ہوں گے کہ جن کے بشری ہیکلوں میں شیطانوں کے دل ہوں گے۔ بظاہر یہ ان آئمہ کے حمائتی اور مددگار ہوں گے۔ اب انصاف تدبیر آپ کے ہاتھ ہے۔

نبی کے بعد یہ دو سلسلے ہیں ان میں سے جس پر چاہے ایمان لے آئے۔ اس لیے دونوں میں بعد نبی کی قید ہے۔

حصول المامول من علم الاصول ۔ مولفہ نواب صدیق حسن مطبوعہ مصر ص۱۵۱ مطبوعہ ۱۳۳۸ھ کتب خانہ کراچی یونیورسٹی ۔ ۲۹۷/۷۲۱ ص و ی

| | |
|---|---|
| قال الزبیری لن تخلو | زبیری کہتا ہے کہ زمین خدا کی مقرر |
| الارض من قائم للہ بالحجۃ | کردہ حجۃ سے ہر زمانہ اور ہر وقت |
| فی کل وقت ودھر وزمان ، | خالی نہیں رہتی۔ یہ بہت میں سے |
| وذالک قلیل فی کثیر | تھوڑا ہے۔ (اور روایات |
| قال ابن دقیق العید ھذا | یہی ہیں) ابن دقیق کہتا ہے کہ |
| ھو المختار عندنا | یہی ہمارے نزدیک بھی پسندیدہ |
| (حصول المامول ص۱۵۱) | ہے۔ |

نواب صدیق حسن خان جو مشہور علمائے اہل سنت سے ہیں اپنی مشہور کتاب میں لکھتے ہیں کہ زبیری کہتا ہے کہ کوئی وقت کوئی گھڑی کوئی زمانہ زمین پر ایسا خالی نہیں رہتا کہ جس میں اللہ کے جانب سے ایک حجۃ خدا موجود نہ رہتی ہو۔ اور یہ بہت میں تھوڑا ہے ابن دقیق العید لکھتا ہے کہ یہی مذہب پسندیدہ ہے۔ اس علامہ اسلام کے جانب سے ایک اور سند مل گئی کہ ہر زمانہ میں ایک حجۃ خدا کا رہنا ضروری ہے۔ نیز

(عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری جلد ہفتم ص۱۵۲ طبع مصر) میں علامہ عینی لکھتے ہیں۔ کہ حضرت عیسیٰ کی اس امت کے ایک شخص کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں جو آخر زمانہ اور

Marfat.com

قرب قیامت میں ہو گا۔ اس صحیح ترین قول کی دلیل ہے کہ ان الارض لا تخلو من قائم للہ بحجتہ۔ زمین خدا کے قائم کردہ حجت سے کبھی خالی نہیں رہتی"

اسی قول کو بعینہ علامہ ابن حجر عسقلانی فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ششم صہ ۲۸۵ طبع مصر میں لکھتے ہیں یہ دونوں تائیدیں ہمارے مقصد کے لیے کافی ہیں۔ اسی تیاپردہ زمانہ جو حضرت عیسیٰ اور آنحضرت کے درمیان تھا حجتہ خدا سے جو اولیائے حضرت عیسیٰ میں سے تھے خالی نہیں رہا۔ چنانچہ حضرت سلمان فارسی آخری وصی تھے۔ اس سے ان کو شامل اہل بیت کر لیا تھا۔ اہل انصاف غور فرمائیں۔ اس سے پہلے ہم صہ ۱ پر علامہ وحید الزمان کا قول لکھ چکے ہیں جس سے حسب ذیل امور پر روشنی پڑتی ہے۔

۱۔ جب تک آسمان اور اس کے بروج قائم ہیں آئمہ کا وجود ضروری ہے۔ زمانہ آسمان کے برجوں سے کسی وقت خالی نہیں تو امام سے بھی زمانہ خالی نہیں رہے گا۔

۲۔ امامت کا حصر کر دیا کہ اول علیؑ ہیں اور آخری مہدیؑ ہیں۔ تو لا محالہ دس امام ان کے درمیان ہوں گے۔ اور دس کا سلسلہ وہ ہونا ضروری ہے جو علیؑ کو مہدیؑ سے ملا رہا ہے۔ وہ سوائے شیعوں کے بارہ اماموں کے دوسرا نہیں ہے جیسا کہ خود علامہ وحید الزمان نے کتاب ہدیتہ المہدی صہ ۱۱۹ میں آئمہ اثنا عشر کے وہی نام تحریر کئے ہیں جو شیعہ تحریر کرتے ہیں جب قیامت تک صرف اس بارہ میں تعداد محدود ہے اور وہ بارہ وہی ہیں جن کو شیعہ مانتے ہیں۔ جن میں سے گیارہ گذر چکے ہیں تو یہ صاف بتلاتا ہے کہ بارہواں اس زمانہ میں زندہ اور قائم ہے

۳۔ ان بارہ میں بنی امیہ اور بنی عباس شامل نہیں ہیں۔ بلکہ صرف اولاد رسول ہے۔

۴۔ مولوی وحید الزمان صاحب امام اہل حدیث نے یہ بھی بتلا دیا کہ امامت سے مراد دینی پیشوائی ہے۔ محض انتظام سلطنت کا نام امامت نہیں ہے۔ وہ تو کفار اور مشرکین کو بھی حاصل ہے بلکہ اس زمانہ میں تو وہ مسلمانوں سے بدرجہا زیادہ ملک

اور انتظام سلطنت رکھتے ہیں۔

عام اہل اسلام جو تعریف امام کرتے ہیں۔ اس کی بنا پر کفار و مشرکین امام زمانہ اور اولوالامر بن جاتے ہیں۔ اس لیے اُن کو امام غائب ماننے کی ضرورت نہیں۔ ہر زمانہ کے منتظمین سلطنت خواہ وہ کافر ہوں اولوالامر و امام ہیں۔ لیکن مذہب اہل بیت میں ہر زمانہ میں امام کی معرفت اور اُن کا ماننا ضروری ہے۔ اور ان کا نہ جاننا کفر ہے۔ اور جہالت کفر کی موت ہے۔ اسی عقیدہ کو اہل سنت لکھتے تو ہیں۔ مگر مانتے نہیں۔ ملاحظہ کے لیے دو روایات کتب اہل سُنّۃ کافی ہیں۔

۱۔ من مات ولم یعرف امام زمانه مات میتة الجاهلیة۔

جو شخص مر جائے اور اپنے زمانہ کے امام کو نہ پہچانے وہ کفر کی موت مرے گا۔

(۱) منصب امامت۔ مصنفہ شاہ اسماعیل شہید۔ عالم اہل حدیث ص۵۔

(۲) شرح عقائد نسفی۔ مطبوعہ نولکشور ص۱۰۹

(۳) جمع بین الصحیحین للحمیدی۔ فی ذکر الامارۃ۔

(۴) تفتازانی شرح مقاصد جلد دوئم ص۲۲۵۔

(۵) اکلیل الکرامۃ فی مقصد الدمامہ نواب صدیق حسن خان ص۷۔

۲۔ من مات بغیر امام مات میتة الجاهلیة۔

جو بغیر امام مر جائے گا وہ کفر کی موت مریگا۔ (جمع الفوائد ابن اثیر جزری متوفی ۶۰۶ھ جلد اوّل طبع میرٹھ ص۳۲۵)

| | |
|---|---|
| وقال احمد فی روایة اسحاق بن منصور وقد سئل عن حدیث النبیؐ۔ من مات ولیس له امام مات میتة الجاهلیة | احمد نے روایت اسحاق بن منصور میں لکھا ہے کہ اس سے پوچھا گیا نبی کی اس حدیث کے متعلق۔ کہ جو بغیر امام کے مر جائے وہ کفر کی موت مریگا |

| | |
|---|---|
| ما معناه فقال ما تذ ہری | روایت کا کیا مطلب ہے کہا تو نہیں |
| ما الامام الذی اجمع علیہ | جانتا کہ امام کیا ہے جس پر سارے |
| المسلمون کلھم یقولون ھذا | مسلمان اجماع کرلیں اور کہیں کہ یہ امام |
| امام فھذا معناہ ۔ | ہے۔ |

یہ ہے اس حدیث کا مطلب ہے ۔

(منہاج السنت ابن تیمیہ ۔ طبع مصر جلد اول صد ۱۴۲)

ابن تیمیہ جیسے متعصب اور دشمن اہلبیت کی تحریر نے یہ تو بتلا دیا کہ یہ حدیث صحیح ہے دوسرے یہ بھی بتلا دیا کہ اس سے مراد قرآن نہیں ہے ۔ بلکہ وہ امام مراد ہے جس پر ساری امت اجماع کرے ۔ خلافت خلفاء راشدین پر بھی سب نے اجماع کر کے یہ نہیں بتلایا تھا کہ یہ امام ہیں ۔

۳ ۔ اور جو شخص اس حال میں مرے کہ اس کی گردن میں امام کی بیعت نہ ہو وہ جاہلیت کی موت مرا ۔ (ترجمہ مشکوٰۃ ۔ حدیث ۳۴۸۸ ۔ جلد دوئم صد ۶۲ مطبوعہ اصح المطابع کراچی)

اس حدیث کا مقصد بھی تقریباً وہی ہے جو احادیث بالا میں ہے یہی حدیث مسند احمد ابن حنبل جلد چہارم صد ۹۶ ) (حافظ ہیثمی جمع الزوائد جلد پنجم صد ۲۱۸ اور مسند ابو داؤد صد ۲۵۹ ) میں بھی موجود ہے ۔

۴ ۔ من مات ولا امام لہ مات میتۃ الجاھلیۃ ۔ جو شخص مر جائے اور اس کا امام نہ ہو وہ جہالت کی موت مرگیا ۔

(ابو جعفر اسکافی خلاصہ کتاب نقض العثمانیہ ۔ للجاحظ صد ۲۹ طبع مصر)

(ہیثمی ۔ جمع الزوائد جلد پنجم صد ۲۲۵ ۔

(یہ حوالہ جات بشکریہ علامۃ المجاہد الامینی درج ہیں) جلد دہم الغدیر ۳۵۹ ۔

Marfat.com

ان تمام احادیث کا مطلب تقریباً ایک ہے ۔ جس کو الفاظ مختلف سے حضرت نے ذہن نشین فرمایا ہے ۔ یہ محال عقلی اور خلاف شان تبلیغ و منصب نبوت ہے کہ اتنی تاکید شدید کے بعد کہ جس نے نہیں پہچانا وہ کافر مرگیا ۔ یہ نہ بتلائیں کہ وہ امام کون ہوں گے ۔ اور نہ امت بھی دریافت کرے کہ ان کے نام یا صفات تو بتلا دیجیے ۔ حالانکہ امت کے جو سمجھ میں نہ آئے وہ پوچھ لیا کرتی تھی ۔ آیۃ مودت میں تفاسیر دیکھ لیجیے کہ نزول آیۃ قرآن کے بعد یہ دریافت کر لیا کہ جن کی محبت واجب ہے وہ کون ہیں اور نبی نے نام بتلا دیئے ۔ آیۃ صلوٰۃ میں دریافت کر لیا کہ کیسے درود بھیجیں ۔ آپ نے طریقہ بتلا دیا اور یہاں ایسی سخت ہنراسن کر کہ وہ کافر مرے گا ۔ نہ امت دریافت کرتی ہے نہ نبی بتلاتے ہیں کہ امام زمانہ کی شناخت یہ ہوگی اور فقط حدیث سنا کر امت کو گمراہ و حیران چھوڑ جاتے ہیں ۔ اور امت کو اختیار دے جاتے ہیں کہ تمہارے سمجھ میں آجائے ، یا حسب مزاج اور موافق مطلب ہو ۔ یا جس کو خود منتخب کر لیا ہے اسی کو امام مان کر کفر سے بچ جانا ۔ ان ہی سفر و ضا ا ت کا نتیجہ یہ ہوا کہ امت کے ۲۷ ٹکڑے بن گئے اور ہر ایک نے اپنا اپنا امام ایک ، دوسرے سے جدا جدا بنا لیا ۔ اور ہر فرقے نے امام کے وہ اوصاف گھڑ لیے کہ جس کو نہ قرآن نے بیان کیا تھا نہ حدیث نے تو ہر شخص آزاد تھا جس کو دل چاہا مان لیا نہ نبی کو حق اعتراض ہے ۔ نہ خدا کو کلھا فی النار ۔ والی حدیث بتلاتی ہے کہ سب خود ساختہ امام کے ماننے والے ہوں گے ۔ الا واحدۃ بتلاتا ہے کہ ایک گروہ خدا کے مقرر کردہ اور نبی کے بتلائے ہوئے نفوس کو مانے گا ۔ اور امت میں وہ گروہ صرف شیعہ ہیں ۔

جب قرآن پاک میں صاف تحریر ہے کہ جعلناھم آئمۃ یدعون الی النار (قصص پ۲۰) ہم نے اُن کو اُن کی حرکت کی وجہ سے امام نار قرار دیا جو آگ (جہنم) کی طرف بلاتے ہیں ۔ ان ہی آئمہ نار کے متعلق قرآن کا صاف حکم ہے ۔ فقاتلوا ائمۃ الکفر ۔

(توبہ ۹) ان اماماں کفر سے جنگ کرو۔ تو آنحضرت تو ان کا بتلانا ضروری تھا۔

اسی طرح قرآن پاک میں ارشاد ہے۔ جعلنا ھم آئمۃ یھدون بامرنا۔ ہم نے ان کو امام بنایا ہے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے ہیں۔ تو آنحضرت پر فرض تھا کہ وہ ان آئمہ کے نام بتلادیں۔ جن پر مدار ہدائتہ تھا۔ آنحضرت نے بتلادیا۔ کہ پہلے امام علی ابن ابی طالب ہیں اور آنحضرت نے گمراہوں سے جنگ فرماکر تعمیل حکم خدا بھی فرمادی۔ اب حضرت علی ابن ابی طالب امام تھے یا نہیں تو اس کے متعلق امام احمد ابن حنبل مشہور قول لکھتے ہیں "جو علی کی امامت کو ثابت نہیں مانتا وہ گھریلو گدھے سے زیادہ گمراہ ہے" (مناقب احمد ابن حنبل۔ مؤلفہ ابن جوزی طبع مصر ص۱۶۳) اس قول کی بناپر جو علی کو امام نہیں مانتا وہ گدھے سے بدتر ہے۔ اب آپ امام تھے اور اپنے بعد جس کو امام فرمادیا تھا وہ امام تھے۔ جن کا آخری حضرت حجتہ ہیں اور چونکہ زمین حجتہ خدا سے خالی نہیں رہتی۔ اس کے بعد آج بھی حجتہ خدا اور امام ہدایت کے لیے دنیا میں موجود ہے جو منصب ہدائتہ روحانیہ پر فائز ہے۔ اگر وہ نہ ہو تو خدا پر گنہگاروں کی یہ حجتہ قائم ہو جائے گی کہ دنیا میں شیطان تو بہکانے والا موجود تھا اور ہادی کوئی نہ تھا۔ اس لیے ہم بگڑ گئے۔ الحمد اللہ کہ ہماری ہر حدیث اور عقیدہ قرآن کے ساتھ ہے وہ فرماتا ہے

قل فللہ الحجۃ البالغۃ فلو شاء لھدٰکم اجمعین۔ (انعام ۶/۱۸)

خدا کے لیے پوری حجتہ و دلیل موجود ہے اگر وہ چاہتا تو ہم سب کو راہ راست پر لگادیتا مگر یہ زبردستی کا ایمان ہوتا۔ اس لیے اس نے رسولوں اور آئمہ کو اپنی طرف سے حجتہ بناکر بھیج دیا۔

رسلا مبشرین و منذرین لئلا یکون للناس علی اللہ حجۃ بعد الرسل و کان اللہ عزیزا حکیما (نساء ۲۳)۔

بشارت دینے والے اور ڈرانے والے رسول بھیج دیئے تاکہ اللہ کے خلاف کوئی

Marfat.com

حجت نہ لا سکے۔ اس لیے کہ رسولوں کے آنے کے بعد کوئی حجت اور عذر باقی نہیں رہتا۔ ان آئمہ اہل بیت کی سیرت ان کے دلائل اور معجزات سب حجت تھے اور ان کی ہستیاں مجسم حجت تھیں۔ آیۃ مباہلہ میں خدا نے صاف حکم دیا ہے۔ فمن حاجّك فيه من بعد ما جاءك من العلم (آل عمران ۳/۳) اے نبی علم اور آیات قرآنی کے بعد بھی اگر یہ لوگ حجتیں کرتے رہیں تو مباہلہ کے لیے پنجتن سامنے آجائیں۔ معلوم ہوا کہ یہ سب حجت خدا تھے تب تو بعد قرآن ان کو حجت بنا کر پیش کیا ہے۔ اس کی تائید یہ روایۃ اہل سنت بھی کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| خطیب عن انس انا وھذا حجۃ علی امتی یوم القیامۃ یعنی علیاً | میں اور علی حجت ہیں میری امت پر قیامت کے دن۔ (کنز العمال برحاشیہ مسند طبع مصر جلد پنجم ص۳۱) |

اس روایۃ کی بنا پر یہ دو ہستیاں حجت تھیں اب بارہ میں سے ایک علی مل گئے تو بارہ کا پہلا سرا مل گیا۔ اب جس کو یہ حجت بتلا دیں، وہی حجت ہوگا۔ وہ صاف بتلا چکے ہیں۔ زمین حجت خدا سے خالی نہیں رہتی الحجۃ قبل الخلق ومع الخلق وبعد الخلق خدا کی حجت مخلوق سے پہلے اور اس کے بعد اور اس کے ساتھ تک رہتی ہے۔ اسی لیے آدمؑ کو پیدا کرتے ہی خلیفہ بنا دیا۔ خلیفہ بنا کر زمین پر اتارا تاکہ زمین حجت خدا سے خالی نہ رہے پھر برابر انبیاء کا سلسلہ رہا۔ نبوت ختم ہونے پر حجت کا سلسلہ امامت سے چلا۔ آخر زمانہ میں جب یہ حجت بالغہ آئے گی تو قاف سے تا قاف ایک دین ہو جائے گا۔ تادیب و تعلیم ختم ہو کر سزا کا زمانہ آجائے گا کفر و شر کا نابود کر دیا جائے گا۔ آیۃ سابقہ کی طرح کئی جگہ قرآن ہر وقت امام زمانہ کے وجود کو ثابت کرتا ہے۔

## ہر زمانہ میں اولو الامر کا وجود لازمی ہے

۲۔ یاایھا الذین آمنوا۔ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول و

Marfat.com

اولی الامر منکم (نساء ۸) اس آیتہ کی توضیح میں بھی ہم کچھ عرض کریں گے۔ لیکن پہلے علامہ فخر الدین رازیؒ کی بھی سن لیجیے۔ کس طرح اوّل اوّل کلمہ حق کہا پھر ایک دم فانقلبوا علی اعقابھم کی بنا پر اپنے پچھلے پاؤں لوٹ گئے (قول امام رازی ذیل آیتہ) حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ امام پر حق ہے کہ جو خدا نے نازل فرمایا ہے۔ اس کی بنا پر حکم دے اور رعیت پر حق ہے کہ اس کی رعایت کرے" معلوم ہوا کہ نگاہ امام علیہ السلام میں اولوا الامر بمعنی امام ہے۔

اولوا الامر کے معنوں میں مفسرین و رواۃ نے بے حد ہاتھ پاؤں مارے ہیں۔ جس زمانہ میں جس نے گردن دبائی اسی کے موافق معنی لکھ دیئے اور روایتہ بھی حاضر کر دی۔ جس طرح بادشاہ امراء۔ سرداران لشکر علماء۔ اہل حل و عقد وغیرہ وغیرہ باختلاف روایات اولوا الامر ہیں۔ مگر وہ سب راوی صرف صحابی ہیں۔ اس لیے حضرت علی ابن ابی طالبؑ جو صحابی ذوی القربیٰ و خلیفہ برحق ہیں جو معنی وہ بیان فرمائیں وہی صحیح ہوں گے۔ آنحضرتؐ نے اولوا الامر کے معنی امام کے فرمائے ہیں اور ذکر اولی الامر میں فخر رازی نے اس قول کو تحریر کیا ہے۔ اس کے بعد امام رازی لکھتے ہیں "کہ اللہ نے اطاعت اولوا الامر کا حکم لازمی طور سے دیا ہے اور جس کی اطاعت کا حکم یقیناً اور لازمی دیا جائے اُس کا معصوم ہونا واجب ہے۔ اس لیے اس آیتہ میں جس کی اطاعت کا حکم دیا ہے وہ معصوم ہیں اور ان کی معرفت لازم ہے۔

رافضیوں سے منقول ہے کہ مراد اولوا الامر سے آئمہ معصومینؑ ہیں اس کے بعد شیعوں کی رد میں فرماتے ہیں (۱) کہ اس زمانہ میں ہم امام معصوم کی معرفت سے عاجز ہیں (۲) نہ ان تک رسائی ہے نہ ان سے استفادہ کر سکتے ہیں (۳) اولوا الامر جمع ہے۔ اس لیئے اولوا الامر ایک زمانہ میں متعدد ہونے چاہئیں (۴) اطاعت رسول اور اولی الامر کو ایک جگہ کر کے بتلا دیا ہے کہ ہر بات میں ان کی اطاعت کی جاوے کوئی

Marfat.com

شرط نہیں اگر ہم امام کو مانیں تو اس کی معرفت، وغیرہ کی شرط لگ جائے گی جو حاصل نہیں نیز آئمہ اہل بیت کا حکم جاری نہیں رہا ہے (اس لیے کہ ان کی حکومت نہیں تھی) ان اعتراضات کے بعد رازی حسب عادت قدیم مراد معصوم سے اجماع امت لیتے ہیں جس پر بھی اجماع اہل حل و عقد ہو جائے۔ بس وہی اولوالامر ہیں (اہل حل و عقد یعنی جن کے متعلق خلافت کی اکھاڑ پچھاڑ ہو) گویا ان کے نزدیک جس کو بھی امت مقرر کر دے وہ اولوالامر اور معصوم فرض کر لیا جائے گا۔ اس کے متعلق ہم آیتہ (۱) میں اپنا نوٹ دے چکے ہیں۔ اس لیے اجماع یا فیصلہ اہل حل و عقد سے کوئی معصوم نہیں بنتا نہ وہ سب مل کر معصوم بن سکتے ہیں نہ ان فیصلے سے کوئی معصوم ہو سکتا ہے اس آیتہ میں غور طلب چیز تو یہ ہے کہ اولوالامر کے معنی ہیں امر والے۔ اور خداوند کریم نے امر کا سلسلہ تا قیامت رکھا ہے۔ تنزل الملائکۃ والروح فیہا باذن ربہم من کل امر (قدر ۔ ۱) تنزل استمرار اور ہمیشگی کو بتلاتا ہے یعنی "فرشتے برابر نازل ہوتے رہے ہیں اور ہوتے رہیں گے ہر امر کو لے کر" تو جن پر فرشتے امر لے کر نازل ہوتے ہیں۔ وہی اولوالامر ہوں گے۔ امت میں جن کو بھی مسلمان اولوالامر بتلاتے ہیں ایک کا بھی یہ دعویٰ نہیں۔ نہ ان کے متعلق کوئی روایت ہے کہ فرشتے ان کے پاس آتے رہے ہیں۔ البتہ اہل بیت کے متعلق روایات موجود ہیں کہ وہ فرشتوں کی فرودگاہ تھے اور فرشتے ان کے پاس آتے تھے تو ہر زمانہ میں ایک ایسے صاحب کا ہونا لازم ہے جس کے پاس فرشتے آتے رہیں اور وہ مورد ملائکہ ہوں۔ علامہ رازی کو شاید اسی مجبوری کی وجہ سے سورہ قدر میں لکھنا پڑا "حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ وہ ہم پر نازل ہوتے ہیں تاکہ ہم کو سلام کریں" (تفسیر کبیر جلد ۸ ص ۲۳۳) اب سلام تو کریں ان پر اور امر دوسروں کے پاس پہنچائیں۔ یہ ناممکن ہے۔ جہاں اور جس کو سلام کہتے ہیں انہی کو پہنچاتے ہیں۔

# امر کی توضیح

اب آپ امر کے معنی میں اور غور کیجیے قرآن پاک میں خود اپنے ذات کے لیے فرمایا ہے یدبر الامر (یونس ۳/۱۱) وہ امر کی تدبیر فرماتا ہے پھر فرماتا ہے۔ والمدبرات امراً (نازعات ۵/۲۹) قسم ہے ان کی جو عالم امر کی تدبیر کرنے والے اور مدبر ہیں۔ تیسری جگہ فرماتا۔ والمقسمات امراً (ذاریات ۱/۵۱) ان کی قسم جو امر تقسیم کرنے والے ہیں۔ چوتھی جگہ فرماتا ہے عباد مکرمون لا یسبقونه بالقول وهم بامره یعملون (انبیاء ۲/۲۱) وہ معزز بندے ہیں اور بغیر اس کے امر کے عمل نہیں کرتے۔ (اسی نے بتلا دیا کہ وہ معصوم ہیں) ان آیات میں صرف فرشتے مراد نہیں۔ بلکہ عام بندے مذکور ہیں اور آیت ملک اور غیر ملک کو شامل ہے۔ اب ان آیات کی روشنی میں اولوالامر وہ ہوں گے جن کے پاس فرشتے امر لے کر آتے ہیں۔ وہ معصوم ہوں گے جو صرف خدا کے امر ملنے پر عمل کرتے ہیں۔ وہ بحکم خدا تدبیر عالم اور تدبیر دین دونوں کرتے ہیں وہ ہے اولوالامر وہ لوگ مراد نہیں، جن کے ہاتھ میں تلوار کی حکومت اور دولت ہے ورنہ کفار بھی اس میں شریک ہو جائیں گے۔ نیز تنزل صیغہ مضارع ہے جو استمرار کو بتلاتا ہے۔ یعنی ہمیشہ اور برابر فرشتے ہر امر کو لے کر آتے رہیں گے۔ تو ہر زمانہ میں ایک اولوالامر رہے گا۔ آیۃ اولوالامر میں سب سے زیادہ امام رازی نے اس پر زور دیا ہے کہ اولوالامر کی اطاعت کا حکم ہے اور وہ ہیں جمع تو ایک وقت میں ان سب کا ہونا لازم ہے تاکہ لوگ ان سب کی اطاعت کریں۔ اور ایک وقت میں چند جمع ہو جائیں یہ صرف اجماع میں ہی ہو سکتا ہے اس لیے کہ امام ایک مرتبہ نہیں آئے وہ یکے بعد دیگرے آتے رہے ہیں۔ اس لیے وہ مراد نہیں ہو سکتے۔

لیکن صیغہ جمع سے سب کا ایک ساتھ ہونا لازم ہے تو کتب علیکم

Marfat.com

الصیام ۔ یہں صیام بھی جمع ہے اس لیے ایک ہی دن میں سارے روزے پورے کرنے لازم ہیں ۔ انا انزلنا القران یا انزلنا الکتاب تو قرآن اور کتاب ان سب کو ایک ہی مرتبہ آنا چاہیے ۔ حالانکہ قرآن یا کتاب رفتہ رفتہ نازل ہوئی ہیں قرآن میں صاف موجود ہے جعل فیکم انبیاء ۔ تم میں انبیاء قرار دئے ۔ تو یہ بھی صیغہ جمع ہے اس لیے سب کو ایک ساتھ آنا چاہیے حالانکہ وہ یکے بعد دیگرے آئے

اس لفظی دھوکہ پر رازی صاحب ضرور مستحق مبارک باد ہیں ورنہ اس غریب کا اجماع اور ان کے اولوالامر سب بیکار ہو جائیں گے ۔ قرآن پاک میں متعدد جگہ ہے ۔ ولقد ارسلنا رسلاً من قبلک (رعد ۱۳) ہم نے تم سے پہلے رسول بھیجے تو بنا بر دلیل رازی کبھی ایک رسول نہ ہونا چاہیے ۔ بلکہ ایک زمانہ میں چند ہونے لازم ہیں

اس آیت گرامی میں دو جگہ لفظ اطیعو آیا ہے : اطیعو اللہ ۔ پھر اطیعو الرسول یہ دو جگہ لفظ اطیعو اس لئے آیا ہے کہ اطاعت خدا اور اطاعت رسول میں فرق ہے ۔ لیکن رسول کے بعد پھر سہ بارہ لفظ اطیعو نہیں آیا ہے ۔ جس نے صاف بتلا دیا کہ اولوالامر کی اطاعت بعینہ رسول کی اطاعت ہے ۔ اور جب حکم عام ہے کہ ہر زمانہ میں اور ہر شی اور بات میں اطاعت واجب ہے تو اولوالامر مثل رسول معصوم ہوں گے ۔ اور وہ سوائے آئمہ اہل بیت دوسرے نہیں ہو سکتے ۔ آیتہ تطہیر گواہ عصمت ہے ، امام رازی کا یہ کہنا کہ ہم امام معصوم کی معرفت سے عاجز ہیں ۔ خصوصاً جبکہ وہ غائب ہوں تو پھر آپ یہ کیوں نہیں کہہ دیتے ہم خدا کی معرفت سے عاجز ہیں نہ وہ سامنے ہے نہ اس سے استفادہ کر سکتے ہیں ۔ لہذا خدا سے مراد وہ دیوتا ہے جو سامنے حاضر ہے یا وہ ہیں جو ہر زمانہ میں خدائی کا دعوی کرتے رہے ہیں ۔ رازی کا یہ اعتراض کہ اہل بیت کا حکم امت پر جاری نہیں رہا ۔ تو ہمیشہ قانون اور احکام الٰہی بتلانے والے اور رہے ہیں اور صاحبان حکومت اور رہے ہیں ۔ اتنے رسول آئے مگر ان کا بھی حکم امت

Marfat.com

پر جاری نہیں رہا۔ ایک لاکھ ۲۴ ہزار میں سوائے دو انبیاء کے کسی کو حکومت نہیں ملی اور ہمیشہ وہ انبیاء احکام الٰہی پہنچا کر حکومتوں سے ٹکراتے رہے۔ جس سے شاہان زمانہ ان کے مخالف رہے۔ سب سے بڑی امت حضرت موسیٰؑ کو ملی تھی۔ مگر ان میں خود موسیٰ کا حکم جاری نہیں رہا۔ کہا کہ میں ہارون کو خلیفہ بنائے جاتا ہوں۔ لیکن حضرت موسیٰؑ کے جاتے ہی ان کے حکم کی تعمیل کے بجائے گائے کا بچھڑا پوجنے لگے اور اس کو خدا بنا لیا تو یہاں بھی کہہ دیجیے کہ وہ نبیؑ نہیں تھے۔ مگر ان کا اقرار ہے اور آئمہ کو چونکہ حکومت نہیں ملی اس لیے ان کا انکار ہے۔ اس لیے رازی صاحب غیر معصوم کو معصوم بنانے پر آمادہ ہیں۔

بہرحال آیت نے صاف بتلا دیا ہے کہ ہر زمانہ میں امت میں ایک اولی الامر رہنا لازمی ہے اور اس کی اطاعت مثل اطاعت رسول ہے۔ اور وہ صرف معصوم ہو سکتا ہے۔ بنا بر مسلمہ اہل اسلام امت میں کوئی معصوم نہیں۔ اس لیے اس کا کوئی فرد اولوالامر نہیں ہو سکتا اور اہل بیت کی عصمت کی گواہ چونکہ آیۂ تطہیر اور آیۂ مباہلہ ہے اس لیے وہی اولوالامر ہیں اور ان کا ایک فرد اب بھی زمانہ میں موجود ہے۔

رازی کا یہ کہنا کہ ہم اس کی معرفت سے عاجز ہیں اور اس سے استفادہ نہیں کر سکتے۔ اس لئے معصوم مراد نہیں۔ تو آج رسول ہمارے سامنے موجود نہیں تو ان کی معرفت آپ نے کیسے حاصل کر لی۔ اسی اصول پر امام کی معرفت ہو سکتی ہے۔

رہا سوال استفادہ کہ ہم کیوں کر فائدہ حاصل کریں تو جس طرح آج ہم روایات کے ذریعہ رسولؐ سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں۔ اسی طرح اولوالامر معصومینؑ کے اقوال سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ رہا یہ امر کہ بالخصوص ہم امام غائب سے کیسے فائدہ حاصل کریں تو اس کو ہم عنقریب واضح کریں گے۔ یہاں تو اس قدر جان لینا ضروری ہے کہ آیۃ میں حکم اطاعت واجب تو ایک معصوم واجب اطاعت کا وجود ہر زمانہ میں

ضروری ہے جو صاحب امر ہوگا اور یہی ہمارا مقصود ہے ۔ یہی آئمہ اہل بیتؑ کی ہدایت ہے اب اس سلسلہ میں تیسری آیۃ پر غور کیجئے ۔

## ہر زمانہ میں ایک شہید کا وجود لازمی ہے

(۱) فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشھید وجئنا بک علی ھؤلاء شھیدا (نساء)

ذرا اس وقت کو یاد کرو جب ہم ہر امتہ میں سے ایک شہید لائیں گے اور تم کو ان سب پر شہید بنا کر بلائیں گے ۔

(۲) وکذالک جعلناکم امۃ وسطا لتکونوا شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا (البقرہ ع ۱۷)

اسی طرح ہم نے تم کو امتہ وسط بنا دیا تاکہ تم تمام اُمتوں پر شہید بن جاؤ ۔ اور رسول تم پر شہید بن جائیں۔

(۳) یا ایھا الذین آمنوا ۔ ارکعوا ۔ واسجدوا ۔ واعبدوا ربکم وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون ۔ وجاھدوا فی اللہ حق جھادہ ھو اجتباکم ۔ وما جعل علیکم فی الدین من حرج ملۃ ابیکم ابراھیم ھو سماکم المسلمین ۔ من قبل وفی ھذا

اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو ۔ رکوع کرو ۔ سجدہ کرو ۔ اپنے پروردگار کی عبادت کرو نیکی بجا لاؤ تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ ۔ اور خدا کی راہ میں جو حق جہاد ہے وہ پوری طرح کرو ۔ اس نے تم کو برگزیدہ کیا ہے اور معاملات دین پر تم پر سختی نہیں کی یہ تمہارے باپ ابراہیم کی ملت ہے انہوں نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے ۔ پہلے

| | |
|---|---|
| لیکون الرسول شہیدا علیکم وتکونوا شہداء علی الناس | ہی سے اور اس قرآن میں - تاکہ رسول تم پر شہید ہو جائیں - اور تم آدمیوں پر شہید ہو جاؤ - |
| فاقیموا الصلوٰۃ - واٰتوا الزکاۃ واعتصموا باللہ ھو مولاکم - فنعم المولیٰ و نعم النصیر (رحج ۱/۲۲) | نماز قائم کرو زکوٰۃ ادا کرو - اس کی عنایت سے گناہوں سے محفوظ رہو وہ تمہارا سرپرست ہے اور وہ کس قدر اچھا سرپرست اور مددگار ہے |

اہل حق کے لیے یہ تین آیتیں راہ مستقیم دکھلانے کے لیے کافی ہیں

آیتہ (۱) میں بتلایا گیا ہے کہ تمام امتہ شہید نہیں بلکہ ہر امت میں ایک شہید ہوگا اور نبی ان سب شہیدوں پر شہید ہوں گے۔

آیتہ ۲ میں بتلایا گیا ہے کہ تم کو ہم نے امتہ وسط عادل و واسطہ بین الخلق والخالق بنا دیا ہے کہ تم تمام لوگوں پر شہید بن جاؤ۔ اور رسول تم پر شہید بن جائیں - اس آیتہ میں صرف ایک شرط رکھی ہے امتہً وسطاً۔

آیتہ ۳ میں امت رسول میں جو شہید ہوں گے ان کی صفات بتلائے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس امت کے شہید کن اوصاف کاملہ پر فائز ہوں گے۔ وہ صفات حسب ذیل ہیں۔

(۱) عادل اور راہ مستقیم پر فائز ہوں گے (۲) ایمان پر کامیاب (۳) راکعین رکوع کرنے والے (۴) سجدے کرنے والے (۵) اپنے پروردگار کے عابد (۶) نیکیاں بجالانے والے (۷) صفات میں کامیاب (۸) حق جہاد ادا کرنے والے (۹) منتخب کردہ خدا (۱۰) دین میں کسی چیز سے نہ تنگ ہونے والے (۱۱) ملت ابراہیم پر قائم (۱۲) ان کا سلسلہ زمانہ ابراہیم سے اسلام پر باقی رہے گا اور مسلم نام

Marfat.com

ہوگا (۱۳) قرآن میں بھی ان کا اسلام مسلّم ہوگا (۱۴) نماز قائم کرنے والے (۱۵) زکوٰۃ دینے والے (۱۶) خدا سے تعلق رکھنے والے (۱۷) ان کا مولیٰ صرف خدا ہوگا (۱۸) وہی اُن کا مددگار ہوگا۔ (۱۹) اور وہ شہید ہوں گے یہ ۹ اصفات شہید ہیں یہ مسلم ہے کہ وہ تمام امت سے برتر اور بالا ہوں گے۔ اس لیے ان تمام صفات میں ان کا اکمل ہونا لازم ہوگا۔ ہر صفت میں وہ کمال کے حد آخر پر ہوں گے۔ اب امت محمدیہ میں تلاش کر لیجیے ان صفات کا جامع ان ہی کامل صرف اہلبیت نبوت ہی نظر آئیں گے۔ صفات شہدا میں خاص طور سے لفظ اجتبیٰ آیا ہے جس کے معنے ہیں چنا ہوا اور منتخب اور ان کے انتخاب کو خدا نے امت کے حوالہ نہیں کیا بلکہ صاف فرمایا ہے۔ ھو اجتباکم اس نے منتخب کیا ہے امت کو دخل نہیں۔ نیز تمام قرآن کو دیکھا جائے ہر جگہ لفظ اجتبیٰ معصومین اور انبیاء کے لیے آیا ہے۔ غیر معصوم کے لیے نہیں آیا۔ اور امت محمدیہ میں حسب فرمان خدا صرف حضرات اہل کساء پنجتن پاک معصوم ہیں جیسا کہ آیۃ تطہیر بتلاتی ہے۔ اور ان کے بعد معصوم وہ ہوں گے۔ جن کو یہ بتلا دیں۔ عصمت ایک پوشیدہ صفت ہے جو کسی کی صورت اور پیشانی پر تحریر نہیں ہوتی۔ اس کو یا خدا بتلا سکتا ہے۔ اور اس نے بتلا دیا۔ یا معصومینؑ بتلا سکتے ہیں۔ غیر معصوم امت نہیں بتلا سکتی۔ اس لیے کہ وہ خطا کر سکتی ہے غلط لوگوں کو بتلا سکتی ہے لیکن اگر معصوم غلط بتلاتے گا تو وہ معصوم نہیں رہے گا۔ نیز لفظ وسطاً کے معنی عادل کے ہیں تو اس سے مراد صرف معصوم ہو سکتے ہیں۔ اس لیے کہ عدالت تامہ و کاملہ کے لیے عصمت لازمی ہے۔

مشہور تفسیر میں مشہور و معتبر مفسر امام رازی بھی اس موقع پر ان آیات کے متعلق حق نہ چھپا سکے مگر حسب عادت آخر میں پھر بہک گئے۔ وہ لکھتے ہیں کہ دنیا میں جماعت اور زمانہ رسول میں یہ لازم ہے کہ ان میں ایک ایسا وجود پیدا اور موجود ہو جو ان پر شہید (گواہ و حجت) ہو اس لیے زمانہ رسول میں خود رسول ان پر شہید تھے اور یہ

Marfat.com

ثابت شدہ ہے کہ ہر زمانہ میں بعد رسول شہید ہوگا تو کوئی زمانہ ان کے وجود سے خالی نہ رہنا چاہیے اور یہ شہید وہ ہوگا جو خطاؤں سے محفوظ ہو اور اس سے خطا نہ ہو سکے ورنہ اس کو پھر اور شہید کی ضرورت ہوگی اور یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا۔ اس لیے یہ خیال باطل ہے تو ہر زمانہ میں ایسی قوموں کا وجود لازم ہے کہ جن کے قول پر حجتہ قائم ہو جائے"
(تفسیر کبیر۔ جلد پنجم صفحہ ۲۶۶ طبع مصر ذیل آیتہ)

ان کی دلیل صاف بتلاتی ہے کہ ہر زمانہ میں امام معصوم کی ضرورت ہے جو اعمال امت پر شاہد ہو لیکن اگر وہ اس کو صاف مان لیں تو ان کی ساری غیر معصوم اور خطا والی خلافتیں ختم ہو جائیں گی۔ اس لیے وہ بجائے ذات معصوم کے قوم کو شہید مانتے ہیں اور ان کے اجماع کو حق کہتے ہیں مگر آج وہ کیا کہیں گے جبکہ عراق شام ترکی پاکستان انڈونیشیا کسی جگہ ایک چیز پر اجماع نہیں ہے۔ اس کے علاوہ

(۳) پر لطف بات یہ ہے کہ آج تک، دین پر بھی اجماع امت نہیں ہو سکا۔ ورنہ تہتر فرقے نہ بنتے اور ان میں صرف ایک جنتی نہ ہوتا۔ اسی نے بتلا دیا کہ اکثریت جہنم میں جائے گی۔ پھر اجماع کا سہارا تو اکثریت پر ہے۔ جب جہنمی ہونے کی وجہ سے وہ دین پر نہیں رہی تو اجماع کہاں رہ سکتا ہے بلکہ یہ اکثریت بتلاتی ہے کہ اکثر کا اجماع اکثر باطل پر ہوگا۔ اس لیے قرآن میں ہر جگہ اکثریت کی مذمت ہے

(۴) یہ شہید ہر زمانہ میں جب تک دنیا میں انسانوں کا وجود ہے موجود رہے گا اور وہ ساری امت سے باخبر ہوگا۔ قرآن میں حضرت عیسٰی فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| کنت شهیدا علیهم | میں جب تک ان لوگوں میں رہا |
| ما دمت فیهم (مائدہ ۵/۱۱۷) | ان سے باخبر اور گواہ تھا۔ |

دوسری جگہ حضرت عیسٰی بہ زبان قرآن بیان فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| واعلم ما تاکلون وما | میں خوب جانتا ہوں جو تم کھاتے |

تدخرون فی بیوتکم۔ ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کرتے ہو

اب بتایئے امت محمدیہ میں کونسی وہ ذات ہے جو ہر گھر سے باخبر ہو کہ شہید کہلانے کی حقدار ہو اور جب کہ خود امت کے ذاتی معاملات میں دو گواہوں کی ضرورت ہے تو جو خود محتاج گواہ ہیں۔ وہ کیا گواہ بنیں گے اور جن کو اپنی ہی گھر کی خبر نہیں وہ ساری امت سے کیسے باخبر ہوں گے۔

ہاں یہ وہ ہوں گے جن کے متعلق قرآن گواہی دیتا ہے۔

قل اعملوا فسیری اللّٰہ عملکم و رسولہ والمومنون (توبہ ۹/۱۰۵) اے نبی امت سے کہدو کہ وہ عمل کرتے رہیں ان کے عمل کو تین ہستیاں دیکھتی رہیں گی اللہ اور اس کا رسول اور ہر المومنون نہیں "ہر مومن نہیں بلکہ مومن خاص اس لیے کہ الف لام عربی میں خصوصیت کو بتلاتا ہے اور یہ ہی تین ہستیاں شہید ہوں گی۔

انصاف سے فرمایئے کہ وہ کون سے مومن ہیں جو اعمال امت دیکھتے ہیں اور ساری امت سے باخبر ہیں۔ آج تک امت محمدیہ میں سے کسی شخص نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ میں ساری امت کے افعال سے باخبر ہوں البتہ آئمہ معصومینؑ یہ فرماتے رہے اور بتلاتے رہے کہ قدرت نے ہم کو ایک ستون یا قوت نورانیہ عطا فرمائی ہے جس کی وجہ سے ہم بندوں کے اعمال سے باخبر رہتے ہیں۔

آیات بالا نے واضح کر دیا کہ ہر زمانہ میں ایک باخبر اور شہید رہے گا جو قیامت میں گواہ ہو گا اور نبیؐ ان سب پر گواہ ہوں گے۔

ان آیات کی بنا پر پہلی امتوں میں ایک شہید رہا ہے - اور بعد نبی ہمیشہ ایک شہید رہے گا - آنحضرت سے پہلے جس قدر نفوس شہید تھے وہ یا تو نبی تھے یا رسول اور امام تھے اور بعد نبی چونکہ نبوت ختم ہوگئی تھی اس لیئے وہ شہدا اور شاہد صرف آئمہ اہل بیت ہو سکتے ہیں - حضرت ختمی مرتبت ایک مرکز ہیں - جو قبل بعد والوں پر شہید ہیں قبل والوں اور بعد والوں میں مشابہت لازمی ہے شہدا قبل از نبیؐ - انبیاء و رسل و آئمہ شہدا بعد از نبیؐ آئمہ ایک سلسلہ شہدا کا قبل نبوت تھا ایک بعد رحلت نبیؐ دونوں سلسلوں میں شہدا - تھے اور نبیؐ دونوں سلسلوں کے شہید تھے تو عقل صاف حکم کرتی ہے (۱) کہ جس شان اور جس صفت کے شہید نبی سے پہلے گذرے ہیں - اسی شان کے بعد نبی ہونا لازم ہیں (۲) سلسلہ اول معصوم ہے تو دوسرا سلسلہ بھی معصوم ہوگا (۳) وہ منجانب اللہ ہوں گے (۴) وہ منتخب خدا تھے تو یہ سب بھی منتخب خدا ہوں گے (۵) وہ اجماع سے نہیں بنائے گئے تو یہ بھی اجماع ساختہ نہ ہوں گے (۶) وہ ساری ہی امت کے نگران اور ان سے باخبر تھے تو یہ بھی ویسے ہی ہوں گے ، ورنہ ایک سمت اگر باخبر معصوم اور انبیاء ہوں - تو دوسری سمت بے خبر غیر معصوم اور صفات ذاتی شہدا و ماسبق سے خالی ہوں تو سنت الہیہ کے خلاف اور بعید از عقل ہوگا - اس لیے نبی کے بعد والے شہدا بھی اوّل والوں کی طرح معصوم باخبر اور نبی نہیں تو مثل نبی نفس نبی ضرور رہوں گے -

اسی لئے احادیث معتبرہ اہل سنت میں آیا ہے کہ - الخلافتہ علی منہاج النبوۃ (خلافت قدم بہ قدم نبوت کے ہوگی (ازالتہ الخفار) اور دونوں کے طریقے ہوں گے - قلب مومن و عاقل کے لیے اسی قدر کافی ہے کہ ہر زمانہ میں ایک شہید کا موجود رہنا حسب اعلان قرآن ضروری ہے - اور جب وہ ظاہر نہیں تو غائب ہے -

رہا یہ سوال کہ غائب شہید ہو سکتا ہے یا نہیں - تو ایک لاکھ ۲۴ ہزار انبیاء کے زمانہ میں ہمارے نبیؐ موجود نہ تھے تو پھر وہ کیسے ان سب پر شہید بن گئے -

Marfat.com

دراصل ہمارے نبی اپنے پیکرِ بشری ـــ اور اپنے وجود جسمی سے شہید نہ تھے۔ بلکہ اپنی ولادت بشری سے عالم نور اور روح میں منجانب اللہ ایک قوت نورانیہ کی وجہ سے شہید تھے۔ تو جیسے آنحضرت غائب رہ کر شہید تھے۔ اسی طرح سے امام جو آج امت پر شہید ہے۔ وہ غائب رہ کر شہید ہو سکتا ہے۔ اور نانا کا کمال صرف نواسا دکھلا سکتا ہے۔

اب ذرا صدر المفسرین علامہ فخرالدین رازی کا پرانا اور منجھا ہوا قول بھی سن لیجیے یہ ہر جگہ اجماع کی معصومیت کا راگ الاپتے ہیں۔ یہاں بھی وہی دہراتے ہیں "وسط سے مراد عدل ہے (اس کو بہ دلائل بیان کیا ہے) اور چونکہ اجماع امت حجت ہے اس لیے امتہ وسط سے مراد اجماع امت ہو گا"

اب وہ خود ایک سوال قائم کرتے ہیں کہ "اس جگہ امت کی تعریف عدالت سے کی ہے اور اس سے یہ لازم آتا ہے کہ ہر ہر فرد عادل ہو یہ ناممکن ہے۔ اس لیے ہم ائمہ معصومینؑ مراد لے سکتے ہیں" مگر آخر میں رازی صاحب آئمہ معصومینؑ کو مراد نہیں لیتے۔ بلکہ اجماع کا رونا روتے ہیں اور اسی ردوکد میں ایک بات کام کی بھی کہہ جاتے ہیں وہ یہ ہے کہ "خداوند کریم نے یہاں خبر دی ہے۔ اور خدا کی خبر سچی ہوتی ہے تو اس لیے جن کے متعلق خبر دی ہے، ان کا ہر زمانہ میں موجود رہنا ضروری ہے۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ خدا کا یہ خطاب ساری امت سے قیامت تک ہے تو ہر زمانہ میں امت شہید ہو گی" یہ عجیب بات کہی ہے کہ وہی مخاطب ہے وہی شہید ہے۔ خود کوزہ خود کوزہ گر و خود گل کوزہ۔

قرآن پاک میں اکثر جگہ خطاب سب سے ہے۔ اور مصداق اس کا ہر شخص نہیں بلکہ شخص معیّن ہے۔ وجعلناھم آئمۃ (انبیاء ۵) میں جن کا ذکر ہے وہ سب کے سب آئمہ نہیں بنائے گئے۔ بلکہ ان میں سے بعض کو بنایا ہے وہ بھی جدا جدا زمانوں

ہیں نہ کہ ایک دم سے اور ایک زمانہ میں اس آیتہ میں مراد اولاد حضرت اسحاق و یعقوبؑ ہے اور ان میں سے صرف صالح کو امام بتایا گیا ہے۔ اگر محض اسحاقؑ و یعقوبؑ مراد ہوتے تو جمع کا صیغہ نہ آتا۔ بلکہ تثنیہ استعمال ہوتا۔ جو ہر جگہ جمع سے مراد کل نہیں، بلکہ بعض ہیں اب اجماع امت کو شہید بنانے کی غلطی اس لیے ہوئی ہے کہ جعلناکم سے مراد ساری امت لے لی ہے۔ حالانکہ اس سے مراد صرف ایک خاص گروہ ہے اور اس گروہ کے افراد مختلف زمانوں میں۔ شہید علی الناس رہے ہیں۔ یعنی مرتبہ کسی زمانہ میں ایک گروہ شہید علی الناس نہیں رہا۔ سنت الٰہیہ تو یہ ہے کہ امت میں صرف ایک شہید رہا ہے۔ جب کہ آیتہ من کل امتہ بشہید۔ بتلا رہی ہے۔ زمانہ نبیؐ سے اب تک کسی گروہ نے یہ دعویٰ نہیں کیا ہے کہ ہم سب پر شہید ہیں۔ یا ساری امت یا ساری امت پر شہید ہے۔ اب رہا آیتہ میں لفظ امت تو اس سے مراد ساری امتہ نہیں، بلکہ امت کا کچھ حصہ ہے جیسا کہ قرآن میں دوسری جگہ یہ آیتہ آئی۔ ولتکن منکم امتہ : میں خداوند کریم نے مسلمانوں میں سے کچھ کو جدا کر کے ایک امت کہا ہے۔ اس لیے امت کے ایک حصہ کو بھی امت کہیں گے۔ اور امت وسط سے ایک خاص گروہ مراد ہوگا نہ کہ ساری امت اور وہ بھی وہ جن کو اپنے گھر کی خبر نہیں وہ کیسے سب کے شہید ہوں گے اور جب ساری امت شہید ہے تو وہ کس پر شہید ہوگی کیا امت محمدیہ۔ یہود و نصاریٰ اور اقوام عالم پر شہید ہوگی۔ اور ان سب سے باخبر اور اُن کی گواہ اور نگہبان ہوگی۔ تو امام رازی اور ان کے ہم نوا حضرات کا یہ خیال بالکل ہی مہمل ہے اور وہ اس لیے ہاتھ پیر مار رہے ہیں کہ اہل بیت نبوت اور آئمہ کرامؑ کو شہید نہ ماننا پڑے۔ ورنہ بنی امیہ اور بنی عباس کی خلافتیں ختم ہو جائیں گی۔ حالانکہ قرآن کے وہ اوصاف جو شہید علی الناس کے لیے لازم ہیں، وہ آئمہ اہلبیتؑ کے سوا کسی پر پورے نہیں اترتے نہ خلفائے بنی امیہ پر نہ خلفائے بنی عباس پر۔

تو یا ور کھیے کہ ہمارے نبیؐ تمام انبیاء پر شہید تھے۔ حالانکہ کسی نبی کے زمانہ میں ان کا وجود اور ظہور جسمانی ثابت نہیں ہے۔ اسی نے بتلا دیا کہ شہید کا وجود ضروری ہے۔ حضور ضروری نہیں وہ غائب رہ کر بھی شہید علی الناس تھے۔ آنحضرت اپنے وجود عنصری سے۔ پہلے غائب رہ کر شہید تھے اور آج پھر غائب رہ کر شہدار امت پر شہید ہیں تو جب نبی اتنے دن بغیر ظہور جسم سب پر شہید تھے تو آج اگر ان کی اولاد میں کوئی غائب رہ کر امت پر شہید ہے تو کیوں آپ کی عقل اموی و عباسی میں نہیں آتا۔ بنص قرآن ہر زمانہ میں شہید کا وجود لازمی ہے۔ اور شیعہ بارہویں امام کو شہید علی الناس مانتے ہیں، اس لیے یہ آیت صرف مذہب شیعہ کی بنا پر صحیح ہو سکتی ہے جو ہر زمانہ میں ایک نگران باخبر معصوم کا بحکم قرآن و حدیث قائل ہے۔

ورنہ عام مسلمانوں کی تاویل بنا پر یہ آیت اور دعوے قدرت بالکل غلط ثابت ہوتا ہے۔ شہید کے نظر آنے کی شرط لگائی جائے تو آنحضرت نہ انبیاء ماسبق پر شہید قرار پاتے ہیں نہ اپنے بعد والے شہداء کے شہید قرار پاتے ہیں۔

## ہر زمانہ میں وسیلہ کا رہنا لازمی ہے

| | |
|---|---|
| ۴۔ یاایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلہ (مائدہ ۵) | اے ایمان والو! تقویٰ اختیار کرو اور اس کی معرفت کے لیے وسیلہ تلاش کرو۔ |

اس آیتہ میں اہل تقویٰ اور اہل ایمان کے لیے حکم ہے کہ وسیلہ تلاش کرو۔ یہ حکم نہیں کہ وسیلہ بنالو۔ ورنہ فخر رازی کی بنا پر اجماع امتہ کو وسیلہ بنانا لازم تھا۔ مگر یہاں حکم تلاش ہے نہ کہ حکم ساخت چونکہ احکام قرآنی تا قیامت ہیں، اس لیے اس آیت میں قید زمانہ ہے نہ قید وقت ہے۔ اس لیے ہر زمانہ میں وسیلہ کا ہونا لازم اور تلاش واجب ہے۔

Marfat.com

اگر عالم میں ہر دم کوئی وسیلہ نہیں ہے تو جو موجود نہ ہو اس کی تلاش کا حکم دینا بنا عین ظلم ہے۔ اہل ایمان اور متقین کو تلاش کا حکم دیا ہے۔ مگر اس جگہ وسیلہ سے مراد نبی نہیں ہیں۔ تو ایمان و تقویٰ کے ساتھ آ گئے اس لیے کہ بغیر ان کے ایمان و تقویٰ بیکار تھا۔ اس لیے یہ وسیلہ علاوہ نبی ہے اور ہر زمانہ میں اس سے تعلق کا حکم دیا ہے۔ تو موجودہ زمانہ میں بھی وجود وسیلہ ضروری ہے۔ وسیلہ کے لیے سامنے نظر آنے کی ضرورت نہیں، وجود کی ضرورت ہے حضرت آدم کی دعا پنجتن کے وسیلہ سے قبول ہوئی۔ حالانکہ سامنے ظاہر نہ تھے۔ مگر موجود تھے اور ان کے وسیلہ سے دعائے حضرت آدم قبول ہوئی۔ یہ روایت ہماری مؤید ہے کہ ابن نجار نے ابن عباس سے روایت کی ہے۔ ابن عباس کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ سے دریافت کیا وہ کون سے کلمات ہیں، جن کے وسیلہ سے حضرت آدم نے توبہ کی تو آپ نے فرمایا کہ حضرت آدم نے خدا سے کہا کہ بحق محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ میری توبہ قبول فرما۔ تب خدا نے توبہ قبول کر لی (تفسیر درمنثور سیوطی جلد اول ص۶۱ طبع مصر)۔ اب یہ حضرات اور ان کے بتلائے ہوئے ائمہ وسیلہ خدا ہیں اور آج بھی وہ وسیلہ روحانی موجود ہے۔ نظر آنا ضروری نہیں۔

## ہر زمانہ میں خدا کی رسی کا رہنا لازمی ہے

(۵) واعتصموا بحبل اللہ جمیعا — اللہ کی رسی کو مضبوط تھام لو

ولا تفرقوا (آل عمران ۳/۱۰۳) — اور متفرق نہ ہو۔

اس آیتہ میں بھی امر و حکم ہے۔ اور واجب ہے کہ اللہ کی رسی کو تھام لیں اور اس سے تعلق رکھیں۔ یاد رکھیئے کہ احکام قرآن بغیر قید ادر زمانہ اور وقت قیامت تک کے لیے ہیں۔ تو ہر زمانہ میں اللہ کی رسی کو ہونا لازمی ہے۔ اور جب حکم واجب ہے تو ہر زمانہ میں اس کا رہنا واجب ہے۔ اب رہا یہ امر کہ وہ رسی کیا چیز ہے، تو

Marfat.com

مفسرین نے اس میں وہ اختلافات کئے ہیں کہ جن کو دیکھ کر انسان حیران ہو جاتا ہے ان میں سے قوی قول ۔ قرآن ہے یعنی اللہ کی رسی قرآن ۔ اگر حبل اللہ سے قرآن مراد ہے تو رسی ہو نہیں سکتی جب تک اس کے وکیل نہ ہوں ۔ تو قرآن کے ساتھ اہل بیتؑ کو ماننا لازم ہے جو ہدایت میں شریک قرآن ہیں ، جن کے متعلق ارشاد رسول ہے ۔

انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی اہل بیتی ما ان تمسکتم بھما لن تضلوا بعدی و انھما لن یفترقا حتی یردا علی الحوض یرہی

میں تم میں دو گرانمایہ چیزیں چھوڑے جاتا ہوں اللہ کی کتاب اور اہل بیت جو میری عترت ہیں اور یہ دونوں ہرگز ہرگز جدا نہ ہوں گے ، جب تک دونوں حوض کوثر پر میرے پاس نہ پہنچ جائیں ۔ بکثرت کتب اہل سنت میں یہ روایت موجود ہے ہم چند مشہور کتب کا حوالہ دیتے ہیں ۔ ورنہ بکثرت کتب میں اس کا ذکر ہے ۔

(۱) صحیح مسلم طبع مصر ۱۳۴۹ھ جلد دوم ص ۲۳۸ (۲) طبقات ابن سعد جلد دوم قسم دوم ص ۲ ۔ (۳) مسند احمد ابن حنبل جلد سوم ص ۱۴ وغیرہ ۔ جلد چہارم ص ۳۶۶ جلد پنجم ص ۱۸۱ ۔ (۴) خصائص کبریٰ سیوطی جلد دوم ص ۲۶۶ ۔ (۵) کنز العمال جلد اوّل متعدد روایات ۔ نیز جلد ششم بر حاشیہ مسند (۶) صحیح ترمذی ۔ طبع مصر جلد دوم ص ۲۰۸ (۷) بموقع غدیر خم ۔ البدایۃ والنہایۃ ابن کثیر شامی جلد پنجم ص ۲۰۹ ۔ (۸) عقد الفرید ابن عبد ربہ جلد دوم ص ۳۴۶ طبع مصر)

معنی واعتصموا یہ ہیں کہ اس سے تعلق رکھو اور اس کو راہ نما بناؤ اور اس کا دامن تھام لو ۔ بہر حال قرآن کے ساتھ مثل و مثیل قرآن کا عالم میں رہنا ضروری ہے ۔ اتنا اور عرض کر دوں کہ اہل بیتؑ کی تفسیریں سب متفق ہیں کہ اس سے مراد اہل بیت اور قرآن ہیں ۔ دنیائے اسلام میں سب سے پہلے مفسر علامہ ثعلبی ہیں (مگر چونکہ انہوں نے حق اہلبیتؑ کو بہت نمایاں کیا تھا ۔ اس لیے اہل مصر نے اس کو طبع کرنا چھوڑ دیا ہے)

انہیں کی تفسیر سے ابن حجر مکی لکھتے ہیں، (۲) علامہ ثعلبی اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ہم ہی تو خدا کی رسی ہیں جس کے لیے خدا فرماتا ہے۔ واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا (صواعق محرقہ طبع مصر ص۹۰ آیۃ پنجم)

## ہر زمانہ میں ثمر شجرہ طیبہ کا رہنا لازمی ہے

| | |
|---|---|
| (۱۷) الم تر کیف ضرب اللہ | کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا نے |
| مثلاً کلمۃً طیبۃً کشجرۃ | پاکیزہ کلمہ کی مثال ایک پاکیزہ درخت |
| طیبۃٍ اصلھا ثابت وفرعھا | سے دی ہے کہ جس کی جڑ قائم ہے اور |
| فی السماء تؤتی اکلھا کل | شاخیں تا بفلک ہیں اس کا ثمر خدا |
| حین باذن ربھا ویضرب | کے حکم سے ہر زمانہ میں پایا جاتا ہے اور |
| اللہ الامثال للناس لعلھم | اللہ آدمیوں کے لیے مثال دیتا ہے |
| یتذکرون (ابراہیم پ۱۳) | تاکہ وہ لوگ یاد رکھیں۔ |

یہاں خداوند کریم نے کلمہ طیبہ کی مثال ایک پاکیزہ درخت سے دی ہے جس کی اصل زمین ہے اور شاخیں آسمان میں ہیں، وہ ہر زمانہ میں اپنے ثمر اور پھل خدا کے حکم سے دیتا ہے۔ اللہ نے انسانوں کے غور و فکر کے لیے، حقیقت دین کو عالم مثال میں لاکر دکھلایا ہے۔ اس میں غور طلب یہ چیز ہے کہ زبان قرآن میں ہر جگہ کلمہ سے مراد کلام نہیں ہے بلکہ ذات بھی مراد ہے جیسا کہ قرآن میں حضرت عیسیٰ کے لیے فرمایا ہے کلمتہٗ القاھا الیٰ مریم وروح منہ۔ وہ خدا کا کلمہ تھے اور روح تھے۔ اسی بنا پر جناب عیسیٰ کو کلمۃ اللہ کہتے ہیں آیۃ مبارکہ میں جس درخت کی مثال دی گئی ہے اس کا وجود مادی درختوں میں نہیں ہے نہ کوئی دنیاوی درخت ایسا پایا گیا ہے کہ جس کی جڑ زمین میں

Marfat.com

اور شاخیں آسمان میں ہوں اس لیے یہ مثالی درخت کسی ایسے خاندان کا شجرہ بتلاتا ہے کہ جن کا تعلق خدا اور بندوں سے رہتا ہو۔ جن کی شاخیں آسمان تک ہیں۔ جہاں سے وہ علوم لیتے ہیں اور جڑ زمین میں ہے جہاں وہ اہل زمین کو ثمر ہدایت پیش کرتے ہیں۔

اس شجرہ مبارکہ کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ تؤتی اکلہا کل حین۔ وہ ہر وقت اور ہر زمانہ میں پھل دیتا ہے۔ یعنی ہر زمانہ میں اس شجرۃ طیبہ کا ایک ثمر رہتا ہے اب کوئی صاحب نہ فرمائیں کہ شجر سے مراد خاندان یا شخص ہو سکتا ہے تو وہ ان روایات اہل سنت پر غور فرمالیں (۱) عبداللہ ابن عمر روایت کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے اولاد حکم کو منبر پہ بندر کی طرح کودتے ہوئے دیکھا۔ تو اللہ نے اس آیتہ کو نازل فرمایا۔ وما جعلنا الرؤیا التی اریناک الا فتنۃً للناس والشجرۃ الملعونۃ فی القرآن (بنی اسرائیل ۲۲) ۔ اس آیتہ میں شجرہ ملعونہ سے مراد حکم اور اس کی اولاد ہے (۲) روایت دوم حضرت عائشہؓ سے ہے کہ اے مروان میں نے نبیؐ سے سنا کہ وہ تیرے دادا اور باپ کے متعلق فرما رہے تھے کہ تم قرآن میں شجرہ ملعونہ ہو (تفسیر درمنثور سیوطی جلد چہارم ص۱۹۱) تو جب قرآن میں شجرہ ملعونہ حکم و مروان وغیرہ ہیں تو شجرہ طیبہ محمدؐ و آل محمدؐ ہیں۔ اگر مروان اور اس کی اولاد ملعون ہیں۔ تو آل محمد پر صلواۃ ہوتی ہے۔ اب آیتہ یہ بتاتی ہے کہ شجرہ طیبہ کا پھل ہر زمانہ میں ملے گا تو ہر زمانہ میں نسل رسالت سے ایک ایسی ذات کا وجود لازم ہے کہ جو ثمرہ رسالت ہو اور عالم کو اس کے وجود سے روحانی فیض ملتا رہے اس زمانہ میں وہ ثمر یعنی امام غائبؑ ہیں اور الحمد اللہ کہ اب اس درخت کے پتے اس قدر زیادہ ہو گئے ہیں کہ وہ ثمر چھپ گیا ہے۔ تین سو تیرہ پر مومنین کی نوبت آنے دیجیے۔ پھر نمایاں ہو جائے گا۔ ہم بخوف طوالت اس بحث کو ترک کرتے ہیں۔ ورنہ بکثرت کتب اہل سنت میں اور تمام شیعوں کی کتابوں میں بکثرت روایات موجود ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| خلقنی وعلیاً من شجرۃ واحدۃ فانا اصلھا وعلی فرعھا وفاطمۃ لقاحھا والحسن و الحسین ثمرھا۔ | اللہ نے محمد کو اور علی کو ایک درخت (ایک اصل ونسل) سے پیدا کیا ہے میں اس کی جڑ ہوں علی اس کی شاخ ہیں فاطمہ اس کا پھول ہیں اور حسن اور حسین اس کا پھل اور ثمر ہیں۔ |

اس کے راوی (۱) احمد ابن حنبل - ابونعیم - اور مناقب میں ابن مغازلی اور طبرانی ہیں اور ابن عساکر نے ابی زبیر مکی سے روایت کی ہے (ارجح المطالب ص ۴۶۵)

## ہر زمانہ میں امام کا رہنا لازمی ہے

| | |
|---|---|
| ۷۔ نرید ان نمن الذین استضعفوا فی الارض و نجعلھم آئمۃ و نجعلھم الوارثین (قصص ۵/۲۸) | ہم یہ طے کر چکے ہیں کہ جن کو زمین پر کمزور و بے بس کر دیا گیا ہے ان کو ہم امام بنائیں اور انھیں کو وارث بنائیں |

شرط امامت خدا نے یہ رکھی کہ میں نے جن کو ضعیف کر دیا ہے اُن کو امام بناؤں گا۔ تو لفظ و شرط استضعاف کی توضیح واقعہ حضرت ہارون سے ہوتی ہے اس لیے کہ اس لیے کہ اس لفظ کو سب سے پہلے جناب ہارون نے فرمایا تھا۔ جب سب آپ کی خلافت سے منکر ہو کر گائے کا بچہ (بچھڑے کو) پوجنے لگے تو آپ نے حضرت موسیٰ ... واپس ہونے کے بعد بیان فرمایا۔

| | |
|---|---|
| ان القوم استضعفونی و کادوا ان یقتلوننی۔ (اعراف ۱۸/۷) | قوم نے مجھ کو کمزور اور بے بس کر دیا۔ قریب تھا کہ مجھ کو قتل کر دیں۔ |

Marfat.com

(یہی امام اول حضرت علیؑ کے ساتھ ہوا)

(۱) کیا گھر پر لکڑیاں لے کر جلانے کی اور قتل کی دھمکی دینا استضعاف نہ تھا۔ (کمزور کر دینا نہ تھا)۔

کیا خلافت پر قبضہ کر کے متصرف ہونا علیؑ اور اولاد علیؑ کو کمزور کرنے کے لیے نہ تھا؟ جب دنیا کو گورنریاں اور حکومتیں دی جا رہی تھیں۔ بنی ہاشم اور اولاد علیؑ و علیؑ کی بات تک نہ پوچھنا۔ کمزور کرنا نہ تھا؟ اُن کو خمس نہ دینا اور مروان کو داماد بنا کر سارے افریقہ کا خمس دینا۔ اُن کو کمزور کرنے کے لیے نہ تھا؟ فاطمہ زہراؑ سے فدک کا علاقہ چھین لینا اور آخر کار مروان کو جاگیریں دینا آل محمد کو کمزور کرنے کے لیے نہ تھا۔ خود خلافت میں اجماع کا نعرہ لگانا اور دوسرے خلیفہ کو وصیت سے بنا دینا علیؑ کو کمزور کرنے کے لیے نہ تھا۔ کیا عبدالرحمن ابن عوف داماد عثمان کو سرپنچ بنا کر حکومت بنی امیہ کی راہ ہموار کر کے علیؑ کو محروم کرنا نہ تھا۔ خود حضرت عمر سے پوچھا کہ آپ بعد خلیفہ کون ہوگا کہا عثمان (کنز العمال بر حاشیہ مسند احمد طبع مصر جلد دوم ص۱۸۱) اس روایت نے بتلا دیا کہ چھ کی کمیٹی بنا کر عبدالرحمن ابن عوف داماد حضرت عثمان کو سرپنچ بنانے کا اصل مقصود یہ تھا۔ کہ حضرت عثمان ہی کو خلیفہ بنا دیا جائے اور یہ شوریٰ فقط نمائش کے لیے تھا۔

کیا معاویہ کو حاکم شام بنا کر بنی ہاشم کے پیٹ میں چھرا گھونپا نہ گیا۔ کیا حضرت عائشہ کی جنگ، اور صفین کا معرکہ علیؑ کو کمزور کرنے کے لیے نہ تھا۔ کہاں تک لکھا جائے تاریخیں ان اذکار سے لبریز ہیں۔ تو جن کو یوں کمزور کر دیا گیا تھا تو فرمان خدا کے مطابق وہی حقدار امامت تھے اور جو فتوحات حاصل کر رہے تھے۔ دولت اور خزانے سمیٹ رہے تھے وہ قوی تھے۔ اس لیے اس آیتہ کی بنا پر وہ ہرگز ہرگز مستحق امامت نہ تھے البتہ مسلمانوں کے بادشاہ ضرور تھے۔ خود حضرت عمر فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ما ادری خلیفۃ انا ام ملک | مجھ کو خود خبر نہیں کہ میں خلیفہ ہوں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| (کنزالعمال حاشیہ مسند احمد جلد چہارم صفحہ ۳۶۱) | یا بادشاہ۔ یعنی وہ خود بھی اس معاملہ میں مذبذب تھے |

حضرت ابوبکر کے پاس ایک عرب آیا اور پوچھا آپ خلیفہ رسول ہیں کہا نہیں پھر ان سے پوچھا کہ آپ ہیں، کہا میں خالفہ ہوں جو آنحضرتؐ کے بعد ان کی جگہ بیٹھ گیا ہو (کنزالعمال حاشیہ مسند احمد جلد چہارم صفحہ ۳۶۱ طبع مصر)

اس نے صاف بتلا دیا کہ یہ حضرات خود کو خلیفہ رسول نہیں سمجھتے تھے۔ اب قول حق یہ ہے کہ یہ حضرات خلیفہ القوم تھے۔ اور حضرت علیؑ خلیفہ رسول اور امام ہیں۔ ان کے بادشاہ اسلام ہونے میں شک نہیں۔ اور آج تک بہت سے حضرات شاہان اسلام ہوتے رہے ہیں اور آج بھی ہیں۔ مگر خلیفہ رسول صرف بارہ تھے۔ جن کا آخر آج زندہ اور باقی ہے اور وہی امام زمانہ ہے۔

## ہر زمانہ میں وارث کتاب کا رہنا لازمی ہے

| | |
|---|---|
| ۸۔ ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا۔ (فاطر ۳۵/۲) | پھر ہم نے اپنی کتاب کا وارث ان لوگوں کو بنایا جن کو اپنے بندوں میں سے منتخب کر لیا تھا۔ |

اس سے پچھلی آیت میں خدا نے وعدہ کیا ہے ہم ان کو وارث بنائیں گے اب وہ امام کس چیز کے وارث ہوں گے۔ مال و دولت۔ حکومت و سلطنت تو اس کے وارث تو کفار و مشرکین بھی رہے ہیں۔ پھر شرف امامت کیا ہوا۔ اس لیے عقل بتلاتی ہے کہ وہ ایسی چیزوں کے وارث ہوں گے جو ان سب سے اعلیٰ اور بالا ہوگی اور وہ خدا کی وہ کتاب ہے۔ جو افکار انسانیت کے لیے ایک شمع اور بشریت کے لیے قیامت تک راہبر ہے اور یہ ائمہ اس کتاب کے وارث ہوں گے۔ اس کے حقائق سے باخبر۔ اس کے غلاط

معانی اور استعمال کے نگران اور اس کے معلّم ہوں گے۔ جیسے نبی معلّم کتاب تھے۔ و یعلّمھم الکتاب والحکمۃ (ترجمہ) وہ نبی ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اسی طرح یہ معلم ہوں گے۔ جیسے تعلیم نبیؐ کے مقابل میں دوسرے اشخاص کی تعلیم کوئی شے نہ تھی۔ ان کی تعلیم کے سامنے۔ لغت وروایات عام اور عقول بشری کوئی چیز نہ ہوگی جو یہ وارث بتلائیں گے۔ وہی حقیقی مراد قرآن ہوگی۔

## وارث کون ہے

کاش مسلمان آنکھیں کھول کر علامہ راغب اصفہانی کی اس روایت پر غور کریں۔ رسول اللہؐ نے علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| انت اخی و وارثی قال وما ارثلک قال ما ورثت الانبیاءؑ قبلی کتاب اللہ وسنتی۔ (مفردات راغب اصفہانی صفحہ طبع مصر) | اے علیؑ تم میرے بھائی ہو اور میرے وارث ہو فرمایا کہ میں آپ کا کس چیز میں وارث ہونگا۔ فرمایا جس چیز میں مجھ سے پہلے انبیاء وارث ہوئے ہیں اور وہ اللہ کی کتاب اور میری سنت ہے |

تو علیؑ وارث نبیؐ تھے۔ لفظ ورثہ اس روایت میں اس لئے ہے کہ ورثہ بسبب رشتہ بغیر قیمت و احسان ملتا ہے۔ تو صرف علیؑ وارث کتاب خدا اور سنت نبوی ہی تھے۔ اب جو خود کو سنت والے کہتے ہیں وہ علیؑ سے روگردان ہو کر صحابہ کے دامن میں پناہ لیتے ہیں اور حدیث تو مانتے ہیں، مگر اس پر عمل سے بھاگتے ہیں۔ وراثت سے پہلے آپ نے فرمایا کہ تم میرے بھائی ہو جس نے بتلایا کہ ورثہ ہمیشہ مورث (نبیؐ) سے رشتہ کے بعد ملتا ہے اس لیے آنحضرتؐ نے پہلے رشتہ کا ذکر فرمایا ہے۔ آیۃ مبارکہ میں اصطفینا ہے جس کا مادہ ہے صفو۔ اور اصل صفایہ ہے کہ وہ ملاوٹ سے خالی ہو۔ اور اصطفاء کے معنی

Marfat.com

یہ ہیں کہ خالص شئے کو حاصل کرے (مفردات راغب۔ اصفہانی صد ۲۸۵) اب اصطفار سے مراد خدا ان لوگوں کا انتخاب ہے جو ہر شوب اور ملاوٹ سے پاک ہوں۔ ملاوٹ سے مراد ہر وہ شئے ہے جو اس صاف کو اس کی اصلیت سے علیحدہ کر دے۔ جیسے سونے میں تانبہ چاندی میں رانگ۔ عدل میں ظلم۔ ایمان میں نفاق۔ عبادت میں ریار۔ جہاد میں غنیمت کا لالچ علی ہذا۔ تو جو ہر میل سے پاک ہو وہ صرف معصوم ہو سکتا ہے۔ اس لیے کہ جب بے میل چیز ملائی جائے گی تو وہ کھوٹ ہوگا۔ تو اب صرف معصوم ہی وارث قرآن اور عالم حقائق قرآن ہوگا۔ اگر کوئی شئے وارث سے نہیں لی تو وہ ناجائز قرار پائی گئی۔ تمام دنیائے انصاف وعقل میں مورث کی زندگی میں وارث کا تعین لازمی ہے اور بنا پر تاکید قرآن اس حکم الٰہی کی تعمیل واجب ہے کہ تم ضرور وصیت کرو۔

آنحضرتؐ نے وصیت فرمائی کہ انی تارك فيكم الثقلين۔ میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ انی تارک، نے بتلایا کہ یہ دونوں ترکہ نبیؐ تھے۔ جس میں ایک وارث ہے دوسرا ورثہ ہے۔ قرآن ورثہ ہے اور اہل بیت وارث ہیں دونوں مل کر ہادی ہیں۔ تنہا قرآن ہادی نہیں۔ جس کو حسب ذیل امور واضح کرتے ہیں۔

(۱) قرآن میں جو مثالیں دی گئی ہیں اس کے متعلق خدا فرماتا ہے۔ یضل به كثيرا ويهدى به كثيرا۔ بہت سے اس کی وجہ سے گمراہ ہو جاتے ہیں۔ بہت سے ان سے ہدایات پا جاتے ہیں۔ تو جن آیات میں دونوں احتمال ہیں وہ تنہا مدار ہدایت نہیں ہو سکتی۔

۲۔ قرآن میں محکم اور متشابہ دونوں ہیں۔ ان دونوں کی حد بندی نہیں نہ تعین ہے۔ جن کے دلوں میں کجی اور ٹیڑھا پن ہے وہ متشابہ آیات میں تاویل کرتے ہیں تو وہ آیات راستی اور کجی والے دلوں کی پناہ گاہ ہیں۔ اس لیے قرآن تنہا ہادی نہیں ہو سکتا۔

Marfat.com

۳۔ ہر رسول کے بعد اگر کتاب ہادی ہوتی تو پھر ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کی ضرورت نہ تھی۔ صرف پانچ صحیفے اور کتابیں کافی تھیں۔ معلوم ہوا کہ وہ تنہا ہادی نہیں

۴۔ اگر قرآن تنہا کافی ہوتا تو تنہا چھوڑا جاتا۔ مگر حدیث متواتر کی بنا پر نبیؐ نے قرآن کے ساتھ اہلبیت کو چھوڑا ہے۔ تو دونوں مل کر ہدایت کر سکتے ہیں۔

۵۔ ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا (فاطر ۳۲) — پھر ہم نے اپنی کتاب کا وارث ان لوگوں کو بنایا جن کو ہم نے خود اپنے بندوں میں سے منتخب کیا تھا۔

تو کتاب ان کا ورثہ تھی اور وہ کتاب کے وارث تھے تو ورثہ بغیر وارث ہادی نہیں بن سکتا بلکہ جو بغیر اجازت وارث ورثہ استعمال کریں گے وہ غاصب اور خائن ہوں گے۔

۶۔ قرآن میں صاف ارشاد ہے یھدی بہ اللہ۔ اس کے ذریعہ سے اللہ ہدایت کرتا ہے۔ یھدی بہ من یشاء۔ جس کو چاہتا ہے۔ اس کے ذریعہ سے ہدایت کرتا ہے تو تمام قرآن میں کسی جگہ قرآن کو ہادی نہیں فرمایا

سورۂ بنی اسرائیل میں ہے کہ ان ھذا القرآن یھدی للتی ھی اقوم لہٰذا عبارت بدلنی چاہیے۔ یعنی جب قرآن ہادی ہے اور رسول اکرمؐ نے قرآن و عترت کو لن یفترقا فرمایا ہے تو دونوں ہادی ہوئے ورنہ افتراق لازم آئے گا اور کلام پیغمبرؐ معاذ اللہ خلاف واقع ٹھہریگا۔ بلکہ سببِ ہدایت فرمایا ہے جیسے دواؤں کے ذریعہ سے حکیم علاج کرتا ہے آلات کے ذریعہ سے لوہار سامان بناتا ہے۔ بڑھئی اوزاروں سے فرنیچر بناتا ہے۔ مگر کوئی شخص دواؤں کو حکیم آلات کو لوہار اور اوزار کو بڑھئی نہیں کہتا۔ اگرچہ صنعت یا حکمت انہیں کے ذریعہ سے نمایاں ہوتی ہے۔ مگر نام صانع کا ہوتا ہے۔ جیسے انجان کے ہاتھ میں آلات بیکار ہیں۔ اسی طرح سے قرآن بغیر قرآن والوں کے بیکار ہے۔ اس لیے ہادی صرف وہ ہوں گے۔ جن کو نبی نے قرآن کا ذمہ دار بنا کر ساتھ کر دیا ہے۔ اور جب تک

قرآن باقی ہے اس کا وارث باقی رہے گا۔ قرآن اب موجود ہے تو عقلاً اس کا وارث اس عالم میں موجود ہے۔

## ہر زمانہ میں ذریت نبیؐ کا وجود لازمی ہے

۹۔ اس آیۃ مذکورہ کی تائید حسب ذیل آیتیں کرتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| وجعلنا فی ذریتہ النبوۃ والکتاب : | ہم نے اولاد ابراہیم میں نبوت اور اور کتاب کو قرار دیدیا۔ |
| دوسری جگہ ہے۔ | |
| وجعلنا فی ذریتہما النبوۃ والکتاب۔ | نوح اور ابراہیم کی ذریت میں کتاب اور نبوت کو رکھا۔ |

تو ذریت نبی ہی وارث کتاب اور قرار گاہ نبوت و کتاب ہوگی۔ لا محالہ ہر زمانہ میں ایک، وارث کتاب کا ہونا لازمی ہے جو مرجع کتاب ہوگا۔ تفصیل آئندہ آئے گی۔ بہرحال جب تک کتاب باقی ہے اسی ذریت کا وجود لازمی ہے جس کی وجہ سے بقائے کتاب ہو۔

## ہر زمانہ میں ایک ہادی کا وجود لازمی ہے

| | |
|---|---|
| ۱۰۔ انما انت منذر و لکل قوم ھاد (رعد ۱۲/۱) | اے نبیؐ تم ڈرانے والے ہو اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہے۔ |

اس آیۃ نے بتادیا کہ جب تک دنیا میں کسی قوم کا وجود ہے۔ ان کے لیے ایک ہادی کا ہونا ضروری۔ تو اس زمانہ میں بھی اس کا وجود لازمی ہے۔ اب رہا یہ امر کہ غائب سے ہدایت نہیں ہوتی تو خدا جو ہمیشہ سے غائب ہے وہ کیسے ہادی ہے۔ تو ہادی اگر غائب نہیں ہو سکتا یا غائب سے ہدایت نہیں ہو سکتی تو پھر خدا کے ہادی ہونے کا بھی انکار کر دیجیے۔ آیئے بعد

Marfat.com

نبی ہم پہلے ہادی یا ہدایت کے ایک سرے کو بتلادیں۔ اس کے بعد جس کو وہ ہادی ہادی فرما دے وہ ہی ہادی ہو گا۔

قاعدہ مفسرین اسلام۔ اہل بیت کے لیے جس قدر آیات آئی ہیں۔ ان کو مشتبہ کرنے کے لیے غیر متعلق لوگوں کے لیے بھی روایات وضعی کا ذکر کرتے ہیں۔ پھر اہل بیت کے لیے جو روایت آئی ہے۔ اس کا ذکر کرتے ہیں یا اہل بیت کے لیے منکر بن جاتے ہیں۔ یہی آیتہ مذکورہ میں ہوا ہے ابن جریر ابن مردویہ۔ ابونعیم نے اپنی کتاب معرفتہ میں۔ دیلمی اور ابن عساکر نے اور ابن نجار نے لکھا ہے کہ جب یہ آیتہ نازل ہوئی تو آنحضرت ؐ نے اپنے سینہ پر ہاتھ رکھا اور فرمایا کہ میں ڈرانے والا ہوں اور اپنے ہاتھ سے حضرت علی کے کندھے کی طرف اشارہ فرمایا اور کہا کہ تم ہی ہادی ہو۔ میرے بعد تمہارے ذریعہ سے لوگ ہدایت پائیں گے۔ (۱) درمنثور سیوطی جلد چہارم صفحہ ۴۵ (۲) تفسیر طبری جزء ۱۳۔ صفحہ ۶۳۔ (۳) غرائب القرآن قمی حاشیہ طبری جلد ۱۳ صفحہ ۷۲ طبع مصر (۴) روح البیان جلد ۱۳۔ صفحہ ۳۴۶ (۵) تفسیر کبیر جلد پنجم صفحہ ۲۷۲ اب ان معتبر تفسیروں کے بعد۔

اس آیتہ میں ہادی سے مراد کتاب نہیں ہو سکتی ورنہ یہ ترجمہ کہ ہر قوم کے لیے ایک کتاب ہو گی، مہمل ہو جائے گا۔ چونکہ نبی محترم کے ساتھ ہادی کا ذکر کیا ہے۔ اس لیے ایسی ہستیاں آئندہ ہادی ہوں گی۔ جو اصل و نسل صفات و کمالات میں نبی سے وابستہ ہوں گی اور نبی کا انداز ہدایتہ اور ان کی ہدایت روحانی ضامن نجات ہدایت یافتگان ہو گی۔ اسی بنا پر آج بھی امام غائب ہدایتہ روحانی کے ضامن ہیں۔

## ہر زمانہ میں امام زمانہ رہنا لازمی ہے

| | |
|---|---|
| ۱۱۔ ماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم (انفال ۳۳) | خدا ان پر عام تباہ کن عذاب نازل نہیں فرمائے گا جب تک تمہارا وجود ان میں رہیگا |

Marfat.com

امتوں پر عذاب استیصالی آیا، جس میں وہ سب صفحۂ ہستی سے مٹا دی گئیں مگر نبی کے بعد دنیا سے وہ عذاب اُٹھ گیا شخصی عذاب الیم رہ گیا۔

تو اب نبی محترم کی ذات موجود نہیں اور منکرین خدا کی کثرت۔ گناہوں کی ریل پیل موجود ہے۔ ہر گناہ سوسائٹی کی رونق ہے۔ حرام حلال کر لیا گیا ہے اور ہر برائی رونق بن گئی۔ بلکہ ہر وہ گناہ جو اگلی امتوں کے عذاب استیصال کا سبب بنا تھا وہ آج بکثرت موجود ہے آرٹ کے نام سے سب کچھ ہو رہا ہے۔ مگر عذاب نہیں آتا۔ وعدہ الٰہی یہ تھا۔ کہ جب تک تم ان میں ہو عذاب نہیں آئے گا۔ آج وہ ہم میں نہیں۔ پھر عذاب کیوں نہیں آتا۔ معلوم ہوا کہ مقام رسول پر کوئی ذات ایسی موجود ہے جو صحیح قائم مقام ذات محمدیؐ ہے اور اس کی وجہ سے عذاب نہیں آتا۔

یہ نہ کہہ دیجیے گا کہ آیت یہ بھی ہے کہ ما کان اللہ لیعذبھم وھم یستغفرون (انفال ۵/۴)

جب تک گناہوں کی معافی مانگتے رہیں گے عذاب نہیں آئے گا اس لیے کسی ذات کی ضرورت نہیں۔ مگر شرط معافی کو آپ قرآن میں کیوں بھول جائے۔

| | |
|---|---|
| ولو انھم اذ ظلموا انفسھم جاؤک فاستغفروا اللہ واستغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما۔ (نساء ۵/۹) | جب انہوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا اور تمہارے پاس آکر خدا سے معافی مانگتے اور تم بھی ان کی معافی کے لیے دعا کرتے تو ضرور اللہ کو توبہ قبول کرنے والا اور رحیم پاتے۔ |

یہاں یہ مرحلہ صاف ہو گیا کہ محض خدا سے معافی مانگنا کافی نہیں نہ قابل قبول ہے جب تک نبی بھی سفارش نہ فرمائیں۔ تو اب لابدی ایسی ذات کا وجود لازمی ہے جو بجائے رسول مقام رسول پر ان کی سفارش فرمائے۔

Marfat.com

یہ نہ کہہ دیجیے گا کہ جب آپ اس وجود کو غائب مانتے ہیں تو پھر وہ کیسے سفارش کریں گے تو ملائکہ کے لیے یہ آیتہ قرآن گواہ ہے کہ وہ۔ یستغفرون للذین آمنوا (مومن پ ۲۴) جو لوگ ایمان لائے ہیں ملائکہ ان کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ جب وہ غائب رہ کر بخشش کی دعا کر سکتے ہیں تو اولاد رسول میں اگر کوئی غائب رہ کر دعائے مغفرت کرے، تو آپ کیوں انکار کرتے ہیں۔ اگر انکار ہے تو انصاف نہیں ہوگا۔ بہر حال ایک ذات مقدس کا نیابت رسول میں وجود لازمی ہے۔ اور وہ یہ امام غائب ہیں۔

## ہر زمانہ میں تنزیل ملائکہ ضروری ہے

۱۲۔ تنزل الملائکۃ والروح فیھا باذن ربھم من کل امر (قدر ۔ ۱)

اس رات میں (سب قدر) فرشتے اور روح ہر امر کو لے کر نازل ہوتے رہتے ہیں۔

اب آیتہ صاف پکار رہی ہے کہ یہ سلسلہ برابر جاری رہتا ہے اور رہے گا۔ صیغہ مضارع تجدد و استمرار کی دلیل ہے۔ یعنی یہ فعل ہر دفعہ شب قدر کو برابر ہوتا رہتا ہے۔ فرشتے جمع ہیں اور روح واحد یعنی فرشتے اور روحیں نہیں بلکہ فرشتے مع ایک روح کے آتے ہیں تو ایک روح (قوت الٰہیہ) تو ایک ہی کے پاس آئے گی اور اسی ایک ساتھ سب فرشتے امر کو لے کر آئیں گے تو وہی ذات مبارکہ صاحب امر ہوگی۔ اور وہ ہر زمانہ میں پائی جائے گی۔

فرشتے اور روح محض تفریح کے لیے اور سیر کے لیے نہیں آتے بلکہ مقصد لے کر آتے ہیں۔ کس کے پاس آتے ہیں وہ فرد واحد کون ہے؟ یہی تفکر امام زمانہ کو بتلائے گا۔ اس لیے اس کا جاننا ضروری ہے کہ سلسلہ رشد و ہدایت ہمیشہ انبیاء کرام اور ان کے خلفاء سے جاری رہا ہے اور وہ اس کام کو ایک خاص قوت الٰہیہ سے سرانجام دیتے ہیں۔ جس کو قرآن روح سے تعبیر کرتا ہے۔ آیات ذیل اس کو واضح کرتی ہیں۔

ایدہٗ بروح منہ — اپنی روح (قوت نورانیہ)

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ایدناہ بروح القدس | ہم نے روح مقدس سے ان کی مدد کی۔ اے |
| اذ ایدتک بروح القدس | عیسیٰ جب ہم نے تم کو روح مقدس سے مدد پہنچائی |
| یلقی الروح من امرہ | اپنے عالم امر سے ایک روح کو القا کرتا ہے۔ |

یہ مسلم ہے کہ اس سے مراد روح حیوانی و بشری نہیں بلکہ وہ روح مراد ہے جس سے انبیاء کے قوار ظاہری و باطنی قوت حاصل کرتے ہیں اور قدرت ان کو اس روح سے مدد پہنچاتی ہے اور یہی روح سبب نبوت اور وجہ رسالت ہوتی ہے۔ اب صرف یہ سوال باقی رہ جاتا ہے کہ آیا بعد نبی اس روح کا سلسلہ بند ہو گیا ہے۔ یا یہ قوت الٰہیہ کسی اور رنگ میں آکر مقاصد نبوت آخرہ کو قوت پہنچاتی ہے۔ تو سورہ مجادلہ کی آیتہ ایدّ ھم بروح منہ۔ ہم اُن مومنوں کی جن کے دل پر ایمان لکھ دیا ہے، اپنی روح سے مدد کرتے ہیں اور قوت پہنچاتے ہیں۔ یہ بات واضح ہو گئی کہ بعد نبی بھی یہ تائید بذریعہ روح قائم رہے گی۔ سنت اللہ نہیں بدلتی یہ روح کسی غیر معصوم کو زمانہ گذشتہ میں نہیں دی گئی قرآن گواہ ہے تو آئندہ بھی غیر معصوم کو اس روح کے ذریعہ سے قوت نہیں پہنچائی جائے گی۔ اس لیے کہ غیر معصوم اس الٰہی مدد کی وجہ سے جب خلاف عصمت کوئی کام کرے گا تو خدا پر اعتراض ہو گا کہ اس نے اپنے قوت سے گناہ کو تقویت پہنچائی اور یہ محال ہے کہ وہ گناہ میں تقویت کا سبب بنے۔ اس لئے مؤید بالروح معصوم ہو گا۔

اس لیے وہ فرشتے اور وہ روح جب امر لے کر آتے ہیں تو ضرور عالم میں کوئی معصوم ذات ایسی موجود ہے۔ جو منزل ملک ہے اور وہ اس کو پیغام الٰہی پہنچا کر واپس ہو جاتے ہیں۔ اور وہ روح اس کو قوت پہنچاتی اور مدد دیتی ہے۔

بعد نبی سوائے اہل بیت رسول کسی نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ فرشتے اس کے پاس آتے ہیں۔ شیعہ کتب میں آئمہ اہل بیت سے متعلق یہ روائتیں بکثرت موجود ہیں۔ کتب اہل اسلام میں چونکہ ان کے لیڈروں اور اماموں نے یہ دعویٰ نہیں کیا۔ اس لیے وہ آئمہ

اہل بیت کے لیے جو روائیتیں آئی ہیں ان کو نہیں بیان کرتے ورنہ ان کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا اور بیچاروں کو اہل بیت کی فضیلت ماننی پڑ جائے گی۔ مگر پھر بھی کہیں نہ کہیں حق زور لگا کر اُبھر آتا ہے۔

علامہ رازی تفسیر سورہ قدر میں تیسری صورت میں تحریر کرتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے (۱) ملائکہ نازل ہوتے ہیں تاکہ ہم پر سلام کریں (۲) ولیشفعوا لنا۔ اور ہماری شفاعت کے لیے دعا کریں۔ فقرہ (۳) وہ ہے کہ جو شیعہ روایات میں نہیں پایا جاتا تو وہ اس لیے اضافہ کیا گیا ہے کہ اس روایت کو عام کر دیا جائے اور آل محمدؐ کے مرتبہ کو گھٹا دیا جائے۔ اور یہ ظاہر کیا جائے کہ وہ ملائکہ کی شفاعت کے محتاج ہیں۔

بہر حال اتنا تو پتہ چل گیا کہ فرشتے سب اشخاص کے پاس نہیں بلکہ مخصوص لوگوں کے پاس آتے ہیں اور امیر المومنینؑ کی روایت میں لیسلموا علینا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ وہ ہم پر سلام کرتے ہیں اور لفظ ہم سے مراد ساری دنیا نہیں بلکہ امیر المومنینؑ اور ان کے اہل بیت اور اولا وہیں اور وہی مصداق علینا ہو سکتے ہیں۔ رہا فرشتوں کے سلام پہنچانے سے ان کے گناہ معاف ہوتے ہیں یہ قرآن سے کسی جگہ ثابت نہیں اسی لیے ہم فقرہ دوم کو حدیث بنانے والوں کا اضافہ سمجھتے ہیں۔

تو ہر زمانہ میں ایک ایسی ذات کا ہونا لازم ہے کہ جس کے پاس فرشتے امر لائیں اور وہی صاحب الامر ہو گا۔ اور وہ روح اس معصوم کو آ کر مدد دے گی۔ اور وہ تدبیر عالم امر بفرمان خدا فرمائیں گے۔ اس کی مزید توضیح آیتہ والمدبرات امرا (ان کی قسم جو عالم امر کی تدبیر کرنے والے ہیں) مدبرات صیغہ جمع ہے ایک تدبیر کرنے والا نہیں ہیں بلکہ چند ہیں جو اپنے زمانہ میں تدبیر عالم کرتے ہیں۔ اہل دنیا تدبیر و انتظام عالم خلق کرتے ہیں اور اس میں مومن و مسلم و کافر سب شریک ہیں۔ لیکن عالم امر کی تدبیر کرنے والے صرف معصوم ہیں جو جو نزول گاہ ملک اور روح ہیں۔ وہ صرف ہادی ہی نہیں بلکہ مدبر عالم امر بھی ہیں۔ اسی لیے

Marfat.com

صاحب الامر بھی کہلاتے ہیں۔ اور انہیں کی اطاعت مطلقہ کا حکم تمام امت کو اطیعوا اولی الامر منکم کہہ کر دیا گیا ہے۔ جب اطاعت میں کوئی قید نہیں۔ بلکہ ہر امر اور ہر حالت میں اطاعت لازم ہے تو ایسی اطاعت صرف معصوم کی اطاعت ہو سکتی ہے۔ اور مدبر عالم امر امام غائب ہیں تو جس طرح فرشتے غائب رہ کر تدبیر عالم خلق کرتے ہیں امام غائب رہ کر تدبیر عالم امر فرماتا ہے۔ توضیح آیندہ آئے گی۔

## ہر زمانہ میں ایک ہادی عادل کا ہونا ضروری ہے

| | |
|---|---|
| (۱۳) وممن خلقنا امۃ یھدون بالحق وبہ یعدلون۔ (اعراف ۲۲/۹) | جن کو ہم نے پیدا کیا ہے ان میں ایک گروہ ایسا ہے کہ جو حق کی ہدایت کرتا ہے اور حق سے انصاف کرتا ہے |

اس کے متعلق صرف ایک قول لکھنا کافی ہے "جبائی کہتا ہے کہ یہ آیت بتلاتی ہے کہ ضرور زمانہ ایسے ذات سے خالی نہیں رہے گا۔ جو حق کو قائم کرے گی حق پر عمل کرے گی اور حق کی جانب ہدایت کرے گی اور وہ کسی زمانہ میں باطل پر جمع نہیں ہوں گے (تفسیر کبیر جلد چہارم صـ۱۸۶) اس سے یہ معلوم ہوا کہ ہر زمانہ میں ایک معلوم ذات باقی رہے گی۔ اور یہی ہمارا مقصود ہے۔

اس دنیا میں کوئی معصوم ہونے کا دعوی نہیں کرتا نہ خود کو داعی حق بتلاتا ہے۔ لامحالہ وہ ذات موجود اور غائب ہے۔ اور اسی سے لوگ ہدایتہ روحانی حاصل کرتے ہیں۔ مگر یہ لوگ ہر ایسی آیتہ میں اجماع کا راگ الاپتے ہیں۔ جس کو ہم باطل کر چکے ہیں۔ اور ایسے امت پیدا کرنے سے یہ مطلب نہیں کہ وہ ہر زمانہ میں اکٹھے ہوں گے۔ اس امت کے افراد مختلف زمانوں میں رفتہ رفتہ آئیں گے۔ نہ یہ کہ ہر زمانہ میں ایسا گروہ ملے گا۔

رہا یہ کہ آیت میں لفظ امت کہا ہے۔ جس کے معنی گروہ کے ہیں۔ تو یہ خیال غلط

Marfat.com

خداوند کریم نے ایک ذات کو بھی امتہ کہا ہے۔ چنانچہ حضرت ابراہیم کی اکیلی ذات کو امت کہا ہے۔ کان ابراھیم امۃ قانتا (نحل ۱۲۰) ابراہیم امت مطیع تھے۔ جمع کا صیغہ آیتہ یھدون بالحق میں تعظیم کے لیے فرمایا ہے۔ جیسا کہ وہ اپنے لیے جمع کا صیغہ فرماتا ہے۔ (انا نحن نزلنا الذکر (سورۃ حجر آیت ۹) ہم نے قرآن نازل کیا۔ نحن۔ نزلنا دونوں جمع کے صیغے ہیں۔ اسی طرح سے ممن خلقنا امۃ سے مراد شخص واحد بھی ہو سکتا ہے۔ آیتہ میں یہی مقصود ہے۔ کہ مخلوق میں ایک ذات ہمیشہ ایسی رہے گی وہ جو حق کی ہدایتہ کرے گی اور حق کے ساتھ عدل کرے گی۔ ہمیشہ اس لیے رہے گی کہ یہدون اور یعدلون زمانہ حال اور مضارع کو بتلاتا ہے۔ جس کے معنی یہ ہوئے کہ ہمیشہ ایسا ہوتا رہا ہے اور ہوتا رہے گا۔ تو جب تک دنیا قائم ہے۔ اس وقت تک ہمیشہ ایک ہادی باقی رہے گا۔ خواہ غائب ہو یا حاضر۔

## وہ آیات جو ابھی تشنہ تکمیل ہیں

قرآن پاک وہ آخری کتاب ہے جس کے بعد پھر قیامت تک دوسری کتاب نہیں آئے گی۔ اس کی تکمیل کے بعد دین دنیا، معاشرت و اخلاق کے لیے کسی اور دستور کی ضرورت نہیں۔ اس لیے اس میں کچھ تو وہ احکام ہیں کہ جن پر عمل قیامت تک رہیگا اور کچھ ایسے امور ہیں کہ جن کا ظہور اور نفاذ اپنے وقت خاص پر ہو گا۔ اس لیے قرآن میں اس کا محض وعدہ اور اعلان ہے تو جو کتاب قیامت تک کے لیے ہے اگر اس کے بعض اعلانات کا ظہور قرب قیامت میں ہو تو خلاف وعدہ اور اعلان قرآن کے خلاف نہیں سمجھا جائے گا یہ اعلانات کس کے ہاتھوں پر پورے ہوں گے۔ اس کو اسلام کی معتبر احادیث بتلائیں گی بخصوصاً وہ معتبر اور صحیح احادیث جس پر اسلام کے دونوں بڑے فرقوں کا اتفاق ہے۔ قرآن صرف یہ بتلاتا ہے کہ ایسا ہو گا۔ کب اور کس کے ہاتھوں ہو گا۔

Marfat.com

یہ احادیث بتلائیں گی۔ قرآن کا طریقہ ہمیشہ یہی رہا ہے۔ وہ حکم دیتا ہے زکوٰۃ دو کتنی دین کس کو دیں۔ یہ احادیث بتلائیں گی علیٰ ہذا دیگر احکام۔ یہ تنظیم صرف اس لیے ہے کہ دنیا نہ قرآن کو چھوڑے نہ قرآن والوں کو۔

آیات ذیل میں وہ وعدے ہیں جو ابھی تک پورے نہیں ہوئے۔ کیا یہ غلط وعدے ہیں ہرگز نہیں۔ پھر کب پورے ہوں گے تو ان کو وہ احادیث بتلائیں گی جو ہم ان آیات کے بعد تحریر کریں گے۔ (وعدۂ اوّل)

| | |
|---|---|
| ۱۔ ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثھا عبادی الصالحون (انبیاء ۱۰۵) | ہم نے زبور میں ذکر (رسول آخر) کے بعد لکھ دیا ہے کہ زمین کے وارث میرے خاص صالح بندے ہوں گے۔ |

زبور کے وعدہ کا ذکر اس لیے ہے کہ آمد قرآن تک یہ بات پوری نہیں تھی اور بعد قرآن آج تک پوری نہیں ہوئی۔ صالح تو صالح آج تو منکرین خدا اور غیر مسلم وارث زمین بنے ہوئے ہیں۔ زمین تو درکنار خود مسلمانوں کے وارث اور بادشاہ کفار بنے ہوئے ہیں حالانکہ آیت کا طرز و طریقہ گواہی دے رہا ہے کہ ایک وقت ساری زمین کے وارث صرف نیکوکار بندے ہوں گے۔ تو بعد نبی آج تک تو نیکوکاروں کی پوری حکومت ہوئی نہیں۔ اگر ہم چند خلفاء کو راشدین فرض بھی کرلیں تو محض عرب اور ایران کے حصہ پر حکومت کرنے سے وراثت زمین ثابت نہیں ہوتی۔ اور بقول اہل سنت راشدین کے بعد تو صالحین کا وجود ہی عنقا ہے۔ بعد میں جو آئے وہ ظالم اور غاصب تھے۔ لامحالہ یہ زمانہ قرب قیامت میں حکومت امام مہدی کا ہوگا۔ اور وہ اور ان کے مقرر کردہ حاکم سب صالحین ہوں گے اور ساری زمین پر انہیں کا دور دورہ ہوگا۔ (تو ضیح باب احادیث میں ملے گی) اتنا اور واضح کردوں کہ یرثھا۔ صیغہ مضارع ہے جس میں استقبال بھی داخل ہے یعنی آئندہ وارث ہوں گے۔

Marfat.com

# دوسرا وعدہ

(۲) وعد اللّٰہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا یعبدوننی ولا یشرکون بی شیئاً ومن کفر بعد ذالک فاولٓئک ھم الفاسقون (نور ع۷)

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیکیاں پوری بجالائے ہیں ان سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کی اسی طرح خلیفہ بنائے گا، جیسا پہلے لوگوں کو بنایا تھا اور ان کو اس دین پر پوری قدرت دے گا جو اس نے ان کے لیے پسند کیا ہے اور ان کے خوف کو امن سے بدل دیگا وہ میری ہی عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے اور جو اس کے بعد بھی کفر کریں وہ بدکردار ہیں۔

مسلمانوں نے بہت زور لگایا ہے کہ یہ آیتہ خلفاء سابقین کے لیے ہے اور امام رازی کے سارے استدلال کا زور اس بات پر ہے کہ خدا نے فرمایا ہے۔ منکم یعنی تم سے وعدہ ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ خطاب ان لوگوں سے ہے جو زمانہ رسول میں تھے۔ اس لیے صرف ان کو خلافت ملنی چاہیے دوسروں کو نہیں لیکن اگر یہی قاعدہ تبالیا جائے تو کتب علیکم الصیام۔ تم پر روزہ واجب کر دیا گیا۔ یہ خطاب بھی زمانہ رسول کے لوگوں سے کیا جارہا ہے کہ تم پر روزے واجب کر دے۔ تو صرف ان پر روزے واجب تھے۔ انہوں ... کہ لیے ہم کیوں روزے رکیں۔ لکم فی رسول اللّٰہ اسوۃ حسنۃ تم پر رسول اللہ کی پیروی لازم ہے تو زمانہ رسول کے جو لوگ ہیں وہ ان کو نمونہ بنائیں

Marfat.com

ہمارے لیے نمونہ نہ تھے۔ معاذاللہ۔

پھر لطف یہ ہے کہ منکم کے بعد سارے ضمائر اور اشارے غائب کے لیے ہیں ایک بھی حاضر کے لیے نہیں ہیں۔ اسی نے بتلایا کہ اگر وعدہ حاضرین سے تھا تو اس کا پورا ہونا ان پر منحصر ہے جو ابھی نہیں ہیں۔ یعنی تم سے وعدہ ہے۔ ان کے لیے۔ امام رازی صاحب بغیر پس و پیش خلفاء کے لیے آیت چسپاں کرنے کی کوشش کرتے ہیں، خواہ وہ ان پر پوری اترے یا نہ اترے۔

دراصل اس آیتہ کے وعدے آخر زمانہ میں پورے ہوں گے۔ امام مہدیؑ کے جو حالات مسلمانوں کی کتابوں میں بتلائے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ آئینہ کا ایک ایک وعدہ اسی وقت پورا ہوگا۔ ورنہ ابھی تک ایک وعدہ بھی مکمل طور پر پورا نہیں ہوا۔

(۱) جسے پہلے خلیفہ بنائے ان کو اجماع اور شوریٰ نے نہیں بنایا۔ تو جن کو امت نے بنایا۔ ان میں ایک بھی الٰہی نمائندہ یا خلیفہ نہیں تھا۔ وہ ساختہ امت تھے ساختہ خدا نہ تھے اگر یہ کہا جائے کہ جو بن گئے وہ خدا ہی نے بنائے بغیر اس کے حکم کے نہیں بن سکتے تو پھر نمرود و فرعون و شداد اور تمام بادشاہ خدا کے ہی بنائے ہوئے ہیں۔ اس لیے کہ بغیر اس کی مرضی اور حکم کے کوئی نہیں بن سکتا۔ تو اس قول کا قائل کوئی عقلمند نہیں ہو سکتا

(۲) ان کی خاطر دین کا قبضہ سب جگہ زمین پر ہو جائے گا اور دین پسندیدہ مومنین سب پر چھا جائے گا۔ ایسا ابھی تک نہیں ہوا اوروں پر تو یہ دین کیا چھا جائے گا۔ خود مسلمان کے ۷۳ میں سے فقط ایک جنتی۔ باقی جہنمی ہیں۔ تو جو خود کو مسلمان کہتے ہیں۔ ان پہ یہ دین قابو یافتہ نہیں ہوا۔ چہ جائے کہ تمام اہل زمین پر۔

(۳) خوف کے بعد دنیا امن سے بدل جائے گی۔ یہ تو زمانہ خلفاء میں بھی نہیں ہوا مسلمانوں کے سارے زمانے جنگ و فتوحات میں گذرے کیسا امن خود ہی لڑے۔ اور ملکوں کو بھی پامال کیا، لوگوں کو قتل کیا یا زبردستی مسلمان بنایا۔ جس کی وجہ سے ایسے آدھ کچرے مسلمان

Marfat.com

بنے کر ۲،۳ ہیں سے ایک نجات پاسکتا ہے۔ باقی جہنم کی ایندھن بن گئے تو اگر کوئی پھل دار درختوں کو کاٹ کاٹ کر ایندھن بنا دے۔ اور چند گنتی کے پھل دار درخت چھوڑ دے تو یہ امن ہے کہ تباہی۔

۴۔ یعبدوننی ولا یشرکون بی شیئا:

مسلمانوں کے تو تمام فرقے ایک دوسرے کو مشرک اور کافر کہتے رہتے ہیں۔ یہ وعدہ کس دن پورا ہوگا۔ خود آنحضرت نے فرمایا الشرک فیکم اخفی من دبیب النمل (بخاری و مسلم) شرک تم میں چیونٹی کی چال سے زیادہ چھپی چال چل رہا ہے۔ یہ ارشاد بھی نبیؐ نے اپنے زمانہ کے لوگوں سے فرمایا ہے۔ تو جب حیات نبی میں یہ حالت تھی تو بعد نبی تو اور بھی شرک نے پنجے جما لیے ہوں گے۔ اور چیونٹی کی چال نہیں بلکہ گھوڑے کی دوڑ لگائی ہوگی۔ تو اس آیتہ میں جتنے وعدے کیے ہیں وہ آخر زمان میں پورے ہوں گے۔ اسی وقت امن عالم ہوگا۔ اسلام کے سوا دوسرا مذہب نہ ہوگا۔ شرک کا نام و نشان تک نہ ہوگا دنیا امن و امان میں زندگی گذارے گی۔ اب تک تو دنیا میں ہر جگہ اور ہمیشہ ناحق کا غلبہ رہا ہے تو عقل کہتی ہے کہ ایک دن حق کو بھی پورا غلبہ لازم ہے تاکہ اس کا تیسرا وعدہ پورا ہو جائے جو یہ ہے۔

## تیسرا وعدہ

| | |
|---|---|
| (۳) ھوالذی ارسل رسولہ بالھدی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ (توبہ ۹/۵) | وہی وہ ذات ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایتہ اور دین حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ ہر دین پر غالب ہو جائے۔ |

اس آیت میں وعدہ ہے کہ دین اسلام تمام دینوں پر غالب آجائے گا۔ آج تک۔

Marfat.com

تو یہ وعدہ پورا ہوا نہیں ۔ راشدین کے زمانہ میں بھی درجنوں دین دنیا میں پھیلے ہوئے تھے اور آج بھی سیکڑوں پھیلے ہوئے ہیں۔ بعض مسلمان یہ کہتے ہیں کہ ہم دلائل سے غالب ہیں تو یہ اپنے منہ میاں مٹھو بننا ہوا ہر مذہب یہ کہتا ہے کہ ہمارے دلائل قوی ہیں۔ دوسرے کے کمزور ہیں مگر آج کچھ عیسائی مسلمان ہو رہے ہیں تو کچھ مسلمان بھی عیسائی ہو رہے ہیں اور پادری بن رہے ہیں حالانکہ معنی ظہور یہ ہیں کہ جیسے ظہور آفتاب کے وقت سارے ستارے چھپ جاتے ہیں ۔ ظہور اسلام کے وقت سارے دین غائب ہو جائیں ۔ صرف ایک دین رہے ۔ یہ وعدہ صرف آخر زمانہ میں پورا ہوگا۔ ساری دنیا میں صرف ایک دین نظر آئے گا۔ اور دنیا عدل وانصاف سے بھر جائے گی۔ وذالک لایکون الا عند خروج المھدیؑ لا یبقی احد الا دخل فی الاسلام او ادی الخراج (تفسیر کبیر جلد چہارم صفحہ ۲۲۶)

امام فخر الدین رازی وجہ دوئم میں لکھتے ہیں کہ بنابر قول سدی یہ زمانہ مہدیؑ میں ہوگا کہ کوئی شخص ایسا نہیں بچے گا جو یا تو اسلام میں داخل ہو جائے گا یا جزیہ ادا کرے گا۔ اسی دن

## چوتھا اعلان

| | |
|---|---|
| ۴۔ لہ اسلم من فی السموات والارض طوعا او کرھا | کل کائنات اسلام لائے گی خوشی خوشی یا دب کر۔ |

یعنی دنیا میں کوئی غیر مسلم نہیں رہے گا۔

یہ اعلان اور وعدہ آج تک پورا نہیں۔ خدا وعدہ خلافی نہیں کرتا پھر یہ کیسا وعدہ ہے جو نسر منده وفا نہیں ہوا اور پوچھنے والا قرآن کی یہ آیت پڑھ سکتا ہے متی ھذا الوعد ان کنتم صادقین۔ اگر تم سچے ہو تو کس دن یہ وعدہ تو پورا ہوگا۔ یہ صرف عقیدہ وشیعہ ہی بتلا سکتا ہے کہ یہ وعدہ ظہور مہدیؑ پر پورا ہوگا۔ جس دن۔

☆

# پانچواں اعلان

۵۔ واشرقت الارض بنور ربھا (زمر ۳۹ع ۷)۔

تمام زمین اپنے پروردگار کے نور سے جگمگا اٹھے گی اور روحانی ظلمتیں شرک وکفر ونفاق۔ سب ناپید ہو جائیں گے۔

آفتاب باوجود اپنے عظمت کے زمین کے صرف آدھے حصہ کو روشن کرتا ہے یہ نور اس کمال پر ہوگا کہ پورے کرۂ ارض کو منور کردے گا اور زمین کو عدل و داد سے بھردے گا وہ نور خود ایک کتاب مجسم اور کتاب عمل ہوگا اس لیے کتاب ہاتھ سے رکھ دیجائے گی۔ اور انبیاء اور شہدا یہ سب حاضر کئے جائیں گے اور انصاف کے ساتھ اون کے حقوق کا فیصلہ کردیا جائے گا پوری آیتہ اس طرح ہے۔

واشرقت الارض بنور ربھا ووضع الکتاب وجی بالنبیین والشھداء وقضی بینھم بالحق وھم لا یظلمون۔ (زمر ۳۹ع ۷)

تمام زمین اپنے مالک کے نور سے جگمگا اٹھے گی کتاب پیش کردی جائے گی اور انبیاء اور شہدا کو بلایا جائے گا اور حق کے ساتھ معاملہ کیا جائے گا۔ اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

آیتہ بتلاتی ہے کہ یہ میدان قیامت نہ ہوگا، بلکہ اس سے پہلے یہ امور ہوں گے اس لیے کہ قیامت میں تو عام حشر ہوگا۔ یہاں صرف انبیاء اور شہداء جمع ہوں گے۔ اور زمین اپنے مربی اور سبب بقاء کے نور سے جگمگا اٹھے گی۔ اس لیے کہ خدا اس نور کو بدرجہ اتم کامل فرمانے کا اعلان فرما چکا ہے۔ تو کیا انبیاء ناقص تھے۔ ہرگز نہیں لیکن، وجود کمال اور ظہور کمال میں فرق ہے۔ ایک ذات میں کمال موجود ہے۔ مگر اس کا ظہور خاص مواقع پر ہوتا ہے۔ انبیاء ورسل اپنی

Marfat.com

جگہ پر سب کامل تھے۔ مگر ان کے کمالات کی نمود حسب ضرورت امت اور مناسب وقت ہوتی تھی۔ آخر زمانہ چونکہ تکمیل عدل و انصاف کا ہوگا۔ اس لیے قدرت پورے کمال کو نمایاں کر دے گی۔ اگر ہمارے نبی اکرم اپنے پورے کمالات نمایاں فرما دیتے تو آج بجائے خدا ان کی پرستش شروع ہو جاتی آخر زمانہ میں چونکہ یہ خدشہ نہیں رہے گا۔ اس لیے آخری امام کا پورا کمال نمایاں کر دیا جائے گا۔

## چھٹا وعدہ اور اعلان

| | |
|---|---|
| یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھم ویابی اللہ الا ان یتم نورہ ولوکرہ الکافرون۔ (توبہ ۴) | (منافقین کفار) چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ سے بجھا دیں (یعنی دہن یا افواہوں سے بجھا دیں) اور اللہ یہ نہیں چاہتا بلکہ وہ اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا اگرچہ کافر ناراض ہی کیوں نہ ہوں۔ |

یہاں لفظ "اللہ کے نور" نے بتلا دیا کہ ذات خدا مراد نہیں بلکہ وہ نور مراد ہے جو اس کی جانب منسوب ہے ورنہ خدا کا نور اور ذات ہمیشہ کامل اور مکمل ہے اور یہاں فرماتا ہے کہ میں اس کو پورا اور کامل کروں گا۔ تو وہ کامل کرنے والا ہے اور کامل ہونے والا کوئی اور ہے اور جب نور کامل ہو جائے گا تو ظلمت کفر نابود ہو جائے گی یہ صرف آخر زمانہ مہدیؑ میں ہوگا کہ یملاء الارض قسطا وعدلا۔ دنیا انصاف سے لبریز ہو جائے گی۔

## ساتواں اعلان خداوندی

| | |
|---|---|
| قل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا (اسرائیل ۹) | اے نبی کہدو کہ حق آیا اور باطل جاتا رہا یقیناً باطل دفع ہونے والا ہے۔ |

ابتدائے آفرینش آدم سے خاتم تک حق برابر آتا رہا۔ مگر باطل اس سے زیادہ اب بھی موجود ہے۔ خود اسلام میں ۷۳ فرقوں سے ۷۲ فرقے باطل پر ہیں تو باطل گیا کہاں آج تک موجود ہے۔ تو کوئی زمانہ ایسا ہونا ضروری ہے کہ جب باطل کا نام و نشان نہ رہے اور پھر حق کا بول بالا ہو اور یہ صرف اسی وقت ہوگا کہ جب وہ آخری امام اگر دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ اور جب یہ حکم پورا ہوگا۔

| | |
|---|---|
| وقاتلوھم حتی لا تکون فتنۃ ویکون الدین کلہ للہ۔ (انفال ۵/۴) | اتنا قتل کرو کہ فتنہ بالکل باقی نہ رہے اور دین کل کا کل صرف خدا کے لیے ہو جائے۔ |

کیا کوئی مسلمان یہ کہہ سکتا ہے کہ آج تک ایسا ہوا ہے نہ زمانہ خلفاء میں نہ زمانہ حکومت اسلام میں آج تک ایسا نہیں ہوا۔ یہ صرف اسی دن ہوگا جب وہ آخری تاجدار امامت آئے گا۔

اور اسلام کی متفقہ روایات کی بنا پر روئے زمین پر صرف اسلام ہی اسلام ہوگا۔ اور یہ صرف آخری زمانہ میں ہوگا۔ اس لیے کہ اس وقت دلیل و برہان کا وقت گزر چکا ہوگا۔ اور ہدایت کا مرہم شرک کے زخم کو نہیں بھر سکے گا۔ اسی وقت زخمی اعضاء کو کاٹنا حکیم امت کے متعلق ہوگا۔ جو افراد فتنہ و کفر کو قتل کر کے اس اعلان الٰہی کو پورا کرے گا کہ "دین کل خدا کے لیے گا" اور وعدہ الٰہی حرف بہ حرف پورا ہوگا۔ وہی حقیقی فتح اسلام کا دن ہوگا اور یہ وعدہ الٰہی اس دن اس لیے پورا ہوگا۔ جس دن غیر مسلم کا نشان بھی باقی نہیں رہے گا نہ اُن کو مہلت کفر دی جائے گی۔ جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| قل یوم الفتح لا ینفع الذین کفروا ایمانھم ولا ھم ینظرون (سجدہ ۲۹/۳) | اے نبی ان کو بتلا دو کہ فتح کے دن کافروں کا ایمان لانا ان کو نفع نہیں دیگا نہ ان کو اب مہلت دی جائے گی |

Marfat.com

بلکہ ان کو ختم کر دیا جائے گا

حق پوش یہ کہتے ہیں کہ اس آیتہ میں فتح مکہ کو بتلایا ہے۔ یہ غلط ہے یہ عام فتح ہو گی۔ مکہ سے خاص نہ ہو گی۔ نیز فتح مکہ کے دن تمام مشرکین کو ختم کر دیا ہو یہ نہیں ہوا۔ اس دن تو منافقین تک کو پناہ دیدی گئی تھی۔ یہ وعدہ اور اعلان اولاد نبیؐ کے ہاتھوں آخر زمانہ میں پورا ہو گا۔ بلیشک نبی کو یہ حکم دیا گیا کہ جاھد الکفار والمنافقین (توبہ ۹/۱۰) کفار اور منافقین دونوں سے جہاد کرو۔ لیکن آنحضرت نے صرف کفار سے جہاد فرمایا منافقین کو مہلت دی۔ تاریخیں شاہد ہیں کہ منافقین سے صرف حضرت علیؑ نے جنگ فرمائی ہے۔ اسلامی کتب اس ذکر سے لبریز ہیں۔ صرف ایک شاہد پیش کرتے ہیں

| | |
|---|---|
| یا ایھا الناس ان منکم من یقاتل علی تاویل القرآن کما قاتلت علی تاویلہ (حلیۃ الاولیاء۔ ابونعیم۔ جلد اوّل ص۶۷ و اسد الغابہ چہارم جلد ص۳۲) | اے لوگو تم میں سے وہ ہے جو قرآن کے حقیقی مطالب پر جنگ کرے گا۔ جیسے کہ میں نے اس کے نازل ہونے پر جنگ کی ہے۔ |

اسد الغابہ میں صاف ذکر ہے کہ آپ نے فرمایا وہ وہ ہے جو میری نعلین ٹھیک کر رہا ہے۔ حضرت علیؑ اسی وقت نعلین رسول کی مرمت فرما رہے تھے

دوسری حدیث آپ کی جنگ کو اور واضح کرتی ہے۔ ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے ہم کو حکم دیا کہ ہم بیعت توڑنے والوں۔ اور ظالموں اور دین سے نکل جانے والے۔ تین گروہوں سے جنگ کریں، تو ہم نے کہا کہ حضور جنگ کا تو حکم دے رہے ہیں۔ ہم کس کے ساتھ ہو کر جنگ کریں۔ فرمایا کہ علیؑ کے ساتھ جس کے ساتھ عمار قتل ہوں گے۔ (اسد الغابہ ابن اثیر جلد چہارم ص۳۲) اسی مضمون کی تین روایات ابن اثیر نے لکھی ہیں۔ بے شک امیرالمومنینؑ نے ان منافقین امت سے جنگ کی۔ مگر ان کو ختم نہ کر سکے

اور فتنہ باقی رہا جو آخر زمانہ میں ختم ہوجائے گا۔ اور اسی وقت کلی سے مقاتلہ ہوگا۔ اور وہ ختم کردئے جائیں گے اور دین خالص ایک رہ جائے گا۔ باطل نابود بن جائے گا منافقین سے جہاد حضرت علیؑ نے شروع کیا۔ اور جو نبی کو حکم دیا گیا تھا۔ اس کو نبی کے نفس اور ان کے خلیفہ برحق نے پورا کیا۔ نہ آنحضرتؐ کل کافروں کو ختم کر سکے اور نہ امیر المومنینؑ کل منافقوں کو ختم کر سکے وہ اس اولاد رسول کے حصہ میں ہے جو آخر زمانہ میں ظہور فرمائیگا

اس لیے کہ دنیا میں عقلاً صرف تین صورتیں ہو سکتی ہیں۔ یا تو صرف حق اور باطل دونوں عالم میں پائے جائیں۔ جیساکہ زمانہ موجودہ میں ہے۔ یا صرف باطل ہی باطل ہو۔ جب کہ آخر زمان میں ہوگا۔ جس کو احادیث نبویہ بتلا رہی ہیں کہ دنیا ظلم و جور سے بھر جائیگی۔ تب وہ ذات حسب ارشاد نبوی آئے گی جو دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دے گی۔ اور یہ وعدہ الٰہی پورا ہو کر رہے گا کہ جاء الحق وزہق الباطل۔ حق آگیا اور باطل نابود ہوگیا یہ تیسری صورت کہ صرف حق ہی حق ہوگا۔ آخر زمانہ میں پورا ہوگا۔ اس دن کل زمین کے متعلق یہ اعلان ہے کہ اشرقت الارض بنور ربہا۔ (زمر ۳۹ ع ۷)

تمام زمین نور خدا سے جگمگا اٹھے گی اور اسی زمانہ کی قرآن خبر دیتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فیومئذٍ یفرح المومنون | اس دن مومنین اللہ کی مدد سے |
| بنصر اللہ (روم ۳۰ ع ۱) | خوش ہو جائیں گے۔ |

دین ایک ہو جائے گا۔ الٰہی وعدے پورے ہو جائیں گے۔ عباد صالح وارث زمین ہو جائیں گے۔ اسی زمانہ کے لیے خدا اپنے حبیب سے کہتا ہے کہ تم لوگوں کو یاد دلادو وذکرہم بایام اللہ (ابراہیم ۱۴ ع ۱) ان کو خدا کے دن یاد دلادو۔ قدرت کسی شئے کو اپنی جانب نسبت نہیں دیتی۔ جب تک وہ ہمہ تن اس کی نہ ہو جائے۔ ایام اللہ۔ خدا کے دن کا مصداق وہ دن ہوں گے۔ جن دنوں میں دخل کفار و منافقین نہ ہوگا۔ صرف مومنین اور صالحین کا دور دورہ ہوگا

اگر کوئی قوم اس زمانہ کے لیے جلد باری کرے اور اس کو وہ نصیب نہ ہونے کی وجہ سے مایوسی ہو تو اس کا علاج صرف دعائے خیر ہے۔ اسی سے قرآن پاک میں آیا ہے۔

| | |
|---|---|
| قل للذین آمنوا یستغفروا للذین لا یرجون ایام اللہ | اے نبی مومنوں کو حکم دیدو کہ جو لوگ اس زمانہ سے مایوس ہیں اس وقت کی امید نہیں رکھتے ان کے لیے دعائے مغفرت کریں۔ (جاثیہ ۱۴) |

اور جو اس پر یقین رکھتے ہیں ان کے لیے ارشاد خداوندی ہے کہ۔

| | |
|---|---|
| فاستبقوا الخیرات اینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعاً (بقرہ ۲/۱۸) | تم نیکیوں میں ایک دوسرے سے بڑھتے رہو۔ جہاں کہیں بھی تم ہو گے خدا تم سب کو جمع کر دے گا۔ |

یہ آیت قیامت کے لیے نہیں ہے۔ اس دن تو سب نیک و بد جمع ہوں گے اور یہاں ارشاد ہے کہ صرف اہل خیر جمع ہوں گے۔ یہ زمانہ وہی ہو گا جب صالحین وارث زمین ہوں گے۔ فتنہ ختم ہو جائے گا۔ باطل کا نشان نہ رہے گا۔ اسلام ہی اسلام زمین عدل و انصاف سے بھر جائے گی۔

قیامت کے لیے تو صاف یہ حکم ہے۔

| | |
|---|---|
| وحشرناھم فلم نغادر منھم احداً۔ (کہف ۴۷) | ہم ان کو زندہ کر کے اٹھائیں گے اور کسی کو نہیں چھوڑیں گے۔ |

یہی وہ حشر ہے جو قیامت کے دن ہو گا۔ اب اس قدر اور سمجھ لیجیے کہ مذاہب کی دنیا بعض چیزوں کی منتظر ہے۔ قرآن پاک ہی اس کو واضح کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ھل ینظرون الا ان تاتیھم الملائکۃ او یاتی ربک | وہ صرف اس کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس ملائکہ آئیں۔ یا تیرا پروردگار |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| او یاتی بعض آیات ربك یوم یاتی بعض آیات ربك لا ینفع نفسا ایمانها لم تکن آمنت من قبل او کسبت فی ایمانها خیرًا ۔ قل انتظروا انا منتظرون ۔ انعام ۲۰ ؛ | آئے ۔ یا تیرے پروردگار کی کوئی آیت آئے جس دن تیرے پروردگار کی ایک آیت آئے گی تو کسی شخص کو جو پہلے ایمان نہیں لایا یا جس نے اپنے ایمان کے ساتھ کوئی نیکی نہیں کی اس کو اس وقت ایمان لانا نفع نہیں دے گا ۔ اے نبی ان سے کہدو کہ وہ انتظار کریں ہم بھی انتظار (متوقع) کر رہے ہیں ۔ |

۱ ۔ اس آیتہ نے صاف بتلا دیا کہ اس دن نہ تو فرشتے آئیں گے ۔ نہ خدا ۔ بلکہ خدا کی ایک نشانی آئے گی ۔ آپ یہاں یہ نہیں کہہ سکتے کہ آیات جمع ہے اور بعض آیات سے مراد چند آئتیں ہیں اس لیے لفظ بعض بتلاتا ہے کہ چند میں سے صرف ایک مراد ہے جب کہ قرآن پاک میں ہے ۔

| | |
|---|---|
| واذ اسر النبی الی بعض ازواجہ (تحریم ۲۸) | جس وقت نبی نے بعض ازواج سے راز کی بات کہی ۔ |

تو یہاں چند بیویاں مراد نہیں بلکہ صرف ایک بیوی حفصہ بنت عمر مراد ہیں ۔ اسی طرح اس آیتہ میں بعض آیات سے صرف ایک آیت اور ایک نشانی مراد ہے ۔

اس آیتہ مبارکہ میں لفظ بعض "آیات" سے ایک ذات خاص مراد ہے ۔ اس لئے کہ قرآن پاک میں آیتہ سے مراد ذات بھی لی گئی ہے ۔ جیسے حضرت عیسیٰؑ کے متعلق قرآن میں واضح طور ان کو آیت کہا گیا ہے

| | |
|---|---|
| لنجعلك ایة للناس ۔ | ہم تم کو آدمیوں کے لیے ایک نشان بنائیں گے ۔ |

دوسری جگہ حضرت مریمؑ اور حضرت عیسیٰؑ کے لیے فرماتا ہے۔

وجعلنٰھا وابنھا آیۃ للعالمین — ہم نے مریم اور عیسیٰ کو عالموں کے لیے نشانِ قدرت بنا دیا۔

تو اب "یاتی بعض آیات ربک" ہیں

آیۃ سے مراد ایک ہستی انسانی اور ایسا وجود مراد ہے جو نشانِ قدرت بن کر عالم میں آئے گا۔ اس لیے آیات سے مراد اہل بیت نبوت ہیں، اور بعض آیات سے مراد امام زمانہ ہیں۔ جو مثل عیسیٰ ایک آیۃ ہوں گے۔ نیز اس جگہ آیۃ سے قرآن مراد نہیں نہ لوگوں کو تکمیل قرآن کے بعد اس کا انتظار تھا، بلکہ انتظار ایسی ہستی کا ہے۔ جس کی حکومت کا زمانہ (جیسا کہ کتب صحاح و اسلام بتلاتی ہیں) عدل و انصاف کا زمانہ ہوگا اور اس کی آمد پر وہ فتح حاصل ہوگی جو اس وقت تک نہیں ہوئی ہوگی۔ اس لیے کہ ہمیشہ باطل نے حق پر ظاہری فتح پائی ہے۔ اس زمانہ میں بھی باطل حق پر غالب ہے اور پہلے بھی تھا۔ اس لیے عقل کہتی ہے کہ ایک زمانہ ایسا ضرور ہونا چاہیے، جس میں صرف حق کی فتح ہو۔ اور باطل بالکل نابود ہو جائے۔ ان الباطل کان زھوقا۔ یقیناً باطل نابود ہونے والا ہے۔

۳- اس نشانِ قدرت کے بعد جو اس کی قوت دیکھ کر ایمان لائیں گے۔ اس کا ایمان قبول نہ ہوگا۔ اس لیے کہ اس وقت باب توبہ بند ہو جائے گا۔ اور جیسے فرعون کو جبرئیل نے یہ کہہ کر ڈبو دیا تھا۔ الآن وقد عصیت قبل (یونس پ۱۱) اب جان جاتی دیکھ کر ایمان لا رہا ہے۔ اور پہلے نافرمان تھا۔ یہ چونکہ آخری ترین زمانہ ہوگا۔ اس لیے جدید الایمان اور جدید الخیر۔ نئے مومن۔ نئے خیر والے کو مثل فرعون مہلت نہیں دی جائے گی۔ اسی کی توضیح روایات میں امام ناطق صادقؑ نے فرمائی ہے۔

۴- اس آیۃ کے آنے کے وقت کا خدا بھی منتظر ہے اور ہم کو بھی حکم خدا ہے کہ انتظار کریں۔ فانتظروا۔ صیغہ امر ہے اس لیے یہ حکم واجب ہے کہ انتظار کرو۔ اس لیے

Marfat.com

انتظار کرنا عین ثواب اور عین دین ہے اور عبادت ہے اور جس انتظار میں خدا بھی ساتھ ہو اس انتظار کے ثواب کی حد نہیں۔ الحمد للہ کہ فرقہ شیعہ اس آیۃ اللہ کا انتظار کر رہا ہے۔

۵ - ان آیات کی تاویل یعنی اصل معنی و مقصد ابھی حاصل نہیں ہوا۔ جب اس کی تاویل اور حقیقی معنی و مقصد ظاہر ہوگا۔ تب پتہ چلے گا۔ اور آیتہ منہ سے بولے گی کہ واقعہ اس کا مقصد یہی تھا۔ اہل عرفان کو تاویل کا انتظار ہے۔ وہ تاویلیں گھڑتے نہیں۔ نہ آیات کے وہ مطلب بتلاتے ہیں جو آیتہ سے تعلق ہی نہیں رکھتے انہی تاویل سازوں کے متعلق قرآن پاک کہتا ہے۔ بل کذبوا بما لم یحیطوا بعلمہ ولما یاتہم تاویلہ (یونس پ۱۱) بلکہ یہ تو جس چیز کا ان کو علم نہیں ہوا تھا اس کو جھٹلانے لگے۔ ان کو ابھی اس کا حقیقی مطلب اور تاویل معلوم ہی نہیں ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ جو آیات امام زمانہ کے لیے تھیں۔ جب ان کا علم اور تاویل ان تک نہیں پہنچی تو ان نافہموں نے جھٹلانا شروع کر دیا یا خود تاویلیں گھڑ کر اٹکل پچو باتیں کرنے لگے۔ ہم اس تاویل اور حقیقی مصداق کا انتظار کر رہے ہیں۔ اور جن کے پیش نظر وہ تاویل نہیں وہ اس آیت کے مصداق ہیں

ھل ینظرون الا تاویلہ یوم یاتی تاویلہ یقول الذین نسوہ من قبل لقد جاءت رسل ربنا بالحق (اعراف پ۸) کیا وہ لوگ اس کی تاویل (یعنی حقیقی مقصد اور مقصود خدا) کا انتظار کر رہے ہیں۔ جس دن اس کا مقصد اصلی نمایاں ہوگا تو جو لوگ، اس کی تاویل کو اس کے پہلے بھول گئے تھے وہ کہنے لگ جائیں گے کہ ہمارے خدا کے رسول حق بات لے کر آئے تھے۔ اب اس مقصود آیتہ کے آنے کے بعد آخر زمانہ میں نہ مہلت دی جائے گی۔ نہ ایمان مفید ہوگا۔ نہ زمین پر فتنہ گر اور ظالم اور بے ایمانوں کا وجود رکھا جائے گا۔ انتظار صرف اس بات کا ہے۔ کہ کافروں میں سے مومن پیدا ہو کر جدا ہو جائیں۔ تب وہ ذات آئے گی جو شمشیر بدست ہوگی۔ ائمہ اہلبیت ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ مومنین خدا کی امانتیں ہیں جو کافروں اور منافقوں کی پشتوں اور نسلوں

Marfat.com

میں باقی ہیں اور ہمارا آخری اس وقت تک نہیں آئے گا جب تک یہ امانتیں پیدا ہو کر ان پشتوں سے نکل نہ آئیں ۔جب وہ پشتوں سے نکل آئیں گی تب کفار و مشرکین کو مہلت نہ دی جائے گی بلکہ ان کو فنا کر دیا جائے گا ۔ واقعہ حضرت نوح میں اس کی مثال موجود ہے ۔ حضرت نوح نے علم نبوت کی وجہ سے حضرت باری سے عرض کیا تھا ۔ رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا انک ان تذرھم یضلوا عبادک ولا یلدوا الا فاجرا کفارا (نوح پ۲۹) خداوندا ساری زمین پر کافروں کی ایک بستی نہ چھوڑ اگر تو نے ان کو چھوڑ دیا تو تیرے بندوں کو گمراہ کرتے رہیں گے ۔ اور اب ان سے صرف گنہ گار اور کافر پیدا ہوں گے خدا نے حضرت نوح کی تصدیق کی اور سب پر ایسا عذاب نازل کیا کہ صرف وہ بچ گئے جو کشتی نوح پر سوار تھے باقی سب ڈوب گئے ۔ اسی طرح سے آخر زمانہ میں جب نوح جیسا زمانہ آجائے گا ۔ تو پھر وہ امام تلوار لے کر آئے گا ۔ اور سوائے کشتی اہلبیت میں سوار ہونے والوں کے روئے زمین پر کوئی نہ چھوڑا جائے گا سب تلوار کے دھارے میں ڈبو دئے جائیں گے ۔ یہی سنت الٰہیہ اور مطابق عقل ہے ۔ بادام پستہ اخروٹ وغیرہ کی جب تک گری پک نہ جائے چھلکے کی حفاظت کی جاتی ہے ۔ جب پک جائے تو گری اور مغز نکال کر چھلکا جلا دیتے ہیں ۔ اسی طرح جب درختوں پر پھل آنے بند ہو جائیں تو پھر کٹوا کر جلا دیتے ہیں ۔ دانہ نکل آئے تو بھوسہ جلا دیتے ہیں یا جانور کو دیتے ہیں ۔ گنے کا رس نکل آئے تو چھلکا جلا دیا جاتا ہے ۔ اسی کو قرآن مجید واضح کرتا ہے ۔

لو تزیلوا لعذبنا الذین کفروا منھم عذابا الیما (فتح پ۲۶)

اگر وہ جدا ہو جائیں گے تو جو کافر رہ گئے ہیں ہم ان پر دردناک عذاب نازل کریں گے یعنی جب مومن کفار کی پشتوں سے پیدا ہو کر عالم وجود میں آجائیں گے تو ہم پھر عذاب میں دیر نہیں لگائیں گے ۔ ہزاروں مثالیں موجود ہیں کہ کفار کی نسلوں سے مسلمان پیدا

ہوئے ہیں۔ جب یہ پیدائش بند ہو جائے گی۔ تب آخری امام تلوار کے ساتھ ظاہر ہوں گے اور جب تک پیدائش مومنین کا یہ سلسلہ رہے گا عذاب نہیں آئے گا۔ قرآن پھر واضح فرماتا ہے۔ لئن اخرنا عنہم العذاب الی امۃ معدودۃ (ھود ۱/۱) ہم ان کے عذاب میں ایک گنے ہوئے اور شمار کردہ گروہ تک دیر لگائیں گے اور جس وقت بحکم خدا وہ ظاہر ہوں گے اس وقت کا نقشہ قرآن پاک ان الفاظ میں پیش کرتا ہے۔

حتی اذا راوا ما یوعدون فسیعلمون من اضعف ناصرا

واقل عددا قل ان ادری اقریب ما توعدون ام یجعل

لہ ربی امدا (جن ۲/۲) اس حد تک جب لوگ اس چیز کو دیکھیں گے جس کا وعدہ کیا گیا ہے۔ اس وقت ان کو پتہ چل جائے گا کہ کون مددگاروں کی حیثیت سے کمزور ہے اور کون شمار میں کم ہے۔ اے نبی بتلا دو کہ میں نہیں بتلا سکتا کہ جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا خدا نے اس کی مدت دراز کر دی ہے۔

اس آیت نے صاف بتلا دیا کہ کوئی شے موعود ہے اور اس کا آنا لازمی ہے مگر اس کا وقت معین نہیں۔ بہت سی اقوام ایک آنے والے کی منتظر ہیں۔ مگر ان کے ہاں بھی کوئی وقت معین نہیں۔ اسلام بھی منتظر ہے۔ اور اسی انتظار کا حکم خدا نے دیا ہے اب ہم بقیہ آیات قرآنی احادیث کے ضمن میں لکھیں گے۔

٭ احادیث صحاح (بخاری) (۱) متعلق امام مہدیؑ ٭

بخاری: علامہ بخاری کی عادت ہے کہ جو منقبت یا روایت اہلبیت کے متعلق ہے۔ اس سے دور بھاگتے ہیں یا مجبوراً ان روایات کو توڑ مروڑ کر لکھتے ہیں کہ جو بہت زیادہ مشہور ہیں۔ اور جن کا انکار ممکن نہیں۔ مگر ان کا بھی پوسٹ مارٹم کر کے ایسا کم کرتے ہیں کہ مطلب صاف نہ نکل سکے بہرحال وہ اس امامؑ کے متعلق صرف اتنا لکھتے ہیں۔

۱۔ کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم۔ (بخاری جلد دوم ص۴۷۹)

کیا ہوگا۔ اسی وقت جب تم میں ابن مریم نازل ہوں گے اور تمہارا امام جو تم میں سے ہوگا یعنی حضرت عیسیٰ کے علاوہ ایک امام مسلمانوں میں سے آئے گا۔ انہوں نے ۲۶۱ھ میں وفات پائی۔ یعنی تیسری صدی میں اور ان کی کتاب اسلام میں معتبر ترین مانی گئی ہے۔ بہرحال اس روایت سے اتنا تو پتہ چل گیا کہ مسلمانوں میں سے ایک امام آئے گا اور وہ امام مہدی کے علاوہ دوسرا نہیں ہو سکتا۔ (مسلم) (۲)

۱۔ یکون فی آخر امتی خلیفۃ یحثی المال حثاً لا یعدہ عدداً

(مسلم حصہ چہارم ص۳۲ )

اسی امت کے آخر میں ایک ایسا خلیفہ ہوگا جو ہاتھ بھر بھر کر مال دے گا اور اس کو شمار نہیں کرے گا۔

۲۔ دوسری روایت اسی مضمون کی ص۲۲۱ پر ہے خلفاء وقت کے خوف سے خلیفہ کا نام نہیں لیا۔ بہرحال ایک خلیفہ ہونا تو ثابت ہو گیا کون ہوگا دوسری کتب صحاح بتلا دیں گی۔ مسلم نے ۲۶۱ھ میں وفات پائی۔ یہ تیسری صدی کے محدث ہیں اور ان کی کتاب اسلام میں مسلّم ہے۔

## صحیح ترمذی نمبر(۳)

(حدیث ترمذی باب المہدی جلد نہم ص۷۴) آنحضرتؐ نے فرمایا کہ دنیا ختم نہ ہوگی جب تک عرب کا مالک میرے اہلبیت میں سے نہ ہوگا۔ اس کا نام میرے نام کے موافق اور مطابق ہوگا۔ یہ حدیث صحیح اور معتبر ہے یہاں یہ امر بھی قابل غور ہے کہ لفظ ہے اہل بیتی۔ میرے اہلبیت اگر یہاں مراد نبیؐ کے گھر والے ہیں تو آخر زمانہ میں تو نبی کا کوئی گھر کہیں نہ ہوگا۔ نہ مکہ میں نشان رہے گا نہ مدینہ میں تو مراد گھر والے نہیں بلکہ کنبہ اور نسل مراد ہے۔

Marfat.com

۲۔ قال النبی۔ اگر دنیا میں صرف ایک ہی دن باقی رہ جائے گا تو خداوند عالم اس کو اس قدر دراز کرے گا اور بڑھائے گا کہ میرے اہلبیت میں سے ایک مرد جو میرا ہمنام ہوگا۔ حکومت کرے گا۔ یہ حدیث بھی حسن اور صحیح ہے۔

۳۔ میری امت میں مہدیؑ ہوگا جو ظاہر ہوگا اور پانچ یا سات یا نو سال تک رہے گا اور جب اس کے پاس آکر کوئی کہے گا کہ اے مہدی دیجئے تو وہ اس قدر دیں گے۔ جس قدر وہ کپڑے میں اٹھا سکے گا۔

اس روایت میں دو لفظ قابل غور ہیں۔ اہل سنت میں بعض یہ کہتے ہیں کہ وہ پیدا ہوگا۔ مگر روایت میں (لفظ یولد) پیدا ہوگا نہیں ہے۔ بلکہ یخرج یعنی موجود ہوگا اور اس موقع پر ظاہر ہوگا۔ دوسرے پانچ سات۔ نو سال (مختلف حسابوں سے) یہ شمار بتلاتا ہے کہ اسی وقت پیدا نہیں ہوں گے ورنہ وہ پانچ یا ۹ سال کی عمر کے نہیں ہوں گے بلکہ پوری عمر کے ہوں گے۔ ابو عیسیٰ کہتے ہیں کہ یہ روایت حسن ہے۔ اور دوسری طرح بھی یہی روایت مذکور ہوئی ہے۔

## شارح ترمذی

امام ابن العربی مالکی نے ترمذی مطبوعہ ۱۳۵۲ھ کی شرح اسی کتاب میں لکھی ہے وہ کہتے ہیں (ترمذی جلد نہم صلاہ) (۱) عیسیٰ ابن مریم آسمان سے نازل ہوں گے اور وہ جسمانی حیثیت سے آسمان پر زندہ ہیں جیسا کہ میں نے تفسیر اور کتاب سراج المریدین میں لکھا ہے۔

۲۔ ابن العربی نے امامکم منکم کی ایک تفسیر یہ کی ہے کہ وہ امام مسلمانوں میں سے اور قریش سے ہوگا اور وہ مہدی ہوگا۔ اس کی دلیل میں صحیح ترمذی کی مذکورہ روایات لکھی ہیں۔ اور ابوداؤد کی روایات سے اس کی توضیح کی ہے۔ جس کو ہم ابوداؤد کی صحیح

سے لکھیں گے۔

اس کے بعد وہ لکھتے ہیں کہ ابو عیسیٰ نے ثوبان سے روایتہ کی ہے کہ میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر رہے گا۔ اور غالب (بوجہ حق) رہے گا۔ قیامت تک تو حضرت عیسیٰ ابن مریم نازل ہوں گے تو مسلمانوں کا امیر کہے گا کہ آیئے اور نماز پڑھایئے تو وہ کہیں گے کہ نہیں میں نہیں پڑھاؤں گا۔ اس لیے کہ آپ میں سے ایک دوسروں پر امیر ہے اس امتہ کی عزت کی وجہ سے حضرت عیسیٰ نماز نہیں پڑھائیں گے بلکہ امام مہدیؑ پڑھائیں گے جیساکہ روایتہ میں ہے کہ آپ مسلمانوں کے امام کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ دین محمدی اور ان کی شریعت کے تابع ہوں گے۔ پھر ابن العزلی لکھتے ہیں کہ بعض روایات میں عیسیٰ کو مہدی کہا گیا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ہمنام ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ دوسرا بھی مہدی نہ ہو۔

(انہوں نے ۵۴۳ھ میں وفات پائی)

## صحیح ابوداؤد نمبر (۴)

کتاب المھدی حدیث ۴۲۸۲۔ دسنن ابوداؤد جزو چہارم ص ۱۰۶

لولم یبق من الدنیا الا یوم وقال زائدۃ فی حدیثہ لطول اللہ ذالک الیوم (ثم اتفقوا) حتی یبعث اللہ فیہ رجلاً منی او من اھل بیتی یواطی اسمہ اسمی واسم ابیہ اسم ابی ادزاد فی حدیث فطر) ویملاء الارض قسطاً وعدلاً کما ملئت ظلماً وجوراً۔

حضرت نے فرمایا کہ اگر دنیا میں صرف ایک دن باقی رہ جائے (یہاں زائدہ نے اپنی حدیث میں اتنا اور لکھا ہے) تو اللہ اس دن کو بڑھا دے گا (پھر رواۃ بالاتفاق بیان

Marfat.com

کرتے ہیں) یہاں تک کہ اللہ اس دن ایک شخص جو مجھ سے ہے یا مرے اہلبیت سے مبعوث کرے گا اور بھیج دیگا وہ میرا ہمنام ہوگا اور اس کے والد کا نام میرے والد کے ہمنام ہوگا (اب حدیث قطر میں یہ فقرہ اور زائد ہے) کہ وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ جیسا کہ وہ ظلم سے لبریز ہوئی تھی۔

۲۔ اس کے بعد دوسری حدیث (نمبر ۴۲۸۳) بھی اسی مضمون کی ہے۔

۳۔ تیسری حدیث حضرت ام سلمہ ام المومنین سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہؐ سے سنا کہ وہ حضرت فرماتے تھے کہ مہدی میری اولاد میں اولاد فاطمہؑ سے ہوگا

حدیث نمبر ۴۲۸۴ و نمبر ۴۲۸۵) ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مہدیؑ مجھ میں سے ہے (میری نسل سے) کھلی پیشانی ستواں ناک والا ہوگا اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ جیسا کہ ظلم و جور سے بھری تھی۔

۵۔ پانچویں حدیث بھی تقریباً اسی مضمون کی ہے۔ اس میں صرف اس قدر زیادہ ہے کہ اس کے مقابلہ کے لیے ایک لشکر شام سے آئے گا اور وہ مکہ مدینہ کے درمیان دھنس جائے گا۔ یہ دیکھ کر شام کے لوگ بھی کعبہ میں رکن اور مقام کے درمیان بیعت کریں گے وہ سنت نبوی پر عمل کرے گا اور اسلام اس دن سکون حاصل کرے گا۔ (خلاصہ)

۶۔ قتادہ سے بھی اسی قسم کی روایت ہے۔

۷۔ حدیث معاذ اور ام مسلمہ بھی تقریباً اسی مضمون کی ہے۔

۸۔ اس حدیث میں بھی لشکر شام کے زمین میں دھنس جانے کا ذکر ہے۔

۹۔ ایک اور حدیث میں بھی ایسے شخص کے ظہور کو لکھا ہے۔ جو خلق میں نبی کا مشابہ ہوگا۔ اب ایسی معتبر صحیح کے بعد انکار سوائے ہٹ دھرمی کے اور کچھ نہیں ہے۔ اور انکار صرف آل محمدؐ کی دشمنی اور ان کو نظر انداز کرنے کی وجہ سے ہے۔ ورنہ اور کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی (ابوداؤد نے ۲۷۵ھ میں وفات پائی)

Marfat.com

# صحیح ابن ماجہ نمبر (۵)

۱۔ رسول اللہ فرماتے ہیں کہ اہل عرب کا امام ایک مرد صالح ہو گا۔ جب وہ نماز صبح کے لیے آگے بڑھیگا تو حضرت عیسٰیؑ نازل ہوں گے اور مسلمانوں کے امام پیچھے ہٹیں گے تاکہ حضرت عیسٰیؑ نماز پڑھائیں تو حضرت عیسٰیؑ ان کی پشت پر ہاتھ رکھ کر کہیں گے کہ تم آگے بڑھ کر نماز پڑھاؤ۔ یہ نماز تمہارے ہی لیے قائم کی گئی ہے

(سنن ابن ماجہ جلد دوئم صفحہ ۵۱۴) ۔

۲۔ آنحضرت نے فرمایا کہ ہم اہل بیت ہیں ہمارے لیے اللہ نے دنیا کے مقابلہ میں آخرت کو پسند کیا ہے۔ اور یہ میرے اہلبیت عنقریب میرے بعد بلا و امتحان میں مبتلا ہوں گے۔ اور لوگ ان کی اطاعت نہیں کریں گے اور ان کو پراگندہ کیا جائے گا مشرق کی ایک قوم لڑکر فتح پائے گی اور وہ کچھ نہیں سنیں گے جب تک حکومت میرے اہل بیت میں سے ایک آدمی کو نہ دیدیں گے۔ جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔ جیسا کہ ظلم وجور سے بھری تھی۔

(ابن ماجہ جلد سوئم صفحہ ۵۱۸) (خلاصہ روایتہ

(۳) میری امت میں مہدی ہو گا کم از کم سات سال ورنہ ۹ سال حکومت کرے گا۔ میری امت وہ نعمتیں حاصل کرے گی جو پہلے نصیب نہیں ہوئیں۔ ایک آدمی اٹھ کر یہ کہے گا کہ اے مہدی مجھ کو دیجیے تو وہ کہیں گے کہ لو۔ (خلاصہ روایتہ)

ابن ماجہ جلد دوئم صفحہ ۵۱۸ ۔

(۴) خلاصہ روایت۔ جس وقت وہ فتح کرے گا تو تم اس کی بیعت کر لینا اس لیے کہ وہ خدا کا خلیفہ مہدیؑ ہے (ابن ماجہ جلد دوئم صفحہ ۵۱۹)

(۵) مہدی ہم اہل بیت میں سے ہے۔ (ابن ماجہ جلد دوئم صفحہ ۵۱۹ طبع مصر)

Marfat.com

۶۔ سعید بن مسیب ام سلمہ ام المومنین سے راوی ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا ہے کہ مہدی اولاد فاطمہ سے ہوگا۔

۷۔ رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ ہم اولاد عبدالمطلب اہل جنت کے سردار ہیں ہیں اور حمزہ اور علیؑ اور جعفرؑ اور حسنؑ اور حسینؑ اور مہدیؑ (ابن ماجہ جلد دوئم ص ۵۱۹)

۸۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مشرق کے لوگ اٹھیں گے اور مہدی کے لیے حکومت قائم کریں گے۔ (سنن ابن ماجہ جلد دوئم ص ۵۱۹) ابن ماجہ نے ۲۷۳ھ میں وفات پائی ہے مسلمانوں میں چھ کتابیں صحاح ستہ کہلاتی ہیں۔ یعنی صحیح احادیث کی چھ کتابوں میں پانچ پر اتفاق ہے چھ پر اختلاف ہے۔ زیادہ اہل علم صحیح نسائی کو مانتے ہیں اور کچھ دار قطنی کو بہر حال اتنی معتبر کتابوں کے بعد اگر کوئی جاہل حدیث امام مہدیؑ کا انکار کر دے تو سمجھ لیجیے کہ وہ خود مہدی بن جانے کا ارادہ کر رہا ہے۔ یا اتنی معتبر رواۃ کو جھوٹا مان رہا ہے اور ان صحاح والوں کو احمق سمجھ رہا ہے۔

(مسند احمد بن حنبل) ان کتب کے بعد سب سے زیادہ معتبر کتاب مسند احمد حنبل ہے۔ ان کے ماننے والے حنبلی کہلاتے ہیں۔ اور آج کل نجدی انہیں کے جانب منسوب ہیں اور حنبلی کہلانا شاید پسند نہ کرتے ہوں۔ بہر حال اس مسند کا خلاصہ ہم تحریر کر کے باب احادیث بند کرتے ہیں۔ ورنہ دیگر درجنوں کتابوں میں علمائے اسلام اور راویوں نے امام مہدیؑ کے لیے روایات لکھے ہیں۔

## مسند احمد بن حنبل (خلاصہ)

انہوں نے ۲۴۱ھ میں وفات پائی۔ اس حساب سے یہ تیسری صدی کے محدث ہیں اور بخاری سے پہلے مسند کو جمع کر چکے ہیں (خلاصہ روایات) جلد اول۔ مسند احمد بن حنبل۔

Marfat.com

(۱) نبی ارشاد فرماتے ہیں کہ مہدی ہم اہل بیت سے ہیں۔ اللہ ایک رات میں ان کے لیے بہتری پیدا کر دے گا۔

(۲) رسول اللہ فرماتے ہیں کہ اگر دنیا میں صرف ایک دن باقی رہ جائے گا تو خدا ہم میں سے ایک آدمی بھیج دے گا جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسے ظلم و ستم سے بھری ہے (مسند طبع مصر ص ۹۹)

(۳) دنیا ختم نہ ہوگی جب تک عرب کا مالک میرے اہلبیت میں سے میرا ہمنام نہ ہوگا۔ (مسند ص ۳۷۶)

(۴) یہی روایت دوسرے راوی سے منقول ہے (مسند ص ۴۴۸)

(۵) جلد سوم مسند۔ قیامت قائم نہ ہوگی جب تک میرے اہلبیت میں سے ایک شخص مالک (زمین) نہ ہوگا۔ وہ زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسا کہ پہلے ظلم سے بھری تھی (مسند ص ۱۷)

(۶) میری امت میں مہدی ہوگا۔ سات آٹھ یا نو سال رہے گا۔ زمین کو عدل و انصاف سے لبریز کر دے گا۔ (مسند ص ۲۷)

(۸) ابو سعید خدری سے مثل حدیث نمبر (۷) ص ۲۶ مسند

(۹) آنحضرت ؐ نے فرمایا میں تم کو مہدی کی بشارت دیتا ہوں جو آدمیوں کے اختلاف اور ان میں تزلزل کے بعد ظاہر ہوگا زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیگا جیسا کہ وہ ظلم و جور سے بھری تھی۔ اس سے زمین و آسمان کے باشندے رضامند ہو جائیں گے خوب مال عطا کریگا (مسند ص ۳۷)

(۱۰) مثل حدیث نمبر (۷) مسند ص ۲۸)

مسند حنبلی معتبر اور قدیم کتاب ہے کی ان روایات کے بعد محض متعصب اور دشمن اہلبیت ہی اس نفس قدسیہ کا انکار کر سکتا ہے

Marfat.com

# دیگر کتب

ہم نے صرف مشہور کتب کی روایات لکھی ہیں۔ ورنہ سینکڑوں جگہ کتب میں ان کا ذکر ہے۔ جن کو مفصل حالات کا شوق ہو وہ ان مشہور کتب کی طرف رجوع کریں یہ سب کتب اہل سنت ہیں

۱۔ ینابیع المودۃ علامہ قندوزی طبع قسطنطنیہ ملاحظہ فرمائیں صا۴۲

(۲) ارجح المطالب۔ مطبوعہ لاہور۔ مولفہ مولوی عبید اللہ بسمل ص۶۵۴

(۳) مشارق الانوار۔ علامہ حمزاوی طبع مصر ص۱۵۱

(۴) اسعاف الراغبین علامہ شیخ محمد الصبان طبع مصر ص۱۵۱

(۵) منصب امامت محمد اسماعیل شہید (فی الجہاد) ص۹۴

(۶) وسیلہ النجات۔ علامہ زمانہ ملا مبین فرنگی محلی ص۱۵

(۷) تشریف البشر مطبوعہ آگرہ سنہ ۱۳ھ ص۳۵

(۸) مطالب السئول۔ ابن طلحہ شافعی ص۲۹۳

(۹) شواہد النبوہ۔ مولانا عبد الرحمن جامی ص۲۵۱

(۱۰) "تاریخ آل محمد۔ قاضی زنگہ زوری۔ آقائے بہلول بھجت آفندی ص۱۳۷

(۱۱) دراسات اللبیب۔ ملا معین۔ الشہید السندی ص۹۱

(۱۲) جمع الفوائد۔ اس میں ۱۴ اصحاح اور مسندوں کا خلاصہ ہے۔ جلد دوم ص۲۹۱

(۱۳) ہدیۃ المہدی ؛ امام اہل حدیث علامہ وحید الزماں "ہدایۃ المہدی مقدمہ ظہور صاحب الزماں" (تحریر ٹائیٹل پیج) اشارات برائے امام زمانہ ص۳ ص۱۰۳ و ص۱۱۹ اور ان کے اسم مبارک کا ذکر۔

(۱۴) شرح فقہ اکبر ملا علی قاری طبع مصر ص۹۲

Marfat.com

(۱۵) نورالابصار۔ علامہ شبلنجی طبع مصر ص ۱۸۵ ۔

(۱۶) مستدرک حاکم۔ طبع حیدرآباد جلد چہارم ص ۵۵۷

(۱۷) الیواقیت والجواہر۔ علامہ شعرانی جلد دوئم۔ طبع مصر ص ۱۴۲

(۱۸) جامع الصغیر۔ سیوطی۔ جلد دوئم طبع مصر ص ۱۵۵

(۱۹) کتاب المہدی۔ عن ابی نعیم۔ اس کا ذکر جامع صغیر میں جلد دوئم ص ۱۵۸ پر ہے۔

(۲۰) روح البیان پر سیدی جزء ۱۳۔ ص ۳۴۶ ۔

(۲۱) صواعق محرقہ۔ ابن حجر ہیتمی مکی۔ طبع مصر ص ۹۷۔ مدح اور ذکر مہدیؑ میں روایات جمع کی ہیں اور بہت مفصل ذکر کیا ہے۔

(۲۲) کنزالعمال۔ جلد پنجم ص ۲۱۸ ۔

(۲۳) تذکرہ خواص الامۃ۔ عبدالرحمن ابن جوزی۔ طبع طہران ص ۲۰۴ ۔

(۲۴) المہدی الی ماورد فی المہدی۔ ابن طولون مورخ دمشق۔ اس کا ذکر شذرات الذہب ابن طولون نے شذرات الذہب نے بھی روایتہ کی ہے۔

(۲۵) البیان فی ذکر صاحب الزمان۔ علامہ گنجی (موجود کتب خانہ) اس میں دلائل غیبت اور وجود امام ہیں

(۲۶) اتحاف علامہ شبراوی طبع مصر۔ ص ۶۲ ص ۶۹ ۔

(۲۷) کشف المخفی فی مناقب المہدی۔ ذکرہ صاحب البیان علامہ گنجی شافعی ص ۱۴۳ ۔

(۲۸) فصل الخطاب۔ علامہ خواجہ محمد پارسا۔ اس کا ذکر صاحب ینابیع المودۃ علامہ قندوزی طبع قسطنطنیہ مفصل ص ۳۸۶ پر کیا ہے۔

(۲۹) کتاب الجنۃ۔ عن ہاشم ابن سلیمان۔ نقلہ صاحب ینابیع المودۃ ص ۴۲۱

Marfat.com

# ضروری نگارش

بارہویں امام کے زمانہ میں حکومت نے اور ان کے سیاسی شعیدہ بازوں نے اور مخالفین آئمہ اثنا عشر نے۔ اور بعد والے مدعیان امامت نے یہ پروپیگنڈہ کیا کہ امام حسن عسکریؑ کے کوئی اولاد نہ تھی۔ اس لیے بارہؑ کا سلسلہ ناتمام رہا۔ اور غیبت بھی نہیں ہوئی۔ جب اولاد ہی نہ تھی تو پھر سوال غیبت بھی نہیں رہے گا۔ مگر یہ دروغ اہل تاریخ و سیر کی نظر میں فروغ نہ پاسکا۔ اور سوائے جاہلان تاریخ و سیر اہل انصاف و فکر کی نظر میں اس کی کوئی وقعت نہیں رہی۔ ہم یہاں چند کتب کے حوالہ پیش کرتے ہیں۔ جس سے اس جھوٹ کا پول کھل جائے گا۔ امام حسن عسکریؑ کے فرزند پیدا ہوتے کا حسب ذیل کتب میں تذکرہ موجود ہے۔

(۱) صواعق محرقہ۔ ابن حجر مکی۔ طبع مصر۔ صـ۹ـ۔

(۲) تاریخ خمیس۔ دیار بکری۔ مطبع مصر۔ صـ۳۲۱ـ۔

(۳) ینابیع المودۃ۔ علامہ قندوزی۔ طبع استنبول۔ صـ۳۶۶ـ و صـ۴۵۲ـ۔

(۴) روایۃ السدیب و الیقین المانع لاتحاد المسلمین۔ طبع اسکندریہ مصر۔ مؤلفہ کاظم المیلانی۔ امام حسن عسکریؑ نے سوائے اپنے فرزند ابی القاسم محمدؑ اور کوئی فرزند نہیں چھوڑا۔

(۵) تاریخ ابی الفداء۔ جزء دوئم صـ۴۹ـ امام عسکریؑ کے فرزند محمدؑ منتظر ہیں۔

(۶) اتحاف بحب الاشراف۔ علامہ شبرادی طبع مصر صـ۱۷۹ـ۔

(۷) روایح المصطفیٰ۔ صدر الدین حنفی۔ طبع کانپور صـ۱۷۲ـ۔ آپ کے اولاد میں صرف ابوالقاسم محمد تھے۔

(۸) تاریخ ابن خلکان۔ جلد اول طبع مصر صـ۴۵۲ـ و جلد ثالث صـ۳۱۶ـ۔

Marfat.com

(۹) شواہد النبوۃ - ملا جامی - طبع ہند صہ ۲۹۳

(۱۰) مطالب السئول - محمد ابن طلحہ شافعی - طبع ہند صہ ۲۹۳

(۱۱) کنز المصائب (یہ کتاب ۱۲۷۰ھ میں حسب فرمائش آغا خاں وقت لکھی گئی)
صہ ۶۰۸ ابن الحسن العسکری

(۱۲) اسعاف الراغبین - علامہ صبان - طبع مصر صہ ۱۳۹ - پورا شجرہ تحریر کیا ہے۔

(۱۳) الیواقیت والجواہر - علامہ شعرانی - جلد دوئم صہ ۱۴۳ - محمد ابن حسن عسکری ہیں۔

(۱۴) فصول المہمہ ابن صباغ مالکی صہ ۳۰۸۔

(۱۵) شذرات الذہب در ذکر آئمہ اثنا عشر - آخر کتاب میں مصنف نے خود ایک قصیدہ لکھا ہے۔ ان کا نام مورخ دمشق محمد ابن طولون ہے۔ اس قصیدہ میں ائمہ اثنا عشر کا ذکر کیا ہے اور فرزند امام حسن عسکری لکھا ہے۔ (شذرات الذہب طبع بیروت ابن طولون حنفی صہ ۱۱۸)

(۱۶) تذکرہ خواص الامۃ - عبد الرحمن ابن جوزی صہ ۲۰۴۔

(۱۷) علامہ حصکفی نے اپنے قصیدہ میں آپ کا ذکر کیا ہے۔ (شذرات الذہب ابن طولون طبع بیروت صہ ۱۱۲)۔

(۱۸) روضۃ المناظر - ابن شحنہ حنفی طبع مصر - برحاشیہ تاریخ کامل جلد یازدہم صہ ۱۵۹ در حاشیہ مروج الذہب صہ ۲۹۴۔

(۱۹) تاریخ ابن الوردی - اس کا ذکر - (نور الابصار شبلنجی طبع مصر صہ ۱۸۶) میں ہے

(۲۰) فصل الخطاب علامہ محمد پارسا بخاری - ان کی تحریر ینابیع المودۃ طبع قسطنطنیہ میں صہ ۳۸۶ پر موجود ہے

ہم یہاں ان چند حوالوں پر اکتفا کرتے ہیں یہ تمام وہ کتب ہیں کہ جن میں امام دوازدھم کی ولادت کا حال تو تحریر ہے - لیکن وفات کا حال کسی کتاب میں نہیں ملتا۔

Marfat.com

حالانکہ دیگر ائمہ اہل بیتؑ کے سنہ وفات سب نے لکھے ہیں۔ مگر اس امام کا سنہ وفات نہیں ملتا۔ اس سے آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہ ذات منتظر موجود اور زندہ ہے۔ اور یہ اسی کا تصرف روحانی ہے کہ ان میں سے کسی کو جرأت تحریر سنہ وفات نہیں ہوئی۔ اب اگر ایک آدھ روایتہ کوئی تخمینی طور پر لکھ دے تو وہ قابل توجہ نہیں

## وجود حجتہ خدا ہر زمانہ میں ضروری ہے

ہم پیشتر آیات قرآن پاک اور احادیث صحیحہ سے یہ ثابت کر چکے ہیں کہ ہر زمانہ میں ایک ہادی بقائے دین کے لیے ضروری ہے۔ اگر وہ نہ ہوگا تو خدا کی حجتہ بندوں پر قائم نہ رہے گی (دیکھیے صفحات ص۲۳ و مابعدہ) اور یہ قدرت کی کھلی ناانصافی ہوگی (معاذ اللہ) کہ ایک بہکانے والا ہماری گردن پر مسلط کر دیا جائے۔ جس کا کھلا اعلان یہ ہو کہ۔

(۱) لاغوینہم اجمعین الا عبادک منہم المخلصین (ص ۳۸/۵) تیرے مخلص بندوں کے سوا سب کو بہکاؤں گا۔

(۲) لاقعدن لھم صراطک المستقیم (اعراف ۲/۷) میں ان کی تاک میں تیرے سیدھے راستہ پر بیٹھ جاؤں گا۔

(۳) آیۃ۔ ثم لاتینہم من بین ایدھم ومن خلفھم وعن ایمانھم وعن شمائلھم ولا تجد اکثرھم شاکرین (اعراف ۲/۷) پھر میں ان کے سامنے سے اور ان کے پیچھے سے اور دائیں بائیں سے ان کے پاس پہنچوں گا اور تو ان میں سے زیادہ کو شکر گذار نہ پائے گا۔

(۴) (آیۃ) لازینن لھم فی الارض ولاغوینہم اجمعین الا عبادک منہم المخلصین۔

Marfat.com

(سورہ حجر ۱۵/۳) سامان گمراہی کو ان کے لیے زینت دوں گا۔ اور سوائے خالص بندوں کے سب کو بہکاؤں گا خداوند عالم نے اس کے جواب میں فرمایا۔

(۵) لمن تبعك منهم لاملئن جهنم منكم اجمعين۔ (اعراف ۷/۲) جو تیری پیروی کریں گے میں ان سب سے جہنم بھر دوں گا۔ اب یہ انصاف جلالۃ وندی سے عقلاً دور ہے کہ وہ ایسی ذات کو تو ہم پر مسلط کر دے۔ جو صراط مستقیم پر بھی ہم پر ہر چہار جانب سے حملہ کر دے اور پھر خدا ان لوگوں میں جو بھٹک جائیں ان سے جہنم بھی بھر دے۔ لیکن شیطان کے متوازی اور اس کی روپیں اور اس کے بچانے کے لیے کوئی سامان نہ کرے، نہ اپنے بندوں کی مدد فرمائے۔ یہ بات کس قدر عقل سے دور ہے تو قدرت نے ضرور اس کے دفعیہ کا سامان کیا ہے۔

(۶) اذ جاءتهم الرسل من بين ايديهم ومن خلفهم الا تعبدوا الا الله۔ (حم سجدہ ۴۱/۱۴) شیطان سے بچانے کے لیے پیغامبر ان کے سامنے اور پھر پشت کی جانب سے آئے اور کہا کہ سوائے خدا کے اور کسی کی اطاعت نہ کرو۔

یہ سامان تھا جو قدرت نے شیطان کے متوازی اور مقابل میں اپنے بندوں کے لیے رکھا۔ اور چونکہ اس کو قبل قیامت تک زندگی دیدی گئی تھی اس لیے برابر انبیاء نے ہدایت کا سلسلہ باقی رکھا۔

اب حیرت انگیز امر ہے کہ ہمارے نبی کے بعد سلسلہ انبیاء اور رسل تو ختم ہو جائے اور شیطان کا وجود مع اس کی گمراہ کن حرکتوں کے باقی رہے۔ یہ بات کس قدر خلاف عقل و رحم خداوندی کے خلاف ہے۔ مگر خدا کے رحم اور انصاف کا قائل صرف مذہب شیعہ ہے۔ جو یہ کہتا ہے کہ دنیا میں اگر شیطان کا سلسلہ گمراہی باقی ہے تو خدا کی جانب سے زمین پر ایک حجت بھی باقی رہے گی۔ جو شیطان کی خفیہ گمراہیوں

Marfat.com

کا سد باب کرتی رہے گی۔ اس لیے نبوت کے ختم ہونے پر اس سلسلہ رشد و ہدایۃ کا بار: آئمہ اہلبیتؑ نبی نے اٹھایا اور جب حسب تحریر سابق بارہ سے زیادہ ان کی تعداد بڑھ نہیں سکتی تھی تو قدرت نے نبی کے بارہویں اولاد کو قیامت تک زندہ رکھا۔

اب روحانی قوتوں سے نافہم لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس امام سے کیا فائدہ جو یہاں آکر لیڈری نہیں کرتا۔ سامنے آکر لکچر نہیں دیتا۔ اور ہدایت کے راستے واضح نہیں کرتا۔ کس طرح زندہ ہے۔ کہاں رہتا ہے۔ کیا کھاتا پیتا ہے۔ اس کا قیام کہاں ہے۔ تو قرآن پاک نے جو شیطانی قوتیں بتلائی ہیں۔ اور اس کے متعلق جو کچھ کہا ہے اس پر انہوں نے غور ہی نہیں کیا۔ خدا کی آخری کتاب تبلاتی ہے۔

(۱) قال رب فانظرنی الی یوم یبعثون قال فانک من المنظرین الی یوم الوقت المعلوم۔ (سورہ حجر ۱۵) شیطان نے کہا کہ مجھ کو قیامت تک کی مہلت دے۔ کہا کہ جا۔ وقت مقررہ تک تجھ کو مہلت زندگی دیدی۔

اب اہل انصاف بتلائیں کہ زندہ درگاہ اور شیطان کو تو خدا اتنے دن کی مہلت اور زندگی دے سکتا ہے۔ مگر معصوم اور نورانی بندوں کو اس کے مقابلہ کے لیے اتنے دن زندہ نہیں رکھ سکتا۔ زندگی کے قائل ہیں مگر شیطان کے لیے اور منکر ہیں۔ اولاد رسول کے لیے یہ ہٹ دھرمی اور ناانصافی نہیں تو کیا ہے۔

اب رہا مقام امام۔ تو جس دن آپ اپنے شیطان کا مقام و مکان بتلادیں گے اسی دن ہم امام کا مقام بتلادیں گے۔ اب رہا یہ سوال کہ امام آخر آکر کیوں نہیں بتلاتا۔ اور کیوں نہیں لکچر دیتا۔ تو یہاں دو مختلف حکومتیں ہیں۔ ایک گمراہی کی ایک ہدایۃ کی۔ گمراہی والے کس دن سامنے آئے۔ منکرین وجود امام نے کس دن شیطان کے درشن کیئے۔ کسی دن اس کی تقریر سنی۔ کس دن اس کو گمراہ کرتے دیکھا۔ یہ سب کام تو

Marfat.com

اس کی رعیت اور اس کے فرمانبردار اشخاص کرتے ہیں وہ تو ۔

(۲) یوسوس فی صدور الناس (ناس ۱۱۴/۱) وہ دلوں میں وسوسہ اور شک ڈالتا ہے

(۳) ان الشیاطین لیوحون الی اولیائہم ۔ (انعام ۶/۱۲) شیاطین اپنے مریدوں کو وحی کرتے رہتے ہیں ۔ تعجب ہے مسلمانوں پر کہ وہ شیطانی قوتوں کے قائل ہیں وہ دنیا بھر میں وسوسے ڈالتا ہے ۔ بہکاتا ہے اور پھر خفیہ احکام پہنچاتا ہے اور پھر زندہ ہے اور غائب ہے ۔ دلوں پر حکومت کرتا ہے اور بہکاتا ہے مگر حیرت ہے کہ امام کے لیے ان قوتوں کا انکار ہے ۔ اور شیطان کے لیے اقرار ۔ جب ایک ذات پوشیدہ اور غائب رہ کر صراط مستقیم سے ہٹا سکتی ہے تو دوسری ذات غائب رہ کر صراط مستقیم پر لگا بھی سکتی ہے اور جب تک شیطان کی ذات آزاد ہے ۔ عدل خداوندی یہ ہے کہ وہ شیطانی مقابلہ کے لیے ۔ بطریق عدل و انصاف ایسی ذات ضرور باقی رکھے ۔ جو شیطان کی قوتوں کا مقابلہ کرے اور اس کی گمراہی کے مقابلہ میں ہدایت کا باعث ہو اور جیسے زمانہ وجود شیطان سے خالی نہیں رہا ۔ اسی طرح وجود حجۃ خدا سے خالی نہ رہے ۔ حضرت آدمؑ کو جب جنت سے نکالا ہے تو حکم دیا (قلنا اھبطوا منھا جمیعا (بقرہ ۳۸/۲)) تم دونوں ساتھ زمین پر اترو ۔ شیطان سارے فساد کا بانی تھا ۔ بیشک اس کو نکالا ۔ تو حضرت آدمؑ کو کچھ دن کے لیے روک لیتا اور کچھ عرصہ بعد بھیجتا ۔ تو آدمؑ کی بات بھی بنی رہتی دس بیس سال بعد زمین پر اتار دیتا ۔ لیکن راز اس میں یہ ہے کہ اگر خداوند کریم جنت سے نکال کر صرف شیطان کو زمین پر بھیجتا اور آدم ساتھ نہ آتے تو اتنے عرصہ کے لیے زمین حجۃ خدا سے خالی رہ جاتی ۔ چونکہ گمراہ کنندہ زمین پر آرہا تھا ۔ حجۃ و رہبر کو بھی ساتھ بھیج دیا ۔ یہ رحمت و عنایت ایزدی تھی کہ زمین حجۃ خدا سے خالی نہیں رہی ۔

گزشتہ صفحات میں جن آیات کو ہم نے لکھا ہے ۔ وہ بالا اعلان اس اصول نہ

Marfat.com

انصاف کو بتلا رہی ہیں تو جو شیطان کی۔ حیات۔ طول عمر۔ تا وقت معلوم بقا اور علیت اور اس کی انتشار پر حکومت کے قائل ہیں۔ وہ کس منہ سے کس اصول سے کس عقل سے امام کے لیے اس کا انکار کر سکتے ہیں اور وہ اگر اس بنا پر انکار کرتے ہیں کہ انا وجدنا آبائنا علیٰ اُمّۃ وانا علیٰ اثارھم مقتدون (قرآن) ہم نے اپنے ماں باپ کو منکر اور اسی خیال کا پایا تو ہم انہیں کی روشن پر چلتے رہیں گے۔ تو یہ مقام تحقیق نہ ہوگا بلکہ ایسی پیروی ہو گی جس کو قرآن نے غلط روش کہا ہے۔

## مقابل شیطان

پیر نہ کہہ دیجیے کہ شیطان کے مقابلہ میں خدا ہم کو ہدایتہ کرتا ہے تو اس کے یہ معنی ہوئے کہ آپ نے شیطان کا مدمقابل خدا کو بنا دیا۔ تو یہ سنت الہیہ کے بالکل خلاف ہے۔ اگر وہی ہدایتہ کے لیے کافی تھا تو پھر ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کیوں بھیجے کیونکہ ان بندگان خاص کو قتل کرایا۔ مصائب میں مبتلا کیا اوّل ہی سے خود شیطان کے مقابلہ میں ڈٹا رہتا۔ لیکن اس کی سُنّت ہمیشہ یہ رہی ہے کہ شیطان کے مقابلہ کے لیے لگاتار انبیاء بھیجتا رہا۔ اور سلسلہ ہدایت کبھی بند نہیں کیا۔ نہ کرے گا۔ ہمیشہ اس کی حجتہ دنیا میں باقی رہے گی۔ جس کو کتاب وسنت دونوں بتلا رہے ہیں۔

ثم ارسلنا رسلنا تترا (مومنون ۳) ولقد) ہم نے لگاتار اپنے رسول بھیجے تاکہ سلسلہ ہدایت قطع نہ ہو۔ اب کیوں ایسا نہیں ہے کیا۔ معاذ اللہ خدا ہادی بھیجتے بھیجتے تھک گیا تھا۔ اس امت پر کیوں یہ مہربانی نہیں فرمائی۔ کیوں سلسلہ ہدایتہ بند کر دیا۔ جب انبیاء و رسل کا سلسلہ مقصد ہدایتہ اور مقابلہ شیطان کے لیے تھا۔ تو اب وہ مقصد کہاں گیا۔ یاد رکھیئے کہ اب وہ مقصد امام زمانہ سے پورا ہو رہا ہے۔ اور سلسلہ ہدایت روحانی ان کے دم سے وابستہ ہے اور الحمد اللہ شیعہ

Marfat.com

یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔ اس لیے کہ زمین شیطان سے خالی نہیں تو حجتہ خدا سے بھی خالی نہیں۔ متوازی قوتیں ساتھ ساتھ ہیں۔ وہ چھپ کر گمراہ کرتا ہے یہ غائب رہ کر ہدایتہ فرماتے ہیں

## کیا غائب سے ہدایتہ ہو سکتی ہے!

(۱) ہادی صفتہ الہیہ ہے۔ اصل اور حقیقی ہادی وہی ہے۔ مگر وہ کن کو ہدایت کرتا ہے۔
ان اللہ لہادِ الذین آمنوا (حج ۵۴) اللہ صرف ان کو ہدایت کرتا ہے۔ جو قبول ایمان کے لیے آمادہ ہوں یا صرف مومنوں کو پھر اس کا طریقہ ہدایت یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے خاص بندوں کو ہدایت کرتا ہے پھر وہ بندے اپنی امت اور انسانوں کو ہدایت کرتے ہیں۔

لہدی بہ من تشاء من عبادنا و انک لتہدی الی صراط مستقیم (شوریٰ ۵۲)

اپنے بندوں میں سے جن کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں اور تم سیدھے راستہ کی ہدایت کرتے ہو۔ آیتہ نے صاف اعلان کر دیا کہ خدا ان بندگان خاص کو ہدایت کرتا ہے اور یہ بندگان خاص عام کو ہدایت کرتے ہیں۔ اور یہ ہدایت یافتہ بھی جانتے ہیں کہ خدا ان بندگان خاص کے ذریعہ سے ہدایت کرتا ہے۔ اس لیے ان کی ہدایتہ کو وہ عین ہدایت خدا سمجھتے ہیں۔ وما کنا لنہتدی لولا ان ھدانا اللہ لقد جاءت رسل ربنا بالحق (اعراف ۴۳) اگر خدا ہدایت نہ فرماتا تو ہم ہدایتہ نہیں پا سکتے تھے ہمارے خدا کے پیغامبر حق کے ساتھ آئے۔ یا حق لے کر آئے۔

معلوم ہوا کہ سلسلہ ہدایت ان پیغامبروں کے ذریعہ سے تھا۔ اور وہی خدا و بندوں کے درمیان واسطہ تھے۔

Marfat.com

خدا نے ہمیشہ غائب رہ کر ہدایت فرمائی۔ کبھی ان رسولوں اور ہادیوں کے سامنے نہیں آیا۔ تو اگر غائب ذات ہدایت نہ کر سکتی تو رسل ہدایت سے محروم رہتے اور ان کی ہدایت ہم تک بھی نہ پہنچتی۔ بے شک ہادی اول و مطلق و حقیقی صرف خدا ہے۔ مگر نہ تو کبھی آ کر لکچر دیا۔ نہ ہاتھ تھام کر راستہ پر ڈالا۔ نہ کبھی سامنے آیا۔ پھر ہادی ہے۔ معلوم ہوا طریقہ کار ہم سے مختلف ہے۔ ہم کو ہدایت کے لیے سامنے آنے کی ضرورت ہے تقریر و تحریر سے بتلانا ضروری ہے۔ مگر اس غائب کے لیے یہ ضروری نہیں کہ وہ سامنے آئے۔ وہ تو وحی و الہام سے بندگان خاص کو ہدایت فرماتا ہے اور وہ عالم کو ہدایت کرتے ہیں تو وہ ذات واحد غائب رہ کر ہدایت کرتی ہے اور گمراہ کرنے والا شیطان بھی غائب ہے۔ مگر وہ اپنے وحی اور وسوسہ کے ذریعہ سے غائب رہ کر گمراہ کرتا ہے۔ تو اگر اللہ کسی غائب کو مقابلہ شیطان اور ہدایت کے لیے طول عمر اور غیبت دے کر ہادی بنا دے تو کس اصول عقل یا اصول قرآن و سنت کے خلاف ہو گا۔

## عقل و روح اور لاشعور

۲۔ عقل ہماری راہ نما اور غائب ہے۔ روح ہمارے اعضاء کی حاکم ہے۔ اور اعضاء اس کے اشاروں پر چلتے ہیں حالانکہ روح غائب ہے۔ موجودہ زمانہ میں ایک اور غائب قوت کا ذکر اہل فکر کرتے ہیں۔ جس کو وہ لاشعور کا نام دیتے ہیں۔ اور وہ خطرات سے باخبر کرتی ہے لیکن غائب ہے۔ ہم یہ بحث آئندہ کریں گے کہ اس لاشعور کا محرک کون ہے اور یہ آگاہی اس میں کہاں سے آتی ہے۔ اس کا محرک کون ہے۔ یہاں تو صرف یہ بحث ہے کہ آیا کوئی غائب وجود ہدایت کر سکتا ہے یا نہیں۔ اس میں ہمارا اور مخالفین کا یہ نظریہ تو ایک ہے کہ ایک غائب ہستی شر اور بدی کی محرک ہے۔ جس کا نام شیطان ہے۔ ہمارے

مخالفین اس کے منکر ہیں کہ ہدایت کوئی غایب ہستی نہیں کر سکتی نہ وہ نیکی کی محرک ہو سکتی ہے۔ تو ان کا یہ قول قرآن کے تدبر سے غلط قرار پاتا ہے۔

۳۔ قرآن خبر دیتا ہے کہ شیطان ہے۔ انہ یراکم ھو و قبیلہ من حیث لا ترونھم (اعراف ۷/۲۷) شیطان اور اس کا قبیلہ تم کو دیکھتا ہے۔ تم اس کو نہیں دیکھ سکتے۔ تو اب حیرت ان عقلوں پر ہے جو ایک غائب ہادی اور رہبر کی ہدایت کے منکر ہیں۔ اور ان کے نزدیک خدا شیطان کو تو اختیار وحی اور وسوسہ اور اغوا یعنی گمراہی کی قوت اور غیبت دے سکتا ہے۔ مگر وہ یہ اقتدار اور یہ اختیار ہدایت اپنے کسی خاص بندے کو نہیں دے سکتا۔ نہ اس کو غائب کر سکتا ہے نہ اس کو طول عمر دے سکتا ہے۔ شیطان کے لیے ان سب چیزوں کا اقرار اور امام کے لیے ان تمام چیزوں کا انکار یہ حیرت انگیز عقیدہ نہیں تو کیا ہے۔

قرآن پاک بتلا رہا ہے۔ انما سلطانہ علی الذین یتولونہ (نحل ۱۶/۱۲) شیطان کا غلبہ اور اس کا تسلط ان لوگوں پر ہے جو اس سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور اس سے محبت کرتے ہیں مگر کیا یہ تسلط وہ بندۂ خاص کو نہیں دے سکتا کہ جو اس سے تعلق اور محبت رکھتے ہیں وہ ان کو وہ ہدایت فرمائے حالانکہ اس نے مقابلہ شیطان کے لیے اپنے بندوں کو یہ حکومت اور تسلط دیا ہے۔ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون کے لیے فرماتا ہے ونجعل لکما سلطانا (قصص ۲۸/۴) ہم تم دونوں کو غلبہ اور تسلط دیں گے خود جناب سرور کائنات بھی اسی تسلط اور غلبہ کے لیے دعا فرماتے ہیں (اسرائیل ۱۷/۸) واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا۔ تو میرے لیے اپنے طرف سے ایک غالب اور مددگار عطا فرما دے

اب دو سلطان ہیں: ایک خاصان خدا دوسرا شیطان۔ ان دو متضاد قوتوں میں سے ایک کا غلبہ ہوگا۔ کسی پر ان خاصان خدا کا۔ شیطان گمراہ کریگا اور خاصان خدا

ہدایت فرمائیں گے۔

قرآن پاک میں صاف اعلان ہے۔ فزین لہم الشیطان اعمالہم فہو ولیہم الیوم ولہم عذاب الیم (نحل ۶۳) کہ شیطان نے اعمال بد کو آراستہ کر کے دکھلایا تو وہ ان کا حاکم ہے اس آیت میں صرف ایک شیطان کا ذکر ہے جو زمانہ آدم سے برابر اب تک چلا آرہا ہے۔ نیز قرآن میں شیاطین اور اولیاء الطاغوت کا بھی ذکر ہے۔ جس سے اس کے ہم مشرب اور اس کے مددگار مراد ہیں۔ مگر جہاں صرف ایک شیطان کا ذکر ہے۔ وہاں صرف وہ شیطان مراد ہے۔ جس کو خدا نے اس کے حسب خواہش اس کے سابقہ عبادات کے بدلہ میں وقت معلوم تک زندگی دے رکھی ہے وہ وقت معلوم کب تک ہے تو جس دن دنیا سے شیطنت ختم ہو جائے سمجھ لیجیے اس کی مدت ختم ہو گئی۔ اب اہل عقل غور فرمائیں کہ شیطان اعمال بد کو زینت دے اور ان پر غائب رہ کر سلطنت کرے۔ وسوسہ ڈالے۔ ان کا حاکم بن جائے۔ اغوی کرے حیات پا کر ایمان والوں کے خلاف رہے۔ یہ سب صحیح ہے لیکن اگر شیطان کی قوتوں کے مقابلہ میں۔ ہدایت۔ روحانی سلطنت۔ ولایت مومنین کے لیے کسی کو حیات دے اور وہ اپنی قوت روحانیہ سے ایک فرقہ کو ناجی بنا دے تو اس کا انکار ہے یہ صحیح ہے کہ شیطان اپنی مخالفت امام کو کبھی نہ ماننے دے گا۔ بلکہ اپنے پیروں کو ان کے خلاف رکھے گا۔ یہی ہوا۔ ہو رہا ہے۔ ہوتا رہے گا۔

یہ کیسی ناانصافی ہے کہ شیطان تو بہکا کر بہکنے والوں کا ولی بن جائے۔ اور اس کی ولایت ملعونہ . . . . . . . . قائم رہے۔ وہ غائب بھی رہے۔ گمراہ بھی کرے لیکن جو منجانب اللہ مومنین کے لیے ولی ہو نہ وہ غائب ہو سکتا ہے۔ نہ غائب رہ کر ہدایت کر سکتا ہے نہ طول حیات پا سکتا ہے۔ اس قرآن فہمی پر افسوس ہے ایسے ہی ولی خدا کو نہ مانے گا۔ اس کا ولی شیطان قرار پائے گا۔ جیسی روح ویسے

فرشتے۔

اس نے جگہ جگہ نبی سے فرمایا ہے۔ قل یا ایھا الکافرون۔ قل یا ایھا الذین ھادوا۔ اے نبی تم کہدو میری جانب سے میں ان کے منہ نہیں لگتا مومنوں سے میں خود کہوں گا۔ یا ایھا الذین امنوا۔ جب وہ گمراہ ہونے والوں سے خطاب نہیں کرتا تو گمراہ کرنے والے کے مقابلہ پر خود نہیں آئے گا۔ بلکہ اپنے انبیا کو بھیجے گا جب ان کی مدت ختم ہو جائے گی تو پھر آئمہ کو اس کے مقابلہ میں لائے گا۔ جب شیطان کی ولایت سے کوئی زمانہ خالی نہیں۔ تو ولی خدا سے بھی کوئی زمانہ خالی نہیں رہے گا۔ ہمیشہ اس کے مقابلہ میں ایک ولی خدا رہے گا۔ اب آپ کو اختیار ہے جس کو دل چاہے ولی مان لیں۔

(۴) قرآن واضح کرتا ہے۔ کہ صرف وجود شے سبب ہدایت ہے خواہ وہ سامنے ہو یا نہ ہو۔ بات کرے یا نہ کرے راہ دکھلائے۔ یا نہ دکھلائے۔ محض اس کا وجود ہدایت ہے ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکا وھدی للعالمین۔ (آل عمران ۳/۱۵) عام ترجمہ یہ کیا جاتا ہے کہ پہلا گھر جو آدمیوں کے لیے بنایا گیا ہے وہ ہے جو مقام بکہ (مکہ) میں ہے اور وہ مبارک ہے۔ اور سارے عالموں کے لیے ہدایت ہے۔ اب ذرا انصاف سے بتلایئے کہ بیت اللہ کو تمام عالموں کے لیے ہدایت کہا گیا ہے۔ کیا تمام عالم اس کو دیکھتے ہیں۔ عالم میں صرف حاجیوں نے اس کو دیکھا ہے باقی کو یقین ہے کہ وہ موجود ہے۔ مگر دیکھا نہیں۔ پھر بھی وہ سارے عالموں کے لیے ہدایت ہے نہ بولتا ہے نہ امر بالمعروف کرتا ہے نہ نہی عن المنکر کرتا ہے نہ انتظام حکومت وریاست مسلمین کرتا ہے اور پھر ہدایت ہے اور وہ بھی سارے عالموں کے لیے حالانکہ وہ صرف ایک جگہ مکہ میں موجود ہے۔ معلوم کہ محض اس کا وجود ہدایت ہے۔ تو اب انصاف کیجیے کہ جب بیت کا وجود ہدایت ہے تو جن

Marfat.com

کو قرآن نے آیتہ تطہیر میں اہل البیت کہا ہے کیا ان کا وجود سبب ہدایتہ نہیں ہو سکتا
بیت کے قائل ہیں اور اہلبیت کے منکر۔ یہی تو سبب گمراہی ہے۔ حالانکہ بیت اور
اہل بیت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔

بیت قبلہ جسم ہے اگر رخ ادھر نہ ہو تو نماز باطل۔ اہلبیت جب ارشاد
خداوندی فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم (ابراہیم ۱۴) کچھ لوگوں کے دل
اُدھر جھکا دے تاکہ وہ اہلبیت سے محبت کریں۔ قبلہ دل ہیں اگر ان کی محبت نہ ہو
تو عبادت بیکار ہے۔ عام حاجی صرف بیت تک پہنچتے ہیں۔ ہم الحمداللہ بیت کے ساتھ
اہلبیت تک پہنچتے ہیں۔ گھر تک پہنچنا کمال نہیں بہت سے جانور بھی پہنچ جاتے ہیں۔
مگر گھر والوں تک وہی پہنچتے ہیں جن کا رشتہ اور تعلق ہو۔ بیت کے لیے تو حضرت ابراہیم
و اسماعیل کو حکم دیا جاتا ہے۔ طھرا بیتی للطائفین الخ (بقرہ ۲/۱۵) تم دونوں مل کر
میرے گھر کو پاک رکھو۔ اور اہلبیت کی طہارت کا خود ذمہ لیتا ہے ویطھرکم تطھیرا
(احزاب ۳۳) وہ تم کو پاک رکھے گا۔ وہ بھی جس قدر پاک رکھنے کا حق ہے۔ اب
دونوں کا فرق آپ سمجھ لیجیے۔ خانہ کعبہ میں تو بت آ بھی گئے مگر ان نفوس نے کبھی بتوں
کو سجدہ نہیں کیا یہی کمال طہارت ہے۔ اہل انصاف غور فرمائیں کہ پتھر اور چونہ کا گھر
تو عالمین کے لیے ہدایت بن جائے اور نور کے بندے۔ طاہرین اور معصوم ہدایت نہیں
بن سکتے۔ کیا یہ مطابق عقل ہے کہ کعبہ کا وجود ہدایتہ بن جائے۔ کعبہ والوں کا وجود ہدایتہ
نہ ہو یہ ممکن نہیں۔ بیت ہدایت بن جائے اور اہل بیت ہدایتہ نہ ہو یہ نہیں ہو سکتا۔

۵۔ امتحان ہمیشہ غائب میں لیا جاتا ہے۔ بنی اسرائیل میں ہزاروں انبیاء آئے جب
سلسلہ انبیاء بنی اسحاق میں ختم ہو گیا تو خدا نے حضرت عیسیٰ کو غائب کر دیا۔ اسی طرح
اولاد اسماعیل میں جب سلسلہ امامت بند ہوا تو خدا نے پھر ایک امام کو غائب کر دیا
اب ان دونوں غیبوں میں امتحان محبت ہے اور یہی دونوں آخر میں آ کر نتیجہ محبت

Marfat.com

بتلائیں گے اور جزا عطا فرمائیں گے۔

آج ہمارا جسم دلیل ہے کہ اس کو کوئی غائب سنبھالنے والا موجود ہے۔ اگر وہ غائب (روح) موجود نہ ہو یہ جسم گل سڑ کر فنا ہو جائے گا۔ تو اس طرح یہ حاضر دلیل وجود غائب ہے اسی نہج پر سمجھ لیجیے کہ

(۶) جو امامت کو نہیں سمجھتے یا اپنوں کی وجہ سے جان کر انکار کرتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ غائب رہنے سے کیا فائدہ۔ سامنے آئیں ہدایت کریں۔ مگر میں یہ کہتا ہوں کہ جو فائدہ نہ اٹھانے والے تھے ان کو ظہور اور سامنے آنے نے کیا فائدہ دیا۔ کیا یہودیوں نے عیسیٰ کا انکار نبوت نہیں کیا؟ کیا عیسائی ہمارے نبی پر ایمان لائے؟ سامنے دیکھا پھر انکار کر دیا۔ کیا ابوجہل۔ ابولہب۔ ابوسفیان نے انکار نہیں کیا؟ اور ان سے جنگ نہیں کی۔ گمراہوں نے دیکھ کر بھی ہدایت نہ پائی لیکن جو فائدہ اٹھانے والے ہیں وہ آج بھی غیبت نبی میں اسلام سے فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ ہم کو بھی اسی طرح غیبت امام میں بھی روحانی فائدہ پہنچ رہا ہے آج جو فرقہ حاضر امام کو مانتا ہے۔ اس کے ماننے والے اور اس سے فائدہ اٹھانے والے کتنے ہیں محض چند لاکھ ہیں۔ تو ان کی بنا پر پوچھتا ہوں کہ حاضر امام سے فائدہ اس قدر کم ہے تو پھر حاضر امام سے دنیا نے کیا فائدہ حاصل کیا۔ حاضر امام سے زیادہ فائدہ تو دنیا نے غائب امام سے حاصل کر لیا اس لیے کہ آج کروڑوں کی تعداد میں امام غائب کے ماننے والے موجود ہیں جو ان کو مان کر سب سے بڑا فائدہ یہ حاصل کر رہے ہیں کہ جیسے ایک غائب خدا کو مان کر ہزاروں نقلی خداؤں اور اس کے بتوں سے بچ گئے۔ اسی طرح ایک امام غائب کو مان کر بے شمار کروڑوں نقلی نبیوں نقلی اماموں نقلی خلیفوں، نقلی مسیح موعود اور نقلی مہدیوں سے بچے ہوئے ہیں اور ائمہ اہلبیت کے مقرر کردہ راستوں پر چل رہے ہیں۔ اگر وہ ان کو نہ مانتے تو ان نقلیوں کے چکر

میں پھنسے رہتے اور گمراہ ہو جاتے۔ تو اعتقاد امام غائب نے ان گمراہ حاضروں سے بچا دیا۔

(۷) حواس اور اعضاء جسم ظاہر ہیں۔ مگر یہ سب ایک غائب عقل سے ہدایت و رہبری حاصل کرتے ہیں۔ اگر یہ عقل کسی میں موجود نہ ہو تو اس کا ہر عضو بیکار ہو جائے اور ان کی بے راہ روی صاف بتلا دے گی کہ ان میں عقل غائب موجود نہیں۔ اسی طرح گمراہ فرقے یہ بتلا دیں گے کہ ان کا کوئی امام موجود نہیں ہے۔

تمام جسم ظاہر کو روح کنٹرول کرتی ہے اور تدبیر بدن کرتی۔ حالانکہ وہ غائب ہے اگر یہ غائب نہ رہے تو بدن تباہ۔ اعضاء بے عمل ہو جائیں گے۔ تو وجود بدن اور عمل گواہی دیتا ہے کہ غائب روح موجود ہے۔ اگر بدن سڑنے لگے اور اعضاء بے عمل و بے حرکت ہو جائیں تو یہ صاف دلیل ہوگی کہ روح نہیں ہے عقل کے موجود نہ ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہوگی کہ ایک بھی حاسہ بلکہ حواس ٹھیک نہیں رہیں گے۔ اور روح کے نہ ہونے کی دلیل یہ ہوگی کہ بدن کا کوئی حصہ یا کوئی جزء عمل و حرکت نہیں کر سکے گا تو حاضر حواس غائب کی دلیل ہیں۔ نبی نے فرمایا کہ میری امت کے ۷۳ ٹکڑے اور فرقے ہو جائیں گے۔ مگر سب جہنمی ہوں گے۔ سوائے ایک کے۔ یہ حدیث مسلمہ فرق اسلام ہے تو اب ایک جو ہدایت یافتہ اور باقی ہے وہ ضرور کسی غائب قوت کے زور پر باقی ہے۔ ورنہ سارے فرقوں کو جہنمی ہونا لازم تھا۔ مگر ایک فرقہ جنتی کے وجود نے بتلا دیا کہ ایک قوت موجود ہے جس کی وجہ سے یہ قائم ہے اگرچہ وہ غائب ہے۔ ورنہ ہمیشہ یہ ہوا ہے کہ جب نبی نہیں رہے تو گمراہی عام ہو گئی صرف قدر قلیل باقی رہے وہ بھی کسی وصی و جانشین نبی کی وجہ سے یہی امیر اس زمانہ میں موجود ہے اور ایک غائب ہادی کے زیر اثر ایک فرقہ ہدایت یافتہ موجود ہے۔

۸۔ ہم سب غائب سے ہدایت پاتے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ اس کا اقرار نہ کریں

Marfat.com

الفاظ قرآن ۔ مُسلم مومن ۔ کافر اور سب کے سامنے ہیں ۔ مشرک، یہود و نصاریٰ سب دیکھتے ہیں ۔ کسی سے پوشیدہ نہیں ۔ مگر ان الفاظ ظاہریہ کے دیکھنے والے سب ہدایت نہیں پاتے ۔ بلکہ ہدایت وہ پاتے ہیں جو ان ظاہری الفاظ کے اندرونی غائب اور حقیقی معانی پر غور کرتے ہیں ۔ تو سبب ہدایت یہ حاضر تحریر نہیں بلکہ غائب مطالب اور معانی ہیں ۔ تو جیسے معانی قرآن الفاظ میں پوشیدہ رہ کر ہدایت کرتے ہیں ۔ تو جس کو نبی نے ہدایتہ میں مثلِ ۔ قرآن بنایا ہے اگر وہ عالم میں غائب رہ کر ہدایت کریں تو حیرت نہیں ہو گی ۔

اب رہا یہ امر کہ الفاظ قرآن سے وہی فائدہ حاصل کر سکتا ہے جو عربی جانتا ہو ۔ جس کو احادیث سے تعلق ہو ۔ دامن نبوت سے وابستہ ہو ۔ اسی طرح اس ذات سے وہ فائدہ اٹھا سکتا ہے جو اس سے متعلق اور وابستہ ہو ۔ اور اس شریک قرآن کا قائل ہو ۔ قرآن کے تو ۷۳ قائل ہیں ۔ ان میں صرف ایک فرقہ ہے جو قرآن کے ساتھ اہل بیت کا قائل ہے اور دونوں سے بسبب ارشاد رسول ہدایت پاتا ہے

۹ ۔ دراصل عقلاً ہمارا امام غائب نہیں بلکہ ہم خود غائب ہیں ۔ حیرت نہ کیجیے گا ۔ پہلے غور کر لیجیے ۔ اگر ہمارے کان میں آوازیں نہ آئیں تو آوازیں غائب نہیں بلکہ ہم بہرے ہیں اور ہماری وہ قوت غائب ہے ۔ جو آوازیں سن سکتی ہے ۔ اسی طرح اگر ہم کچھ نہ دیکھیں تو دنیا سے چیزیں غائب نہیں بلکہ ہماری وہ قوت غائب ہے جو چیزوں کو دیکھ سکتی ہے ۔ علیٰ ہذا القیاس ۔ اگر ہم کو امام نظر نہیں آتے تو وہ تو موجود ہیں ۔ مگر ہمارے پاس وہ قوت نہیں جو ان کو دیکھ سکتی ہے ۔

قرآن پاک بتلاتا ہے کہ ہر وہ شخص جو اسلام حقیقی پر فائز ہوتا ہے اس کو خدا کے جانب سے ایک نور ایک قوۃ عقلیہ نورانیہ عطا کی جاتی ہے ۔ بشرطیکہ اسلام حقیقی اور نبی کا بتلایا ہوا ہو ۔

Marfat.com

(افمن شرح اللہ صدرہ للاسلام فھو علی نور من ربہ (زمر ۳۹))
جس کا سینہ قبول اسلام کے لیے کھول دیا ہے وہ خدا کی طرف سے ایک نور حاصل کر لیتا ہے۔ اسی نور کی روشنی میں وہ امام سے فیض حاصل کر لیتا ہے۔ اور اسی سے اسلام حقیقی پر قائم رہتا ہے۔

۱۰۔ آثار کفر و شرک کا مٹانا بھی ہدایت کی ایک قسم ہے۔ اسی لیے آنحضرت نے کعبہ سے بتوں کو دور کیا۔ یہ تو تھی دفع آثار شرک کی ظاہری صورت۔ اب رہا تصرف باطنی۔ اور محض وجود سے ان آثار شرک کا برباد ہونا۔ تو جب آپ پیدا ہوئے تو قیصر کسریٰ کے ۱۴ کنگرے گر گئے۔ دریائے ساوہ خشک ہو گیا۔ آتش کدہ نمرود بجھ گیا۔ (مواہب لدنیہ ابن حجر عسقلانی) اگرچہ آپؐ وہاں موجود نہ تھے۔ مگر محض عالم میں موجود ہونے سے یہ آثار نمایاں ہو گئے تو معلوم ہوا کہ محض وجود آثار شرک مٹا سکتا ہے۔ اور یہی ہدایت کی ایک صورت ہے۔ تو آج ہمارے امام کا محض وجود سبب ہدایت ہے۔ جس کی وجہ سے یہ اثر نمایاں ہے کہ ایک فرقہ حق پر ہے۔

۱۱۔ ہدایت کی چار قسمیں ہیں اور چار طریقہ ہیں۔ قولی۔ فعلی۔ وجودی۔ عدمی۔ قولی یعنی زبان سے تو قرآن و احادیث گواہ ہیں۔ فعلی۔ تو ہمارے نبی اور ان کے بعد ان کی اولاد کے عمل راہ نمائے صراط مستقیم ہیں۔ وجودی۔ تاریک شب میں صرف شمع روشن ہو جائے۔ نہ منہ سے بولے گی نہ چل کر راہ کہلائے گی۔ مگر اپنے نور سے راستہ کی خرابیاں اور سیدھا راستہ ضرور بتلا دے گی (اب رہی عدمی) تو خود کو کھو کر دنیا کو سیدھا راستہ حسینؑ نے بتلا دیا۔ الغرض۔ اس امام کا محض وجود سبب ہدایت ہے۔ اور وہ اپنے نور سے ہدایت پانے والوں کو راہ دکھلاتا ہے اور ان کے روحانی و نورانی اثرات سے صاحب بصیرت کو راہ حق ملتی ہے۔

تو جیسے شمع کا وجود محض بصیر کے لیے مفید ہے اسی طرح نور امام صاحبان

بصیرت کے لیے مفید ہے۔ بصیرت کے اندھے اس سے فیض حاصل نہیں کر سکتے۔ جیسے بصر کے اندھے نورِ شمس سے فیض حاصل نہیں کر سکتے۔

## وجودِ امام کے فوائد

دنیا کو یہ دھوکا دیا جاتا ہے کہ امام صرف ہدایت کے لیے ہوتا ہے یا انتظام مملکت کے لیے اور جب وہ سامنے آ کر ہدایت نہیں کرتا تو اس کے وجود سے کیا فائدہ؟

اسی بنا پر آج ملحد خدا کا انکار کر رہے ہیں کہ اگر ہے تو سامنے کیوں نہیں آتا۔ جب وہ اپنے انکار کرنے والوں کو بھی سامنے آ کر ہدایت نہیں کرتا نہ اپنے وجود کا ثبوت دیتا ہے تو اس غائب خدا سے کیا فائدہ۔ اگر وہ ہے تو دنیا کے چپہ چپہ کی پیمائش ہو چکی ہے ہواؤں میں فضاؤں میں دن رات چکر لگتے ہیں۔ کہیں تو نظر آتا۔ جو کچھ ہو رہا ہے اس میں خدا کا کوئی دخل نہیں وہ صرف ایک وہمی اور خیالی چیز ہے۔ اسی قسم کی باتیں منکرین امام زمانہ کے لیے بھی کرتے ہیں۔ آیئے ہم بتلائیں کہ اس کے وجود سے کیا فائدہ ہے۔

۱۔ وہ اپنی روحانی قوتوں سے شیطان کا مقابلہ کرتا ہے۔ اگر وہ نہ ہو تو آپ شیطان کا مدِ مقابل خدا کو قرار دیدیں گے اور کہیں گے کہ وہ شیطان کا مدِ مقابل بن کر میدان ہدایت میں اترا ہے۔ اگر صرف خدا کو ہادی مان لیں۔ تو پھر اس قدر انبیاء بھیجنے کی ضرورت نہ تھی۔ خود ہی سب کچھ کرتا رہتا۔ انبیاء و رسل کی جانیں بھی بچی رہتی۔ وہ مصائب بھی نہ اٹھاتے۔۔ اتنے انبیاء کو ختم کر کے اب خود مقابلہ پر آیا ہے۔ مگر اس قدر بے بس ہے کہ ۷۲ کو شیطان گمراہ کر لیتا ہے اور صرف ایک فرقہ کو خدا ہدایت کر سکتا ہے۔ تو کیا اس کلیہ کو مان لیا جائے کہ وہ خود شیطان کے مقابلہ پر ہدایت کرتا ہے

Marfat.com

تو معاف فرمائے گا میرا خدا شیطان کا مدمقابل نہیں ہے۔ بے شک وہ ہادی ہے مگر
ان اللہ لھادی الذین امنوا (حج ۲۲/۵) اللہ یقیناً ان لوگوں کو ہدایت کرتا
ہے جو ایمان لائے ہیں۔ اس کی ہدایت کی تجلیاں صرف ان آئینوں میں چمکتی ہیں۔ جو
صاف ہوں۔ میلے اور دھندلے اور ناکارہ آئینوں کی جلا اور صفائی کے لیے۔
اپنے علیحدہ ایک گروہ کو معین کرتا ہے اور ان کو ہادی بنا کر اصلاح نفوس اور کمال
بشریت کی تعلیم کے لیے بھیجتا ہے۔ انما انت منذر و لکل قوم ھاد (رعد ۱۳/۱) اے
نبی تم ڈرانے والے ہو اور ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہے۔ اب اہل انصاف بتلائیں
کہ آج کوئی قوم موجود ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو ہادی کہاں ہے۔ کیا یہ آیتہ صرف زمانہ
نبوت کے لیے تھی تو آیت میں ہادی کا ذکر نبوت کے بعد آیا ہے۔ تو بعد نبی ہر زمانہ
میں اس ہادی کا ہونا لازمی ہوگا۔

اس زمانہ میں ہادیوں کی وہ بھرمار ہے کہ توبہ ہے۔ بہتر فرقوں کے ہادی الگ
الگ ہیں اور پھر ہر فرقے میں سینکڑوں ہادی بن گئے ہیں اور خدا ساختہ ہادیوں کی جگہ
خود ساختہ ہادیوں نے لے لی ہے۔ فرقہ حقہ صرف خدا ساختہ ہادیوں کا قائل ہے جس
کی تائید قرآن کرتا ہے۔ اس کی توضیح میں عرض ہے۔

## ہادی من اللہ کی صفت

افمن یھدی الی الحق احق ان یتبع امن لا یھدی الا ان یھدی
فما لکم کیف تحکمون (یونس ۱۰/۴) کیا وہ ذات جو حق کی طرف ہدایت
کرتی ہے۔ پیروی کی زیادہ حقدار ہے۔ یا وہ قابل پیروی ہے کہ جو ہدایت نہیں
حاصل کرتا جب تک دوسرا اس کو ہدایت نہ کرے۔ تمہاری عقلوں کو کیا ہو گیا ہے۔
کیسا مہمل فیصلہ کرتے ہو۔

Marfat.com

اس آیتہ گرامی نے سارے خود ساختہ ہادیوں کے پول کھول دیئے۔ اب تمام وہ لوگ جو نبیؐ کی ہدایت سے پہلے مشرک تھے اور پھر نبی نے ان کو ہدایت کی تو وہ ہدایت یافتہ بن سکتے ہیں۔ ہادی نہیں۔ ہادی وہ ہوگا جس کو یہاں کسی سے ہدایت حاصل کرنے کی ضرورت نہ ہو بلکہ وہ خدا کے جانب سے ہدایت یافتہ ہو اور خواہاں ہدایت صرف اسی کی پیروی کریں جس کو یہاں اگر ضرورت ہدایت نہ ہو۔ اور اس کی ہدایت منجانب اللہ ہو۔ اب وہ حضرات جنھوں نے یہاں کے ہدایت یافتہ کی پیروی کی اور ان کی سیرت کو نمونہ بنایا۔ ان سے ارشاد قدرت ہے کہ تم نے غلط فیصلہ کیا ہے جو خود محتاج ہدایت ہوں وہ کیا ہدایت کر سکتے ہیں۔

قرآن نے ہمیشہ اصول و کلیات بتلائے ہیں۔ تعین ہمیشہ نبی کے ہاتھ میں رکھا۔ زکوٰۃ واجب ہے۔ کس قدر۔ یہ تعین نبی نے فرمایا۔ نماز کی رکعات کا تعین نبی نے فرمایا۔ اسی طرح تمام امور کا تعین نبی کے اعلان پر موقوف رہا۔ اور خدا نے اپنے منشاء کا نفاذ ان کے ہاتھوں سے کرایا ہے۔ قرآن کو صرف نازل کر کے نہیں چھوڑ دیا تاکہ ہر شخص من مانی اور اپنے خواہشات کے مطابق اور اپنے فوائد کے مناسب معانی بنا لے۔ بلکہ اس کو ذمہ دار ہاتھوں میں دیا ہے۔ انما انت منذر و لکل قوم ھاد (رعد ۱/۲) کم بیشک تم ڈرانے والے ہو ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہے۔ یہ ایک کلیہ اور قاعدہ مولا تھا۔ انت منذر فرما کر نبی کو ذمہ دار بنا دیا۔ اور جب الٰہیہ ہادی کا تعین نبی کے ہاتھوں میں رکھا۔ نبی نے تعین کر دیا بندگان حرص و ہویٰ۔ امارت خواہ اور دلدادگان حکومت نے نہیں مانا۔ اس میں نبی کا قصور نہیں۔ آنحضرتؐ نے تو تعین کا صاف اعلان کر دیا۔

ابن جریر۔ ابن مردویہ۔ ابو نعیم فی المعرفتہ۔ دیلمی۔ ابن عساکر و ابن نجار الی حضرات نے لکھا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آنحضرتؐ نے اپنے سینہ پر ہاتھ

رکھ کر کہا کہ میں ڈرانے والا ہوں اور اپنے ہاتھ سے علیؑ کے کاندھے پر اشارہ کر کے فرمایا کہ اے علیؑ تم ہادی ہو اور ہدایت پانے والے تمہارے ذریعہ سے میرے بعد ہدایت پائیں گے (۱) (بقیہ تفسیر دُرِّ منثور سیوطی طبع مصر جلد چہارم صفحہ ۴۵) اسی مضمون کی اور روایات بھی مذکور ہیں۔ اسی روایت ابن عساکر لو (۲) صاحب تفسیر طبری جزو ۱۳۔ صفحہ ۶۳ نے لکھا ہے۔

(۳) اور اسی روایت کو بغیر تردید تفسیر کبیر جلد پنجم صفحہ ۲۷۲ نے بھی لکھا ہے۔

مگر ان تینوں تفسیروں میں اور لوگوں کے بھی اقوال لکھے ہیں اور راویوں نے حسب دستور قدیم اس کے لیے بھی روایات تیار کر دی ہیں۔ ان تفسیروں میں ہمیشہ یہ قاعدہ رہا ہے کہ جو روایت یا آیت فضیلت علیؑ میں آئی ہے۔ اس کے مقابل میں دوسروں کے لیے بھی روایات شامل کر دی ہیں تاکہ حق و باطل میں اور کھرا کھوٹے میں مل کر رہ جائے۔ یا اس طرح روایات بنا کر وہ حاکمان وقت سے جان بچالیں اگر وہ صرف علیؑ کے لیے لکھ دیتے تو شاید ابن سکیت اور علامہ نسائی کی طرح جان سے ہاتھ دھونا پڑتے۔ ومن قوم موسیٰ امۃ یھدون بالحق وبہ یعدلون (اعراف ۱۲) تو امت موسیٰ میں ہر شخص صلاحیت ہدایت نہیں رکھتا تھا بلکہ تمام قوم میں صرف ایک گروہ ہادیوں کا تھا۔ وہی حق کی ہدایت کرتا تھا۔ اور حق کے ساتھ عدل و انصاف کرتا تھا۔ تو اسی طرح مسلمانوں میں ہر شخص ہادی نہ تھا۔ بلکہ مخصوص بندے ہادی تھے اور نبیؐ کے لیے ضروری تھا کہ وہ ان کو بتلا دیں۔ اس لیے نبیؐ نے بتلا دیا اور ذات علیؑ کی طرف اشارہ کر کے فرما دیا کہ یہ ہادی ہے — مگر امت نے نہ اشارہ سمجھا۔ نہ نبی کی بات کو مانا ہے۔ اور اپنے پسند کے ہادیوں کو مان کر دین کے بہتر ٹکڑے کر لیے۔

لیکن لطف یہ ہے کہ کسی اور کے لیے نبی کا وہ اشارہ مفسرین نے نہیں لکھا جو

Marfat.com

تعین و تقرر ہادی کو بتلانا تھا۔ صرف اشارہ حضرت علیؑ کے ہے عاقل کو اشارہ کافی ہے اور غیر عاقل کے لیے اگر نبی بجائے اشارہ کے خود علیؑ کو بھی اٹھا کر دکھا دیتے تو بیکار تھا۔ جیسا کہ غدیر خم میں ہوا

ان صاحبان میں وہ بھی صاحب الصاف مفسر گذرے ہیں کہ جنہوں نے صرف حضرت علیؑ کے لیے اس آیتہ کی روایتہ کی ہے۔ جیسا کہ صاحب روح البیان نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ منذر نبی اور ہادی علی رضی اللہ ہیں ۱۔ در روح البیان بردسوی۔ طبع مصر۔ پارہ ۱۳۔ صد ۲۴۶) ۲۔ عزائب القرآن قمی طبع مصر بر حاشیہ طبری جلد ۱۳۔ صد ۷۲۔

اب آنحضرتؐ نے جو خود بھی ہادی تھے علیؑ کا تعین کر کے بتلا دیا۔ تو آئندہ ہادی وہ ہوگا جس کو یہ ہادی بتلا دے۔ ہادی کو صرف ہادی ہی بتلا سکتا ہے اور یہ تعین کا سلسلہ نص کے ذریعہ سے بارہ تک قائم رہا ہمیشہ ایک ہادی اور معصوم دوسرے کو بتلاتا رہا۔

بہرحال ہر زمانہ میں جب تک وجود قوم ہے من اللہ ہادی ہونا ضروری ہے اور بحمد اللہ ہمارا ہادی موجود ہے۔ غیبت سے اس کے وجود پر اثر نہیں پڑتا۔

## وجود امام کے دیگر فوائد

(۲) یہ دین بارہ تک برابر قائم رہے گا قریش کے بارہ خلفاء ہوں گے۔ جب وہ سب ہلاک ہو جائیں گے تو زمین مع اپنے رہنے والوں کے لرزہ میں پڑ جائے گی (کنز العمال علامہ متقی صد ۲۰ تا صد ۳۰ جلد ششم) اس حدیث نے صداقت بتلا دیا کہ ان خلفاء میں سے ایک باقی رہے گا اور وہ ہے جس کی وجہ سے زمین اور اہل زمین تباہ کن زلزلہ عام سے بچے ہوئے ہیں۔ کیا وجود خلیفہ خدا سے یہ فائدہ نہیں

ہے۔ ضرور ہے اور حفاظت زمین کے لیے اس کا وجود ضروری ہے اور وہ سبب بقائے زمین ہیں۔ حوالے پچھلے صفحات میں دیکھئے۔

۳۔ احمد وغیرہ کی روایت میں ہے کہ ستارے امان ہیں۔ اہل آسمان کے لیے۔ جب ستارے نہیں رہیں گے۔ تو اہل آسمان بھی ختم ہو جائیں گے اور میرے اہل بیت امان ہیں اہل زمین کے لیے تو اگر اہل بیت نہیں رہیں تو اہل زمین بھی نہیں رہیں گے۔

(صواعق محرقہ ابن حجر مکی۔ طبع مصر ص۱۵۰)

ابن حجر نے اس روایت کے علاوہ ایک اور روایت لکھی ہے۔ مگر ساتھ ہی ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ اس کی سند ضعیف ہے لیکن احمد وغیرہ کی اس روایت کے بعد کوئی نوٹ نہیں دیا۔ معلوم ہوا کہ وہ اس کو صحیح مانتا ہے۔ اس امان کے متعلق وہ پھر ص۹۰ پر لکھتا ہے۔ کہ "جن احادیث میں اہلبیت سے تمسک اور ان کا دامن تھامنے کے لیے رغبت دلائی ہے ان احادیث میں ایک اشارہ موجود ہے کہ ہمیشہ تا قیامت ایک ذات ایسی باقی رہے گی جو قابل تمسک اور تعلق ہے۔ جیسے کہ قرآن تا قیامت باقی رہے گا وہ بھی باقی رہیں گے اور تا قیامت حوض کوثر تک کتاب خدا سے جدا نہ ہوں گے۔ اسی لیے وہ زمین کے لیے امان ہیں" اسی امان کے متعلق وہ پھر ص۹۱ پر لکھتے ہیں۔

"ما كان الله ليعذبهم وانت فيهم۔ کہ خدا ان پر عام عذاب نہیں لائے گا۔ (عذاب استیصالی جیسا کہ امم سابقہ پر آتا رہا ہے) جب تک تمہاری ذات، ان میں موجود ہے۔ تو آنحضرتؐ نے اسی مطلب کا اشارہ اپنے اہل بیت کے لیے بھی فرمایا ہے اور ان کو زمین والوں کے لیے امان بتایا ہے" (پھر چند روایات لکھی ہیں جس میں بعض کو ضعیف کہتا ہے اور بعض کو صحیح مانتا ہے پھر لکھتا ہے۔ کہ "میرے نزدیک بھی یہی ظاہر ہے کہ جب اللہ نے ساری دنیا کو نبی کی وجہ سے پیدا کیا ہے اور اس کی ہمیشگی اور بقا نبی کی ذات اور اہل بیت کے وجود پر رکھی۔ اس لیے کہ اہل بیت نبی سے

تھے اور نبی ان سے تھے تو آپ نے امان زمین کے لیے اپنی ذات کا قائم مقام اہل بیت کو بنا دیا ہے۔"

کیا ان صریح بیانات کے بعد بھی کسی کو اہل بیت کے امان ہونے میں تمسک ہو سکتا ہے۔ پھر بھی ہم چند احادیث اور پیش کرتے ہیں اور ساتھ ہی ما کان اللہ لیعذبھم کی بھی اور توضیح کرتے ہیں (رشفتہ الہادی طبع مصر ص۸۷ میں ابوبکر ابن شہاب الدین)

اس حدیث کو حسب ذیل حافظان حدیث سے صحیح مان کر تحریر کیا ہے

۱۔ نیز ابن ابی شیبہ نے اپنی مسند میں (۲) مسدد نے اپنے مسند میں (۳) حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں (۴) ابو یعلی نے (۵) طبرانی نے سلمہ ابن اکوع سے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا۔

(۴) کہ ستارے امان ہیں اہل آسمان کے لیے اور میرے اہل بیت امان ہیں میری امت کے لیے۔ (احیاء المیت[1] امام جلال الدین سیوطی مطبوعہ مصر بر حاشیہ اتحاف ص۱۱۴)

علامہ سیوطی حافظان احادیث میں ایک بلند ترین درجہ رکھتے ہیں۔ کچھ تو ان کو راویوں اور استخراج حدیث کرنے والوں پر بھروسہ ہو گا جو وہ عالم کے سامنے حق اہل بیت میں اس روایتہ کو پیش کر رہے ہیں ان کے مقابلہ میں ہم ابن تیمیہ خارجی کے شاگرد ذھبی کی کوئی ہستی نہیں سمجھتے۔ جو فضائل اہل بیت کی ہر روایتہ کو بلا دلیل ضعیف۔ فضول اور کمزور کہہ کر انکار کرنے کا عادی ہے۔ اب اسی روایتہ کے متعلق ایک اور محقق جو شیخ الحرم کے مرتبہ پر فائز تھے تحریر کرتے ہیں۔

۵۔ ایاس ابن سلمہ اپنے باپ سلمہ سے روایتہ کرتے ہیں کہ ستارے اہل آسمان کے لیے امان ہیں۔ میرے اہل بیت میری امت کے لیے امان ہیں۔ اس روایتہ

---

[1] اس کتاب کا ترجمہ مکتبہ تعمیر ادب میں دستیاب ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

کو ابو عمر غفاری نے صحیح سمجھ کر روایتہ کیا ہے۔

۱۱۔ حضرت علیؑ سے روایتہ ہے۔ یہ روایت مثل روایت (نمبر ۳) جس کو احمد نے مناقب میں روایت کیا ہے۔ اور شیخ الحرم نے اس کو معتبر سمجھ کر اپنے یہاں لکھا ہے (ذخائر العقبیٰ۔ علامہ حافظ محب الدین۔ طبری مطبوعہ مصر صفحہ ۱۷)

مزید تفصیل کا موقع نہیں اب ہم صرف ایک آیتہ قرآنی پیش کرتے ہیں جو بتلاتی ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے اور ذھبی وغیرہ غلطی پر ہیں۔ ان کے چھپائے حق نہیں چھپے گا

ماکان اللہ لیعذبھم وانت فیھم (انفال ۵/۹) اللہ ان پر عذاب نہیں بھیجے گا۔ جب تک تم خود ان میں موجود ہو۔ مسلمات تاریخ وسیر سے ہے کہ ہر نبی کی امت پر اس کی موجودگی میں عذاب عام یا سب کو تباہ کرنے والا عذاب آیا ہے۔ مگر یہ نبیؐ چونکہ رحمت تھے اس لیے قدرت نے ان کے سامنے عذاب نہیں بھیجا تو امت کے لیے ذات نبی امان تھی۔ اب بعد نبی جب دنیا منکرین خدا سے لبریز ہو رہی ہے اور ذات نبی ہم میں موجود نہیں پھر عذاب استیصالی امم سابقہ کی طرح کیوں نہیں آتا۔ تو اس نبی رحمت نے اس حدیث کے ذریعہ سے بتلا دیا کہ بے شک میں موجود نہیں۔ میں نے مگر اپنے امان میں اپنے اہلبیت کو اپنا قائم مقام کر دیا ہے۔ چونکہ وجود علیؑ و نبیؐ کا مفاد ایک تھا۔ اسی لیے آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ کے لیے فرمایا کہ۔ انت منی و انا منک "تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں" (بخاری۔ جلد دوئم طبع مصر۔ مناقب علیؑ صفحہ ۲۰۴) یہ ایک ہونے کا سلسلہ رکا نہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ "حسینؑ منی و انا منہ"، حسینؑ مجھ سے ہیں اور میں حسینؑ سے ہوں" (ترمذی جزء ۱۳۔ صفحہ ۱۹۲) بکثرت دیگر کتب میں یہ حدیث موجود ہے۔ پھر یہ سلسلہ برابر چلتا رہا۔ جب بارہویں امام تک پہنچا تو "حضرت نے فرمایا المھدیؑ منی۔ مھدیؑ مجھ سے ہے" (صحیح ابوداؤد جزء چہارم صفحہ ۱۰۶) تو

اس کے جو مفاد وجود نبی کا تھا وہی مفاد ان بارہ آئمہؑ کا تھا اس لیئے عذاب نہیں آیا۔

(۱) توضیح مزید۔ اس آیتہ میں و(انت فیھم سے مراد روحانی وجود نہیں ہے۔ اس لیے کہ انت (تم) کا اشارہ ذات کی جانب ہے روح کی سمت نہیں۔ تو آنحضرتؐ نے علیؑ منی۔ علیؑ مجھ سے ہیں فرما کر اپنی ذات کا قائم مقام ان کو بنا دیا۔ پھر حسینؑ منی فرما کر امام حسینؑ کو ذات کا قائم مقام بنا دیا۔ پھر مہدی منی فرما کر اس فرزند کو ذات کا قائم مقام بتلا دیا اور منی فرما کر بتلا دیا کہ ان کے وجود کا وہی مفاد ہے جو میرے وجود کا تھا۔ اس لیے عذاب امت پر نہیں آسکتا اب چونکہ سلسلہ رشد وہدایت بارہ سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ (گذشتہ باب دیکھیے) اس لیے کسی اور کے لیے مہدیؑ کے بعد (منی) نہیں فرمایا۔ اس لیے یہ بارہواں اگر قائم مقام رسول نہ رہے تو عذاب آجائے گا۔ مگر اس کا وجود مثل وجود رسول مانع عذاب ہے۔ اس لیے ان کو زندہ رکھا اور حیات عطا فرمائی۔

کیا وجود امام کا یہ فائدہ نہیں کہ امت عذاب سے بری ہے۔ ضرور حسب روایات یہ فائدہ ہے۔ اب رہے منکرین۔ تو وہ خدا کے وجود اور فائدے کا بھی انکار کرتے ہیں۔ اسی طرح منکرین امام بھی ان کے وجود اور فائدے کے منکر ہیں

پھر آنحضرتؐ نے مثال میں ستاروں کو لا کر صاف اشارہ کر دیا ہے۔ کہ جب تک آسمان پر ستارے ہیں اسی وقت تک میرے اہل بیت میں سے بھی ایک صاحب امان موجود رہے گا۔ تو فلک کے ستارے وجود امام کے گواہ صادق ہیں۔

۲۔ قرآن پاک نے ایک اور لطیف اشارہ کیا ہے۔ وبالنجم ھم یھتدون (نحل پ۱۴) ستارے سے وہ لوگ ہدایت پاتے ہیں۔ اس آیتہ مبارکہ نے اس وضعی حدیث کی تردید کردی کہ اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم۔

میرے اصحاب ستاروں کے مانند ہیں جس کی بھی پیروی کروگے ہدایت پاجاؤ گے اس لیے کہ قرآن پاک ایک وقت میں صرف ایک ستارے کو سبب ہدایتہ بتاتا ہے نہ کہ سب ستاروں کو۔ ستارے کو سبب ہدایتہ بنانے میں ایک اور لطیف اشارہ ربّانی ہے۔ کہ ستارہ چونکہ محض ربّانی حکم و اشارہ پر چلتا ہے اس لیے مثل ستارہ وہ ہادی ہوگا جو اشارہ مشیت و قدرت پر چلے اور وہ سوائے معصوم اور نہیں ہوسکتا۔ نیز وہ ستارہ جہاں حوامان ہدایتہ کے لیے ہادی ہے وہیں شیاطین کے لیے رجم اور دفعیہ بھی ہے۔ تو اس کا تعلق ہدایت یافتہ لوگوں سے ہی ہوسکتا ہے۔ اور دفعیہ شیطان کا سبب بھی ہے۔ اسی طرح امام اوّل دفع وساوس اور اوہام شیطانی کرتا ہے۔ پھر لوگوں کو راہ راست کی روحانی ہدایت اپنے روحانی وجود سے کرتا ہے اور یہی حق امام ہے۔ اور یہی فائدہ امام غیب ہے۔

۳۔ تیسرا فائدہ جو قومیں خدائے غائب پر ایمان نہیں رکھتی تھیں وہ سینکڑوں مصنوعی خود ساختہ خداؤں کو مانتی تھیں۔ خود مکہ معظمہ میں اور بیت اللہ میں تین سو ساٹھ خداؤں کا جمگھٹا تھا۔ لیکن نبی کریمؐ کے آنے پر جب مشرک خدائے واحد پر ایمان لاکر مومن ہوگئے تو ہزاروں نقلی خداؤں اور مصنوعی دعویداروں سے بچ گئے تو جیسے ایک غائب خدا کو مان کر سینکڑوں حاضر خداؤں سے بچ گئے۔ اسی طرح اس امام غائب پر ایمان لاکر سینکڑوں حاضر اماموں سے بچ گئے اور نقلی اماموں اور ان کی لوٹ کھسوٹ سے نجات مل گئی۔

قوم موسیٰ اسی لیے تباہ ہوئی کہ ان کی یہ ضد تھی کہ لن نؤمن لک حتی نری اللہ جھرۃ (بقرہ پ۱) ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے جب تک خدا کو کھلم کھلا سامنے نہ دیکھ لیں جو مشرکین کی اس زمانہ میں ضد تھی وہی آج منافقین کر رہے ہیں کہ اپنا امام دکھلا دو ہم ایمان لے آئیں گے۔ اچھا ہم

Marfat.com

اپنا امام ضرور دکھلا دیں گے۔ لیکن پہلے تم (وہ شیطان) جس کی پیروی گمراہ کرتے ہیں۔ دکھلا دو۔ اس کے مقابلہ کے لیے اگر ہم امام نہ دکھلا دیں تو ہم تمہارے امام پر ایمان لے آئیں گے۔

۴۔ چوتھا۔ جب نبی دنیا سے تشریف لے جائیں تو امامت تکمیل کار نبوت کرتی ہے۔ تو امامت کا ظہور ہی اسی وقت ہوتا ہے۔ جب نبی موجود نہ ہوں۔ اب ہم جب اس امام کے موجود ہونے کا اقرار کرتے ہیں تو یہ یقین ہے کہ کوئی نبی موجود نہیں۔ اس لیے ہم کسی جھوٹے نبی پر ایمان نہیں لاتے نہ کسی کو نبی مانتے ہیں اور جو امام کے منکر ہیں وہ جھوٹے مدعیان نبوت پر ایمان لے آتے ہیں۔ آج بھی اسلام میں ایسے کفار موجود ہیں جو بعد نبی ایک اور نبی کا قائل ہے۔ مگر امام غائب پر ایمان لانے والے کسی نبی کو نہیں مان سکتے اس لیے کہ امام کا تقرر اگرچہ زمانہ نبی میں ہوتا ہے۔ مگر اس کا ذمہ دارانہ کام اسی وقت ہوتا ہے جب نبی موجود نہ ہوں۔ اس طرح یہ امامت نبوت کی سپر ہے اور جب یہ امام قیامت تک رہے گا تو قیامت تک کوئی نبی نہیں بن سکتا تو اس امام کو مان کر جیسے جھوٹے اماموں سے بچ گئے ویسے ہی جھوٹے انبیاء سے بھی نجات مل گئی۔ اگر غور کیا جائے تو صرف اس امامت کے اعتقاد نے ہم کو قیامت تک جھوٹی نبوتوں اور امامتوں سے بچا دیا۔

اب یہ نہ کہیے گا کہ گمراہی پھیلی ہوئی ہے۔ امام کیوں نہیں آتے۔ اگر آ جائیں تو گمراہی نہ پھیلے لیکن یہ گمراہی تو انبیاء کی موجودگی میں بھی رہی ہے۔ ان کے وجود ظاہری میں بھی صرف تھوڑے ایمان لائے اور گمراہ ہونے والے یہی بہانہ کرتے رہے کہ ارنا اللہ جھرۃ (نساء لیپ ۲) ہم کو خدا سامنے لا کر دکھلا دو۔ اسی طرح آج بھی منکرین یہی کہہ رہے ہیں کہ اگر امام موجود ہے تو سامنے لا کر دکھلا دو

Marfat.com

دراصل وہ لوگ نہ خدائے غائب پر ایمان لاتے ہیں نہ امام غائب پر اور اہل ایمان کا ایمان دونوں غائبوں پر ہے۔

۵۔ پانچواں فائدہ۔ سنت الٰہیہ۔ ایک لاکھ ۲۴ ہزار دلائل نے بتلادیا ہے کہ دنیا سے جب کوئی نبی گیا تو اس کے ساتھ اس کا معجزہ بھی چلا گیا۔ معجزہ بغیر صاحب معجزہ نہیں رہتا۔ یہ سنت الٰہیہ ہے جس کے خلاف نہیں ہو سکتا اور اس کا انکار سوائے منافق اور نہیں کر سکتا۔ اسی بنا پر آج کشتی نوح۔ داؤد کا پنجہ۔ ناقہ صالح۔ عصائے موسیٰ۔ معجزات عیسیٰ میں سے کوئی بھی معجزہ موجود اور باقی نہیں تو سنت الٰہیہ کبھی نہیں بدلتی۔ لن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا۔ سنت اللہ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ مگر قرآن آج بھی معجزہ بن کر قائم ہے۔ تو بنا بر سنت الٰہیہ نبی کا کوئی ایسا قائم مقام ہونا لازم ہے۔ جس کی وجہ سے یہ معجزہ قائم رہے۔ بغیر کسی ذات کے یہ معجزہ باقی رہے سنت الٰہیہ کے خلاف ہے تو جب تک قرآن موجود ہے تو وہ دلیل ہے کہ ایک ذات وجہ بقائے معجزہ موجود ہے اور وہ حوض کوثر تک قرآن سے جدا نہ ہوگی۔ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ہیں۔ جیسا کہ حدیث صحیح میں اس سلسلہ رشد و ہدایت کے پہلے فرد کے متعلق آنحضرتؐ نے فرما دیا ہے۔ علی مع القرآن والقرآن مع علی (۱) سیرت علی از محمد رضا ڈبیٹر اخبار المنار صد ۲۱ طبع مصر) (۲) مستدرک حاکم مع تلخیص ذہبی مع توثیق ذہبی جلد سوئم صد ۱۲۴ طبع بلدہ (۳) معجم صغیر طبرانی صد ۱۴۹ (۴) صواعق محرقہ طبع مصر صد ۷۴ (۵) تاریخ الخلفاء علامہ سیوطی صد ۶۷ طبع مصر وغیرہ وغیرہ۔ اسی طرح ائمہ اہل بیت حسب ارشاد قرآن کہ ہم نے قرآن کا وارث ان لوگوں کو بنا دیا جن کو ہم نے خود منتخب کیا تھا تو جب تک قرآن باقی ہے اس کے وارث دنیا میں باقی ہیں اسی

Marfat.com

کو ارشادِ رسول واضح کرتا ہے کہ میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ اللہ کی کتاب اور اہل بیت۔ یہ حوض کوثر تک ہرگز ہرگز ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔ قرآن و حدیث بتلاتی ہے کہ مطابق سنت اللیہ یہی ذات سبب بقائے معجزہ قرآن ہے۔

۴۔ فائدہ۔ نفسیاتی اور اعتقادی حیثیت سے اس کا یقین کہ ایک امام اور روحانی ہادی موجود ہے اور اس کی آمد مذہبی اعتقاد و یقین کی بنا پر ضروری ہے اور اس کا انتظار لابدی ہے۔ ایک عجیب اثر اور نفس پر ایک خوشگوار تاثیر پیدا کرتا ہے۔ خصوصاً جب اس کے ظہور کا وقت معین نہ ہو۔ کل آجائیں۔ صبح آنکھ کھلے تو ممکن ہے اس امام کی حکومت میں کھلے یہ یقین اور اعتقاد نفس انسانی کو سینکڑوں برائیوں سے روکتا ہے۔

میں نے عرصہ تک کالج میں طلبہ کو تعلیم دی ہے۔ جس دن طلبہ کو یقین ہو جاتا تھا کہ آج نہیں آئیں گے چھٹی کی درخواست آگئی ہے طلبہ میں وہ شور و غل اور ادھم مچتا تھا کہ توبہ بھلی۔ گیت گائے جارہے ہیں۔ جانوروں کی بولیاں بولی جارہی ہیں۔ ایک دوسرے سے اولجھ رہا ہے۔ غرض کہ ایک ہنگامہ برپا ہو جاتا تھا۔ لیکن جس دن لڑکوں کو یقین ہو جاتا تھا کہ آ تو گئے ہیں۔ مگر پرنسپل سے ملنے گئے ہیں اب آتے ہی ہوں گے تو اگرچہ میں کلاس میں نہ آؤں۔ مگر یہ خیال کہ اب آتے ہوں گے۔ طلبہ کو مہذب رکھتا تھا۔ تو جن کو نہ امام کا یقین ہے نہ ان کی آمد کا خیال ہے نہ انتظار آمد ہے وہ مہذب اور فتنوں سے دور رہتی ہیں۔ چنانچہ یہ فرقہ ہمیشہ سے کسی فساد میں حصہ نہیں لیتا۔ نہ بجائے دلائل کے مارنے مرنے پر تیار رہتا ہے۔ نہ روزانہ نئے فرقہ بناتا ہے۔ یہ محض اس مبارک انتظار کی برکت ہے۔ کفار و مشرکین تک اس فرقہ کو صلح

Marfat.com

جو اور شر و فساد سے مبرّا سمجھتے ہیں۔ اس لیے اس قوم میں صرف شرفاء کی گنجائش ہے اور وہ بہترین اخلاق کے وارث ہیں۔ نہ جھوٹی نبوتوں پر ایمان لاتے ہیں نہ بات بات پر لڑائی کی دھمکیاں دیتے ہیں۔ امن پسند ہیں اور صرف مدافعت کرتے ہیں اور یہی امور ان کی امن پسندی اور صلح جوئی کا باعث ہیں۔ دنیا کی حکومتوں کو خواہ وہ مشرکین کی ہوں یا عیسائیوں کی سب سے زیادہ بھروسہ ہم پر ہونا چاہیے۔ اس لیے کہ ہم بغیر امام جہاد نہیں کر سکتے۔ البتہ مدافعت کر سکتے ہیں اور دفع دشمن کا حق ہم کو ہر حالت میں حاصل ہے۔ اس لیے ہم کسی ملک پر محض لوٹ مار کے لیے حملہ نہیں کر سکتے نہ جنگ کو مذہبی رنگ دیتے ہیں۔ جناب تاج العلماء سے ایک پادری نے پوچھا کہ اگر آج تمہارے امام آجائیں تو تم ہم سے جہاد کرو گے تو انہوں نے فرمایا کہ اگر آج امام آجائیں تو آپ اور ہم خود ہی نہیں لڑیں گے۔ اس نے کہا کہ یہ کیسے فرمایا کہ جہاں آمد امام کی خبر دی گئی ہے وہیں یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ بھی اسی وقت نازل ہوں گے اور ہمارے امام کے پیچھے نماز پڑھیں گے تو جب وہ ہمارے ساتھ ہوں گے تو آپ خود ہمارے طریق پر آجائیں گے اور پوپ مع اپنے توپ کے ہمارا ساتھ دیں گے" ہے تو یہ ایک لطیفہ مگر اس سے ہمارے صلح کل ہونے پر روشنی پڑتی ہے۔

(۷) ایک اور فائدہ۔ سائیکلوجی اور علم النفس یہ بتلاتا ہے کہ انسان اپنی قوت خیالیہ کے زور پر وہ کام کر سکتا ہے جو بغیر اس کے ناممکن تھا۔ پتلی دیوار کے منڈیر پر اگر کوئی سہارا نہ ہو تو آپ آہستہ یا بیٹھ کر یا چاروں ہاتھ پاؤں سے بمشکل اس کو طے کریں گے۔ لیکن اگر اس سے متوازی کوئی رسی کھینچی ہو تو فقط خیال کے اس سہارے پر کہ میں اگر گرنے لگوں تو اس رسی کو تھام

لوں گا تو فوراً آپ اس دیوار کو طے کر لیں گے تو ہم آخرت کی دشوار گذار منزل جس میں سینکڑوں خدشات ہیں یہ آسانی طے کر رہے ہیں۔ کتنے ہیں جو اس منزل میں ہلاک ہو چکے ہیں۔ مگر ہم کو یہ سہارا ہے کہ ہمارا امام موجود ہے۔ اگر قدموں میں لغزش ہوئی تو امام ہم کو اپنی روحانیت سے بچالیں گے اسی قوت ایمانیہ سے اس منزل دنیا و دین کو بآسانی طے کر رہے ہیں اور ہمارا ایمان ہم کو بہت سے بلاؤں سے نجات دے رہا ہے۔

مزید توضیح۔ اسی قوت و یقین کا کرشمہ کہ اگر راہ میں مجھ کو ایک قوی ڈاکو مل گیا تو میں اپنی کمزوری دیکھ کر فوراً مغلوب ہو جاؤں گا۔ لیکن اس ترسان حالت میں اگر پس پشت سے آواز آئی کہ گھبرانا نہیں ہم آتے ہیں۔ یہ سن کر مجھ میں ہمت آجائے گی۔ صرف اس خیال سے کہ میں اکیلا نہیں ہوں میرا مددگار موجود ہے قوی ہو جاؤں گا۔ ادھر اس ڈاکو کے دل میں خوف پیدا ہو جائے گا کہ مددگار آگیا تو وہ چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ شیطان حسب فرمان خداوندی راہ مستقیم پر بیٹھا ہے اس کی قوت اور اپنی کمزوری معلوم ہے۔ اس لیے متاع ایمان کو لٹا بیٹھیں گے لیکن اگر یقین ہو کہ امام ہمارا حامی موجود ہے تو ہم دولت ایمان بچالیں گے اور اس کو بھی مار بھگائیں گے۔ اس لیے فقط ہمارا اعوذ باللہ اس کو نہیں بھگا سکتا جب تک کہ امام اپنی روحانیت و نورانیت سے ہمارا مددگار نہ ہو۔ ورنہ ہر قل اعوذ باللہ کہنے والا کبھی گمراہ نہ ہوتا نہ بہتر فرقے بنتے۔

## عالم میں وجود حجت و ہادی ضروری ہے

ہم اس کے متعلق احادیث پہلے پیش کر چکے ہیں۔ اب ذرا عقلی حیثیت سے اس مسئلہ پر ایک نظر ڈالنی ضروری ہے۔

Marfat.com

(۱) تو یہ مسلمہ عقل و تجربات حکماء ہے کہ زمانہ کبھی اضداد سے خالی نہیں رہتا۔ سیاہی کے ساتھ سپیدی۔ ظلمت کے ساتھ نور۔ کفر کے ساتھ ایمان۔ پستی کے ساتھ بلندی شب کے ساتھ روز۔ تلخی کے ساتھ شیرینی۔ غرض اس عالم آب و گل میں کوئی شئے ایسی نہیں کہ جس کی ضد موجود نہ ہو۔ البتہ خدائے لم یزل کی کوئی ضد اور مثل موجود نہیں۔

تو جب شیطان حسب فرمان قرآن و سنت عالم میں موجود ہے اور غائب ہے۔ گمراہ کرتا ہے وسوسہ ڈالتا ہے۔ اپنوں کو وحی کرتا ہے تو اس کی ضد خدا نہیں بن سکتا اس لیے کہ وہ ضد اور مثل سے بری ہے۔ تو عقلاً شیطان کی ضد اس عالم میں ہونی لازمی ہے۔ جو بر خلاف شیطان اس کی ضد بن کر غائب ہو۔ ہدایت کرتا ہو وسوسہ نکالتا ہو۔ متقین کو روحانی پیغام پہنچاتا ہو۔ ورنہ خدا پر الزام ظلم عائد ہو جائے گا کہ اس نے ایک خفیہ گمراہ کن قوت ہم پر مسلط کر دی اور اس کی ضد سے اس کا تدارک نہیں کیا۔ تو یہ الزام صرف مذہب شیعہ کی بنا پر خدا پر عائد نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کہ ان کے اصول میں داخل ہے کہ ایک امام ہادی و رہبر اس عالم میں ہمیشہ رہے گا خواہ وہ غائب ہو یا حاضر۔ اب بارہ کا سلسلہ ختم ہونے پر وہ بارہواں باقی ہے اور تا قیامت زندہ رہے گا اور ہدایت روحانیہ فرماتا رہے گا۔ شیطان راہ بد پر لگائے گا وہ راہ نیک پر۔ یوں دنیا وجود اضداد سے خالی نہیں رہے گی۔

۲۔ قرآن پاک میں دو نفسوں کا صاف تذکرہ ہے۔ ان النفس لامارۃ بالسوٓء (یوسف ۵۳/۱۲) نفس امارہ برائی پر ابھارتا ہے۔ اور دوسرا نفس لوامہ۔ لا اقسم بالنفس اللوامۃ (دہامہ ۷۵/۱) برائی پر ملامت کرنے والے نفس کی قسم) پر دونوں نفس ایک دوسرے کے ضد ہیں۔ نفس امارہ بدی کی جانب ابھارتا ہے

اور نفس لوامہ ملامت کرکے اس کو بدی سے روکتا ہے۔ نفس امارہ کو ابھارنے والا اس کو رغبت گناہ دینے والا۔ اس میں وسوسہ پیدا کرنے والا اور اس کو وحی کرنے والا شیطان ہے۔ جو غائب رہ کر اس نفس کو ابھارتا رہتا ہے

فوسوس لھما الشیطان۔ شیطان نے یہ خیال ان میں ڈالا۔ (اعراف ۲۰/۸)

فزین لھم الشیطان اعمالھم۔ شیطان نے اعمال بد کو سجا دیا۔ (نحل ۱۶/۸)

قال ھذا من عمل الشیطان۔ کیا یہ شیطان کا کام ہے۔ (قصص ۲۸/۲)

رجس من عمل الشیطان۔ یہ گناہ ہے اور کار شیطان ہے (مائدہ ۵/۱۲)

تو نفس امارہ جن وسوسوں اور خیالات کو قبول کرتا ہے آپ کہتے ہیں کہ یہ سب شیطان کا فعل ہے۔ لیکن جب نفس لوامہ روکتا ہے اور بدی سے باز رکھتا ہے تو آپ یہ کہتے ہیں کہ یہ ضمیر کی آواز ہے اور کانشنس ہے۔ مگر اس ضمیر میں یہ خیال کہاں سے آیا۔ اس کو آپ فعل امام نہیں بتاتے۔ حالانکہ یہ دفع شبہات امام کی قوت روحانیہ سے ہیں۔ اگر نفس امارہ پر شیطان کا تصرف ہے تو نفس لوامہ کے مددگار امام ہیں۔ اگر کوئی اندرونی قوت نفس لوامہ کی مددگار نہ ہو تو شیطان کا بول بالا رہے گا۔ اور نیکیاں معدوم ہو جائیں گی۔ تو جس طرح وجود شر دلیل شیطان ہے تو وجود خیر دلیل امام ہے

یہی خداوند کریم کا حکم ہے۔ وجعلنا ھم ائمۃ یھدون بامرنا واوحینا الیھم فعل الخیرات (انبیاء ۲۱/۵) اور ہم نے ان کو امام بنایا ہے اور تمام نیکیوں کی وحی کی ہے۔ اور وہ ہمارے حکم سے دنیا میں غلط ان سے دفع کا امر مبنیہ سے) ہدایت کرتے ہیں۔ اس تبلیغ و ہدایت کے لیے ظہور کی ضرورت نہیں وجود کی ضرورت ہے۔ شیطان غائب رہ کر نفس امارہ کو آلہ کار بناتا ہے۔ اور

Marfat.com

امام غائب رہ کر نفس لوامہ کو تنبیہ فرماتے ہیں۔

جو اس امام کو نہیں مانتے وہ ایک حیثیت سے شیطان کے بھی منکر ہیں۔ اس لیے بجائے امام اور شیطان کے وہ خیر و شر دونوں خدا کے حصہ اور ذمہ میں لگا دیتے ہیں "خیرہ و شرہ من اللہ۔ نیکی و بدی دونوں اللہ کی طرف سے ہیں" اسلام کا ایک بڑا فرقہ اسی کا قائل ہے۔ حالانکہ قرآن صاف فرماتا ہے من شر الوسواس الخناس۔ یہ شیطان کا پیدا کردہ خیال ہے۔ تو یہ دونوں قوتیں ابتدار وجود بشری سے لے کر اب تک ساتھ ساتھ چلی آ رہی ہیں۔ نفس امارہ پر شیطان کا قبضہ رہا ہے اور نفس لوامہ پر انبیاء اور آئمہ کا کنٹرول رہا ہے۔ خلاق عالم نے جب شیطان کو جنت سے نکالا تو آدم کو بھی ساتھ ہی ساتھ بھیج دیا۔ تاکہ زمین پر صرف تسلط شیطان نہ رہے بلکہ حجتہ خدا بھی ساتھ رہے جو نفس لوامہ کی مددگار رہو۔ یہ سلسلہ برابر چلتا رہا ہے اور برابر انبیاء آتے رہے۔ یہاں تک کہ باب نبوت بند ہو گیا۔ اب امارہ سے کام لینے والا شیطان رہ جائے اور لوامہ کا کوئی مددگار نہ ہو تو یہ ظلم ہوگا اور گمراہی کو کھلی چھٹی مل جائے گی۔ اس لیے اگر زمانہ شیطان سے خالی نہیں تو ہادی و حجتہ خدا سے بھی خالی نہیں۔ دونوں قوتیں عالم میں موجود ہیں۔ اگر غائب ہونے کی وجہ سے شیطان کا عمل اور کام نہیں رکتا تو غائب ہونے کی وجہ سے امام کا کام بھی نہیں رکتا۔ یہ انصاف کے خلاف ہے کہ شیطان کی غیبت، طول عمر، اس کا بندوں پر اثر اور اقتدار۔ اس کا وسوسہ ڈالنے اور اس کی پوشیدہ قوت سے وحی جو وہ اپنے دوستوں کو کرتا ہے تو انکار نہ کیا جائے اور امام کی تمام باتوں سے انکار کر دیا جائے۔ نہ طول عمر کو مانا جائے نہ ہدایت روحانی کو نہ غیبت کو۔ ایک کی حمایت اور دوسرے کی مخالفت سمجھ میں نہیں آتی۔ اہل انصاف کو گمراہی

کا وجود اگر شیطان کا یقین دلاتا ہے تو ہدایت کے وجود سے امام کا یقین ہوتا ہے۔ لاحول اگر شیطان کو دفع کرتی ہے تو صلوٰۃ امام سے تعلق پیدا کرتی ہے وہ امارہ کی مدد کرتا ہے تو امام لوامہ کو سہارا دیتے ہیں۔

اب اگر کوئی صاحب فرمائیں کہ شیطان کے مقابلہ کے لیے حسبنا کتاب اللہ۔ ہم کو کتاب خدا کافی ہے۔ تو یہ بھی اسی کی بتلائی ہوئی ترکیب ہے تاکہ دنیا والے معصومین اور وارثان قرآن سے غافل ہو جائیں اور وہ قرآن کی غلط تاویلیں کرواکر اسلام میں ۷۳ فرقے بنا سکے۔ اگر قرآن کافی ہوتا تو نبی کے ساتھ اہلبیت کو نہ چھوڑتے نہ قرآن کے ہوتے ہوئے تہتر فرقے بنتے۔ نبی نے اسی لیے قرآن کے ساتھ قرآن والوں کو چھوڑا تھا کہ شیطان من مانی تاویل نہ کرا سکے اور راسخون فی العلم اس کے آڑے جائیں۔ اتنا اور عرض کردوں کہ جو لوگ مذہبی حیثیت سے شیطان کو نہیں مانتے وہ ہر بدی کو ایک اندرونی قوت خواہ وہ ضمیر ہو یا لاشعور اور کچھ کا کرشمہ بتلاتے ہیں۔ مگر قرآن وجود شیطان کا قائل ہے اس لیے وہ بدی کو ادھر بھی نسبت دیتا ہے۔ اسی طرح جو وجود امام کے قائل نہیں ہیں وہ نیکی کے القاء کو کرشمہ ضمیر یا لاشعور بتلاتے ہیں۔ مگر قرآن اور سنت کو ائمہ کی روشنی میں دیکھنے والے اس کو ائمہ امام اور القاء امام سمجھتے ہیں۔ لا مذہب شیطان کے منکر ہیں اور ۷۲ فرقے وجود امام کے منکر۔ صرف ایک فرقہ اس کا قائل ہے کہ زمانہ ہادی سے خالی نہیں اور اس فرقہ کا ساتھ منصف اور محب اہل بیت اہل سنت بھی دیتے ہیں۔

۳۔ ابتدائے آفرینش سے جب تعلیم اسلام وہ متوازی خطوط چل رہے ہیں نوری اور ناری۔ نوری مقدم ہے۔ اول ما خلق اللہ نوری سب سے پہلے میرے نور کو پیدا کیا۔ پھر یہ ناری جو خود اقراری تھا۔ خلقتنی

Marfat.com

من نار۔ مجھ کو تو نے آگ سے پیدا کیا ہے۔ دونوں کے کام جدا جدا تھے ناری نے کہا لاغوینھم اجمعین۔ اور نوری کے متعلق خدا نے فرمایا یھدون بامرنا۔ ہمارے حکم سے ہدایت کریں گے۔ اب یہ اخلاف عقل ہے کہ دو متوازی خطوط میں نوری کا سلسلہ ٹوٹ کر گم ہو جائے اور نار (آگ) والا سلسلہ باقی رہے گمراہی والا باقی رہے اور ہدایت والے ختم ہو جائیں۔ تو جب تک ایک بھی شیطان گمراہ کن موجود ہے ایک ہادی کا رہنا ضروری ہے۔ کیا یہ ہٹ دھرمی نہیں کہ وہ ناری باقی رہے جس نے سجدہ خلیفۃ اللہ سے انکار کیا تھا اور وہ نور باقی نہ رہے جس کو سجدہ کرایا گیا تھا۔ سلسلہ ناری تو قیامت تک باقی رہے اور نوری ختم ہو جائے یہ خلاف عقل ہے۔ شیطان نے تو اپنے دانست میں اسی لیے مہلت چاہی تھی کہ میرے مدمقابل کبھی نہ کبھی ختم ہو جائیں گے۔ پھر میری ہی حکومت رہے گی اور میں اغوا میں کلیتہ کامیاب رہوں گا۔ مگر قدرت نے ہادیوں کا سلسلہ قائم رکھ کر اس کے خیال خام کو رد کر دیا اور گویا زبان عمل سے یہ کہا کہ یہ نور تجھ سے پہلے تھا اور تیری مہلت ختم ہونے کے بعد بھی رہے گا۔ ویبقی وجہ ربک تیرے رب کی معرفت بہم پہنچانے والے باقی رہیں گے۔" بقیۃ اللہ خیر لکم ان کنتم مومنین،،) ہود ۱۱/۸ تمہارے رب کا بقیہ حجۃ باقی رہے گا اور وہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم مومن ہو۔ اس لیے صادقین۔ الوالامر شہید اور ہادی بن کر باقی رہیں گے (اس کو ہم پیشتر واضح کر چکے ہیں)

۴۔ شیطان درحاصل خلافت آدم کا منکر تھا اس کو اپنا حق سمجھتا تھا۔ اس لیے اس نے صاف صاف کہہ دیا کہ اھذا الذی کرمت علی لئن اخرتن الی یوم القیامتہ لاحتنکن ذریتہ الا قلیلا (بنی اسرائیل ۱۷/۷) کیا یہی وہ شخص ہے جس کو تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے۔ اگر تو نے مجھ کو قیامت

Marfat.com

تک کی مہلت دی۔ تو میں سوائے چند نفوس کے باقی سب کی جبڑ کاٹتا رہوں گا (گمراہ کروں گا) (انا خیر منہ۔ (اعراف پ ۸ ص ۵۵) میں آدم سے بہتر ہوں شیطان قائل خدا تھا۔ قیامت کا اقرار تھا۔ مخلص بندوں کا مقر تھا۔ اس کا یقین تھا کہ وہ گمراہ نہ ہوں گے۔ ملائکہ کا انکار نہ تھا۔ عبادت گذار تھا اور واقعہ خلاف سجدہ آدم سے پہلے ملائکہ میں شمار رہتا۔ سجدہ نہ کر کے ازکار خلافت آدم کی بنیاد رکھی۔ اب شیطان مدعی افضیلت اور آدم مدعا علیہ ہوئے۔ اب اگر اس عرصہ حیات مدعی میں خلافت اولاد آدم اور اس کی رہبری ختم ہو جائے تو یہ شیطان کی فتح اور کامیابی ہو گئی۔ اس لیے کہ مدعی مع اپنے شیطنت کے باقی ہے اور مدعا علیہ کی اولاد میں نہ جامعظم نہ خلافت رہی۔ جس کی وجہ سے شیطان راندہ درگاہ ہوا تھا۔ تو وہ اپنی بقاء کو اور ان کی فنا کو دلیل حقانیت سمجھے گا۔ اس لئے عقلا جب تک شیطان کا وجود باقی ہے۔ خلافت الہیہ کا بھی ایک وارث باقی رہے گا۔ صرف ایک فرقے کو شرف حاصل ہے کہ وہ خلافت الہیہ کا وارث امام زمانہ کو مانتا ہے جو قیامت تک باقی رہیں گے اور ان کی وجہ سے قیام خلافت الہیہ بھی باقی رہے گا اور شیطان سب کو گمراہ نہ کر سکے گا۔ ۷۲ میں سے ایک صاف بچ جائے گا۔ رہے باقی فرقے تو وہ تو خلافت تیس سال پر ختم کر کے شیطان کو فاتح بنا چکے ہیں اور تیس سال بعد جو خلافتیں باقی رہیں۔ اس خلافت کو مصطفیٰ کمال پاسفورس میں ڈبو چکے ہیں۔

۵۔ اہل عقل و دانش خوب جانتے ہیں کہ بصر اور بصیرت دو چیزیں ہیں۔ چہرہ کی آنکھ تو بصر رکھتی ہیں اور دل کی آنکھ کو بصیرت (فہم) ایک جسم کی آنکھ ہے اور دوسرے روح کی آنکھ ہے۔ بصر اور بصیرت دونوں کا وجود پیکر بشری میں ہے۔ خالق روح و جسم کے علم میں یہ بات ہے کہ نگاہ باوجود نور اندھیرے میں بیکار ہے

اچھی اور بری راہ راست اور خطرناک راہ کو نہیں دیکھ سکتی۔ اس لیے اس حکیم مطلق نے چشم بصارت یا بصارت چشم کے لیے انوار کا بندوبست کر دیا۔ صبح سے شام تک آفتاب کا نور رہے تو شب کو ماہتاب کا نور رہے اور وہ نہ ہو تو ستارے دلیل راہ ہیں۔ قافلے۔ جہاز۔ وغیرہ انہیں سے نشان راہ پاتے ہیں۔ غرض دنیا میں کوئی لمحہ کوئی ثانیہ کسی زمانہ میں ایسا نہیں ملے گا کہ وہ ان انوار سے خالی ہو۔ بیشک برسات میں یہ انوار بادلوں میں نظر نہیں آئیں گے مگر موجود ضرور رہیں گے۔ اگرچہ وہ خود غائب ہیں۔ مگر ان کے اثرات غائب نہیں۔ اگر اس غیبت کے بعد ان کے اثرات نہ رہیں تو دنیا ایک لمحہ میں تباہ و برباد ہو جائے۔

تو جیسے بصر اندھیرے میں بیکار رہے اور راہ گم کرتی ہے۔ اسی طرح بصیرت تاریکیٔ شرک و شبہات و اوہام میں گرفتار ہو کر گمراہ ہو جاتی ہے اور عقل بے عقلی کا فیصلہ کرتی ہے۔ تو عنایت خداوندی سے بعید ہے کہ وہ بصر کے لیے انوار بنائے اور کوئی زمانہ ان سے خالی نہ رکھے اور بصیرت کے لیے کوئی سہارا اور نور رہبر نہ رکھے۔ یہ نہ کہہ دیجیے گا کہ خدا نے نور عقل بنایا ہے کیا آپ نے عقلوں کو ٹھوکریں کھاتے نہیں دیکھا۔ جس میں بصر نہ ہو وہ تو خود بھی ہلاک ہوتا ہے۔ لیکن بصیرت کے اندھے عقل ہوتے ہوئے دنیا کو تباہ کروا دیتے ہیں۔ یہ عظیم لڑائیاں یہ لاکھوں کی بربادیاں کیا ان عقل والوں کی پیداکردہ نہیں ہیں۔ تو جس طرح بصر کے لیے بیرونی انوار کی ضرورت ہے بصیرت کے لیے بھی بیرونی انوار و راہبروں کی ضرورت ہے۔ جن کا ہر زمانہ میں انوار بصر کی طرح رہنا لازم ہے تو زمانہ ان سے خالی نہیں رہے گا بصیرت کے یہ راہ نما۔ بصیرت کے یہ نور۔ رسول انبیاء اور آئمہ ہیں جو

Marfat.com

ہمیشہ ہادی خلق اور راہ نمائے عالم رہے اور خدا مثل انوار بصر صاحبان بصیرت کے راہ نمائی کے لیے ہر زمانہ میں باقی رکھے گا اور وہ بصورت رسول یا نبی یا امام ہمیشہ باقی رہیں گے اور کوئی لمحہ عالم کا ان سے خالی نہ رہے گا۔

رہا یہ امر کہ جب وہ موجود ہیں تو دنیا کیوں گمراہ ہو رہی ہے اور آفتاب و ماہتاب کی طرح کیوں فائدہ حاصل نہیں کرتی۔ تو نور آفتاب و ماہتاب و سیارگان ہر دم موجود ہے۔ مگر اس سے وہ فائدہ حاصل کر سکتی ہے۔ جس کی آنکھوں میں نور ہو۔ اندھا ان سے فائدہ حاصل نہیں کر سکتا۔ تو ان انوار باطنیہ سے بھی وہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جن کی بصیرت میں نور ایمان موجود ہو۔ بصیرت کے اندھے کو یہی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔

خدا سے بڑھ کر کون ہادی ہو سکتا ہے۔ مگر اس کی ہدایت کا تعلق اہل ایمان سے ہے۔

ان اللہ لھادی الذین امنو     خدا کی ہدایت کا تعلق ان لوگوں سے ہے جو ایمان لائے ہیں۔

اسی طرح ان انوار سے جن کو خدا نے ہدایت کے لیے بنایا ہے صرف وہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں جن میں خود نور ایمان ہو۔ الحمد اللہ کہ ۷۳ میں ایک فرقہ ان سے ہدایت روحانیہ حاصل کر رہا ہے اور وہ حق پر قائم ہے۔

۶۔ یہی وعدے ہمیشہ پورے ہو کر رہتے ہیں انہ لا یخلف المیعاد (آل عمران ۳/۱) وہ وعدہ شکنی نہیں کرتا۔ اب جن وعدوں میں وقت و زمانہ و مکان کی قید نہیں ہے۔ ان کے ایفاء کا سلسلہ برابر رہتا ہے اور کسی نہ کسی شکل میں وہ وعدہ پورا ہو کر رہتا ہے۔ حضرت ابراہیم سے وعدہ الٰہی تھا جعلنا فی ذریتہ النبوۃ     میں ان کی اولاد میں برابر کتاب

والکتاب (عنکبوت ۲۹) اور نبوت کو باقی رکھوں گا

یہ وعدہ الٰہی بغیر قید وقت و زمانہ ہے۔ اس لیے اس وعدہ کی بقا اور اس کا استمرار تا قیامت رہے گا۔ اب حضرت ابراہیم سے ان کی اولاد میں دو سلسلے چلتے ہیں۔ ایک حضرت اسحاق اور دوسرا حضرت اسماعیل کا یہ وعدہ الٰہی ان دونوں سلسلوں میں پورا ہوتا رہا ہے۔

اور دونوں سلسلوں میں خداوند کریم نے نبوت اور کتاب کا سلسلہ برابر باقی رکھا۔ سلسلہ اسحاق میں آخری نبی حضرت عیسیٰ ہیں۔ اس لیے قدرت نے فرمایا کہ قد خلت من قبلہ الرسل (آل عمران ۳/۵) سب رسولوں کا سلسلہ ان سے قبل پورا ہو چکا اب ان کے بعد کوئی رسول سلسلہ اسحاق میں نہیں آئے گا۔ تو اس سلسلہ کے آخری نبی عیسیٰ تھے۔

اب اگر حضرت عیسیٰ کو موت آجاتی تو وعدہ الٰہی پورا نہ ہوتا۔ اس لیے حضرت عیسیٰ کو قیامت تک زندہ رکھا۔ تاکہ وعدہ الٰہی کہ میں اولاد ابراہیم میں نبوت اور کتاب قرار دوں گا۔ پورا ہوتا ہے۔

رہا سلسلہ اسماعیل تو اس کے آخری نبی حضرت رسالتماب ہیں۔ ان کے آخری ہونے کی دلیل بھی بعینہ اسی الفاظ میں دی تاکہ جن الفاظ میں حضرت عیسیٰ کی خبر دی تھی۔ وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل (مائدہ ۳/۵) محمدؐ رسول ہیں اور تمام رسول ان سے پہلے گذر چکے ہیں (اور یہ آخری نبی ہیں) اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ اب بمفاد انک میت (زمر ۳۹) تم کو بھی موت ظاہری آئے گی۔ تو آپ کے انتقال پر وعدہ الٰہی باقی نہ رہتا۔ کہ میں تمہاری ذریت میں نبوت کتاب باقی رکھوں گا۔ اس لیے ختم نبوت کے بعد سلسلہ امامت قائم کر کے اس کو وارث کتاب بنا دیا۔

ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا (فاطر ۳۵) — پھر ہم نے اپنے منتخب کردہ بندوں کو کتاب کا وارث بنا دیا۔

اور اسی لیے نبی نے اعلان فرمایا کہ میں دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں ایک کتاب خدا اور ایک میری عترت و اہل بیت اور یہ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔ تاکہ وعدہ الٰہی برقرار رہے اور کتاب کے وارث وہ امام ہوں جن کے لیے قرآن نے وعدہ فرمایا ہے۔

نجعلھم آئمہ و نجعلھم الوارثین۔ — میں ان کو امام بناتا رہوں گا۔ اور ان کو وارث بھی بناؤں گا۔

مال و دولت کا نہیں بلکہ اپنی کتاب اور اس کے حقائق اور اس کی قوتوں کا مالک بناؤں گا اور وہ خوص کوثر تک ساتھ رہیں گے۔

اب آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ وعدہ الٰہی اولاد ابراہیم سے تھا اور ذریتہ و اولاد کا شمار بیٹے کی اولاد سے ہوتا ہے بیٹی کی اولاد سے نہیں تو نبیؐ کے بیٹا زندہ نہیں رہا اور نسل بیٹی سے چلی تو اس لیے آئمہ ذریتہ نبی قرار نہیں پاتے تو قدرت نے اس کا جواب سلسلہ اسحاق میں دیدیا ہے۔ حضرت عیسیٰ مطابق کلام الٰہی ذریت ابراہیم میں داخل ہیں۔ ومن ذریتہ (انعام ۶/۸۴) یعنی اولاد ذریتہ ابراہیم میں حضرت عیسیٰ بھی داخل ہیں۔ حالانکہ آپ کے باپ نہ تھے صرف مادری رشتہ سے اولاد ابراہیم میں داخل ہیں۔ اسی طرح سے آئمہ اہلبیت بھی اپنی مادر جناب فاطمہؑ کے ذریعہ ذریتہ محمدؐ عربی میں داخل ہیں۔

تو جس طرح قدرت نے حضرت عیسیٰ کو باقی اور غائب رکھ کر اپنا وعدہ پورا کر دیا۔ اسی طرح اس سلسلہ کے آخر میں امام مہدی کو حضرت عیسیٰ کی طرح غائب اور باقی رکھ کر اپنے وعدے کو پورا فرما دیا۔ دونوں سلسلے ایک دوسرے سے پوری

Marfat.com

مشابہت رکھتے ہیں اور قیامت تک دونوں باقی رہیں گے۔ ان دونوں سلسلوں میں کس قدر مشابہت ہے۔

(۱) اس سلسلہ کا آخری فرد حضرت عیسیٰ بھی غائب ہیں تو اس سلسلہ کا آخری امام بھی غائب ہے۔

(۲) آخر زمانہ قرب قیامت میں ہزاروں انبیاء کے ہوتے ہوئے صرف حضرت عیسیٰ نازل ہوں گے۔ اور بکثرت اماموں کے ہوتے ہوئے صرف امام مہدیؑ نسل رسولؐ و فاطمہؑ سے آئیں گے۔ تاکہ دونوں غائب سلسلے ظاہر ہو کر دنیا کو ظلم دنیاوی سے نجات دلا دیں اور دونوں سلسلے یک جا جمع ہو جائیں

(۳) دونوں مل کر نماز قائم کریں گے۔ فرق یہ ہو گا کہ عترت نبی اکرمؐ کو نمایاں کرنے کے لیے ان کی اولاد امام ہو گی اور حضرت عیسیٰؑ ماموم ہوں گے۔ یہ اس نبی آخر اور امامت کی عزت افزائی ہو گی۔

(۴) اگر قدرت نے سلسلہ اسحاق کو بیت المقدس قبلہ بنا کر دیا اور ان کو اس اہل بنا دیا۔ تو اس سلسلہ کو خانہ کعبہ دیا اور اس کو قبلہ بنا کر اسی سلسلہ کو اس کا اہل بنا دیا

(۵) اگر خدا نے سلسلہ اسماعیل میں حضرت مریم کو معصومہ اور طاہرہ بنایا اور فرمایا۔

ان اللہ اصطفاک وطہرک — اللہ نے تم کو منتخب کیا پاک و پاکیزہ

علی نساء العالمین — و معصومہ بنایا اور پھر اس زمانہ کی تمام

(آل عمران ۳/۵) — عالم کی عورتیں میں منتخب کر لیا۔

تو اس سلسلہ میں بھی ایک معصومہ بنائی اور بمقاد۔ آیۃ لیطہرکم تطھیرا۔ (احزاب ۳۳/۴) تطہیر کامل پر فائز کر دیا اور پھر اس عالم کو قید نہیں لگائی گئی۔ بلکہ جنت جہاں سارے عالم کے جنتی سمٹ کر جمع ہو جائیں گے۔ وہاں کی عورتوں کا سردار بنا دیا اس میں حضرت مریم ازواج انبیاء۔ ازواج نبی۔ اور تمام جنتی عورتیں آ گئیں اور

اوران سب کی سردار فاطمہؓ ہوں گی۔

| | |
|---|---|
| قال النبی فاطمۃ سیدۃ | آنحضرت نے فرمایا کہ فاطمہ جنت |
| نساء اھل الجنۃ (بخاری | کی عورتوں کی سردار ہیں۔ |

جلد دوم ص۲۰۵ و ص۱۹۳)

دونوں سلسلوں میں اس قدر مشابہت ہے۔ کہ دونوں ایک ایک صفت خداوندی کے مظہر ہیں۔ خداوندکریم قرآن پاک میں اپنی دو صفتیں بیان فرماتا ہے

| | |
|---|---|
| الا لہ الخلق والامر | اگاہ رہو کہ خلق اور امر کی دونوں |
| (اعراف ع۷) | قوتوں کا مالک وہ ہے۔ |

تو سلسلہ اسحاق میں حضرت عیسیٰ کو قوت خلق کا مظہر بنا دیا۔ اس لیے آپ فرماتے ہیں کہ۔ انی اخلق لکم من الطین — میں ایک پرندے کی شکل مٹی

کھیئۃ الطیر (آل عمران ۳/۵) — سے پیدا کروں گا۔

تو حضرت اسماعیل کے سلسلہ کو صفت امر کا مظہر بنا دیا۔

| | |
|---|---|
| اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول | خدا کی اور رسول کی اور امر والے |
| واولی الامر منکم (نساء ع۸) | کی اطاعت کرو۔ |

جو صفت امر کے مظہر ہیں۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ جو حاکم ہیں یا جن کے ہاتھ میں حکومت ہے ان کی اطاعت کرو۔ بلکہ جو امر الٰہی کے مظہر ہیں اور جن کے پاس فرشتے اور روح بن امر لے کر آتی ہیں ان کی اطاعت کرو۔

| | |
|---|---|
| تنزل الملائکۃ والروح | ملائکہ اور روح اپنے خدا کے |
| فیھا باذن ربھم من کل امر | حکم سے ہر امر لے کر آتے |
| القدر (قدر ع۹) | ہیں۔ |

حضرت عیسیٰ مظہر امر بن کر آئے۔ اور یہ حضرات سلسلہ اسماعیلی ہیں جناب امر بن کر

آئے تو جیسے عیسیٰ زندہ اور باقی ہیں اسی طرح یہ امام باقی رہے گا
اسی لیے حضرت عیسیٰ۔ صفت خلق اور نفخ روح کا دعوی کرتے ہیں تو آخر میں صاف فرما دیتے ہیں فانفخ فیہ فتکون طیرا باذن اللہ خدا کے حکم سے اور اجازت سے روح ڈال رہا ہوں۔ یہ صفات الٰہیہ کا نمونہ اس لیے پیش فرماتے تھے۔ تاکہ دیکھیں ان کو اور سمجھیں اس کو۔ اسی طرح الوالامر صفت امر کو نمایاں کرتے تھے تاکہ ان کو دیکھیں اور اس کو سمجھیں۔

امام رضا علیہ السلام نے دربار مامون میں تصویر کو ۔ کن اسداً اشیر بن حایا۔ فرما کر مجسم کر دیا تھا۔ لفظ کن کیوں کہا تاکہ لوگ سمجھ لیں کہ یہ قوت امر کا کرشمہ ہے اس لیے کہ قوت امر لفظ کن کے بعد ظاہر ہوئی تھی۔

انما امرہ اذا اراد شیئا — یہ اس کا امر ہے کہ جب کسی شے
ان یقول لہ کن فیکون۔ — کے لیے زبان حقیقت سے کن فرماتا
ہے وہ چیز فوراً ہو جاتی ہے۔

تو اگر سلسلہ اسحاق میں حضرت عیسیٰ صفت خلق کے مظہر تھے۔ تو سلسلہ اسماعیل میں آئمہ صفت امر کے مظہر ہیں اور انہیں مظاہر امر کو اولوالامر کہتے ہیں۔ نہ کہ صاحبان حکومت کو۔ ورنہ نمرود فرعون وشداد۔ یا آج یورپ وامریکہ وروس یہ سب اولی الامر ہیں۔ جن کے اشارے پر اسلامی حکومتیں ناچ رہی ہیں۔

اب قیامت کے قریب حضرت عیسیٰ نازل ہوں گے جو مظہر خلق ہیں اور امام مہدیؑ آئیں گے جو مظہر صفت امر ہیں۔ ہم اسی وقت کس کی اطاعت کریں گے۔ تو اسی کو قرآن پاک نے بتلایا ہے کہ اولی الامر منکم کی اطاعت کرنا۔ اے امت محمدیہ! وہ تم میں سے ہوگا (منکم) تم سے۔ کی قید اس دن کے لیے لگائی تھی۔ نہ کہ اس لیے کہ تم میں سے جس ظالم وغاصب کے ہاتھ میں علم اور حکومت ہو اس کی اطاعت

Marfat.com

کرکے دین و مذہب کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔

(۸) قرآن پاک نے کچھ کلیات بتلائے ہیں جو ہمیشہ سے ہیں اور تا قیام دنیا رہیں گے۔
اور اگر وہ کسی زمانہ میں رہیں اور کبھی نہ رہیں تو وہ کلیات
نہیں رہیں گے۔

| | |
|---|---|
| مثلاً (۱) کل نفس ذائقۃ الموت (آل عمران ۳/۴) | ہر نفس اور ہر ذات موت کا مزہ پائے گی۔ |
| (۲) کل فی فلک یسبحون (انبیاء ۲/۳) | ہر سیارہ اپنے فلک میں حرکت کر رہا ہے۔ |
| (۳) وجعلنا من الماء کل شیٔ حیّ (انبیاء ۲/۳) | اور ہم نے ہر شے کو پانی سے زندہ رکھا۔ |
| (۴) لکل امۃ اجل (یونس ۱/۵) | ہر گروہ کے لیے ایک مدت مقرر ہے |

اسی طرح ہمارے سامنے قرآن نے کچھ کلیات پیش کئے ہیں۔ مگر یہ کیسے معلوم ہو کہ آئندہ بھی ایسا ہی ہوگا۔ جب سے دنیا قائم ہے۔ وہ کلیات کبھی غلط نہیں ہوئے۔ ہر زمانہ میں، ہر جگہ اور ہر وقت وہ پورے اترے ہیں۔ مثلاً کل نفس ذائقہ الموت۔ ہر نفس کو موت آئے گی تو جب سے انسان اور جاندار کا وجود ہوا ہے۔ موت لازمی ہے سب کو آتی ہے۔ خواہ اس کی عمر قیامت تک رہے۔ مگر موت ضرور آئے گی تو پچھلے حالات دیکھ کر ہم نے آئندہ زمانہ کا بھی یقین کر لیا کہ موت ضرور آئے گی۔ حالانکہ نہ آئندہ زمانہ ہمارے سامنے ہے نہ آئندہ مرنے والے سامنے ہیں زمانہ اور اہل زمانہ دونوں غائب ہیں۔ مگر ماضی کو سن کر اور حاضر کو دیکھ کر ہم نے سمجھ لیا کہ یہ کلیہ صحیح ہے۔ ہر زمانہ میں پورا اترے گا۔

تو اب قرآنی کلیات میں یہ کلیہ بھی موجود ہے۔

لکل قوم ھاد (رعد ۱۳) — ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہونا ضروری ہے۔

یعنی جب تک عالم میں اقوام عالم باقی ہیں وجود ہادی لازمی ہے۔ گذشتہ زمانہ میں مسلسل ہادیوں کو دیکھ کر ہم نے موجود اور مستقبل کے لیے ایک ہادی کا ہونا ضروری سمجھا اور اگر موجودہ زمانہ ہادی سے خالی ہوگا تو قرآنی کلیہ غلط ہو جائے گا۔
تو جیسے پچھلے زمانہ والوں کے مرنے سے ہم نے آیندہ کے لیے حکم موت لگا دیا جس میں کسی کو مجال انکار نہیں اسی طرح زمانہ سابقہ میں ہر قوم و ملک کے لیے ایک ہادی دیکھ کر یقین کر لیا کہ ہمیشہ سے کوئی ہادی ہے۔ ہادی رہا ہے۔ اور ہادی ہمیشہ رہے گا۔

## کیوں غائب ہیں

(۱) قدرت نے انبیاء کرام کو اپنے اوصاف کا مظہر بنایا ہے مثلاً خداوند کریم اپنے متعلق فرماتا ہے۔
انا کنا منذرین (دخان ۲) ⁂ ہم ڈرانے والے ہیں۔
تو اپنے انبیا کو اس صفت کا مظہر اور نمونہ بنا دیا۔ قرآن میں فرماتا ہے۔
فبعث اللہ النبیین مبشرین ومنذرین (بقرہ ۲) — خدا نے (نجات سے) خوشخبری دینے والے اور (عذاب سے) ڈرانے والے پیغمبروں کو بھیجا۔

اپنے لیے فرماتا ہے۔
ان اللہ بالناس لرءوف الرحیم (بقرہ ۲) — بے شک خدا لوگوں کے لیے بڑا ہی رفیق اور مہربان ہے۔

Marfat.com

تو اپنے نبی کو بجنسہ انہیں الفاظ میں اپنی صفات کا مظہر فرماتا ہے۔

بالمومنین رؤف رحیم (میں آدمیوں پر مہربان اور رحم کرنے والا ہوں) تم مومنوں پر مہربان اور رحیم ہو۔ (توبہ ۹/۱۴)

ہم نے صرف دو آیتیں سمجھانے کے لیے لکھ دیں ہیں ورنہ قرآن پاک میں بہت سی آیات ہیں۔ جو صفت خداوندی کو اپنے انبیاء میں جلوہ نما دکھلاتی ہیں۔

تو بقاء ذات اور غیب ذات یہ دونوں الٰہی صفتیں ہیں۔ وہ ہمیشہ سے باقی ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ غائب ہے اور ہمیشہ غائب رہے گا۔ اب جس کو خداوند کریم اپنے اس صفت کا مظہر بنا کر ایک مدت خاص تک باقی رکھتا ہے۔ اس کو بقاء کے ساتھ غائب بھی رکھتا ہے اور جس پر بقاء کا پرتو ڈالتا ہے۔ مدت بقاء تک اس کو غیبت کا حصہ بھی دیتا ہے۔ ورنہ قیامت تک ان کو حیات دے کر دنیا کے سامنے رکھتا تو ظاہر پرست بجائے خدا کے اسی کو خدا ماننے لگتے۔

(۲) جواہر میں بہ نسبت بناتات زیادہ بقاء ہے۔ تو اس کو پردہ خاک میں غائب رکھا جسم فانی ہے اور روح بہ نسبت اس کے باقی ہے تو جسم فانی کو ظاہر کر دیا اور روح باقی کو لباس غیبت پہنا دیا۔ تو اس عالم فنا میں جس کو صفت بقا دیدی ہے تو اس کو لباس غیبت بھی پہنا دیا ہے۔ (۱) حضرت الیاس زندہ اور باقی ہیں تو وہ نگاہ عالم سے غائب ہیں۔ (۲) حضرت خضر کو اگر طول حیات، دی تو غائب کر دیا۔ عالم میں موجود ہیں مگر غائب (حوالہ کتب بعد میں آئیں گے) (۳) حضرت عیسیٰؑ زندہ ہیں اور فلک پر غائب جتنے دن کی بقا دی ہے۔ اتنے ہی دن کی غیبت بھی دیدی (۴) اور تو اور شیطان کو اگر باقی رکھا تو نگاہ عالم سے بھی پوشیدہ کر دیا۔ طول عمر کے بعد اگر نگاہوں کے سامنے رکھتا تو بکثرت اسی کو خدا مان لیتے۔ (۵) مسلمانوں کا اکثر حصہ دجال کو زندہ مانتا ہے۔ وہ بھی غائب ہے

Marfat.com

(۶) اسی بنا پر کل فرشتے غائب ہیں۔ اب قوت شیطان توڑنے کے لیے ایک امام ضروری تھا۔ تعداد بارہ سے بڑھ نہیں سکتی تھی۔ اس کے آخری امام کو تا قیامت زندہ رکھا۔ اور بنا بر سنت الہیہ ان کو غائب رکھا۔ اس لیئے کہ بقاء کے ساتھ غیبت لازمی ہے۔ پھر اس غیبت کو مدار علامت ایمان بنا دیا۔

یومنون بالغیب (بقر ۲) غیبت پر ایمان لاتے ہیں۔

اس میں سب غائب آ گئے۔ خدا غائب ہے۔ جنت دوزخ۔ فرشتے۔ عرش و کرسی۔ حوریں، غلمان سب غائب ہیں اور الیاس و خضر و عیسی و ادریس سب غائب ہیں شیطان بھی غائب سب سے اور قرآن اس کی بقاء کو بیان کرتا ہے۔

یراکم ھو و قبیلہ من حیث شیطان اور اس کا قبیلہ غائب ہے

لاترونھم (اعراف ۳) وہ تم کو دیکھتا ہے تم اس کو نہیں دیکھ سکتے

اب اتنے غائبوں پر یقین و ایمان رکھ کر امام غائب کا انکار یقیناً حیرت انگیز اور ہٹ دھرمی ہے۔ طول عمر و بقاء اور غیبت کے اس قدر نمونے پا کر صرف ایک ذات کا انکار صرف آل محمدؐ سے دشمنی کی بنا پر ہے۔ ہاں دنیا میں کوئی نمونہ غائب نہ ہوتا اور صرف اسی ذات کو غائب سمجھا جاتا تو بے شک شبہات کے لیے راہ تھی۔ مگر سب کا اقرار اور اس امام کا انکار یہی ہٹ دھرمی ہے۔

## مزید توضیح

(۳) ہمارے نبی جامع اوصاف انبیاء تھے۔ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری آپ کی یہ ذاتی مدح کیونکہ آپ جامع اوصاف تھے۔ وہ اس لیے کہ ہمیشہ خاتم جامع اوصاف ماسبق و ماتحت ہوتا ہے۔ مثلاً انسان کہ وہ جامع جماد و نبات و حیوان ہے۔ پس اگر آنحضرت میں کسی نبی کے کمال کی کمی ہوتی۔ تو اس قدر نقص

Marfat.com

جامعیت کمال میں رہ جاتا۔ اب غیبت کمال نہ ہوتی تو ذات باری میں نہ پائی جاتی جو مجمع و منبع کمالات ذاتی ہے و کامل بالذات ہے۔ اپنے اسی کمال کا مظہر خدا نے حضرت عیسیٰ و ادریس اور حضرت والیاس کو بنا دیا۔ (حوالے آئندہ آئیں گے) اب ہمارے نبی کمال غیبت جیسی سے خالی ہیں تو خدا نے اس کمال کو پورا کرنے کے لیے اس نبی کے ایک جزو کو غیبت دے کر اس کو داخل کمالات نبوی فرما دیا۔ اولاد ہمیشہ جزو پدر ہوتی ہے۔ قرآن اسی نکتہ کی توضیح کرتا ہے۔

جعلوا له من عباده جزءً (زخرف ۴۳ ع ۱) — انہوں نے خدا کے لیے جزو یعنی فرزند بنا دیا۔

(رائے ولد را)

تو خلاق عالم نے اس نبیؐ کے فرزند۔ اس کے خون اور اس کے جزو کو صفت غیبت دیدی تاکہ کمال پدر کی دلیل بن جائے۔ اس کو عالم تمثیل میں یوں سمجھیے کہ آپ کے ایک بچہ پیدا ہوا۔ دوست مبارکباد کو آئے اور ہر ایک نے اظہار مسرت اور دوستی کے لیے بچہ کو روپیہ اور نوٹ دئے۔ وہ سب باپ نے اپنے جیب میں رکھ لیے۔ وہ دیئے بچہ کو اور گئے باپ کی جیب میں اور اسی کے حساب میں۔ تو قدرت نے اس فرزند کو صفت غیبت دے کر نبوت کے حساب میں لکھ دی اور ان کی غیبت میں غیبت نبویہ قرار پائی۔ اس لیے قرب قیامت میں جب یہ امام ظاہر ہوں گے تو بجائے نبیؐ خود حضرت عیسیٰؑ کو نماز پڑھائیں گے اب ہم اس کی مزید تائید کے لیے شاہ عبدالعزیز دہلوی کی (جو مشہور محدث و مناظر اہل سنت ہیں) مشہور کتاب سرالشہادتین۔ طبع لاہور کا خلاصہ لکھتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ۔

تمام وہ کمالات جو انبیاء ماسبق میں بکھرے ہوئے تھے۔ قدرت نے ان کو نبی میں جمع کر دئے تھے۔ خلافت آدم۔ ملک سلیمان۔ حسن یوسف۔ خلت ابراہیم

وغیرہ وغیرہ سب اس ذات میں جمع تھے اور ان کمالات کے علاوہ مزید کمالات بھی آنحضرت کو عطا فرمائے تھے۔ لیکن ایک کمال ایسا تھا جو آپ کو حاصل نہیں ہوا تھا اور وہ کمال شہادت ہے راز یہ ہے کہ اگر آپ جنگ میں درجہ شہادت پر فائز ہو جاتے۔ تو اسلام کی شوکت ختم ہو جاتی اور عوام کی نظر میں دین میں خلل پیدا ہو جاتا اور اگر پوشیدہ طور سے شہید ہو جاتے تو نہ تو اس کی شہرت ہوتی نہ شہادت حد کمال پر پہنچتی تو حکمت اور تدبیر خداوندی نے چاہا کہ یہ کمال عظیم آپ کو آپ کے اہلبیت کے ذریعہ سے حاصل ہو جائے اور اس کا شمار آپ کی ذات میں کر لیا جائے تو آپ کی اولاد میں امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو آپ کا قائم مقام بنا دیا گیا اور ان دونوں کو آئینہ کمال محمدی بنا دیا اور دونوں گویا جمال محمدیؐ کے دو رخسارے تھے۔ اب شہادت کی دو قسمیں ہیں۔ ایک پوشیدہ ایک علی الاعلان تو پوشیدہ شہادت امام حسنؑ کے حصہ میں آئی اور شہادت ظاہری امام حسین علیہ السلام کے حصہ میں آئی اور یہ دونوں شہادتیں درحقیقت نبی کی شہادت تھیں۔ (خلاصہ ختم)

اسی طرح کمالات انبیاء میں غیبت و طول عمر رہ جاتی ہے تو وہ نبی کے حصہ میں اس کے آخری خلیفہ کے ذریعہ سے آئی۔ اگر یہ اولاد کے ذریعہ سے نہ ملتی تو کمالات محمدیہ میں کمی رہ جاتی پھر آپ جامع کمالات نہ بنتے۔

## چوتھی وجہ غیبت

(۴) قرآن پاک امتحان کی ایک منزل کو بتلاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ام حسبتم ان تدخلوا الجنۃ | کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ جنت میں خدا یوں |
| ولما یعلم اللہ الذین جاھدوا | ہی داخل کر دے گا ابھی تو خدا نے یہ |
| منکم ویعلم الصابرین | بھی نہیں واضح کیا کہ کون تم میں سے |

| | |
|---|---|
| (آل عمران ۳/۱۴۲) | جہاد کرنے والا ہے اور کون صبر کرنے والا ہے۔ |

بے شک خدا عالم الغیب سے جانتا ہے کہ کون جہاد کرتا ہے۔ کون بھاگتا ہے۔ کون صرف لوٹ مار کے لیے شریک ہوا ہے یا ہوگا۔ لیکن اگر وہ محض اپنے علم کی وجہ سے سزا و جزا لوگوں کو دیتا تو وہ کہہ سکتے تھے کہ ہم کو موقع نہیں دیا۔ ورنہ ہم جہاد اور صبر کرکے دکھلا دیتے اس لیے قدرت نے ان کو مواقع بہم پہنچائے اور جب دنیا نے اور خود ان لوگوں نے دیکھ لیا کہ کون مجاہد تھا کون فراری۔ تب قدرت نے سزا و جزا کا فیصلہ کر دیا

دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| ھنالک ابتلی المومنون وزلزلوا زلزالاً شدیداً (احزاب ۳۳/۱۱) | اس موقع پر مومنین کا امتحان لیا گیا اور ان کو خوب خوب شدائد میں مبتلا کرکے پرکھا گیا اور امتحان لیا گیا۔ |

یہ امتحان کیوں لیا تاکہ ہر شخص جزا و سزا کا اپنے عمل کی بنا پر مستحق قرار پائے اندھا دھند جہنم میں یا جنت میں نہ بھیجا جائے۔ ان مضامین کی کثرت آیات قرآن پاک میں موجود ہیں۔ تو معلوم ہوا کہ ہر ایک کا امتحان ضرور ہوگا۔ اس امتحان کا ایک حصہ محبت اہلبیت بھی ہے۔ جس کو قدرت نے نبوت کی مزدوری بنا دیا ہے۔ جب قدرت نے نبی کے ذوالقربیٰ کی محبت واجب کی تو ان عربوں نے جن کی زبان مادری عربی تھی آیت کو سن کر پوچھا کہ۔

| | |
|---|---|
| من ھولاء الذین وجبت محبتہم علینا۔ قال ھم علیؑ وفاطمہؑ والحسنؑ والحسینؑ | یا رسول اللہؐ وہ کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب کی گئی ہے کہا کہ وہ علیؑ وفاطمہؑ وحسنؑ وحسینؑ ہیں۔ |

یہ روایتہ تفاسیر معتبرہ اہل سنت میں موجود ہے۔ وہ لکھ کر نہ مانیں یہ ان کا ایمان ہے۔ کتاب وسنت دن رات غل مچاتے ہیں۔ مگر جب کتاب وسنت آل محمدؐ کو بتلاتی ہے۔ تو اصحاب کی محبت میں اہل بیت کو بھول جاتے ہیں۔ حسب ذیل تفاسیر اس روایتہ کو لکھتی ہیں۔

(۱) کشاف۔ زمخشری جلد سوئم صفحہ صہ ۴۰۳

| | |
|---|---|
| قیل یا رسول اللہ من | اے رسولؐ خدا۔ آپ کے وہ کون |
| قرابتک ھولاء الذین | سے رشتہ دار ہیں جن کی محبت ہم |
| وجبت محبتہم علینا۔ قال | پر واجب کی گئی ہے۔ فرمایا وہ علیؑ |
| علیؑ وفاطمہؑ والحسنؑ والحسینؑ | و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ ہیں |

(۲) تفسیر فخر الدین رازی جلد سابع صہ ۳۸۹ میں روایت کشاف کا استخراج کیا ہے

(۳) تفسیر در منثور سیوطی طبع مصر۔ جلد ششم صہ ۷

(۴) بیضاوی۔ طبع مصر۔ جلد خامس صہ ۵۰

(۵) تفسیر مدارک جلد پنجم صہ ۱۰۶

(۶) تفسیر علامہ ابو السعود۔ حاشیہ بر تفسیر کبیر جلد ہفتم صہ ۶۶۵ پر یہی حدیث مذکورہ ہے

(۷) احیاء المیت۔ علامہ سیوطی۔ طبع مصر صہ ۱۱ پر اسی حدیث کا استخراج کیا ہے۔ یعنی معتبر راوی کہ اس کو نقل کیا ہے اور مستخرجین کے نام لکھے ہیں

(۸) ابن المنذر (۹) ابن ابی حاتم (۱۰) ابن مردویہ نے اپنی تفاسیر میں لکھا ہے (۱۱) اور طبرانی نے معجم کبیر میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضرت نے سوال پہ ان حضرات کے نام بتلائے ہیں۔

(۱۲) روح البیان بروسیوی۔ طبع اسلامبول۔ جلد ۲ صہ ۳۱۱

ان تمام کتب کو توضیح کے بعد یہ تو واضح ہو گیا کہ ان کی محبت واجب

Marfat.com

ہے اور یہ اجر رسالت ہے اور خدا نے صاف صاف فرما دیا ہے۔

وان لك لاجرا غير ممنون (قلم ۶۸/۱) تمہارے لیے ایک وہ اجر ہے جو کبھی قطع نہیں ہوگا۔ بلکہ برابر باقی رہے گا۔

تو لا محالہ ایک ایسی ذات کا وجود لازم ہے کہ جو ہر زمانہ میں موجود ہو۔ آل محمدؑ میں شامل ہوتا کہ اس سے محبت کر کے ہم اجر رسالت ادا کرتے رہیں۔ اب اس محبت کے امتحان کے لیے یہی بہترین صورت ہے کہ وہ ذات نگاہوں سے اوجھل رہے تب بھی اس سے محبت کریں۔ ورنہ منہ دیکھے کی محبت تو سب کرتے ہیں۔ اصل محبت وہ ہے جو پس پشت ہو۔ الحمد اللہ کہ آج ہم کو اس معصوم کی محبت حاصل ہے اور ہم اجر رسالت ادا کر رہے ہیں۔

اتنا اور یاد رکھئے کہ غیر معصوم کی محبت خدا کے جانب سے واجب نہیں ہو سکتی۔ ہمیشہ محبت معصوم سے ہوگی۔ اس لیے کہ لازم محبت ہے پیروی اور وہ غیر معصوم کی جائز نہیں۔ فیصلہ عقل یہی ہے۔ اس لیے کہ پیروی لازم محبت ہے اور جب پیروی غیر معلوم کی جائز نہیں تو محبت جو اجر رسالت ہے۔ وہ اس غیر معصوم کی جائز نہیں۔ اور جب کمال ایمان اجر کے ادا کرنے کے بعد ہوتا ہے تو ان کی محبت پر مدار کمال ایمان ہے۔

اب قرآن پاک نے ایک اور صفت اہل ایمان اور متقین کی قرار دی ہے۔ اور وہ صفت ہے یومنون بالغیب (البقرہ ۲) کہ مومنین ایک خاص غیب پر ایمان رکھتے ہیں۔ اس خاص غیب پر ایمان کے یہ معنی بھی ہیں کہ وہ امام غائب پر ایمان رکھتے ہیں۔ بلکہ الغیب سے مراد بھی صرف اسی امام کی ذات۔ جیسا کہ ہم واضح کر چکے ہیں۔ تو ہمارے ایمان کی سب سے بڑی علامت یہ ہے کہ ہم اس امام غائب پر ایمان رکھتے ہیں۔

Marfat.com

اور پس پشت بھی ان سے محبت کرتے ہیں اور ان لوگوں کی طرح نہیں ہیں۔
جو نبی کے سامنے ان کا اقرار کرتے تھے۔ اور

| | |
|---|---|
| واذا خلوا الی شیاطینہم قالوا انا معکم انما نحن مستھزؤن (بقرہ ۲) | نبی کے سامنے سے ہٹ کر جب اپنے شیطانوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ ان کے ساتھ تو ہم دل لگی کر رہے تھے۔ |

٭ ٭ ٭

آج بھی نبی کی ایک غائب اولاد معصوم سے محبت کر کے ہم اجر رسالت ادا کر رہے ہیں۔ غائب سے محبت کرنے سے کیا فائدہ اور وہ کیسے ہو سکتی ہے۔ تو قرآن پاک کی اس آیت پر غور کیجیے۔

| | |
|---|---|
| ان الشیطان لکم عدو فاتخذوہ عدوًا۔ انما یدعوا حزبہ لیکونوا من اصحاب السعیر (فاطر ۳۵) | شیطان تمہارا دشمن ہے۔ تم بھی اس کے دشمن بن جاؤ۔ وہ اپنے گروہ کو اس لیے بلاتا ہے اور دعوت دیتا ہے تاکہ وہ جہنمی بن جائیں۔ |

اس آیت میں ایک شیطان اصلی کا ذکر ہے۔ جو حضرت کی وجہ سے پہلے سے زندہ ہے اور اب تک موجود ہے۔ اس کی دشمنی کا حکم دیا گیا ہے۔ اب فرمائیے کہ اس غائب سے کیسے دشمنی کریں۔ بس جس ترکیب سے اس غائب سے دشمنی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح امام غائب سے جو اولاد رسول سے ہیں۔ محبت بھی ہو سکتی ہے۔ افسوس ان مسلمانوں پر ہے جو غائب کی دشمنی کے تو قائل ہیں۔ مگر غائب کی محبت کے قائل نہیں پھر شیطان غائب کی ایک اور صفت قرآن میں واضح فرمائی ہے۔ انما یدعو حزبہ۔ وہ اپنے گروہ کو بلاتا ہے۔ آج تک کسی فرد بشر نے اس کو بلاتے ہوئے نہیں دیکھا۔ تو کیا قرآن کی یہ آیت غلط ہو گئی۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ

Marfat.com

اس کو قوتِ وسوسہ حاصل ہے جس کے ذریعہ سے وہ بہکا کر اپنی طرف بلاتا ہے اسی طرح امام غائب کو بھی وہ قوت حاصل ہے جس کی وجہ سے وہ وسوسہ دل سے دور کرتا ہے اور یہی اس کی جانب سے ہدایت ہے۔

(۴) خلاق عالم نے منتہائے شرف میں تین ہستیوں کا ذکر فرمایا ہے۔ ایک خود اپنی ذات دوسرے ذات نبی اور ایک تیسری ذات کہ جو بعد نبی ہے۔

| | |
|---|---|
| (۱) العزۃ اللہ والرسولہ وللمومنین ؛ | عزت صرف خدا و رسول اور مومنین کے لیے ہے ؛ |
| (۲) اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم۔ | اللہ کی اور رسول کی اور اپنے اولوالامر کی اطاعت کرو۔ |
| (۳) انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین اٰمنوا الذین یقیمون الصلوٰۃ ویوتون الزکوٰۃ وھم راکعون | تمہارا حاکم اور رسول اور وہ ہیں جو رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔ |
| | ؛ ؛ ؛ |
| (۴) فسیری اللہ عملکم ورسولہ والمومنون | تم عمل کرو ضرور تمہارے عمل کو اللہ اور رسول اور خاص مومن دیکھتے ہیں |

اس محترم سلسلے میں خدا غائب ہے۔ رسول بھی غائب رہے ہیں تو تیسری ذات بھی غائب رہ سکتی ہے جو اولوالامر۔ ولی۔ اور اعمالِ عباد کی نگران رہے گی۔

یا یوں سمجھ لیجیے کہ مخلوقات میں سب سے پست و بدترین شیطان ہے۔ سب سے بلند اور برتر ذات خدا ہے یا ذاتِ رسولؐ درمیانی کڑی امام ہے۔ اسی لیے آئمہ کو امتِ وسط اس معنی میں بھی کہہ سکتے ہیں۔ اب جب اوّل و آخر غائب ہے تو وسط بھی غائب ہو سکتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ غائب ہونا صرف ان کے ہی لیے نہیں بلکہ اور

Marfat.com

ہستیوں کے لیے بھی ثابت ہے۔ تو ان کی غیبت خلاف عقائد اسلام نہیں ہو سکتی جو عقل ان غیبتوں کو مانتی ہے۔ وہ اس غیبت کو بھی مان سکتی ہے۔

(۵) اس امام آخر کے متعلق تمام احادیث یہ بتلا رہی ہیں کہ۔

یملا الارض قسطا وعدلا۔ ؛ تمام زمین کو عدل و انصاف سے بھر دے گا۔

زمانہ قرب قیامت لوگوں کو معلوم نہ تھا۔ اس لیے ہر زمانہ میں اس کا کھٹکا تھا کہ یہ وہی نہ ہو جو دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دے گا تو یہ امام مدعیان خلافت جور و ظلم کے لیے آوازہ ہلاکت تھا اور وہ خائف تھے۔ کہ ہمارے زمانہ میں نہ آجائے تو جس طرح فرعون اس پیشینگوئی کے بعد کہ ایک ایسا بچہ پیدا ہو گا جو فرعون کو ایک زمانہ میں تباہ کر دے گا۔ اس نے بنی اسرائیل کے کل بچوں کو قتل کرانا شروع کر دیا۔

یذبحون ابنائکم و ؛ وہ تمہارے لڑکوں کو ذبح کر دیتے
یستحیون نسائکم (قرآن) ؛ تھے۔ اور عورتوں کو زندہ رکھتے تھے

اسی طرح ان خلفائے ظلم و جور نے ہر امام کو زہر دے دے کر شہید کر دیا لیکن جب قدرت نے اس امام آخر کو پیدا فرمایا۔ اور جیسے مادر حضرت موسیٰ کے حمل کو غائب رکھا اور پیدا ہونے کے بعد قدرت نمائی کے لیے خود فرعون کے پاس بھیج دیا اور ان کی عقلوں اور آنکھوں پر پردے ڈال دئے۔ اسی کا نام غیبت ہے۔ اسی طرح سے اس امام کو قدرت نے دامن غیبت میں چھپا کر محفوظ کر دیا۔ چونکہ خود ساختہ خلفاء اور مدعیان خلافت یہ جانتے تھے کہ آخری امام تلوار لے کر آئے گا۔ اور دنیا کو عدل و انصاف سے لبریز کر دے گا اور ان کی ادعائی حکومتیں تباہ ہو جائیں گی۔ تو اس کی تلاش میں مصروف رہے اور دائیاں مقرر کر دیں کہ وہ بنی ہاشم کے گھروں میں بے اجازت داخل ہو کر دیکھیں کہ اس خانوادہ امامت کی کوئی بیوی حاملہ تو نہیں

مگر خداوند کریم نے مثل موسیٰ حمل غائب رکھا اور پھر ان کو مثل خضر و عیسیٰ غائب کر دیا۔ اس کی تفصیل کے لیے اگر آپ طالب ہیں۔ تو کتاب منتخب الاثر۔ علامہ لطف اللہ پائنگائی صفحہ ۲۸۶ پر دیکھیے۔

## غائب پر ایمان لانا عین ایمان ہے

قرآنی فیصلہ ہے کہ غائب پر ایمان لانا ضروری ہے۔ بغیر اس کے تکمیل ایمان نہیں ہوتی۔ ابتدائے آفرینش سے یہ ہی حکم نافذ ہے۔ جیسا کہ اخذ میثاق سے ظاہر ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما اتیتکم من کتاب و حکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ و لتنصرنہ قال ءاقررتم و اخذتم علی ذالکم اصری قالوا اقررنا۔ قال فاشھدوا و انا معکم من الشاھدین۔ (آل عمران ۳/۹) | اے رسول یاد دلاؤ۔ جب خدا نے پیغمبروں سے اقرار لیا کہ ہم تم کو جو کچھ کتاب اور حکمت دیں۔ اس کے بعد تمہارے پاس ایک رسول آئے۔ تو تم سب اس پر ضرور ایمان لانا۔ اور ان اقراروں پر تم نے میرے عہد کا بوجھ اٹھا لیا۔ سب نے عرض کی کہ ہم نے اقرار کر لیا۔ خدا نے فرمایا کہ تم سب ایک دوسرے کے گواہ رہو اور تمہارے ساتھ میں بھی ایک گواہ ہوں۔ |

یہ آیت، جہاں ختم نبوت کی دلیل مستحکم ہے۔ وہیں یہ بتلاتی ہے کہ ایک لاکھ ۲۴ ہزار انبیاء تشریف لائے اور وہ سب کے سب اس نبی پر ایمان لائے۔ حالانکہ آپ کا وجود

Marfat.com

ظاہری اس دنیا میں نہ تھا۔ بلکہ نور وروح نبوی انبیاء کی پشتوں میں موجود تھی۔ تو ایک لاکھ ۲۴ ہزار انبیاء کا ایمان دلیل ہے۔ اس بات کی کہ وہ سب ایک غائب نبی پہ ایمان لائے اور یہ ایمان بالغیب تھا۔ اور خدا نے سب سے اس ایمان پر عہد لیا تھا۔ تو غائب پر ایمان لانا داخل دین و آئین انبیاء تھا۔ تو قبل آنحضرت جس طرح غائب پر ایمان لایا گیا۔ اگر بعد نبی کسی غائب پر ایمان لائیں تو خلاف سنت و آئین قدرت نہ ہوگا۔ انبیاء پہلے محمدؐ پر ایمان لائے ہم ان کے ہم نام ان کی اولاد اور مقصد رسالت پورا کرنے والے پر ایمان لائے ہیں۔ آنحضرت اوّل میں غائب تھے یہ آخر میں غائب ہیں۔

## قرآن پاک میں تعریف مومنین بالغیب

| | |
|---|---|
| (۱) ھدی للمتقین الذین یومنون بالغیب (البقرہ ۱/۲) | یہ قرآن ان مومنین کے لیے ہدایت ہے جو متقی ہیں اور غائب پر ایمان رکھتے ہیں۔ |

٭ ٭ ٭ ٭

(۱) ہم ایک لاکھ ۲۴ ہزار انبیاء پر ایمان رکھتے ہیں۔ حالانکہ وہ ہمارے سامنے نہیں (۲) ملائکہ پر ایمان ہے جو غائب ہیں۔ (۳) جنت پر ایمان ہے جو غائب ہے (۴) جہنم پر ایمان ہے۔ اس کو کسی نے نہیں دیکھا۔ (۵) حوریں غائب (۶) غلمان غائب (۷) حوض کوثر غائب (۸) حشر و نشر غائب۔ (۹) قیامت غائب (۱۰) وجود شیطان پر قرآن گواہ ہے۔ اور ہم کو یقین ہے حالانکہ دنیا میں آج تک کسی نے نہیں دیکھا۔ (۱۱) سب سے بڑھ کر ذات خداوندی ہے جو غائب ہے اور اس پر ایمان لانا مقصد اوّل نبوت ہے۔

تو ہم اتنے غائبوں پر کیوں ایمان لائے۔ محض اس لیے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔

Marfat.com

تھا اور جن چیزوں کے لیے فرمایا۔ ان کو نہ ہم نے دیکھا تھا نہ ہمارے باپ دادا نے
تو جب اس نبی نے یہ فرمایا کہ ہمیشہ ایک جماعت دنیا میں باقی رہے گی۔ خواہ غائب ہو یا
حاضر تو اس پر بھی ایمان لانا عین ایمان ہے انہیں اسی لیے گمراہ ہو گئیں کہ وہ حاضر پر تو
ایمان لے آئیں۔ مگر آئندہ آنے والے کا چونکہ وہ غائب تھا۔ انکار کر دیا اور گمراہ ہو گئیں
یہودیوں نے حضرت موسیٰ کا اقرار کر لیا۔ مگر آئندہ آنے والے کا انکار کر دیا۔ اور حضرت
عیسیٰ کو نہیں مانا۔ عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ کو تو مان لیا۔ لیکن جو آئندہ آئے۔ ان
کا انکار کر دیا۔ اور ہمارے نبی کو نہیں مانا۔ اسی طرح ہمارے نبی کے ماننے والوں نے
نبی کا تو اقرار کر لیا۔ لیکن آئندہ آنے والی اماموں کا انکار کر دیا۔ اس لیے وہ بھی گمراہ ہو
گئے اور جس کا جدھر منہ اٹھا ادھر چل پڑا اور ایک دین کے ۷۳ فرقے بن گئے۔ سب
جہنمی قرار پائے صرف ایک جنتی رہا۔

## حدیث افتراق

| | |
|---|---|
| ستفترق امتی علی ثلاثة وسبعین فرقة کلها فی النار الا واحدة | عنقریب میری امت ۷۳ فرقوں میں میں تقسیم ہو جائے گی تو سوائے ایک کے سب جہنمی ہوں گے (دیکھیے)۔ |

(۱) ابو داؤد کتاب السنة باب اوّل۔
(۲) ترمذی کتاب الایمان باب ۱۸-۲۰۔
(۳) سنن ابن ماجہ۔ کتاب الفتن باب ۱۷۔
(۴) سنن دارمی۔ کتاب السیر باب ۷۵۔
(۵) مسند احمد بن حنبل جلد دوئم صد ۳۳۲ جلد سوئم صد ۱۲۰۔ وصد ۱۴۵ جلد چہارم صد ۱۰۲ (از کنوز السنة۔ طبع مصر صد ۶۲)

Marfat.com

## یومنون بالغیب کی توضیح

اب اس میں قابل غور امر یہ ہے کہ آخرت۔ جنت۔ حشر و نشر اور خدا پر ملائکہ پر تو تمام اہل کتاب ایمان رکھتے ہیں۔ اسلام کے ۷۲ فرقے بھی ان سب پر ایمان رکھتے ہیں۔ اس لیے محض یہ غیبت۔ علامت ایمان نہیں قرار پائے گی اور نہ علامت نجات ہو گی۔ اب علامت ایمان کے لیے ایک ایسا ممتاز غیب اور غائب ہونا چاہیے کہ جس پر ایمان صرف ایک فرقہ کا حصہ ہو۔ دوسرے اس سے محروم ہوں۔ تو تہتر فرقوں میں صرف ایک فرقہ ایسا ہے جو امام غائب اور حجۃ زمانہ پر ایمان رکھتا ہے۔ ۷۲ اس ایمان سے محروم ہیں۔ تو وہی ذات تکمیل ایمان علی الغیب کا سبب ہو گی اور اس پر ایمان لانا دلیل نجات ہو گا۔

اب اگر ایمان بالغیب کو اڑا دیا جائے۔ تو آدھے سے زیادہ دین ختم ہو جائے گا اس لیے کہ جن پر مدار ایمان رہا ہے اور ہے وہ زیادہ تر غائب ہیں اور تو اور جو قرآن مدار ایمان ہے وہ بقول مسلمانوں کے ہمارا عقیدہ ہے کہ جبرئیل صرف اجازت قرات آیات لے کر آتے تھے نہ کہ اصل قرآن۔ اس کا علم تو ذات نبی اور نبوت میں شامل تھا جبرئیل لے کر آتے تھے۔ سینکڑوں مرتبہ آئے۔ مگر غائب رہے۔ تعلق صرف نبی سے رہا۔ یا ان کی اولاد سے تو اسی طرح۔ امام کا تعلق صرف مومنین و متقین سے رہے گا نہ کہ عام امت سے۔

## ایمان بالغیب کا فائدہ

ہمیشہ سے ظاہر پرست دنیا صرف اس کو مقصود سمجھتی ہے جو آنکھوں کے سامنے ہو۔ اس لیے کہ ایمان کا مدار بھی ظاہر پر ہے۔ اسی جذبہ کے ماتحت امت

Marfat.com

موسیٰ نے اگرچہ وہ موسیٰ کی قوم سے تھی۔ فرمائش کردی کہ ۔

| | |
|---|---|
| لن نومن لك حتى نرى الله جهرة (البقرہ ۲/۷) | ہم کو تو خدا دکھا دو تب ایمان لائیں گے ۔ |
| فقالوا ارنا الله جهرة ۔ ثم اتخذتم العجل من بعدہ ۔ (نساء ۲/۲۲) | ہم کو خدا کھلم کھلا دکھلا دو ۔ پھر تم نے گائے کا بچھڑا خدا بنا لیا ۔ |

آپ نے دیکھا ظاہر پرستوں کا حشر کہ انہوں نے خدا کو چھوڑا ۔ موسیٰ کے بنائے ہوئے خلیفہ کو چھوڑا اور نبی کی چند روزہ غیر حاضری میں یعنی حضرت موسی کے بعد گائے کے بچھڑے کو خدا مان لیا۔ کثرت ادھر ہوگئی اور قلت برائے نام حضرت ہارون خلیفہ مقرر کردہ موسی کے ساتھ رہ گئی ۔ جن کو خدا نے توفیق ہدایت دی ہے ۔ ان کے لیے یہی اشارہ کافی ہے ۔ پھر نبی کی اس حدیث کی تصدیق بھی ہے کہ تم نبی اسرائیل کے طریقوں پر چلو گے ۔ اور وہ ہی طریقہ اختیار کرو گے ۔ ہاتھ ہاتھ پھر ان کی تقلید کرو گے اگر وہ گوہ (جانور) کے سوراخ میں گھستے ہیں تو تم بھی وہیں جاؤ گے ۔ (۱) بخاری کتاب ۹۶ باب ۱۴ ۔ (۲) مسلم کتاب ۴۷ حدیث ۶ ۔ (۳) ترمذی کتاب ۱۳ ۔ باب ۱۸ ۔ وغیرہ وغیرہ ) ۔ مقصد صاف ہے کہ بعد نبی تم مثل نبی اسرائیل گمراہ ہو جاؤ گے ۔

اس بنا پر بعد نبی اس امت کے لیے خلیفہ مقرر کردہ نبی کو چھوڑنا لازم تھا اور اپنے بنائے ہوئے پر اتفاق لازمی تھا ۔ پھر جب آیت قرآن پاک ۔

| | |
|---|---|
| اشربوا في قلوبهم العجل (البقرہ ۲/۱۱) | ان کے رگ رگ میں اس بچھڑے کی محبت سرایت کر گئی تھی ۔ |

آج تک اس گائے کی محبت دل سے نہیں نکلی ۔ خدا کا انکار کر دیجیے ۔ یہ کمیونسٹ ہیں ۔ کہہ کر آپ خاموش ہو جائیں گے ۔ مگر ان کے مقرر کردہ یا بانی ہوئں

Marfat.com

کا انکار کرکے خدا کے بنائے ہوئے کا اقرار کر لیجیے تو ایک قیامت برپا ہو جائے گی
آج بھی غل ہے کہ امام کو دکھا دو۔ کہاں ہیں۔ سامنے آئیں اور آکر ہدایت کریں
لیکن اس بات کا مدار محض سامنے ہونے پر ہے تو مدعیان امامت آج بھی موجود
ہیں۔ ادھر کیوں نہیں رجوع کرتے۔ ان کا کیوں انکار ہے۔ آج ایک مدعی امام ایسا
موجود ہے۔ جو دولت مند بھی ہے اور مسلمان اس کی دولت سے فائدہ بھی اٹھا
رہے ہیں۔ سیاست میں اس سے مدد لے رہے ہیں۔ مگر اس کی امامت کے قائل
نہیں ہیں۔ دولت اس سے لیتے ہیں۔ اخباروں میں تعریف کر دیتے ہیں۔ مگر
روپیہ لے کر بھی اس کی امامت کے قائل نہیں۔ تو آج اگر امام نظر بھی آجائیں اور
ہدایت بھی کریں۔ تو جنھوں نے نبی کی نہیں مانی اور بہتر ٹکڑے بن کر جہنم کا ایندھن
ہے وہ امام کی کیا مانیں گے۔ اس لیے وہ صرف تبلیغ لے کر نہیں آئے گا۔ وہ تو
بہت ہو چکی۔ اب تو وہ تلوار اور قوت قاہرہ لے کر آئے گا اور زبان سے نہیں بزور
شمشیر ایک دین پھیلائے گا۔

یہ بھی یاد رکھیے کہ جن طبائع میں کھوٹ اور دلوں میں ثمر غائب ہے۔ وہ
موجود سے بھی فائدہ حاصل نہیں کرتے۔ ابولہب۔ ابوجہل اور بکثرت منافقین
باوجود ظہور و حضور نبی ہدایت سے محروم رہے۔ مگر اہل ایمان باوجودیکہ نبی ان کے
سامنے نہیں آتے ہدایت پا رہے ہیں۔ تو جن میں قبول ہدایت کا مادہ موجود نہ تھا
ان کو وجود اور حضور نے بھی کوئی فائدہ نہ دیا اور جو خواہاں ہدایت ہیں وہ نبی کے
سامنے نہ ہونے پر بھی ہدایت حاصل کر لیتے ہیں۔ اسی جذبہ ظاہر پرستی کو دیکھ کر
فرعون نے یہ کہہ کر ان کا جذبہ پورا کر دیا کہ۔

(انا ربکم الاعلی (نازعات ۲۹)) میں ہی تمہارا سب سے بڑا خدا ہوں
اور لوگوں نے اس کو مان لیا۔ اسی جذبہ کے لوگوں نے خدا نہیں تو خدا کا بیٹا بنا کر

اور سامنے دیکھ کر پورا کر لیا۔ کتنی ہستیاں تھیں۔ جنہوں نے خدائی کا دعویٰ کر دیا۔ اس پر بھی ظاہر پرستوں کی پیاس نہ بجھی تو آدمیوں کے علاوہ بتوں کو خدا بنا لیا۔ یہ صرف ظاہر پرستی کا کرشمہ تھا۔

| | |
|---|---|
| من فعل هذا بآلهتنا (انبیاء ۲۱/۵) | یہ ہمارے خداؤں کی درگت کس نے بنائی۔ |

بتوں کو خدا کہہ کر ظاہر پرستی پر جم گئے۔ غرض مندر۔ معابد۔ تخت حکومت ان خداؤں سے آباد تھے۔ پھر ہر قبیلہ اور قوم نے الگ الگ خدا بنا لیئے۔ اپنے اپنے خداؤں کو مانا۔ دوسروں کے خداؤں کو رد کر دیا۔ اسی نے قوموں میں تقسیم کی بنا ڈالی اور ان خداؤں کی کثرت سے قوم کثرت میں تقسیم ہو کر بہ کثرت فرقے بن گئے۔ ہر فرقہ کا خدا یا اوتار الگ الگ ہو گیا تو وہ بھی الگ الگ ہو گئے اور فتنہ و فساد پھیل گیا اس لیے ان خداؤں کے ریل پیل کے زمانہ میں اس نے بکثرت انبیاء کو بھیجا۔ جن کا واحد مقصد یہ تھا کہ ان کو خدائے واحد اور غائب کی عبادت پر متفق کر کے ان بہ کثرت خداؤں سے نجات دلا دیں تو ان انبیاء نے ایک غائب کا پرستار بنا کر سب کو متحد کر دیا اور یوں توحید سے وحدت اقوام بھی حاصل ہو گئی۔ جب سب کا خدا ایک ہے تو کثرت کیسی۔ یہی جان توحید ہے۔ لیکن ظاہر پرستی پھر کسی رنگ میں نمایاں ہو کر تصور خدا سے نہ ہٹا دے۔ ایک ظاہر مقام کو اپنا گھر کہہ کر قبلہ بنا دیا۔ ورنہ اس کو گھر کی ضرورت نہ تھی۔ ہم کو جذبہ غلط ظاہر پرستی سے بچانے کے لیے اپنا گھر کہہ دیا۔ اور سب کی گردنیں ادھر جھکا دیں اور دل اپنی طرف۔ اس طرح پھر وحدت قائم رہی۔ ورنہ اگر اس کو قبلہ کہہ کر اپنا گھر نہ بتاتا تو آج ہزاروں گھر چاندی اور سونے اور جواہرات کے بن کر اپنی اپنی سمت لوگوں کو بلاتے۔ دل کا مرکز ایک فرض کر لیا جاتا۔ مگر اجسام کے رخ بدل کر پھر کثرت شروع ہو جاتی اور حکومتیں اپنے اپنے قبیلوں کو بزور شمشیر منوالیتیں۔ خدا کے

Marfat.com

غائب اور ایک قبلہ کو مان کر وحدت روحی اور جسمی کو ایک کر دیا۔

مصنوعی کثرتوں سے ایک وحدت کی طرف لانے کے لیے قدرت نے جو طریقہ انبیاء کے لیے اختیار فرمایا تھا وہی طریقہ آخر میں رکھا۔ جب خود ساختہ خلفاء بکثرت ہوگئے اور ہر قبر پر مجاور۔ ولی بن کر اولیاء لاتعداد ہوگئے اور خود رو اماموں کی ریل پیل ہوگئی اور اسلام کی وحدت فرقہ بندیوں سے کثرت میں تبدیل ہوگئی۔ ہر خلافت کا مذہب جدا جدا اور ہر امامت کے ماننے والے الگ الگ ہوگئے اور ہر ولایت اور پیر کے مطیع حکم ہو کر فرقہ فرقہ بن گئے وحدت سے کثرت میں تقسیم ہوگئی۔ تو مقررہ تعداد کے ختم ہونے پر حسب وعدہ امامت آخری کو باقی رکھا اور نبی کی زبانی ایک امام غائب پر ایمان لانے کا حکم دے کر پھر سب کو ایک وحدت سے وابستہ کر دیا اور جیسے انسان ایک خدائے غائب کو مان کر سینکڑوں مصنوعی خداؤں سے بچ گئے تھے اسی طرح ایک امام غائب کو مان کر اس کو سینکڑوں خلفاء ہزاروں اماموں اور درجنوں مصنوعی انبیاء سے نجات مل گئی

اب جو امام غائب کو مانتے ہیں وہ وجود امام میں کسی نبی کے قائل نہیں ہو سکتے اس لیے وہ مصنوعی نبی یا کسی امام کے قائل نہیں ہوتے۔ ان کے یہاں مسلمہ مسئلہ ہے کہ امامت بار نبوت اور کار نبوت نبی کے نہ ہونے پر اور بعد نبی اٹھاتی ہے تو جب قیامت تک کار ہدایت اس امام غائب کے سپرد ہے۔ تو اس عرصہ میں کوئی نبی نہیں آسکتا۔ تو اس غائب امام پر ایمان لانے سے ہم کس قدر جھوٹے انبیاء اور جھوٹے اماموں سے محفوظ ہوگئے۔

نہ ہم اس کی موجودگی میں کسی کی امامت اور ولایت کے قائل ہیں نہ کسی کی نبوت کے اسی طرح جہاں اس امام کے اعتقاد نے ہم کو محفوظ رکھا وہیں ختم نبوت کے لیے ان کا وجود سپر بن گیا۔

Marfat.com

تو ایک امام پر ایمان کو منحصر کر کے ہزاروں متفرق عقیدوں سے بچا دیا۔ یقیناً امام غائب پر ایمان لانے والے نہ خود ساختہ خلفاء کے خود ساختہ مذہبوں میں تقسیم ہیں نہ خود ساختہ اماموں کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں نہ نو وارد مہدیوں کو مانتے ہیں نہ مدعیان نبوت کی نبوتوں پر رخ کرتے ہیں۔ بس ایک خدائے غائب کی طرح ایک امام غائب پر ایمان و اعتقاد رکھ کر وحدت قومی و مذہبی پر قائم ہیں۔

## ایک اور فائدہ

آئمہ اہل بیتؑ نے ہمیشہ خاموش تبلیغ کی اور اپنے عمل اور کردار سے بتاتے رہے کہ امامت اور نیابت خداوندی کس کو کہتے ہیں اور اس کے فرائض کیا ہیں۔ حضرت علیؑ سے لے کر بارہویں امامؑ تک کسی نے اس کی پروا نہیں کی کہ غرض اور خواہشات نفس کے مریدوں نے ان کو چھوڑ کر اہل دنیا کا دامن تھام لیا۔ وہ ہمیشہ اس اصول پر پابند رہے کہ اگر امت نے ہماری اطاعت چھوڑ کر اپنا فرض چھوڑ دیا۔ تو ہم اپنا فرض امامت کیوں چھوڑ دیں۔ اس لیے ان پر خواہ کچھ گذری۔ مگر انہوں نے فرائض امامت۔ یعنی حفاظت اصول اسلام حقیقی۔ اصلاح بشر۔ اور ہدایت خلق کو نہیں چھوڑا۔ امیرالمومنینؑ نے مجبور ہو کر باغیوں کے مقابلہ میں تلوار اٹھائی۔ امام حسنؑ نے صلح کی تاکہ یہ نہ کہدیں کہ ان کو صرف جنگ آتی ہے صلح نہیں۔ امام حسینؑ بھی شدائد زمانہ جھیل کر کار امامت انجام فرماتے رہے اگر خود ان سے طلب بیعت کی چھیڑ چھاڑ نہ کی جاتی۔ تو دنیا ان کی ہدایت سے فیضیاب ہو جاتی۔

اس کے بعد نو آئمہ نے صبر و سکون کی وہ زندگی بسر کی کہ جس کی مثال نہیں۔ اپنی جانیں دیں۔ مگر کسی اور کی جانیں نہیں لیں۔ خود قید و بند کی مصیبتیں برداشت کیں۔ مگر کار ہدایت کو بند نہیں کیا۔ حتی کہ آخری امام نے غیبت اختیار فرما کر اپنی جانب سے امن

Marfat.com

عالم کا اعلان فرما دیا۔

جن کی نظر اسلامی تاریخوں پر ہے وہ جانتے ہیں کہ انسانوں نے امامت وخلافت کو سامنے لا کر کس قدر خونریزیاں کی ہیں۔ بنی امیہ نے دعوائے خلافت کر کے لاکھوں مسلمانوں کے خون بہائے۔ پھر بنی عباس نے کار خلافت و امامت امت ہاتھ میں لے کر۔ لاکھوں مسلمانوں کو ختم کیا۔ پھر یوں ہی کشت و خون اور تباہیوں کو لے کر خلافت مختلف گھرانوں میں چکر کاٹتی رہی۔ آخر انہی خلافتوں کے ہاتھوں اسلام اتنا کمزور ہو گیا کہ اغیار نے اس پر تسلط جما لیا اور آج بھی اسلامی حکومتیں مسلمان ہو کر آپس میں جو کچھ کر رہی ہیں وہ دنیا پر روشن ہے۔ اس امام کی غیبت نے امامت کے نام پر جنگ کا دروازہ بند کر دیا۔ جہاد چونکہ بغیر امام نہیں ہو سکتا۔ اس لیے جہاد جو ملک گیری کا نام پڑ گیا تھا۔ وہ بھی روک دیا گیا۔ صرف دفاع واجب رکھا۔

ہم ایک امام کو روحانی پیشوا مان کر امن و امان کی زندگی بسر کر رہے ہیں اور ان حاضر خلافتوں یا امامتوں کے چکر میں نہیں پڑ رہے ہیں۔ جس نے امن عالم اسلام کو تہ و بالا کر دیا تھا۔ اور اسلام کی ہر آپس کی جنگ اسی نام پر لڑی جاتی تھی۔ فرقے انہیں اماموں کے نام پر بنائے جاتے تھے۔ ایک امام یا خلیفہ بن کر دوسرے سے جنگ کرتا تھا اور اور غلبہ پا کر نئے مذہب یا نئے خیالات کا ٹھیکہ ان کو مل جاتا تھا۔ ذرا سکون ہوا اور عیش کی زندگی ناچ و رنگ کی محفلیں سج گئیں۔ اور اسی کا نام اسلام رکھ دیا گیا۔ ہم اس امام کی غیبت پر ایمان لا کر ان تمام بلاؤں سے بچ گئے اور امن و امان کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ہم تو جنگ مناظرہ بھی نہیں کرتے البتہ جب ہم سے مناظرہ کیا جائے یا ہم اعتراض ہو تو پھر ہم اس میدان کے شیر ہیں بحمد اللہ اسی امام غائب کے زمانہ میں صحیح مذہب اسلام ترقی کر رہا ہے اور غلط آئمہ اور خلفاء کے پیرو ساری دنیا پر تو کیا غالب آئیں گے اپنے ملک سے یہودیوں کو نہیں نکال سکتے۔ ایمان اولاد رسول پر ایمان لانے کے بعد

Marfat.com

نہ تو کسی ملک پر حملہ آور ہوا۔ نہ ملک گیری کو جزو ایمان بنا کر جہاد اس کا نام رکھا نہ اسلامی ممالک سے آویزش کی۔ بلکہ آج وہ پاکستان کا بہترین دوست بن کر پاکستان پر قابض مذہب والوں کے ہم مذہبوں سے صلح کرا رہا ہے۔ یہ سب امام غائب کے ماننے کے برکات ہیں۔ جس نے جہاد اور ملک گیری کو حرام اور مدافعت کو واجب قرار دیا ہے۔

## آخرت پر ایمان

قرآن پاک میں دو قسم کے گروہ بیان کئے گئے ہیں

| | |
|---|---|
| والذین یؤمنون بالآخرۃ | جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں |
| (انعام ۶/۱۱) | (وہ نجات یافتہ ہیں) |

(۲) والذین لا یومنون بالآخرۃ (انعام ۶/۱۴) وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہیں (وہ گمراہ ہیں) تو وہ آخرت ہے کہاں۔ وہ تو بعد قیامت معلوم ہوگی۔ پھر آج اس پر ایمان لانے سے کیا فائدہ اور کیوں قرآن نے اس کی تاکید کی ہے۔ راز یہ ہے کہ جو آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہ اس کے خوف سے اور جنت غائب کی رغبت سے گناہ نہیں کرتے اور صرف اعتقاد آخرت ان کو گناہوں سے بچاتا ہے۔ بالکل آج امام نگاہوں کے سامنے نہیں ہیں۔ لیکن یہ ہمارا اعتقاد کہ وہ ہمارے اعمال کے شاہد ہیں اور اعمال دیکھتے ہیں اور ہماری بد اعمالی پر رنجیدہ ہوتے ہیں۔ ہم کو گناہوں سے بچاتے ہیں۔

یہاں یہ اعتراض نہ کیجیے گا کہ جب آخرت کا خوف موجود ہے۔ تو پھر امام کے اعتقاد کی کیا ضرورت ہے۔ یہ بالکل ایسا ہی اعتراض ہے کہ جب خدا موجود ہے تو پھر آخرت کے مزید خوف کی کیا ضرورت ہے۔ اور ایمان بالله کے بعد ایمان آخرت پر

Marfat.com

زور کیوں دیا جاتا ہے۔

بات یہ ہے کہ اس سفرِ حیات میں جس قدر چیزیں خوف یا رغبت رکھتی ہیں۔ قدرت نے ان سب کو نمایاں کر دیا ہے اور ترقی ایمان کے لیے مختلف زینے بنا دئیے ہیں۔ جن کو ہم یکے بعد دیگرے طے کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک زینہ اعتقاد امام ہے۔ تو جو فائدہ ایمان بالآخرہ کا ہے وہی فائدہ ایمان بالامام کا ہے۔ تو جب آخرت دنیا کی آخری منزل ہے تو اس دنیا میں امام کا اعتقاد اس کا پہلا زینہ ہے۔ یوں ہم زینہ بہ زینہ خدا تک پہنچتے ہیں۔ یقیناً خدا کا یہ اعتقاد کہ وہ ہمارے کل اعمال دیکھتا ہے اور وہ حاضر و ناظر ہے۔ تو ہم اس علم کے بعد بھی بہت سی باتیں ایسی کر لیتے ہیں جو ہم امام کے سامنے نہیں کر سکتے ہیں۔ ہم اس حاضر و ناظر کے سامنے ننگے ہو جاتے ہیں۔ اور پھر خبر نہیں کیا کیا کرتے ہیں۔ مگر امام کے سامنے ننگے نہیں ہو سکتے ہیں۔

تو بہت سے وہ امور جو ہم اس کی رحیمی اور ستاری پر بھروسہ کر کے کر ڈالتے ہیں ان گناہوں سے ہم حضور امام کے اعتقاد کے بعد بچ جاتے ہیں۔

کبیرہ سے اس کا اعتقاد بچاتا ہے تو صغیرہ سے اعتقاد امام سے بچ جاتے ہیں۔ اگر اس اعتقاد کا کوئی فائدہ نہیں تو پھر خدا نے خود شہید ہوتے ہوئے کیوں ہمارے نبی اور امت وسط کو شہید اعمال بنایا۔ وہ خود کافی تھا۔ مگر اس نے کچھ انسانوں کو بھی شہید بنا کر ہمارے گرد اگرد پہرے لگا دئے اور ہر طرح ہمارے بچانے کی کوشش کی۔ کیا مسلمان حق سے روگردان ہو کر گمراہ اور خدا کی طاقت اور قدرت کے بھی منکر ہو گئے اور کہنے لگے کہ کیا کوئی اتنے دن زندہ رہ سکتا ہے۔

زندہ رہنا خلاف عقل و قرآن ہے اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ۔

کل نفس ذائقہ الموت — ہر نفس موت کا مزہ پائے گا

(آل عمران ۳/۱۹) ؎ ؎ ؎

اس امام کو بھی موت آنی چاہیے۔ مگر کوئی ان سے یہ پوچھے کہ شیطان بھی نفس رکھتا ہے یا نہیں۔ اگر وہ صاحبِ نفس ہے تو اس کو موت کیوں نہیں آتی۔ نیز ہم کس دن قائل ہوئے ہیں کہ ہمارے امام کو موت نہیں آئے گی۔ وہ آخر زمانہ میں حکومت کے بعد موت پائیں گے۔ ہم تو اس کے قائل ہیں کہ وہ ظہور حضرت عیسیٰؑ تک زندہ رہیں گے اور یہ زندہ رہنا قدرت کے دائرہ اختیار سے باہر نہیں حیرت صرف ان لوگوں پر ہے جو اس کا انکار کرتے ہیں۔ اگر آج کوئی شخص یہ اعلان کرے کہ میں ہوا پر اڑ کر یا پانی پر چل کر دکھلا دوں گا تو سارا شہر اس کے دیکھنے کے لیے ٹوٹ پڑیگا اور اس کو اڑتے ہوئے یا پانی پر چلتے ہوئے دیکھ کر یقین کرے گا کہ یہ ممکن ہے اب کچھ دن بعد دوسرے شخص نے بھی اعلان کر دیا۔ چونکہ لوگوں کو دیکھ کر یقین آ چکا ہے اس لیے بہت تھوڑے اس کو دیکھنے جائیں گے اور بکثرت قائل ہو کر تیسری مرتبہ نہیں جائیں گے۔ اب پھر چوتھی مرتبہ یہی اعلان ہوا تو لوگوں کو یقین آ چکا ہے۔ نہ کوئی تمنائے دید کرے گا نہ انکار کرے گا

اب اگر پانچویں مرتبہ بھی یہی دعویٰ کیا جائے اور سب انکار کر دیں کہ ایسا نہیں ہو سکتا۔ تو وہ سب جھوٹے۔ ہٹ دھرم اور اس پانچویں کے دشمن سمجھے جائیں گے (ابن طاؤس رح)

قرآن و سنت گواہ ہیں کہ کچھ ہستیاں زندہ ہیں اور ان کو طول عمر دی گئی ہے۔ تو پھر اس امام پر کیوں تعجب ہے۔

(۱) وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ (النساء ۱۵۹)

کوئی اہل کتاب ایسا نہیں جو آپ پر آپ کے مرنے سے پہلے ایمان نہیں لائے گا۔

آج لاکھوں یہودی جو اہل کتاب ہیں۔ آپ پر ایمان نہیں لائے۔ معلوم ہوا کہ

Marfat.com

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(۳) [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کے عقیدہ کی پختگی اور خدا کی قدرتوں پر ایمان۔

| | |
| --- | --- |
| (۵) الیوم ننجیک ببدنک لتکون لمن خلفک آیۃ (یونس ۹۲) | اے فرعون آج ہم تیرے بدن کو بچا لیں گے تاکہ وہ ان لوگوں کے لیے جو تیرے بعد آئیں گے نشانی رہے۔ |

جسم موت کے بعد گل جاتا ہے۔ مگر خدا اس گذشتہ والی چیز کو ہزاروں سال درس عبرت کے لیے باقی رکھتا ہے۔ تو کیا وہ جسم کو مع روح کے باقی نہیں رکھ سکتا۔ اتنا لے جسم فرعون کے قائل اور امام کے منکر۔ یہ تعصب آل رسول کی مدلل مثال ہے۔

Marfat.com

(۶) تحسبهم ایقاظاً وهم رقود ونقلبهم ذات الیمین وذات الشمال وکلبهم باسط ذراعیه بالوصید - ولبثوا فی کهفهم ثلاث مائة سنین وازدادوا تسعا - (کہف ۱۶/۳)

تم ان کو جاگتا ہوا خیال کروگے حالانکہ وہ سو رہے ہیں۔ اور ہم ان کو دائیں بائیں کروٹیں بدلواتے رہے اور ان کا کتا دونوں ہاتھ پھیلائے چوکھٹ پر موجود ہے وہ اپنے غار میں تین سو برس بلکہ نوسو برس سے زیادہ اسی حال میں رہے۔

٭ ٭ ٭

آیۂ گرامی صاف بتلا رہی ہے کہ وہ تین سو برس سے زیادہ سوتے رہے۔ گویا سو کر زندہ رہے اور پھر بیدار ہوئے۔

رقود۔ کے معنی سو جانا ہے۔ راقد سونے والے کو کہتے ہیں اور اس کی جمع رقود ہے۔ تو جب قدرت اتنے دن تک سلا کر زندہ رکھ سکتی ہے تو کیا اس پر قادر نہیں کہ جگا کر زندہ رکھے اور بیدار رہ کر وہ زندہ رہیں۔ قرآن پاک نے ان کی متعلق صاف کہا ہے ضربنا علی آذانهم - اے اس قدر نامهم - یعنی ہم نے ان کو سلا دیا۔ (تفسیر درمنثور سیوطی جلد چہارم ص ۲۱۵) دوبارہ وہ پھر سو گئے جس کو تفاسیر صاف بتلا رہی ہیں۔ دیکھیے (تفسیر حسینی - ملا حسین واعظ کاشفی از علمائے اہل سنت - جلد دوم ص ۱۵) اسی تفسیر میں اس کی توضیح ہے کہ آخر امام مہدی پر دوبارہ اپنے حال میں آجائیں گے اور ان کے مددگار رہیں گے۔ اب علامہ سیوطی نے جو روایت کی ہے وہ بھی دیکھ لیجیے۔

ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ نبی محترم نے فرمایا کہ اصحاب کہف مہدیؑ کے مددگار رہیں گے (درمنثور سیوطی - جلد چہارم ص ۲۱۵) علامہ دمیری نے اس واقعہ کو بہت تفصیل سے لکھا ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ زمانہ نبیؐ میں انہوں نے گفتگو کی اور اپنی خوابگاہ میں جاکر سو رہے آخر زمانہ خروج مہدی تک سوتے رہیں گے۔

(حیواۃ الحیوان دمیری جلد دوم صفحہ ۲۸۸)

بعینہٖ یہی الفاظ و روایت مشہور ترین تفسیر میں علامہ قرطبی نے لکھی ہیں ۔ (تفسیر قرطبی جلد دہم صفحہ ۳۰۹) پھر مشہور مفسر علامہ فخرالدین رازی لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کا ایک گروہ اس کا قائل ہے کہ ان کو موت نہیں آئی اور وہ قیامت تک نہیں مریں گے

(تفسیر کبیر جلد پنجم صفحہ ۷۰۰ طبع قسطنطنیہ)

یہاں ہم تو صرف اصحاب کہف کی زندگی کا ذکر کر رہے تھے۔ مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی ثابت ہو گیا کہ وہ زمانہ امام مہدیؑ تک رہیں گے بلکہ ان کے مددگار بھی ہوں گے خدا مسلمانوں کو ہٹ دھرمی سے بچائے۔ کہ ان کی حیات کے قائل ہیں اور امام دوازدہم کے منکر ہیں۔ اصحاب کہف کے کتنے تک کی حیاۃ کے قائل ہیں۔ مگر امام کی حیات کے منکر ہیں ۔

(۷) جو مسلمان قرآن پر اعتقاد رکھتے ہیں ان کو صرف ایک مثال کافی ہے۔ جس کی قرآن تائید کر رہا ہے اور جو نہیں مانتے ان کے لیے ہزار مثالیں بھی بیکار ہیں۔ قرآن پاک حضرت نوح کے متعلق فرماتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| فلبث فیہم الف سنۃ الا خمسین عاماً (عنکبوت ۲۰/۹) | حضرت نوح اپنی قوم میں ساڑھے نو سو برس زندہ رہے ۔ |

کیا درازی عمر کی یہ مثال اہل حق کے لیے کافی نہیں۔ اگر قرآن کی یہ مثال اہل حق کے لیے کافی نہیں۔ تو دنیا کی کوئی مثال ان منکروں کے لیے کافی نہیں۔ قرآن کریم کے علاوہ ۔ توریت میں درازی عمر کی درجنوں مثالیں ۔ موجود ہیں۔ اس کے بعد بھی اگر کوئی اپنی جہالت پر باقی رہے تو بنا بر۔

| | |
|---|---|
| انك لا تهدی من احببت (قصص ۲۸/۱) | جس کو تم چاہتے ہو۔ اس کو ہدایت سے کوئی واسطہ نہیں ۔ |

Marfat.com

یہ پھر بھی گمراہ رہیں گے۔ خواہ کسی قدر دلائل دیئے جائیں۔

(توریت۔ سفر تکوین۔ صحاح پنجم میں پانچویں آیتہ دیکھئے) اس میں آپ کو طویل العمر لوگوں کی فہرست ملے گی۔ جس کا انکار اہل حق نہیں کر سکتے۔

موجودہ زمانہ کے سائنس دان طول عمر کے امکان کے قائل ہیں اور اس کے وسائل تلاش کر رہے ہیں۔ اہل علم باخبر ہیں۔ اس لیے ہم بخوف طوالت اس کو تحریر نہیں کرتے۔ منکرین طوالت عمر و درازی سن پر یہ آیت صادق آتی ہے۔

| | |
|---|---|
| بل کذبوا بما لم یحیطوا بعلمہ (یونس ۱/۱۲) | جو چیزیں ان کے علم کے دائرہ میں نہیں آسکیں ان کو جھٹلانے لگے |

(یہی جاہلان علم کے انکار کا راز ہے۔)

## حیات دجّال

۱۔ ابن صیاد کو آنحضرت نے دیکھا۔ ابن عمر کہتے ہیں کہ خدا کی قسم مجھ کو ذرا بھی شک نہیں کہ مسیح دجال ابن صیاد ہے (سنن ابوداؤد جلد چہارم صفحہ ۱۲۰) ۲۔ جناب جابر ابن عبداللہ خدا کے نام کا حلف لے کر کہتے ہیں کہ ابن صیاد دجّال ہے پھر وہ کہتے ہیں کہ عمر بھی اس کا ذکر حلف کے ساتھ کرتے تھے۔ (سنن ابوداؤد جلد چہارم صفحہ ۱۲۱ طبع مصر) (۳) حدیث تمیم داری پر غور کیجیے۔ ایک شب آنحضرتؐ نے نماز عشا میں دیر لگائی۔ پھر مسجد میں تشریف لائے تو فرمایا کہ مجھ کو تمیم داری سے باتیں کرنے میں دیر لگ گئی۔ وہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے سمندر کے جزیروں میں سے ایک جزیرہ میں دجّال کو دیکھا اور اس نے دریافت کیا کہ کیا نبی اُمّی آگئے۔ آنحضرتؐ نے سب کو جمع کیا اور یہ روایت سنائی اور ابوداؤد نے صحیح سمجھ کر اس کو تحریر کیا ہے (ابوداؤد جلد چہارم صفحہ ۱۱۹ طبع مصر)

Marfat.com

دجال کے متعلق روایت مطابق (۲) کو (صحیح مسلم۔ قسم رابع صـ۲۲۶ نے بھی روایت کیا ہے۔ حدیث (۳) روایت دارمی کو (صحیح مسلم۔ قسم رابع صـ۲۲۵ اور صـ۲۴۳) نے روایت کیا ہے۔ بلکہ روایت مسلم میں یہ بھی الفاظ ہیں کہ آنحضرت نے فرمایا تمیم دارمی نے وہ بات کہی ہے کہ جو اس بات سے موافق ہے۔ جو میں نے تم سے حدیث دجال کے متعلق کہی ہے (قسم رابع صـ۲۲۶ صحیح مسلم)

(۳) آنحضرت نے فرمایا کہ دجال کو عنقریب پا جائے گا وہ شخص جس نے مجھ کو دیکھا ہے یا میرا کلام سنا ہے۔ (ترمذی جلد نہم صـ۸۱ طبع مصر) نیز علامہ ترمذی نے (۳) والی دارمی کی حدیث کو بھی مصدقہ مان کر روایت کیا ہے۔ (ترمذی جلد نہم صـ۱۰۸

اسی تمیم دارمی کی روایت کی تصدیق۔ علامہ متقی بھی کرتے ہیں۔ (کنز العمال جلد ہفتم صـ۱۹۱ طبع دکن) اس کی مؤید دوسری روایت ہے (کنز جلد ہفتم صـ۱۹۲)

روایت (۴) کو علامہ متقی نے بھی لکھا ہے کہ دجال کو ضرور بالضرور وہ پالیں گے یا پا جائیں گے جنہوں نے مجھ کو دیکھا ہے۔ یہ واقعہ روایت میری موت کے قریب ہوگا۔ (کنز العمال جلد ہفتم صـ۱۹۹)

ان تمام معتبر ترین روایات اہل سنت پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے۔

(۱) یہ کہ دجال زمانہ رسولؐ سے زندہ ہے اور ان کے زمانہ میں موجود تھا۔

(۲) حضرت نے خود فرمایا کہ جنہوں نے مجھ کو دیکھا وہ اس کو دیکھیں گے

(۳) تمیم دارمی کی روایت معتبرہ و مصدقہ صحاح سے معلوم ہوتا ہے کہ دجال ایک جزیرہ میں دیکھا گیا۔ اب خدارا ان لوگوں کے متعلق غور کیجیے۔ جو ایک دشمن خدا و دین کی حیات کے تو قائل ہیں۔ مگر اولاد رسولؐ جو حامی دین اور امان زمین اور حجتہ خدا ہے اس کی حیات کے قائل نہیں۔

بعض لوگ پوچھتے کہ امام کا جزیرہ خضرا کہاں ہے تو وہ صحیح غار اصحاب کہف اور

Marfat.com

دجال کا جزیرہ بتلا دیں، ہم اپنے امام کا جزیرہ بتلا دیں گے۔ اسی طرح جو سوال وہ ہمارے امام کے متعلق کریں گے۔ وہی ہم مسئلہ دجال کے متعلق ان سے پوچھیں گے

پہلے ان پر جواب واجب ہے اس لیے کہ مقدم روایات دجال کی ہیں۔ جن کو وہ بھی مانتے ہیں۔

(۴) روایت معتبرہ حضرت خضر کی حیات کو بتلاتی ہیں۔ کہ وہ اسی زمین پر زندہ ہیں موجود ہیں۔ صحابہ تصدیق کرتے ہیں۔ مگر منکرین اس معاملہ کی ضد میں صحابہ کی روایات کو بھی نظر انداز کر دیتے ہیں۔ کیا یہی ایمان و انصاف کا تقاضا ہے۔ اسی کا نام پیروی کتاب وسنت ہے۔

## خلاصہ روایات متعلق حضرت خضرؑ

(۱) حضرت عمر نے ایک جنازہ میں ایک شخص کو دیکھا۔ کہا اس کو بلاؤ تا کہ جو بات اس نے کہی ہے اس کے اور اس کی نماز کے متعلق سوال کریں۔ تو وہ نظروں سے چھپ گئے۔ تب لوگوں نے دیکھا کہ ان کے قدموں کے نشان ایک ہاتھ کے ہیں۔ تب عمر نے کہا کہ خدا کی قسم یہ وہ خضر ہیں جن کا ذکر نبیؐ نے فرمایا تھا۔ (کنز العمال علامہ متقی جلد ہفتم صد ۱۲۳)

(۲) بعد وفات سرور کائناتؐ صحابہ نے آواز سنی کہ کوئی شخص اسلام علیکم اہل بیت کہہ کر نبیؐ کا پرسہ دے رہا ہے اور نظر نہیں آ رہا ہے۔ حضرت علیؑ نے فرمایا۔ جانتے ہو یہ کون ہے۔ یہ خضر ہیں۔ (اشعۃ اللمعات ترجمہ مشکوٰہ۔ جلد چہارم صد ۱۳۱)

(۳) ابو بکر اور علیؑ نے نبی کے پرسہ دینے والے کو بتلایا کہ یہ خضر تھے۔ (مدارج النبوہ جلد دوم صد ۴۳۲)

(۴) عمر ابن دینار روایت کرتے ہیں کہ خضر و الیاس دونوں زندہ ہیں۔ پس جب قرآن

Marfat.com

قرب قیامت میں اٹھا لیا جائے گا۔ تو انتقال فرمائیں گے۔ علامہ قرطبی کہتے ہیں (مشہور مفسر) کہ صحیح قول یہی ہے اور اولیاء میں سے جن حضرات نے خضر کو دیکھا ہے ان کا شمار نہیں۔ (تفسیر ثعالبی جزائری جلد دوم ص ۲۹۳ طبع الجزائر)

| | |
|---|---|
| (۵) ویمشی الخضر بین یدیہ (قال شعرانی فی الفتوحات مشارق الانوار حمزاوی ص ۱۵۲ طبع مصر۔ | حضرت خضر امام مہدیؑ کے سامنے چلیں گے۔ |

بعض جاہلاں حقیقت ان کی زندگی کے خلاف یہ آیت لاتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وما جعلنا لبشر من قبلک الخلد (انبیاء ۲/۷) | تم سے پہلے کسی کی ہمیشگی نہیں رکھی۔ |

مگر جب خضر و الیاس عیسیٰ و مہدی سب کے لیے روایات میں موت کا ذکر نہیں ہے تو طول حیات سے خلد اور ہمیشگی نہیں ثابت ہوتی۔ خلد کے لیے تو یہ نہیں کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہیں اور موت کسی کو نہ آئے۔ حالانکہ ان حضرات کے لیے طول عمر کے بعد موت لازمی ہے۔ دراصل وہ جاہل۔ طول عمر اور خلد میں فرق نہیں کرتے

اب ابن کثیر مفسر دمشقی کا یہ قول کہ اگر خضر زندہ ہوتے تو نبی کے پاس آکر اسلام لاتے اس دمشقی کو کوئی یہ بتلائے۔ کہ تم نے یہ علم ضرور خانوادہ بنی امیہ سے حاصل کیا ہے۔ ورنہ اس امر سے بے خبر نہ ہوتے کہ سارے انبیاء اسلام پر پیدا ہوئے ہیں اور جب وہ عالم میثاق میں اس نبی پر ایمان لے آئے ہیں تو پھر نیا ایمان لانا کیا معنی رکھتا ہے اور اگر کوئی کسی پر ایمان بھی لائے تو اس کو حاضر خدمت ہونے کی ضرورت نہیں۔ جب مان لے گا تب مسلمان ہوگا۔ اگر حضرت خضر کے متعلق غور کیا

Marfat.com

جائے۔ تو معلوم ہوگا کہ خداوند کریم نے جو ان کو اتنی لمبی زندگی دی ہے تو نہ کسی نبوت کے لیے اور نہ کسی ایسی کتاب کے لیے جو ان پر نازل کی جاوے گی نہ کسی شریعت کی وجہ سے کہ خدا اس کے ذریعہ سے ان سے پہلے کی شریعت منسوخ کرنا چاہتا تھا۔ نہ ان کو اس قدر دراز عمر کسی امامت کی وجہ سے دی تھی کہ امت ان کی پیروی کرے۔ نہ ان کو کسی بادشاہ کا خوف تھا اور نہ کوئی خاص عبادت ان کے ذریعہ سے یا ان سے لی گئی۔ بلکہ قدرت نے ان کو یہ ایک مثالی زندگی دی تھی۔ تاکہ مسلمان ان کا اقرار کرلیں تو یہ دلیل بن جائیں۔ اس آخری امام طول عمر کی جو دنیا کو عدل و داد سے لبریز کردے گا اور ان کی حیات اور طول عمر کی وجہ سے دشمنوں کی گردن جھک جائے اور ان کی حجت قطع ہو کر حجت خدا قائم ہو جائے اور بالکل نئی اور انوکھی شے کی وجہ سے وہ انکار کرکے خدا سے یہ نہ کہدیں کہ ایسا کبھی ہوا بھی نہ تھا۔ ہم کیسے یقین کرلیتے (ماخوذ عن الصادق علیہ السلام)

مگر بعض اہل اسلام کے حضرت خضر کو مان لینے کے بعد امامؑ کی طول عمر پر اعتراض بالکل ایسا ہی ہے۔ جیسے سورج نکلنے کے بعد دن ہونے کا انکار کردیا جائے خدا قرآن پاک میں اسی کے متعلق فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| فما اختلفوا الا من بعد ما جاءھم العلم (جاثیہ ۲) | انہوں نے علم حاصل ہونے کے بعد بھی اختلاف کردیا۔ |
| دوسری جگہ فرماتا ہے۔ | |
| ان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ (نساء ۲۲) | جن لوگوں نے اس میں اختلاف کیا وہ اس کے بارے میں شک میں مبتلا ہیں |

نہ انکار کرتے بن پڑتی ہے نہ یقین ہی آتا ہے۔ بس مبتلائے شک ہیں۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فورب السماء والارض انہ لحق مثل ما انکم تنطقون (ذاریات ۲۳) | تو پروردگار زمین وآسمان کی قسم ہے وہ یقیناً حق ہے۔ جب کہ تم خود کہتے ہو۔ |

اب تک ہم نے صرف کتب اہلسنت سے کام لیا ہے۔ صرف ایک روایت اہل بیتؑ کی بھی سن لیجیے۔ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اس امام آخر میں چار انبیاء کی سنتیں ہیں۔ سنت حضرت موسیٰ یہ ہے کہ ان کی طرح سے آپ فخائف یترقب (قصص ۲۱) حضرت موسیٰ وہاں سے امید اور خوف کی حالت میں نکل کھڑے ہوئے۔ اسی طرح یہ امامؑ بوجہ خوف غائب ہوگئے۔ حضرت یوسف کی سنت یہ تھی کہ آپ غائب ہوگئے۔ فعرفهم وهم منکرون (یوسف ۵۸) حضرت یوسف نے بھائیوں کو پہچان لیا۔ مگر وہ نہ پہچان سکے۔ اسی طرح اس امام کو کوئی نہیں پہچان سکتا۔ آپ سب کو معلوم کر لیتے ہیں۔ سنت عیسیٰ یہ ہے کہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ کو موت آگئی حالانکہ آپ زندہ ہیں اور سنت حضرت محمد مصطفیٰؐ یہ ہے کہ آپ تلوار کے ساتھ آئیں گے اور جہاد فرمائیں گے

## پانی اور کھانا اور گدھا سب باقی ہے

(۷) قرآن پاک نے واقعہ حضرت عزیر کو بیان فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| فاماته الله مائة عام ثم بعثه قال کم لبثت قال لبثت قال لبثت یوما او بعض یوم قال بل لبثت مائة عام فانظر الی طعامك وشرابك | خدا نے ان کو سو برس تک مردہ رکھا۔ پھر زندہ کیا اور پوچھا۔ کتنے دن گذارے کہا دن بھر گذارا ہے بلکہ دن بھر سے کم۔ کہا تم کو تو سو برس گذر چکے۔ ذرا اپنا کھانا اور پانی |

Marfat.com

لم یتسنہ وانظر الی حمارک ولنجعلک ایۃ للناس فانظر الی العظام کیف ننشزھا ثم نکسوھا لحماً (بقرہ ۳ ع ۵)

(یاد ودھ) دیکھو خراب نہیں ہوا اور ذرا اپنے گدھے کو دیکھو۔ ہم تم کو آدمیوں کے لیے نشان قدرت بنائیں گے۔ اب ہڈیوں کو دیکھو ہم ان کو کس طرح جوڑ کر گوشت کا لباس پہنائیں گے۔

⁂ ⁂ ⁂ ⁂

اہل بصیرت کے لیے یہ واقعہ نمونہ قدرت ہے۔ خدا نے سو برس تک کھانے پینے کی چیزوں کو محفوظ رکھا۔ بقائے امام کا انکار کرنے والے۔ یہاں کہہ سکتے ہیں کہ ناممکن ہے۔ دھوپ، اور ہوا میں کھانا خراب نہ ہو۔ ۲۴ گھنٹہ میں خراب ہونے والا سو برس نہیں رہ سکتا اور عزیر زندہ نہیں ہو سکتے وہ تو قیامت میں خدا مبعوث کرے گا۔ (اٹھائیگا) پھر سوکھی ہڈیوں پر گوشت کہاں سے آیا۔ الغرض سو باتیں بنا سکتے ہیں۔ مگر یہاں خدا کی قدرت کا اقرار ہے۔ اس لیے کہ اس نے ان کی ساختہ دعادی پر آنچ نہیں آتی۔ مگر یہ کہہ دیا جائے کہ اولاد رسول میں ایک امام زندہ ہیں تو یہاں امام کا انکار کرنے والے کے لیے خدا کی قدرت بھی بھول جائیں اور احادیث جس قدر اشخاص کو زندہ بتلاتی ہیں وہ بھی یاد نہیں رہیں گی۔ اس لیے کہ اس سے بہت سی اماموں پر آنچ آتی ہے۔

(۸) قال رب فانظرنی الی یوم یبعثون۔ قال فانک من المنظرین الی یوم الوقت المعلوم (اعراف ۲ ع ۲)
(حجر ۵/۱۵)
(ص ۳۸/۳)

قرآن پاک میں تین جگہ خداوند کریم نے شیطان کی خواہش کو بیان فرمایا ہے۔ اس نے کہا کہ مجھ کو قیامت تک کی مہلت دے۔ فرمایا کہ قیامت تک تو نہیں ہاں ایک وقت معین تک کی تجھ کو مہلت دیتا ہوں اور

Marfat.com

| | |
|---|---|
| | یہ مہلت آمد امام مہدی تک اس کو حاصل رہے گی۔ |
| وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبیّ الا اذا تمنّیٰ القی الشیطان فی اُمنیّتہٖ (حج ۲۲) | اے نبی ہم نے جب تم سے پہلے کوئی نبی یا رسول بھیجا جس وقت اس نبی و رسول نے تمنّا کی۔ تو شیطان نے ان کی تمنا میں خلل ڈال دیا۔ |

اس آیت نے صاف بتلا دیا کہ شیطان ہر نبی کے زمانہ میں موجود رہا اور وہ ان کے کار ہدایت میں خلل انداز رہا۔ تو ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کے زمانہ میں موجود رہا پھر اس نے نبی محترم سے بھی فرمایا۔

| | |
|---|---|
| فاذا قرات القران فاستعذ باللہ من الشیطان الرجیم انہ لیس لہ سلطان علی الذین آمنوا .. (نحل ۱۳) | اے نبی جب قرآن پڑھو تو شیطان سے خدا کی پناہ طلب کر لیا کرو۔ اس لیے کہ جو ایمان لائے ہیں ان پر شیطان کا قابو نہیں چلے گا نہ ان پر حکومت کر سکے گا۔ |

اس آیت نے صاف بتلا دیا کہ وہ نبی کریم کے زمانہ میں بھی موجود تھا اور بہکاتا تھا۔ پھر قرآن خبر دیتا ہے کہ جو اس کے کہنے میں آئے انہوں نے شیطان کو اپنا ولی بنا لیا۔

اب کفار کا ولی شیطان تو موجود رہے۔ زندہ رہے۔ اگر مومنوں کے ولی کو زندہ وہ رکھے تو آپ کو انکار ہے۔ یا شیطان کی حیات کا اقرار اور حیات امام کا انکار خود بتلاتا ہے۔ کہ آپ کس کے موید ہیں۔ اہل ایمان کے لیے تو اتنا کافی ہے کہ جب شیطان کار گمراہی کے لیے زندہ رہ سکتا ہے تو کیا خدا کسی نیک اور معصوم بندہ کو اپنے کار ہدایت

کے لیے زندہ نہیں رکھ سکتا۔

| | |
|---|---|
| فزین لھم الشیطان اعمالھم فھو ولیھم الیوم (نحل ۱۶/۹) | توجب شیطان صرف اس بات پر ولی ہے کہ وہ اعمال بدکو ان کی نگاہوں میں زینت دیتا ہے۔ |

توکیا اس کے مقابلہ میں خدا ایسی ذات کو ولی بنا کر برقرار نہیں رکھ سکتا۔ جو مومنوں کی نگاہ میں اعمال نیک کو زینت دیتا ہے۔ شیطان کو قوت زینت حاصل ہو اور امام کو جو ولی مومنین ہیں یہ قوت حاصل نہ ہو کہ وہ اعمال نیک کو زینت دے۔ وہ ضرور باقی ہے اور تاقیامت باقی رہے گا۔

| | |
|---|---|
| (۹) بقیۃ اللہ خیر لکم ان کنتم مومنین (ھود ۱۱/۸) | اگر تم سچے مومن ہو تو خدا کا بقیہ تمہارے لیے بہت بہتر ہے۔ |

بہت میں سے کچھ بچ جائے تو اس کو بقیہ کہتے ہیں۔ بارہ مقرر کردہ خدا میں سے ایک بچ گیا اور باقی رہا۔ تو وہ بقیۃ خدا ہے۔ اس لیے کہ وہ گیارہ بھی اسی کے معین کردہ امام تھے۔ بقیہ کی نسبت خدا کے جانب ایسی ہے۔ جیسے۔ بیت اللہ۔ ناقۃ اللہ۔ اللہ کا گھر۔ اللہ کا اونٹ۔ اسی طرح اللہ کا بقیہ۔

اب رہی لفظ کی مزید توضیح تو خدا فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وذروا مابقی من الربوا (البقرہ ۲/۸) | سود میں جو باقی رہ گیا ہے۔ اس کو چھوڑ دو۔ |

دوسری جگہ فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| بقیۃ مما ترک آل موسی وھارون۔ (البقرہ ۲/۳) | آل موسی و ہارون نے جو کچھ چھوڑا یہ اس کا بقیہ اور پس ماندہ ہے۔ |

معلوم ہوا کہ بارہ میں سے جو ایک رہ گیا۔ وہ بقیہ قدرت خدا ہے اور وہ مومنین

Marfat.com

کے لیے بہتر ہے۔ منجد عربی کی مشہور لغت ہیں۔ البقیتہ۔ مابقی۔ جو باقی جائے جو آخر تک
بچ جائے اس کو کہتے ہیں (منجد صد ۳ ) کتاب فصول المھمہ میں ابن صباغ مالکی
اس روایت کو تحریر فرماتے ہیں ۔ جب امام مہدیؑ ظاہر ہوں گے تو اپنے پشت کعبہ
سے لگا کر بیٹھیں گے تو پہلے آپ اس آیتہ کو پڑھیں گے۔
بقیۃ اللہ خیر لکم ان کنتم مومنین اور پھر فرمائیں گے کہ میں تمہارے
لیے بقیتہ اللہ ہوں۔ خلیفۃ اللہ ہوں حجتہ اللہ ہوں۔ تو کوئی مسلمان آپ کو ان الفاظ
کے سوا کسی اور طرح سے سلام نہیں کرے گا۔ جو سلام کرے گا وہ یہی کہے گا السلام
علیك یا بقیۃ اللہ فی الارض۔ اے زمین پر خدا کے باقی ماندہ آپ پر میرا
سلام ہو" (کتاب فصول المھمہ صد ۲۴۲ )۔ اسی کی موئید وہ روایت ہے جس کو
علامہ شبلنجی لکھتے ہیں

| | |
|---|---|
| (والمھدی) اول ماینطق | امام مہدیؑ سب سے پہلے اس |
| بھذا الایۃ بقیۃ اللہ الخ | آیتہ کی تلاوت فرما کر فرمائیں گے۔ کہ |
| ثم یقول انا بقیۃ اللہ و | میں خدا کی جانب سے وہ ذات ہوں |
| خلیفتہ و حجتہ علیکم | جو باقی رہی ہے اور اللہ کا خلیفہ |
| (نور الابصار۔ شبلنجی طبع مصر) | اور اس کی حجتہ ہوں۔ |

علامہ شبلنجی صد ۱۹۸ اور ابن صباغ مالکی مشہور علمائے اہل سنت سے ہیں
اور ان کی یہ کتابیں مصر میں چھپ چکی ہیں۔

| | |
|---|---|
| (۱۰) جعلھا کلمۃ باقیۃ فی عقبہ | ہم نے ابراہیم کے بعد اس کو (اولاد) |
| (زخرف ۲۸) | باقی رہنے والا کلمہ بنا دیا۔ |

یہاں مفسرین میں جو جو اختلافات آج ہیں۔ وہ دیکھنے کے قابل ہیں۔ معلوم ہوتا
ہے کہ سب اندھیرے میں ٹٹول رہے ہیں۔ جو جس کے ہاتھ لگا وہ لے بھاگا۔ اور ابھی

Marfat.com

کو آیت کے ساتھ چپکا دیا خواہ مصداق آیت ہو یا نہ ہو۔ خداوند کریم تو یہ فرماتا ہے۔ کہ میں نے اس نبوت اور امامت کو جس کی تم تمنا کرتے رہے ہو۔ وہ تمہارے اولاد میں رہے تو ہم نے وعدہ کر لیا اور

جعلنا فی ذریته النبوۃ والکتاب (عنکبوت ۳) — ہم نے ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب کو قرار دیدیا۔

اب نبوت کا وعدہ تو ہو چکا باقی رہی امامت۔ تو حضرت ابراہیم نے اس کی بھی اولاد میں تمنا کی تھی۔

قال ومن ذریتی قال لاینال عھدی الظالمین (بقرہ ۲/۱۵) — (ترجمہ پہلے گذر چکا ہے)

خدا نے اس کا بھی وعدہ کر لیا مگر اس شرط پر کہ میں ظالم کو امام خلق نہیں بناؤں گا (البتہ بندوں کے ہر ظالم و فاسق اور گنہگار کو امام بنا لینے کا وعدہ یا اشارہ نہیں ہے) تو اسی وعدہ کی توضیح فرماتا ہے۔ کہ ہم نے اس امامت کو ان کی اولاد میں کلمہ باقیہ بنا دیا۔ نبوت ختم ہو جائے گی۔ مگر سلسلہ امامت تا قیامت چلے گا۔ اسی لیے ہم ہر گروہ کو اس کے امام کے ساتھ بلائیں گے۔

یوم ندعو کل اناس بامامھم (اسرائیل ۱۴/۸) — اسی لیے ہم ہر گروہ کو اس کے امام کے ساتھ بلائیں گے

یہ آیت صاف گواہ ہے کہ میدان حشر تک امامت باقی رہے گی اور ہر شخص میدان حشر میں اپنے امام کے ساتھ جائے گا۔

اب رہا یہ امر کہ وہ باقی کون ہے۔ تو اہل سنت کی سب سے معتبر اور مایۂ ناز تفسیر طبری کی روایت سن لیجئے۔

| | |
|---|---|
| عن السری فی عقب ابراهیم آل محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم۔ (تفسیر طبری جلد ۲۵۔ صـ۳۵ طبع مصر) | سری سے منقول ہے کہ ابراہیم کے بعد والے آل محمد صلی اللہ علیہ آلہ وسلم ہیں۔ |

٭ ٭ ٭

اب اس آیت کے ساتھ یہ روایت صاف بتلاتی ہے کہ کلمہ باقیہ آل محمد ہیں جو امامت کے ساتھ باقی رہیں گے۔ یہاں لفظ کلمہ سے مراد لفظ نہیں بلکہ ذات مراد ہے: جیسا کہ قرآن پاک نے حضرت عیسی کو کلمہ کہا ہے

| | |
|---|---|
| کلمتہ القاها الی مریم و روح منہ (نساء ۲۳) | ایک کلمہ تھے جو مریم کے جانب بھیج دیئے گئے اور اس کی روح تھے |

دوسری جگہ فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ان اللہ یبشرک بکلمة منه اسمه المسیح ابن مریم۔ (آل عمران ۳) | اے مریم اللہ تجھ کو بشارت دیتا ہے اپنے کلمہ کی جس کا نام مسیح ہے |

یہاں صاف طور سے آپ کی ذات کو کلمہ فرماتا ہے۔
تیسری جگہ فرماتا ہے کہ حضرت یحیٰ کی بشارت دیتا ہوں۔ جو۔

| | |
|---|---|
| مصدقاً بکلمةٍ من اللہ (آل عمران ۳) | حضرت یحیٰ خدا کے کلمہ یعنی حضرت عیسی کی تصدیق کرنے والے ہوں گے |

اس سے معلوم ہوا کہ شخص اور ذات کو بھی کلمہ کہتے ہیں۔ تو خداوند کریم حضرت ابراہیم کے بعد ایک ذات کو باقی رکھے گا اور آج دنیائے اسلام میں صرف ایک امام آخر کی ذات ہے کہ جس کی وجہ سے خدا اپنا وعدہ پورا کر رہا ہے۔ اگر یہ ذات نہ ہو تو وعدہ الہی غلط قرار پائے گا۔

| | |
|---|---|
| (۱۱) کل من علیہا فان و یبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام۔ (رحمٰن ۵۵) | زمین پر جس قدر چیزیں ہیں وہ سب فنا ہو جائیں گی لیکن تیرے پروردگار کا چہرہ۔ (لغوی غلط ترجمہ) باقی رہیگا جو عزت و جلال والا ہے۔ |

✣ ✣ ✣

اس آیت گرامی میں (علیھا) کی ضمیر زمین کی جانب پھرتی ہے۔ اس کی طرف عام مسلمانوں نے توجہ نہیں کی ورنہ معنے آیت واضح ہو جاتے۔

مفسرین اسلام چہرہ سے مراد ذات خدا لیتے ہیں۔ مگر عقلاً وہ مراد نہیں ہو سکتی اس لیے کہ یہاں زمین کی قید ہے کہ زمین پر سب چیزیں ہلاک ہو جائیں گی سوائے ذات خدا کے کہ۔ وہ زمین پر باقی رہے گی۔ تو یہ قول خلاف عقل ہے۔ وہ تو ہر جگہ باقی رہے گا۔ زمین ہو یا آسمان۔ پھر زمین کی قید کیسی اور فنا کا خیال تو اس کے متعلق ہو بھی نہیں سکتا۔ جو خدا کے قائل ہیں خواہ کسی مذہب کے ہوں وہ اس کے فنا کے قائل نہیں ہیں اور اس آیتہ میں اس ذات کی جانب اشارہ ہے جو محل فنا میں ہے اور جس کے لیے فنا ہے۔ تو خدا خبر دیتا ہے کہ وہ ذات باقی رہے گی۔ جب تک زمین باقی ہے اور جس دن۔

| | |
|---|---|
| یوم تبدل الارض غیر الارض (ابراھیم ۴۸) | جس دن اس زمین کو کسی اور چیز سے بدل دیا جائے گا۔ |

وہ ذات بھی باقی نہیں رہے گی۔ مگر بقائے زمین تک وہ باقی ہے۔ خدا کبھی محل فنا میں نہیں۔ اس لئے وجہ سے مراد ذات باری نہیں ہو سکتی۔

کیا وجہ سے مراد ذات خداوندی ہے۔ تو خود قرآن اس کی تردید کرتا ہے

| | |
|---|---|
| اینما تولوا فثم وجہ اللہ (بقرہ ۱۱۵) | جدھر رخ کرو گے خدا کے وجہ پاؤ گے۔ |

Marfat.com

امام رازی کہتے ہیں کہ اس سے مراد عبادات ونماز ہے۔ دوسری جگہ آیا ہے

یریدون وجہ اللّٰہ (روم ۴/۲۸) ؎

یہاں مراد زکوٰۃ ہے۔ (تفسیر کبیر جلد ہشتم صد ۲۴) تو دونوں جگہ ذات خدا مراد نہیں ہے تو یہاں بھی مراد ذات خدا نہیں، تو پھر اس آیت میں وجہ سے مراد کون ہیں تو پہلے یہ سمجھ لیجیے کہ کون مراد ہیں۔ ہر انسان کی معرفت کامل صرف چہرہ سے ہو سکتی ہے۔ دوسرے اعضاء سے نہیں۔ تو یہاں وجہ اللّٰہ سے مراد وہ نفوس ہیں جو سبب معرفت خدا تھے اور جن کے سبب سے دنیا نے خدا کو پہچانا وہ وجہ اللّٰہ ہیں۔ جن کے سردار حضرت محمدؐ عربی ہیں اور جیسے آپ کا نور اور روح تمام مخلوقات سے ہزاروں برس پہلے تھی اور وہ اوّل مخلوق تھے اور قبل مخلوق تھے۔ تو اسی طرح ان کی اولاد جو سبب معرفت خدا تھی بعد مخلوق باقی رہ سکتی ہے۔ اسی لیے جن پر فنا آسکتی ہے۔ ان کو باقی رہنے کی خبر دی ہے۔ خدا کے لیے فنا کا سوال نہیں تو اس کا ذکر بھی فضول ہوگا۔ اب یہی وہ وجہ خدا باقی ہے اور زمین اس سے خالی نہیں رہ سکتی۔ ہاں جب زمین نہیں رہے گی تو پھر اس پر حجت کا رہنا بھی فضول ہوگا۔

(۱۲) حضرت یونس کا واقعہ قرآن پاک میں اس طرح ہے

فالتقمہ الحوت ؎ ان کو مچھلی نے نگل لیا۔

پھر فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| لولا انہ کان من المسبّحین | اگر وہ تسبیح کرنے والے نہ ہوتے |
| للبث فی بطنہ الی یوم یبعثون | تو قیامت تک مچھلی کے پیٹ |
| (صافات ۵/۲۳) | میں رہتے۔ |

مگر یہاں رہنے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ جیسے مردہ قبر میں رہتا ہے۔ یہ بھی مر کر مچھلی کے شکم میں رہے۔ قرآن میں لفظ لبث ہے۔ یعنی اسی حالت میں باقی رہے

ورنہ مر کر قبر میں کافر و مشرک سب ہی رہتے ہیں اور سب ہی ان قبروں سے زندہ کئے جائیں گے۔ اسی طرح مچھلی کسی کو نگل لے تو وہ خواہ مشرک ہو یا کافر تحلیل ہو کر اسی میں رہے گا۔

لبث کی ضمیر زندہ یونس کے طرف پھرتی ہے نہ کہ ان کے مردہ کی طرف۔ مطلب صاف ہے کہ جیسے آپ پیٹ میں زندہ ہیں اسی طرح رہتے اور جب وہ اسی طرح بحکم خدا رہ سکتے تھے تو خدا اس مچھلی کو بھی باقی رکھتا۔ ورنہ اگر وہ مر جاتی تو پھر حضرت یونس کہاں رہتے۔

تو جب حضرت یونس شکم ماہی میں بحکم خدا زندہ رہے اور قیامت تک رہ سکتے تھے۔ تو اگر ہمارا امام بحکم خدا اس دنیا میں زندہ ہے تو یہ کون سی تعجب کی بات ہے۔ مگر یہ آیات اہل حق کے لیے دلیل ہیں۔ عادی منکروں کے لیے نہیں

(۱۳) امّا ما ینفع الناس فیمکث جو آدمیوں کو نفع دیتے ہیں وہ
فی الارض (رعد ۱۳/۲) زمین پر باقی رہتے ہیں۔

یہ ایک کلیہ ہے اور یہ کلیہ قیامت تک کے لیے ہے۔ تو اب صرف یہ سوال ہے کہ جو ذات امان زمین ہو۔ سبب ہدایت ہو۔ حجت خدا ہو اور اس کا محض وجود ہدایت ہو۔ جیسا کہ ہم سابق میں ثبوت دے چکے ہیں۔ ایسی ذات انسانوں کے لیے مفید ہے یا نہیں۔ اگر مفید ہے تو زمین پر اس کا باقی رہنا ضروری ہے اور خدا اسی کو باقی رکھے گا۔ جب تک اس کی ضرورت ہے۔

(۱۴) ہر انسان بظاہر چار چیزوں سے مرکب ہے۔ خاک۔ پانی۔ ہوا۔ آگ ان سب کی ترکیب اور خمیر کے بعد چار چیزیں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ سودا۔ صفرا۔ خون۔ بلغم۔ ان میں اعتدال کے بعد روح عطا کی جاتی ہے اور ان کے اعتدال پہ مدار حیات اور بقائے بدن رہے اور جب ان کا اعتدال

Marfat.com

ٹوٹ جائے تو پھر موت ہے۔ خداوند کریم نے اسی لیے چار مراتب تخلیق میں ارشاد فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| والذی خلقک | جس نے تجھ کو پیدا کیا |
| فسوّاک | مناسب مقدار پر رکھا |
| فعدلک | پھر اعتدال پیدا کیا |
| فی ای صورۃ ماشاء رکبک | پھر جس صورت میں چاہا بنا دیا |

(انفطار ۸۲)

اجسام انبیاء خلاق عالم نے اپنے لیے بنائے تھے۔

| | |
|---|---|
| واصطنعتک لنفسی یا موسیٰ (طٰہٰ ۲۰) | اے موسیٰ میں نے تم کو اپنے لیے بنایا ہے۔ |

اس لیے یہ اعتدال حقیقی پر پیدا کیے گئے تھے۔ اس لیے ان کے ہر فعل میں بھی عدل تھا۔ چونکہ اعتدال حقیقی پر قائم تھے اس لئے موت ان کے ساحت قدس میں قدم نہیں رکھ سکتی تھی۔ اس لیے ان کے لیے یہ کلیہ ہے کہ۔

| | |
|---|---|
| لا یموتون الا باختیارھم | ان کی موت اعتدال پر بگڑنے سے نہیں بلکہ ارادہ خدا پر موقوف تھی۔ |

اسی لیے وہ موت سے بے پرواہ تھے۔ ان کو قدرت نے اپنے کام کے لیے بنایا تھا۔ جب وہ کام لے چکا اپنے پاس بلا لیا۔ اس لیے ملک الموت بھی اجازت سے آتے تھے۔ (دیکھئے مدارج النبوۃ جلد دوم)

اتنا اور سمجھ لیجیے کہ جو چیز ہم سے پیشتر موجود ہے وہ ہم پر مؤثر ہے۔ اور اگر ہم کسی چیز سے پہلے ہیں تو ہم سے بعد والے متاثر ہیں۔ یوں سمجھئے کہ اس عالم امکان

یں آفتاب سب سے پہلے ہے اور سیارے بعد میں تو آفتاب سب پر مؤثر ہے اور
سب اس سے متاثر ہیں۔ اب ان ستاروں پر جو ستے بعد میں پیدا ہوئی اس پر یہ
ستارے ان کی آب و ہوا موثر ہے۔ تو خدا وند عالم فرماتا ہے

خلق الموت والحیات — اس نے موت اور زندگی کو
(ھود ۱۱) — پیدا کیا۔

اور ہمارے نبی کی روح اور نور اوّل مخلوق ہیں۔ تو موت اور حیات جو بعد میں
پیدا ہوئی ان پر اثر نہیں رکھتی تھی اور . . . . . . . . . . اس لیے وہ
اس کے اثر سے باہر تھے۔ اس لیے وہ اپنے اثر سے اور اختیار سے اس خاکی
دنیا کو چھوڑتے تھے اور صرف ارادہ الٰہی کے تابع تھے۔ اگر ارادہ الٰہی نہ ہو تو یہ
ہزاروں برس زندہ رہ سکتے تھے اور یہ اس کی قدرت سے بعید نہیں۔ یہ مبحث
خود ایک مفصل کتاب چاہتا ہے۔ ہم نے اس کو مجملاً اہل عقل و علم کے لیے لکھ دیا ہے

## جو علمائے اہل سنّت قائل حیات و وجود امام مہدیؑ ہیں

تو چار مجتہد ہیں جن پر مدار مذہب اہل سنت ہے۔ ان چار کا منکر فرقہ اہل
حدیث ہے اب ان میں سے اگر کچھ علماء قائل وجود امام ہو جائیں تو آپ کے نہ ہونے
پر اجماع نہیں رہے گا۔ حضرات صوفیہ میں سے اکثر وجود امام کے قائل ہیں۔
(۱) علامہ ابن صباغ مالکی فصول المہمہ صفحہ ۳۰۸ میں ذکر حیات امام کے متعلق
عبداللہ گنجی شافعی کا قول ان کی کتاب البیان فی اخبار صاحب الزمان سے
نقل فرماتے ہیں۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ ان کے ہم خیال ہیں اگر ہم خیال
نہ ہوتے تو اس کو لکھتے نہیں یا اس کی تردید کرتے۔ اب مالکی کے ساتھ دوسرے
شافعی قائل امام۔

Marfat.com

(۲) عبداللہ گنجی شافعی ہو گئے۔

(۳) علامہ شبلنجی مصری تعلیم یافتہ جامع ازہر اپنی مشہور کتاب نور الابصار طبع مصر میں صفحہ ۱۸۶ پر مثل ابن صباغ مالکی قول عبداللہ گنجی لکھتے ہیں کہ "ان دلائل میں سے جو یہ بتلاتے ہیں کہ مہدیؑ زندہ ہیں اور اپنی غیبت کے بعد ابھی تک باقی ہیں یہ ہے کہ ان کے باقی رہنے میں کوئی ناممکن بات نہیں جب کہ عیسیٰؑ ابن مریم باقی ہیں خضر و الیاس اولیاء خدا میں سے باقی ہیں۔ کانا دجال اور شیطان باقی ہیں۔ جو دشمنان خدا میں سے ہیں۔ جب وہ باقی ہیں تو ان کا بقاء بھی ممکن ہے۔ ان سب کا باقی رہنا کتاب و سنت میں ثابت ہے" (اس کے بعد وہ ہر ایک کا ثبوت دیتے ہیں) معلوم ہوا کہ علامہ حافظ شبلنجی بھی مذکورہ بالا حضرات کے ہم خیال ہیں۔ یہ جناب حنفی تھے۔ پھر وہ اپنی کتاب نور الابصار طبع مصر صفحہ ۱۸۷ پر لکھتے ہیں۔

(۴) در قطب شعرانی الیواقیت والجواہر میں لکھتے ہیں کہ مہدیؑ امام حسن عسکریؑ کے فرزند ہیں اور وہ باقی رہیں گے۔ یہاں تک کہ وہ حضرت عیسیٰؑ کے ساتھ جمع ہو جائیں گے۔ (الیواقیت والجواہر حصہ دوم صفحہ ۱۴۳) ۔ اب علمائے مالکی شافعی حنفی میں سے جو عالم قائل حیات ہیں۔ ان کے اقوال لکھ دئے ہیں۔

(۵) شیخ حسن عراقی مدفون مصر بھی اسی خیال سے متفق ہیں۔

(۶) سید علی الخواص کا بھی یہی عقیدہ تھا۔ یہ دونوں حضرات مشہور علماء مصر میں سے تھے (نور الابصار صفحہ ۱۸۷)

(۷) علامہ حمزاوی۔ مشارق الانوار طبع مصر صفحہ ۱۵۲ پر ان حضرات کے اقوال جمع کرتے ہیں جو قائل حیات امام مہدیؑ ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ بھی عقیدہ علمائے مذکورہ پر ہیں۔

Marfat.com

(۸) اسعاف الراغبین شیخ محمد صبان صہ ۵۳ طبع مصر ہیں ان حضرات کے ان اقوال کو تحریر کرتے ہیں جو حیات اور بقاء کے قائل ہیں اور ان کو معصوم اولاد فاطمہؑ و حسینؑ سے جانتے ہیں۔ ان حضرات کا نام بھی تحریر کیا ہے۔ جو زیارت امامؑ سے مشرف ہوئے ہیں۔

(۹) شیخ محی الدین عربی نے فتوحات مکیہ میں لکھا ہے کہ ضرور بالضرور ظہور (خروج) مہدی علیہ السلام ہوگا۔ لیکن جب تک زمین ظلم و جور سے بھر نہ جائے۔ تو آپ آکر عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔ وہ رسول کی عترت اور فاطمہؑ کی اولاد ہوں گے۔ آپ کے والد امام حسن عسکری ابن امام علی نقی ابن امام محمد تقی ابن امام علی رضا ابن امام موسی کاظم ابن امام جعفر صادق ابن امام محمد باقر ابن امام زین العابدین ابن امام حسین ابن امام علی ابن ابیطالب علیہم السلام ہیں۔ (اسعاف الرغبین صہ ۵۳ (۲) مشارق الانوار حمزادی طبع مصر صہ ۱۵۳ (۳) الیواقیت والجواہر حصہ دوئم صہ ۱۴۳ علامہ شعرانی طبع مصر)

شیخ محی الدین عربی نے پورا شجرہ لکھ کر بتلا دیا کہ وہ ان بارہ کو امام مانتے ہیں اور بارھویں کے متعلق یہ لکھ کر کہ وہ امام حسن عسکریؑ کے فرزند تھے۔ وہ قرب قیامت میں آئیں گے۔ اقرار حیات و بقاء امام کر لیا۔ اب رہا صاف اقرار تو وہ بھی حاضر ہے۔

(۱۰) امام ابو طلحہ شافعی۔ مطالب السئول میں حیات حضرت مہدیؑ کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ امام مہدی زمانہ معتمد میں پیدا ہوئے اور بقدرت خدا سے اب تک پوشیدہ ہیں۔ اس کے بعد وہ ان حضرات کی تفصیل لکھتے ہیں کہ جو عرصہ تک زندہ رہے۔ پھر ان حضرات کا ذکر کرتے ہیں جو اب تک زندہ

Marfat.com

ہیں۔ جن کا تذکرہ ہم کر چکے ہیں اور آخر میں کہتے ہیں کہ یہ قدرت خدا سے بعید اور دور نہیں کہ وہ کسی کو اتنے دن زندہ اور باقی رکھے۔ (مطالب السئول ابی طلحہ شافعی صنہ ۳)

ملا مبین فرنگی محلی لکھنؤ جو علمائے حنفیہ سے ہیں آپ کے حالات ان الفاظ میں لکھتے ہیں دو بیان احوال۔ حضرت صاحب الزمان خلیفۃ الرحمان حجۃ اللہ کیا صاحب العصر اور حجۃ خدا ہونے کے بعد کوئی آپ کی امامت سے انکار کر سکتا ہے؟

اس کے بعد وہ مفصل حالات ولادت و ظہور لکھتے ہیں۔ (وسیلۃ النجاۃ ملا مبین صہ ۱۲۵) جن علماء نے صاف اقرار کیا ہے ان میں علامہ شعرانی ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ۔

| | |
|---|---|
| فاختفی الی ان یجیئ الوقت | آپ پوشیدہ ہو گئے جب تک کہ |
| الموعود قد استوزر اللہ | وقت مقررنہ آجائے۔ اللہ نے |
| طائفۃ خبأهم اللہ لہ | ایک گروہ ان کے لیے وزرا کا بنایا |
| فی مکنون غیبہ (الیواقیت | ہے۔ جن کو اس نے پوشیدہ |
| والجواہر علامہ شعرانی۔ طبع | غیب میں رکھا ہے۔ |
| مصر جلد دوم صہ ۱۲۷) | |

٭ ٭ ٭

کیا اس سے زیادہ صاف اقرار ہو سکتا ہے۔

بعض علمائے اسلام نے یہ شرط لگائی ہے کہ قطب ہمیشہ اہل بیت میں سے ہوگا اور قطب کی شان یہ ہے کہ وہ اکثر پوشیدہ رہے اور ظاہر نہ ہو۔ تو اگر اہل بیت میں سے کوئی بظاہر صفت قطبیت کا مصداق ہو تو یہ سمجھ لیا جائے گا کہ وہ غائب ہے اور موجود ہے۔ (رشفۃ الصادی۔ ابوبکر ابن شہاب الدین طبع مصر صہ ۱۵)

Marfat.com

نیز بنا بر حدیث ثقلین کہ قرآن اور اہل بیت ہرگز ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے" اگر اس عالم ظاہر میں کوئی مثل قرآن اور قرآن کی طرح واجب التمسک نظر نہ آئے تو ماننا پڑے گا کہ وہ غائب ہے۔ ورنہ مثیل حدیث رسول غلط ہو جائیگی جس میں بتلا دیا گیا ہے کہ قرآن و اہل بیت میں فصل ممکن نہیں۔

اسی کو صاحب صواعق نے بھی ذکر حدیث ثقلین میں اشارۃً واضح کیا ہے (صواعق محرقہ میں) اس کے بعد ابن حجر۔ اقوال شیعہ لکھتے ہیں کہ آپ کو بچپن میں علم مثل یحییٰ و عیسیٰؑ حاصل ہوا۔ اور آپ کی طول عمر خضر کی طرح تھی۔ اس قول کو انہوں نے رد نہیں کیا۔ نہ اس کی تردید کی۔ جس سے معلوم ہوا کہ وہ اس عقیدہ کے موافق تھے (وسیلہ النجاۃ ص۱۷۱)

## تلک عشرہ کاملہ یہ پورے دس اقوال ہیں

(انصاف کیجیے) جب ایسی بات کہی جائے جو خلاف عقل ہو اور اس کا نمونہ بھی عالم میں موجود نہ ہو تو اس کا انکار ممکن ہے۔ لیکن جس کا مسلمہ نمونہ موجود ہو اور خلاف عقل بھی نہ ہو تو وہ انکار محض تعصب سمجھا جائے گا۔

(۱) انبیاء میں حضرت عیسیٰؑ اور ادریس۔ (۲) مومنین میں اصحاب کہف (۳) اشقیاء میں شیطان۔ (۴) اعدائے دین میں دجال۔ (۵) اولیاء میں خضر و الیاس۔ (۶) اہل آسمان میں ملائکہ۔ حوریں۔ غلمان تو اب ان مسلمان ذہنیتوں پر تعجب ہے جو ان سب کا اقرار کرنے کے بعد امام زمانہ کا انکار کر رہے ہیں۔ جو ان کی دشمنی اور حسد کا مظاہرہ ہے۔

پہلے آئمہ کا تو اکثر مسلمانوں نے اس لیے انکار کیا کہ ان کے زمانہ میں خود ان کے بنائے ہوئے یا دولت اور تلوار کے زور سے مانے ہوئے خلفاء موجود تھے

جن سے دنیاوی فائدے دولتیں اور حکومتیں مل رہی تھیں۔ اگر ان آئمہ کا اقرار کر لیتے تو خود ساختہ یا اجماع پرداختہ خلفاء اور آئمہ کا انکار کرنا پڑتا۔ لیکن آج کل نہ تو کوئی مدعی خلافت ہے۔ نہ حکومت روحانی کا مدعی ہے۔ البتہ امام ہونے کے کچھ دعویدار ہیں۔ مگر صفات امامت سے ان کو کوئی لگاؤ نہیں۔ نہ وہ مصداق امام ہیں۔ تو اب اس امام کا انکار محض باپ دادا کی تقلید پر مبنی ہے۔ بنی امیہ اور بنی عباس نے لوگوں کے ذہن میں اہل بیت رسالت سے بے تعلقی بھر دی تھی اور ان کے فضائل کو اس قدر چھپایا تھا کہ لوگ ان سے بے خبر ہو گئے تھے۔ اسی بے خبری اور تقلید پدری میں اب تک مبتلا ہیں۔ لیکن آج زمانہ غور و فکر ہے تعلیمی ترقیاں ہو رہی ہیں شوق مطالعہ بڑھ رہا ہے۔ امید کہ اہل انصاف بزرگوں کے طرز عمل کو چھوڑ دیں گے۔

## ایک ضروری نگارش

طول حیات کے متعلق طویل العمر لوگوں کی فہرست لکھنا اور اس میں کد و کاوش ایک طول عمل ہے۔ زیادہ سے زیادہ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ امام آخر ایک فرد انسانی ہو کر اتنے دن کس طرح زندہ ہیں تو یہ سوال اس وقت زیادہ موزوں ہوتا جب شیعہ یہ کہتے کہ وہ اپنے اعضاء کی ساخت۔ یا طبی احتیاطوں۔ یا کسی خاص حیاتی مادہ کے زیر اثر زندہ ہیں۔ شیعہ کہتے ہیں کہ وہ بقدرت خدا زندہ اور بحکم خدا غائب ہیں۔ تو اب صرف یہ سوال ہوتا ہے کہ خدا میں یہ قدرت ہے بھی یا نہیں ہے۔

تو اس فانی بشر اور محدود علم و تجربہ رکھنے والے انسان نے یہ سمجھا ہے کہ جن اصول کا نام اس نے قانون قدرت یا لاء آف نیچر رکھا ہے وہ ذات لازوال۔ ان کے معلوم کردہ قانون کی پابند اور ان کی قید ہی ہے۔ اس لیے نہ وہ زندہ کر سکتی ہے نہ زندہ رکھ سکتی ہے۔ لیکن قانون وحی یہ کہتا ہے کہ ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ وہ ہر شے

Marfat.com

پر قادر ہے۔ بشرطیکہ وہ شے ہو۔

سائنس کہتا ہے کہ ہمارے تجربہ اور علم میں یہ چیز نہیں آئی۔ اس لیے ناممکن ہے۔ تو یہ اپنا یقین اس اندھے اور بے شعور مادہ تک رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مادہ نے اپنی حرکات اور تبدیلیوں سے عالم بنایا ہے۔ خدا کوئی شے نہیں وہ ایک خیالی چیز ہے۔ اس لیے جو ان کے علوم و تجربات کے زیر اثر ہیں وہ ان کی مادی ترقیوں سے مرعوب ہو کر ان کے ساز میں اپنا سر ملاتے ہیں۔ وہ لوگ جو آباء اجداد کی وجہ سے مسلمان ہیں یا اسلام سے متاثر ہیں وہ مجبوراً خدا کا تو اقرار کر لیتے ہیں۔ مگر جہاں اس نے اپنی قدرتیں نمایاں کی ہیں۔ وہاں چونکہ سائنس کی رسائی نہیں ہوئی اس لیے وہ بھی منکر ہیں۔ انہی حضرات نے خدا اور سائنس دونوں کو ساتھ رکھنے کے لیے تاویلات اور عقل آرائیوں کا ایک طومار جمع کر دیا ہے۔ لفظ معراج کے منکر نہیں مگر اس کو خواب بنا دیا ہے۔ ملائکہ کے مُقِر ہیں۔ مگر ان کو ایک قوت بنا دیا ہے۔ جنت کے نام سے منکر نہیں مگر اس کو دنیاوی مسرت کہہ دیا ہے۔ جہنم کو خیالی سزا بنا دیا ہے۔ دریائے نیل حضرت موسیٰ کے لیے شق کیا تو اس کو جوار بھاٹا بنا دیا چیونٹی نے کلام کیا۔ تو اس کو کہہ دیا کہ نمل چیونٹی نہیں بلکہ ایک قوم تھی۔ اسی طرح اپنی من مانی تاویلیں کر کے نہ خدا کا انکار کیا نہ ان قدرتوں کا اقرار۔ اس طرح سائنس اور خدا دونوں کا اقرار کر لیا ہے۔ یہی شرک خفی ہے۔ رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی ایسے حضرات اگر حیات عیسیٰ اور خضر اور امام زمانہ کا انکار کر دیں تو حیرت نہیں حیرت ان پر ہے جو قدرت کے قائل ہیں۔ عیسیٰ و خضر وغیرہ کی حیات کے قائل ہیں اور پھر وہ حیات امام کا انکار کرتے ہیں۔ جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ وہ دشمنان آل محمدؐ کے ہمنوا ہو کر حقائق سے انکار کرتے ہیں اور نسلاً بعد نسلاً اولاد رسولؐ کا حق چھپا رہے ہیں۔ تو یہ رسول امیؐ کا اسلام نہیں بلکہ ان کے خود ساختہ خلفاءؑ

Marfat.com

کا خود ساختہ اسلام ہے۔

## کیسے معلوم ہو کہ کوئی غائب ہے

(۱) قرآن پاک کی آیات - اولوالامر - صادقین - لکل قوم ہاد - وغیرہ نے جیسا کہ ہم ثبوت پیش کر چکے ہیں - یہ بتلا دیا ہے کہ ان صفات کی ایک ذات کا وجود عالم میں ضروری ہے - ہم کو قول خدا کی سچائی کا یقین ہے - تو جب اس ذات جامع الصفات کا ہونا لازم ہے اور وہ تمام عالم میں صفات معینہ کے ساتھ نہیں ملتی تو جس کے وجود کا یقین ہو اور نظر نہ آئے - اسی کو غائب کہتے ہیں۔

(۲) سنت اور روایات بتلاتی ہیں کہ قرآن اور اہل بیت ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتے تو ہر زمانہ میں ایک ذات کا وجود لازمی جو مثل قرآن بے خطا ہو مثل قرآن ہادی ہو - مثل قرآن من اللہ ہو اور جب اس صفت کا کوئی نظر نہ آئے تو عقل و قول نبیؐ کو صحیح مان کر اس کے وجود کا یقین کر لیں گے یہ اور بات ہے کہ وہ غائب ہو - ہم نبیؐ کے فرمان سے سینکڑوں غائب اشیاء پہ ایمان لائے ہیں - ان میں ایک یہ بھی ہے - تو پھر سب کا اقرار صرف اس ذات کا انکار کیا معنی رکھتا ہے - نیز فرمایا میرے اہل بیت امان زمین ہیں اب خواہ وہ نظر آئیں یا نہ آئیں ہم کو یقین ہے کہ قول رسول حق ہے ضرور وہ ذات موجود ہے جو امان زمین ہے۔

(۳) قرآن کا معجزہ باقیہ ہونا بتلاتا ہے کہ کوئی صاحب اعجاز موجود ہے جس کے دم سے یہ اعجاز قائم ہے۔ (تفصیل گزشتہ صفحات میں ہیں)

(۴) عقلاً بصر کے لیے کوئی وقت نور سے خالی نہیں۔ تو بصیرت کے لیے بھی ہر دم نور کا وجود ضروری ہے۔ (تفصیل پہلے آ چکی ہے)

Marfat.com

(۵) یا اھل الکتاب قد جاءکم رسولنا یبین لکم علی فترۃ من الرسل (مائدہ ۳) — اے اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) تمہارے پاس ہمارا رسول آیا انبیاء سے خالی زمانہ کے بعد جو تمہارے لیے واضح کرتا ہے۔ (اصل دین کو)

اب اس موقع پر علامہ رازی لکھتے ہیں۔

کہ زمانہ حضرت عیسیٰ اور ہمارے نبی میں چھ سو برس کا زمانہ تھا۔ اس درمیان میں کوئی رسول نہیں آیا۔ چار انبیاء آئے شرائع مقدسہ درازی زمانہ سے بگڑ گئیں۔ تحریف اور تبدیلی نے جگہ حاصل کر لی۔ تو حق باطل میں مل گیا اور سچ جھوٹ میں گم ہو گیا تب یہ رسول آئے۔ (تفسیر کبیر جلد سوئم صفحہ ۵۷۸) اس کو قرآن پاک نے واضح کیا ہے

وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین (جمعہ ۲/۶۲) — اس نبی کے آنے سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔

سب کا دین بگڑ چکا تھا اور ان میں حق کا نشان نہ تھا۔ انبیاء کو خدا۔ مانتے تھے مگر شرع اپنی بنا لی تھی۔ اوصیائے حضرت عیسیٰ موجود رہے۔ مگر ان کی کسی نے نہیں سنی۔ اپنی حجتوں کے سامنے خدا کی حجتوں کو نہیں مانا۔ اس نبی نے آکر سب کے سامنے حق واضح کر دیا۔ اگرچہ سب نے نہیں مانا مگر کچھ حق پر آ گئے۔

اب اس نبی کے بعد بھی سارا نظام ہدایت درہم برہم نہیں ہوا۔ ایک فرقہ ضرور حق پر قائم ہے۔ اگر کسی گھر میں سارا گھر کوڑے سے بھرا ہو تو معلوم ہو جائے گا کہ کوئی وارث موجود نہیں۔ لیکن اگر مکان کا ایک حصہ بھی صاف نظر آ جائے گا تو دل کو یقین ہو جائے گا کہ کوئی موجود ہے۔ خواہ وہ نظر نہ آئے۔ مگر دل کو اس کے موجود ہونے کا یقین ہو جائے گا۔ تو منزل اسلام میں ۷۲ حصہ میں خرابی آ چکی ہے۔ لیکن ایک حصہ ابھی صاف ہے۔ اسی نے بتلا دیا کہ کوئی ہے جس کے روحانی فیض سے ایک فرقہ

حق پر قائم ہے۔ اگر وہ نہ ہوتا تو مثل سابق سب گمراہی میں مبتلا ہو جاتے۔

(۶) باغ کی بے ترتیبی۔ گھاس کا ڈھیر۔ پتوں کا انبار۔ درختوں کی خشکی بتلاتی ہے کہ کوئی اس کا نگہبان نہیں ہے۔ لیکن اجڑے باغوں میں ایک باغ ایسا بھی مل جائے۔ جس میں روشیں باقاعدہ ہوں۔ پانی سے سیراب ہوں۔ کوڑے کا ڈھیر نہ ہو تو فوراً یقین ہو جائے گا کہ کوئی نگہبان موجود ہے۔ جس نے باغ کو صاف رکھا ہے اور اس کی ضرورتوں کو پورا کر دیا ہے۔ جب ۷۳ فرقوں میں ۷۲ خزاں کی زد میں آئے ہوں اور ایک اپنی سابقہ اصل بہار پر موجود ہے۔ تو معلوم ہوتا ہے کہ کوئی نگران اور محافظ موجود ہے۔ جو اپنی ہدایت روحانیہ سے شیطان کی دست برد سے ایک فرقہ بچا رہا ہے۔

(۷) ہر غائب کا ثبوت، اس کے اثر سے معلوم ہوتا ہے۔ گرمی و سردی غائب ہیں نظر نہیں آتیں۔ لیکن بدن پر اس کا اثر ہے کہ یقین سردی و گرمی ہو جاتا ہے۔ قرآن بتلاتا ہے کہ امام صرف ہدایت خلق کے لیے ہوتا ہے۔ اگر آج ہدایت موجود ہے تو اس کے اثرات دیکھ کر ہم کو امام کا یقین ہو جائے گا کہ وہ ہے۔ خواہ نظر نہ آئے۔ ہدایت کے لیے نظر آنا ضروری نہیں۔ خدا نے مومنین کو ہدایت کی ہے مگر کبھی نظر نہیں آیا۔ تو ایک فرقہ ناجیہ کا ثبوت خود ہدایت کا ثبوت ہے جو ایک ہادی سے حاصل ہو رہی ہے۔ اہل مذاہب کے قول اور قرآن کی آیات کی بنا پر شیطان ہم کو گمراہ کرتا ہے۔ اس کو بارہا قرآن نے بتلایا ہے۔ تو اگر شیطان نہ ہوتا تو ہم گمراہ نہ ہوتے۔ گمراہی کا وجود بتلاتا ہے کہ شیطان موجود ہے تو قرآن یہ بھی بتلاتا ہے کہ ہر قوم کے لیے ایک ہادی ہوگا۔ تو اگر ہادی نہ ہوتا تو ہم راہ نجات نہ پاتے۔ تو وجود ضلالت دلیل وجود شیطان ہے۔ تو وجود ہدایت دلیل وجود ہادی و امام ہے۔

Marfat.com

یہ نہ کہہ دیجیے گا کہ خدا ہدایت کرنے والا موجود ہے۔ ضرورت امام نہیں تو عام مسلمانوں کے عقیدہ میں گمراہ کرنے والا بھی خدا ہے تو پھر شیطان کی کیا ضرورت ہے اور پھر گمراہ کرنے والے خدا کے ہوتے ہوئے خود شیطان کو بھی دردسری کی ضرورت نہ تھی۔ خدا ہی ہدایت کرتا ہے اور وہی گمراہ کرتا ہے۔ تو نہ امام کی ضرورت ہے نہ شیطان کی۔ شیطان تو باخبر ہے کہ خدا نہیں بہکاتا اس لیے وہ بہکانے کے فرض کو اپنے ذمہ لیتا ہے۔

وَلَاُضِلَّنَّھُم وَلَاُمَنِّیَنَّھُم — میں ضرور ان کو بہکاؤں گا تمنائیں

وَلَاٰمُرَنَّھُم (نساء ۴/۱۱۸) — دلاؤں گا اور حکم دوں گا۔

تو اس شیطان کے مدمقابل اور اس کے ارادوں کو توڑنے والا ہادی امام ہے شیطان بھی غائب ہے اور اس کے مکر کو توڑنے والا امام بھی غائب ہے۔ آپ خواہ مخواہ امام کا انکار کرکے شیطان کو اس کا مدمقابل بناتے ہیں۔ ورنہ اگر شیطان کے مقابلہ میں ہدایت کو خدا کافی تھا تو اس نے ناحق انبیاء اور رسل بھیجے۔

حدیث قدسی ہے

(۸) لولاک لما خلقت الافلاک — اگر اے نبی تمہاری ذات نہ ہوتی تو میں افلاک کو پیدا نہ کرتا۔

اگر وہ نہ ہوتے تو زمین بھی پیدا نہ ہوتی۔ مقصد صاف ہے کہ اے نبی یہ شامیانہ فلک نیلی تمہاری خاطر کھینچا۔ شمس و قمر کی قندیلیں۔ ستارے کے قمقمے تمہاری خاطر لگائے۔ فرش زمردیں زمین تمہاری خاطر سے بچھایا۔ دریاؤں کی سبیلیں چشموں کے کٹورے تمہاری خاطر سے بھر دیئے۔ اس عالم اسباب میں سب کچھ تمہاری آمد کے سلسلہ میں تھا۔ اگر اس حدیث قدسی کو صحیح مان لیا جائے۔ تو جب آنحضرت دنیا سے تشریف لے گئے تو شامیانہ فلکی اتار دینا لازم تھا۔ شمس و قمر کی روشنی گل ہو

جانی چاہیئے تھی۔ فرش زمین لپیٹ دینا ضروری تھا۔ لیکن کچھ نہیں ہوا۔ بعد میں بھی ویسا ہی سامان موجود ہے۔ تو کیا معاذ اللہ خدا نے دھوکہ دیا۔ ہرگز نہیں۔ لیکن اگر آپ یہ کہیں کہ حضور سارا سامان محقق آپ کے دم کے لئے تھا۔ اور کچھ عرصہ کے بعد میں اگر پھر وہی سامان دیکھوں تو دریافت کروں گا کہ میرے بعد یہ سامان کیوں نظر آ رہا ہے اور آپ یہ کہہ دیں کہ آپ کے جانے کے بعد معلوم ہوا کہ آپ کے فرزند آنے والے ہیں۔ اس لیے اب یہ سامان ان کی آمد کے لیے ہے تو میں بہت ہی مسرت حاصل کروں گا۔ کہ واقعی سب کچھ میرے پاس خاطر سے تھا۔ بے شک نبی تشریف لے گئے مگر چونکہ ان کا فرزند آنے والا تھا۔ اس لیے خدا نے باپ کا سامان بیٹے کے خاطر باقی رکھا۔ یہ در اصل باپ ہی کی عزت تھی۔

ہاں جس دن وہ فرزند بھی نہیں رہے گا تو ایک قیامت آ جائے گی۔ یہ شامیانہ فلک نیلی باقی نہیں رہے گا۔

اذا السماء انشقت (انشقاق ۱/۸۴) — جب آسمان پارہ پارہ کر دیا جائیگا

قندیل آفتاب اتار لی جاوے گی۔

اذا الشمس کورت (تکویر ۱/۸۱) — جب آفتاب لپیٹ دیا جائیگا

اور چراغ شب بھی بجھ جائیگا

اقتربت الساعۃ وانشق القمر (قمر ۱/۵۴) — قیامت قریب آئی اور چاند ٹکڑے ہو گیا۔

ستاروں کے قمقمے بے آب ہو جائیں گے۔

واذا النجوم انکدرت (تکویر ۲/۸۱) — جب ستارے بے نور ہو جائیں گے۔

یہ فرش زمین بھی نہ رہے گا۔

Marfat.com

یوم تبدّل الارض غیر الارض (ابراھیم ۴۸/۱۴) — زمین کو کسی اور شکل میں بدل دیا جائے گا۔

یہ شامیانہ فلک تہہ کر دیا جائے گا۔

یوم نطوی السماء کطیّ السجلّ للکتب (انبیاء ۱۰۴/۲۱) — جس دن ہم آسمان کو کاغذ کی طرح لپیٹ دیں گے۔

دریاؤں کی چلتی پھرتی موجیں آگ بن جائیں گی۔

واذا البحار سجّرت (تکویر ۶/۸۱) — جب دریا آگ ہو جائیں گے۔

الغرض جب وہ فرزند رسول زمین پر نہ رہے گا تو ایک قیامت برپا ہو جاویگی ان سب چیزوں کا وجود بتلاتا ہے کہ ابھی اس عالم میں کوئی مثل نبیؐ موجود ہے۔ جس کے دم سے یہ سارا سامان باقی ہے اور اس کے وجود نورانی سے افلاک قائم ہیں۔

(۱۰) ما کان اللہ لیعذّبھم و انت فیھم (قرآن) — اے نبیؐ جب تک تمہاری ذات موجود ہے ہم عذاب استیصالی نہیں دیں گے۔

(۱۰) جب تک تمہارا دم ہے عذاب استیصالی (تباہ کن اقدام) نہیں آئے گا پہلے اور آج کل دنیا ظلم و جور کی آماجگاہ بنی ہوئی ہے وہ ظاہر ہے۔ آنحضرتؐ بھی ہم میں موجود نہیں پھر عذاب کیوں نہیں آتا۔ معلوم ہوا کہ کوئی قائم مقام نبیؐ - ذریتہ نبیؐ - خلیفہ نبیؐ موجود ہے۔ جس کے دم سے عذاب استیصالی نہیں آتا۔

(ا) شروع زمانہ غیبت میں آپ کے غیبت کی سب سے بڑی دلیل وہ سفراء تھے۔ جو متدین ثقہ۔ مومن کامل تھے اور امام اور عوام کے درمیان واسطہ تھے

Marfat.com

ان کی دیانت وامانت اور سچائی پر اہل ایمان کو بھروسہ تھا اور ان حضرت سے ان سفیروں کا توسط ایک دو سال نہیں بلکہ چوہتر (۷۴) سال رہا اور ان کی دیانت پر کسی کو شبہ نہیں ہوا۔ اگر یہ سلسلہ سفراء مصنوعی ہوتا تو آج تک چلتا رہتا۔

جب آج تک دنیا میں۔ داعیوں۔ اماموں۔ مصنوعی انبیاء کی خلافتوں کا سلسلہ چل رہا ہے۔ تو سفارتوں کا سلسلہ بھی چل سکتا تھا۔ مگر ایک دم یہ سلسلہ بند کر دیا گیا اور اعلان کر دیا گیا کہ آئندہ یہ سلسلہ نہیں رہے گا۔ اسی نے بتلا دیا کہ وہ کسی کے حکم کے تابع اور ان کے مطیع تھے اور ان کا حاکم ان کا امام تھا۔ جس کے خلاف ان کو سرتابی کی مجال نہ تھی۔ اگر اس سفارت کا کاروبار مصنوعی ہوتا تو آج تک ان کی نسل میں چلتا رہتا۔ بلکہ کچھ اور مدعی بھی کھڑے ہو جاتے اور دوسرے سلسلہ بھی چلنے لگتے سفراء کی دیانت و ایمان و اطاعت کا پتہ اس سے بھی چلتا ہے کہ یہ حضرات ایک دوسرے سے رشتہ داری نہیں رکھتے تھے نہ انہوں نے اپنی اولادوں کے لیے یہ کوشش کی کہ وہ سفیر بن جائیں۔ رحمۃ اللہ علیہم

(۲) ان وکلاء امام کے علاوہ مخصوص حضرات بھی خدمت میں مختلف طریقوں سے مشرف ہوتے رہے۔

(۳) حضرت کے بعض احکام مخصوص بھی شیعوں کے لیے آتے ہیں۔

(۴) سوالات مشکلہ دین اور احکام شرع ان وکلاء کے ذریعہ سے پہنچتے رہے اور ان جوابات و احکام نے بتلا دیا کہ سوائے امام دوسرے کا کام نہیں ہے نہ یہ دوسرے کا کلام ہو سکتا ہے۔

(۵) ۷۴ سال تک احکام جس خط کے ذریعہ سے آتے رہے تو اس خط مبارک کو خاص حضرات پہچانتے تھے۔ اس کی طرز تحریر اس کے حقیقت نما جوابات اور احکام صاف بتلاتے تھے کہ یہ کار امام ہے۔

Marfat.com

اب ۷۴ سال کے بعد غیبت کبریٰ شروع ہوگئی ایک دم اگر غیبت ہوتی تو لوگوں کو شبہات ہوتے اور ممکن تھا کہ لوگ آپ کو مردہ سمجھ لیتے۔ اس لیے اول غیبت صغریٰ ہوئی اور جب مومنین اس سے مانوس ہوگئے تب غیبت کبریٰ ظہور میں آئی اور یہی سنت الٰہیہ ہے۔ بعینہ جس طرح احکام قرآن ایک دم آ جاتے تو نئے مسلمان گھبرا جاتے اس لیے جس قدر وہ اسلام سے مانوس ہوتے رہے اسی شان سے قرآنی احکام میں اضافہ ہوتا رہا۔ یہاں تک کہ ۲۳ سال کے بعد اعلان تکمیل دین ہوا۔ تو یہ سنت الٰہیہ یہاں بھی جاری ہوئی اور ۳۲۹ھ میں غیبت کبریٰ واقع ہوگئی۔ جب حکم خدا ہوگا آپ ظاہر ہو جائیں گے۔ اب اہل اسلام جس طرح احادیث نبویہ سے فائدہ اور اسلام حاصل کرتے ہیں۔ اسی طرح اہل ایمان اقوال آئمہ اہلبیت و ہدایت روحانیہ امام زمانہ سے اپنے ایمان کو تجلی دیتے رہیں گے۔

(۶) اگر امام غائب نہیں ہوئے یا رحلت فرما چکے تھے یا بنی عباس کے پروپیگنڈا کی بنا پر کوئی صاحبزادہ امام حسن عسکریؑ کے یہاں نہ تھا۔ تو بادشاہ وقت معتضد باللہ نے کیوں آپ کی تلاش کرائی۔ کس لیے جاسوس مقرر کیے گئے اور کس لیے دیکھنے والوں کو دھمکایا گیا کہ اگر میں نے یہ بات سنی کہ تم نے دیکھا ہے تو تمہاری گردنیں تہ تیغ کر دوں گا اور کس لیے جعفر کذاب کو ان کی جگہ شہرت دی۔ جب کچھ تھا ہی نہیں تو یہ ہیجان بادشاہ وقت کس لیے تھا۔

معتضد کا تلاش میں دو آدمیوں کو بھیجنا۔ ان کا امام کو دیکھنا اور معتضد کا یہ کہنا کہ اس کی کسی کو خبر دی تو قتل کر دوں گا۔ اس کا ذکر (شواہد النبوۃ ملا جامی: ص ۲۱۹ طبع بمبئی) میں موجود ہے۔ ملا جامی مشہور ترین علمائے اہلسنت سے ہیں۔ اسی کتاب میں واقعہ اسماعیل بھی لکھا ہے۔ جس نے امام کی زیارت کی۔ اور اس کا ناقابل علاج زخم آپ کے اعجاز سے اچھا ہوا تھا۔

Marfat.com

**سرداب** ضمناً یہ بھی سن لیجئے کہ واقعہ سرداب جس کو ابن خلدون نے ابن بطوطہ سے سن کر گھڑا ہے۔ اس کا کسی کتب شیعہ میں ذکر نہیں ہے اہل سنت کا یہ کہنا ہے کہ شیعوں کا عقیدہ ہے کہ امام سرداب میں غائب ہوئے اور وہ وہیں قیام پذیر ہیں۔ کھلا جھوٹ اور افتراء محض ہے۔ شیعوں کی کسی تصنیف میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ پھر یہ الزام کیوں ہے۔ تو جواب یہ ہے کہ لعنۃ اللہ علی الکاذبین واقعہ معتضد جس میں سرداب کا ذکر ہے۔ وہ بھی غیبت کے چند سال بعد واقع ہوا ہے اور اس کا ذکر ملا عبدالرحمن جامی نے کیا ہے۔

شیعہ اس مقام کی زیارت اس لیے کرتے ہیں کہ وہ مقام ولادت حضرت حجت ہے نہ یہ کہ قیام گاہ حضرت ہے۔

## غیبت امام سے فائدہ

سنت الہیہ ہے کہ خلاق عالم جب کسی کو غائب اور آنکھوں سے اوجھل کرتا ہے تو اس کو قوت بھی پہنچاتا ہے اور جب وہ غائب ظاہر ہو کر لوٹتا ہے تو اپنی پوری قوتوں کے ساتھ نمایاں ہوتا ہے۔ نظام کائنات میں جو قانون جاری ہے وہ عام اور ہمہ گیر اثر رکھتا ہے۔ دانہ زمین میں چھپا دیجیے۔ اب جب وقت نمودار ہوگا تو اپنی پوری قوتیں لے کر۔ نطفہ رحم مادر میں غائب ہو کر اپنی قوتوں کو سمیٹتا ہے پھر نمایاں ہوتا ہے تو قطرہ سے صورت بن کر۔ جواہرات معدن میں چھپ کر اپنا کمال پورا کرتے ہیں۔ گویا کمال کی ابتدائی منزلیں ہمیشہ غیبت میں پوری ہوتی ہیں۔

حضرت یوسف کنعان سے غائب ہوئے اور جب ظاہر ہوئے تو عزیز مصر تھے۔ واقعہ یوسف میں قدرت نے غیبت کی ایک اور صورت بھی بتلا دی۔ حضرت یوسف بھائیوں کے سامنے ہیں باتیں کر رہے ہیں۔ غلہ دے رہے ہیں۔ مگر پھر بھی

Marfat.com

غائب ہیں۔ اس لیے موجود ہیں۔ مگر بھائیوں کو یہ علم نہیں کہ یہ یوسف ہیں۔

| | |
|---|---|
| فعرفهم وهم له منكرون | حضرت یوسفؑ نے شناخت کر |
| (یوسف ۱۲/۵۸) | لیا۔ مگر وہ بے خبر رہے۔ |

حضرت یوسف سے فائدہ اٹھایا۔ مگر یہ نہ سمجھے کہ ہمارا گم شدہ بھائی ہے۔

اسی طرح اگر امام زمانہ سامنے بھی موجود ہوں۔ ان لوگوں کو جو اہل ہیں فائدہ بھی پہنچاتے رہیں۔ مگر ان کو یہ پتہ نہیں چلے گا۔ کہ یہ امام ہیں تو یہ بھی ایک غیبت کی صورت ہوگی۔ خداوندا ہم کو ان سے فائدہ پہنچا اور ہم ان سے ہدایت روحانی حاصل کریں۔

| | |
|---|---|
| انهم یرونه بعیدا ونراه | یہ ان کو دور سمجھتے ہیں اور ہم ان کو |
| قریبا (معارج ۳) | قریب سمجھتے ہیں۔ |

حضرت موسیٰ مصر سے غائب ہوئے۔ کنعان حکومت فرعون کی دسترس سے باہر نہ تھا۔ مگر پھر پتہ نہ چلا۔ اس غیبت کے بعد جب آئے تو خدائی قوتیں ساتھ لے کر آئے۔

| | |
|---|---|
| بآیاتنا وسلطان مبین | ہماری نشانیاں اور غلبہ ظاہر |
| (ھود ۱۱/۹۶) | لے کر آئے |

اور ایسا غلبہ حاصل کر کے آئے کہ فرعون بھی کچھ نہ بگاڑ سکا اور آخر کار اس قوت الہیہ سے ٹکرا کر فنا ہوگیا۔ تو حضرت یوسفؑ اور موسیٰؑ جب غائب ہو کر نمودار ہوئے تو پہلے سے بدرجہا قوی ہو کر نظر آئے۔

اسی طرح یہ امام اب غائب ہے مگر جب آئے گا تو حسب وعدہ خداوندی پورا نور آکر نمایاں فرمائے گا۔

| | |
|---|---|
| لیتم نوره (توبه ۹/۳۲) | اپنے جانب منسوب شدہ نور کو |
| " " " | پورا نمایاں کر دے گا۔ |

| | |
|---|---|
| اشرقت الارض بنور ربها (زمر ۳۹) | زمین اپنے رب کے نور سے جگمگا اٹھے گی ۔ |

اور اس نور کی نورانیت سے کل زمین منور ہو جائے گی ۔ یہ غائب نور ظاہر ہو کر اس حد پر نمایاں ہو گا کہ آفتاب اس کے سامنے ہیچ ہو جائے گا۔ اس لیے کہ آفتاب باوجود اپنے قوت کے صرف زمین کے آدھے حصہ کو روشن کرتا ہے۔ مگر یہ کل روئے زمین کو منور کر دے گا۔ یہ نور رب العالمین نہ ہو گا بلکہ وہ نور مراد ہے۔ جس کا تعلق صرف زمین سے ہو گا۔ تو یہ نور رب الارض ہو گا۔ رب کے لفظ سے ہر جگہ خدا مراد نہیں ہے ۔ قرآن پاک نے اس کو اس آیۃ میں واضح کر دیا ہے۔ کما ربیانی صغیرا (اسرائیل ۲۴) یہاں والدین کی پرورش کو ربوبیت سے تعبیر کیا گیا ہے ۔ اور والدین اولاد کے رب مجازی ہیں۔ اور رب حقیقی خدا ہے ۔ اور اسی طرح امام زمین کا رب مجازی ہے ۔ تو جس طرح خلاق عالم نے اپنی ربوبیت کی جھلک والدین میں رکھی ہے اسی طرح اپنی ربوبیت کی جھلک اور اس کا نمونہ اس امام غائب میں رکھا ہے اور اس کو رب الارض فرمایا ہے۔ ورنہ خدا تو سارے عالم کا رب ہے وہ صرف زمین کے ساتھ مقید نہیں۔ اب یہ رب الارض کس قدر قوتیں لے کر آئے گا۔ وہ اس روایت سے معلوم ہوتی ہیں کہ

| | |
|---|---|
| یاتی المھدی بذخیرۃ الانبیاء (ینابیع المودۃ شیخ الاسلام قندوزی طبع اسلامبول ص ۴۹۳ و ص ۴۹۴) | کہ مہدیؑ سارے انبیاء کا ذخیرہ لے کر آئیں گے ۔ |

* * * *

چونکہ یہ امام سب کا وارث ہو گا ۔ اس لیے سب کے ذخیرہ کا مالک ہو گا ۔

| | |
|---|---|
| نجعلھم آئمۃ ونجعلھم الوارثین (قصص ۲۸) | ہم ان کو امام بنائیں گے اور ان کو بھی وارث بنائیں گے ۔ |

ہر نبی اور امام اپنے سابق نبی کی ہدایات اور کمالات کا وارث ہوتا ہے یہ آخری امام ہوگا جو سب انبیاء کا وارث ہوگا۔ چونکہ آپ قرب قیامت میں آئیں گے جب کہ ہر قوم کے افراد اور ہر مذہب کے مدعی ہوں گے تو کسی نبی کو ماننے والا یہ نہ کہہ دے کہ ان میں ہمارے نبی کا کمال نہیں ہے۔ قدرت کل کمالات ان میں نمایاں کر دے گی۔ سابقہ ہادیوں کی کل ہدایات اور حقائق اصلی اس ذات سے نمایاں ہوں گے

(۱) **غیبت نور نبیؐ** ہمارا نبیؐ اوّل مخلوق تھا اور اتنے دن یہ نور غائب رہا کہ آخر انبیاء بن کر آیا تو کل انبیاء کے سابقہ کمالات لے کر۔ جامع کمال انبیاء بن کر آیا۔ اب نبی کی یہ آخری اولاد ان کی وارث حقیقی ہوگی تو کل کمالات نمایاں کرے گی اور وراثت کا ثبوت واضح دے گی۔

غائب کا اثر اور طاقت، و قوت ہمیشہ حاضر سے زائد ہوتی ہے۔ پھول ظاہر ہو کر صرف شاخ پر نظر آتا ہے اور خوشبو جو غائب ہے وہ باغ کے ہر گوشہ میں پہنچ جاتی ہے۔ شمع کا ظاہری نور صرف محفل میں الجھ کر رہ جاتا ہے۔ مگر نور چشم جو غائب ہے وہ افلاک کی خبر لاتا ہے اور ستاروں اور آفتاب و مہتاب تک رسائی حاصل کرتا ہے۔ جب آنکھوں کی پتلی میں رہ کر نور خود کو بھی نظر نہیں آتا تو عالم میں اگر نور خدا نظر نہ آئے تو حیرت کیوں ہے۔ ہاں ان کے لیے حیرت ہے جو حقائق نور نہیں سمجھتے۔

غائب اشیاء کے اثر سے عالم میں کس قدر اشیاء نشوو نما پاتی ہیں۔ کس قدر قوتیں عالم شہود اور عالم حاضر میں نمایاں ہوتی ہیں۔ روح غائب کا کرشمہ ہے کہ انسان زندہ رہتا ہے اور کمالات نمایاں کرتا ہے۔ غائب ایتھر اور غائب برقی لہروں کا اثر ہے کہ دنیا اس کے اثرات سے بہرہ مند ہے اور فائدہ حاصل کر رہی ہے۔ اسی طرح اس نور غائب سے فائدہ ہدایتہ حاصل کر رہی ہے۔

Marfat.com

(۲) "حضرت موسیٰؑ" خدا نے اس نبی کو صندوق میں غائب کر کے فرعون تک پہنچا دیا اور جب اس صندوق سے نکلے تو آسیہ کے فرزند بن کر رہے۔ اس ادنیٰ غیبت نے کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ غیبت سے کوئی فائدہ پہنچتا ہے یا یہ مسلم ہے کہ تمام انبیاء مع نبی آخر آج ہماری آنکھوں کے سامنے نہیں۔ مگر ہم سب ان پر ایمان رکھتے ہیں۔ کیا اس ایمان سے کوئی فائدہ۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ کیا یہ ایمان سبب نجات نہیں۔ امام غائب کے وجود سے امت کو یہ فائدہ پہنچا کہ عذاب ہر طرف سے۔ خود وہ ذات جب آئے گی۔ تو بمفاد واللہ متم نورہ۔ اللہ اپنے نور کو پورا نمایاں کر دے گا کمال قوت نورانیہ سے کر آئے گی جس طرح مادی غائب اشیاء ہماری مادی دنیا میں کام آ رہی ہیں۔ وہ غائب ہماری روحانی دنیا میں کام آ رہا ہے۔ ایمان بالغیب اس کے دم سے پورا ہو رہا ہے یہ نہیں۔ کیا یہ ایمان بالغیب نہیں؟

## غائب سے فائدہ پہنچتا ہے یا نہیں

یہ مانی ہوئی بات ہے کہ سوائے حاجیوں کے جنہوں نے کعبہ دیکھا ہے اور سب کی نگاہوں سے غائب ہے۔ مگر صرف یہ نیت کہ ہمارا رخ بیت کی جانب ہے ہماری نماز کو صحیح قرار دیتا ہے۔ اگر اس غائب کو نظر انداز کر کے لاکھ نمازیں کسی اور سامنے رخ کی طرف پڑھیں تو صورت نماز ضرور ہو جائے گی۔ مگر ثواب نہیں ملے گا اسی طرح اگر اہل بیت سے بے لگی پڑھیں۔ تو صورت اعمال پورے ہو جائیں گے مگر ثواب نہیں ملے گا۔

اس لئے کہ زمانہ حضرت ابراہیمؑ میں یہ مسلم ہو گیا تھا کہ اہل بیت ابراہیم کعبۂ دل اور قبلۂ قلب ہیں جس کو قرآن کی اس آیت نے واضح کر دیا کہ۔

Marfat.com

فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم (ابراہیم ۳۷) خداوند! بعض لوگوں کے دل ان کی جانب مائل کر دے۔ حضرت ابراہیمؑ باخبر تھے کہ سب آدمی ان کی جانب مائل نہ ہوں گے صرف اہل ایمان ان سے محبت کریں گے۔ اس لیے اہل ایمان کے لیے دعا کی کہ ان کے دل اہل بیت کی جانب مائل ہوں اور وہ قبلہ دل بن جائیں۔ اسی طرح آیۃ قرآن پاک سے قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربی۔ (شوریٰ ۲۳) میں اپنی رسالت کی مزدوری یہ چاہتا ہوں کہ میرے سب سے قریبی رشتہ داروں سے محبت کی جائے۔

اس آیۃ نے اہل بیت کو قبلۂ دل بنا دیا۔ اب چہرہ کا رخ کعبہ کی جانب اور دل کا رخ خداوالے اہل بیت کی جانب لازمی قرار پایا تو وہ قبلہ دل ہو گئے بغیر ان کی محبت و توجہ کے عبادت بیکار ہے تو یہ قبلہ نگاہوں سے غائب ہے۔ مگر ہماری نیت کہ ہمارا رخ ادھر ہے نماز کو صحیح قرار دیتا ہے۔ اسی طرح امام اگرچہ غائب ہیں مگر ہماری یہ نیت کہ ہمارا ہادی موجود ہے۔ ہدایت میں ہماری دستگیری کرتا ہے اور ہمارے ثواب کو بڑھاتا ہے

نماز جمعہ یا نماز پنجگانہ میں جماعت سے ہو رہی ہے اور کوئی امام پڑھا رہا ہے۔ میں سب سے آخری صف میں شریک ہوا۔ صورت امام جماعت نہیں دیکھی اور ختم نماز پر نمازیوں کے ریلے میں سب سے پہلے باہر نکل گیا نہ آتے میں امام کو دیکھا نہ جاتے وقت۔ لیکن صرف اس نیت پر کہ میں نے امام کے پیچھے نماز پڑھی ہے ثواب جماعت مل جائے گا۔ تو جب یہ عقیدہ ہو کہ ہمارے اعمال امام کے زیر سایہ ہیں اور ہمارے اعمال کا وہ نگہبان ہے اور ہم ان کے ساتھ ہیں۔ ہمارے ثواب کو ہزار گنا بنا دے گا۔ خواہ امام نظر آئے یا نظر نہ آئے۔ اعمال کا انحصار نیت پر ہے تو ثواب بھی نیت پر ملے گا۔ رویت پر نہیں۔ اگر امام موجود

بھی ہو اور ہماری نیت اس کے ساتھ نہ ہو تو ثواب سے محروم رہنا لازمی قرار پائے گا۔ ہم کو اس نیت سے یہ ہی فائدہ حاصل ہے اس سے بہتر فرقے محروم ہیں

## کیا اس عالم مادّی میں کوئی غائب ہو سکتا ہے

(۱) حضرت موسیٰ محل فرعون میں رہے۔ لیکن بحیثیت تباہ کنندہ فرعون غائب رہے اور قدرت نے ان کی عقلوں پر پردہ ڈال کر اس ذات کو غائب رکھا۔ جس کی وجہ سے ہزاروں بچوں کو قتل کیا گیا تھا۔

| | |
|---|---|
| یذبّحون ابنائکم ویستحیون | تمہارے لڑکوں کو قبطی ذبح کرتے |
| نسائکم (البقرہ پ۱) | تھے اور لڑکیوں کو زندہ رکھتے تھے |

اسی واقعہ کی حکایت ہے۔

حضرت موسیٰ محل فرعون میں رہے اور پھر محفوظ۔ تو اگر امام قاتلین آئمہ اہل بیت کی نگاہوں سے اس عالم میں بھی محفوظ رہیں تو قدرت سے بعید نہیں آج بھی وہ نمایاں ہو جائیں تو دشمنان آل محمد کی اکثریت ان کے قتل پر آمادہ ہو جائیگی یہاں یہ شبہ بھی ہو سکتا ہے کہ جب غائب کر کے قتل سے بچایا۔ تو گیارہ آئمہ بھی قتل کئے گئے۔ زہر اور تلوار سے شہید ہوئے۔ ان کو کیوں نہیں غائب کر کے بچایا۔ تو ہر امام کے بعد چونکہ اس کی نسل میں ایسا امام باقی رہا جو ان کا قائم مقام بن جاتا تھا۔ اس لیے ان کو پوشیدہ ہونے کی ضرورت نہ تھی۔ اور اس امام پر وہ بارہ کی تعداد پوری ہو چکی تھی۔ جس کی رسول اکرمؐ خبر دے گئے تھے تو ان کے بعد کوئی ایسا نہ تھا جو ان کا قائم مقام ہوتا۔ اس لیے ان کو غائب کر کے بچا لیا۔ جیسے قدرت نے ان سے پہلے کچھ انبیاء کو غائب کر کے بچا لیا تھا۔

(۲) حضرت موسیٰ کا عصا جو بقدرت الٰہی اژدہا بن گیا تھا۔ قرآن پاک اس کے

Marfat.com

متعلق صاف الفاظ میں ارشاد فرماتا ہے۔

فاذا ھی تلقف ما یافکون — جو وہ بناکر لاتے تھے ان کو نگل گیا۔ (اعراف ۱۴/۷)

مفسرین نے جادوگروں کی تعداد کم از کم تئیس ہزار بتلائی ہے (تفسیر کبیر جلد چہارم ص)

اس کے بعد علامہ فخرالدین رازی لکھتے ہیں کہ جس قدر ان کی لکڑیاں اور رسیاں تھیں۔ سب عصائے موسیٰ جو اژدھا بنا ہوا تھا۔ نگل گیا اور جب موسیٰ نے اس کو اٹھایا تو وہ پھر ویسا ہی بن گیا جیسا پہلے تھا۔ (بحوالہ بالا۔ کبیر)

اس واقعہ پر تمام مفسرین متفق ہیں۔ اہل انصاف بتلائیں کہ تئیس ہزار رسیاں اور لکڑیاں اس ایک عصا میں کہاں غائب ہوگئیں۔ تو آپ اس غیبت کو قدرت الٰہی بتلاتے ہیں۔ اسی طرح جب اتنے سے عصا میں قدرت نے اس قدر تعداد کی رسیاں اور لکڑیاں غائب کر دیں تو تمام عالم میں اگر ایک ذات کو غائب کردے۔ تو کیا یہ اس کی قدرت نہیں ہو سکتی۔ لیکن آل محمدؐ کے مخالفت میں اور سب چیزوں کا اقرار ہے۔ مگر جب ان کی آل میں سے کسی کے غائب ہونے کو کہا جائے۔ تو تعصب کی وجہ سے انکار کر دیا جاتا ہے۔ عصا پر ایمان اور امام کا انکار بھی ان کی ذہنیت کو بتلاتا ہے۔

(۳) حضرت ابراہیمؑ نمرود کے محل میں پیدا ہوئے اور ان کی والدہ ایک غار میں ان کو چھپا دیتی ہیں۔ وہیں پر آپ پرورش پاتے ہیں۔ اس غیبت کے بعد آپ نبوت کا اعلان فرماتے ہیں۔ تو کیا یہ غیبت نہ تھی۔ کیا اس غیبت سے آپ دشمنوں کی نگاہ سے محفوظ نہیں رہے۔ غارِ ابراہیم کا اقرار اور غار سامرہ کا انکار بھی تو دشمنی آل محمد کو بتلاتا ہے۔

Marfat.com

۴۔ ہمارے نبیؐ قتل سے بچنے کے لیے تین دن غار میں پوشیدہ رہے اور قدرت نے قدرت نمائیاں کیں کہ کبوتر نے غار کے پاس انڈے دئے۔ مکڑی نے غار کے منہ پر جالا تن دیا۔ یوں قدرت نے اپنے نبیؐ کی غیبت کی تدابیر کیں اور آپ قتل سے بچ گئے۔ تو اسی نے بتلا دیا کہ جان محفوظ کرنے کے لیے غار میں چھپ جانا مشیت الٰہی تھا۔ تو اگر ہمارے امام خون کے پیاسوں کی وجہ سے غار سامرہ میں غائب ہو گئے اور آج عالم میں غائب ہیں تو اس کا کیوں انکار ہے۔ اگر نواسہ نے نانا کی پیروی کی تو کیوں تعجب ہے۔ اس کا سبب صرف کمال آل محمدؐ سے انکار اور ان سے عداوت ہے۔ ورنہ نبیؐ جب نمونہ پیش کر چکے تھے تو نبی کے ماننے والوں کو انکار نہ کرنا چاہیے تھا۔

(۵) جب سورہ تبّت یدا نازل ہوئی تو ابولہب کی بیوی ام جمیل معاویہ کی پھوپھی حرب کی بیٹی معاذ اللہ پیغمبرؐ کا پتھر مارنے کے لیے لے کر آئی آنحضرتؐ کعبہ میں تھے۔ ابوبکر نے کہا کہ یا حضرت بچیئے۔ ام جمیل آرہی ہے۔ آپ نے فرمایا مجھ کو نہیں دیکھ سکے گی۔ اس نے نبیؐ کو آکر نہیں دیکھا۔ تو ابوبکر سے پوچھا کہ نبیؐ کہاں ہیں۔ انہوں نے لاعلمی ظاہر کی اور وہ واپس ہو گئی۔ حضرت ابوبکر نے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ خدا نے مجھ کو اس کی نگاہوں سے غائب کر دیا تھا۔ یہ واقعہ حسب ذیل معتبر ترین کتب میں موجود ہے۔

(۱) مواہب لدنیہ جلد اوّل صفحہ ۱۷۵ (۲) سیرت ہشام جلد اوّل صفحہ ۳۸۲ (۳) سیرۃ حلبیہ جلد اوّل صفحہ ۱۰ (۴) انساب الاشراف، بلاذری جلد اوّل صفحہ ۱۲۲ (۵) مدارج النبوۃ جلد دوئم صفحہ ۹۶ (۶) تفسیر کبیر جلد ہشتم صفحہ ۵۰۶ روایت میں صاف الفاظ ہیں لن تراني وہ ہرگز مجھ کو نہ دیکھے گی۔ اب بتلائیے کہ اور غائب ہونا کس چیز کا نام ہے۔ معلوم ہوا کہ یا تو قدرت نے نبیؐ کو غائب کر دیا۔ یا قدرت نے

Marfat.com

نبیؐ کو وہ قوت دی تھی جس کے ذریعہ سے وہ غائب ہو جائیں۔ دونوں چیزیں ہمارے مقصد کو واضح کرتی ہیں کہ غائب ہو جانا ممکنات سے ہے اور ایسا ہو چکا ہے پھر اگر وہ غیبت اس امام کو حاصل ہو جائے تو کوئی وجہ انکار نہیں جب کہ ایسا ہو چکا ہے۔

(۶) آپ جس وقت شب ہجرت مکان سے نکلے ہیں تو کفار نے مکان گھیر رکھا تھا۔ آپ خاک سروں پر ڈال کر نکل آئے۔ اور صبح تک کسی کو پتہ نہیں چلا یہ ہر تفسیر میں مفصل موجود ہے تو خدا جب چاہتا ہے غائب کر سکتا ہے۔ اور جو تھوڑے عرصہ کے لیے غائب کر سکتا ہے وہ زیادہ عرصہ پر بھی قادر ہے۔

(۷) آنحضرتؐ کے جسم مبارک کا سایہ غائب رہتا تھا۔ کسی نے کبھی نہیں دیکھا حالانکہ ہر جسم مادی کے لیے سایہ ضروری ہے تو جو مادہ کے خواص کو بدل کر سایہ غائب کر سکتا ہے وہ ذات کو بھی اس عالم سواد میں غائب کر سکتا ہے۔ شیعہ سنیؔ دونوں کے یہاں متفقہ طور سے یہ روایت موجود ہے کہ آپ کے جسم کا سایہ نہ تھا سایہ صرف جسم مادی تھا تو نبیؐ کی صفت کو غائب کر دیا۔ نواسہ کی ذات کو۔ یہ اس کی قدرت سے بعید نہیں۔

(۸) تین سال تک نبیؐ کو نگاہ مشرکین سے شعب ابوطالب میں غائب رکھا۔ صرف نبی ہاشم دیکھتے تھے۔ باقی مشرکین کی نگاہوں میں غار میں ہونے کی وجہ سے چھپے ہوئے تھے۔ یہ بھی غائب ہونے کا ایک ڈھنگ ہے۔ اس امام کو مشرکوں سے زیادہ اس زمانہ کے مسلمانوں سے خوف تھا۔ قدرت نے آپ کو بھی غائب کر دیا اور منافقین منہ دیکھتے رہ گئے۔

(۹) حضرت یوسفؑ کے کل بارہ بھائی تھے۔ حضرت یوسفؑ مصر تشریف رکھتے تھے۔ وہاں گیارہ بھائی آئے۔ تو حضرت یوسفؑ سب کے سامنے تھے۔ لیکن

کسی نے نہیں پہچانا

| | |
|---|---|
| فعرفهم وهم له منكرون (یوسف ۵۸) | حضرت نے ان سب کو پہچان لیا۔ مگر وہ سب ان کو نہ پہچان سکے |

یہ بھی ایک صورت غیبت ہے کہ خداوند کریم نے برادران یوسف پر فراموشی کا پردہ ڈال دیا اور جب ظاہر کرنا چاہا تو سب پکار اٹھے۔ آانت یوسف (یوسف ۹۰) کیا تم ہی یوسف ہو۔ تو قدرت نے اگر یہی صورت امام کے لیے بھی قرار دی ہو تو کیوں حیرت کی جائے مثال موجود ہو تو تعجب نہیں رہتا۔ البتہ تعجب کرنے والوں پر تعجب ہوتا ہے۔

(۱۰) اصحاب کہف مع اپنی غار کے غائب ہیں۔ (۱۱) حضرت خضر و الیاس زمین پر غائب ہیں۔ جس کا ثبوت ہم دے چکے ہیں۔ (۱۲) دجال بروایت داری (صحیح مسلم) غائب ہے۔ بروایت دیگر صحیح مسلم ابن صیاد آج تک غائب ہے غرض اس عالم مادی میں ہزاروں اشیاء غائب ہیں۔ اگر ایک امام زمانہ بھی غائب ہو گئے تو کون سی قیامت آگئی۔

## آپ کے ظہور پر کیا ہو گا!!

بہ کثرت کتب میں جیسا کہ ہم پہلے لکھ چکے ہیں۔ یہ الفاظ موجود ہیں۔ کہ امام مہدی کی وجہ سے۔

| | |
|---|---|
| یملأ الارض قسطا وعدلا کما ملئت ظلما وجورا۔ | جس طرح زمین ظلم و جور سے بھر گئی ہے وہ اسی طرح عدل و انصاف سے بھردیں گے۔ |

تو کیا امام مہدیؑ تمام انبیاء ما سبق اور آنحضرتؐ اور اپنے اجداد و آئمہ طاہرین

Marfat.com

سے بھی زیادہ ہوں گے۔ وہ حضرات تو تمام دنیا کو عدل و انصاف سے نہیں بھر سکتے یہ کیسے زمین کو عدل و انصاف سے لبریز کردیں گے۔ تو اس کے جواب سے پہلے اس پر غور کر لیجئے کہ قرآن بھی حدیث بالا کی تائید کرتا ہے یا نہیں، آیات ذیل پر غور فرمایئے

| | |
|---|---|
| (۱) واشرقت الارض بنور ربھا (زمر ۳۹) | زمین اپنے مربی کے نور سے منور ہو جائیگی اور یہ بغیر عدل و داد نہیں ہو سکتا |
| (۲) قاتلوھم حتی لا تکون فتنۃ (بقرہ ۲۴/۲) | ایسا جہاد ہوگا کہ فتنہ کا وجود نہ رہیگا تو لامحالہ عدل ہی عدل ہوگا۔ |

اور وہ زمانہ آئے گا کہ اس ذات کی خلافت کی وجہ سے آیتہ قرآن کی یہ پیشین گوئی پوری ہوگی۔

| | |
|---|---|
| (۳) ولا یشرکون بی شیئا (نور ۲۴) | اور انسان کسی نوع کا شرک نہیں کریں گے اور اس کی وجہ سے عدل کا دور دورہ ہوگا۔ |
| (۴) لیظھرہ علی الدین کلہ | اسلام کو تمام ادیان پر غالب کردے گا۔ |

سعید ابن جبیر کہتے ہیں کہ یہ زمانہ امام مہدیؑ میں ہوگا۔

(البیان امام گنجی ص۳۴۴) یہ سب امور اس کے مکمل ہو جائیں گے کہ آپ کے زمانہ میں دخل شیطان نہ ہوگا۔ اس کی مدت مہلت ختم ہو جائے گی۔

| | |
|---|---|
| (۱) قال رب فانظرنی الی یوم یبعثون قال فانک من المنظرین الی یوم الوقت | شیطان نے کہا میرے پروردگار مجھ کو اس وقت تک کی مہلت دیدو جب مردے زندہ کرکے |

Marfat.com

المعلوم (حجر ۱۵/۲) — اٹھائے جائیں گے۔ فرمایا کہ تجھ کو

٭ ٭ ٭ — ایک خاص وقت تک کی مہلت ہے

جب شیطان کو حکم ملا کہ اخرج منہا۔ جنت سے نکل جا تو آخر اس کو اتنے دن کی عبادت کا کچھ تو اجر ملنا ضروری تھا۔ اس لیے کہ وعدۂ الٰہی ہے۔

فمن یعمل مثقال ذرۃ خیراً — جو ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا وہ اس

یرہ (زلزلہ ۹۹/۱) — کا ثمر اور پھل پا لے گا۔

اور اگر وہ بدلہ میں زندگی چاہتا ہے تو وہی دیدی جائے گی۔

من کان یرید الحیاۃ الدنیا — جو ذات دنیا کی زندگانی اور اس کی

وزینتھا نوفّ الیھم اعمالھم — زینت چاہتی ہے ہم اس کے اعمال

فیھا وھم فیھا لا یبخسون — کا بدلہ اس دنیا میں پورا پورا ادا کر دیتے

(ھود ۱۱/۱۵) — ہیں اور وہ اس میں کمی میں نہیں رہتے

ان آیات کی بنا پر شیطان نے سابقہ عبادات اور اعمال کے بدلہ میں کہا کہ مجھ کو قیامت تک زندہ رکھ۔ فرمایا یہ نہیں ہو سکتا ہے نہ تیرے اعمال کا وزن اتنا ہے کہ اس قدر مدت تک زندہ رکھا جائے۔ البتہ تجھ کو وقت معلوم تک کی مہلت تیری حسب خواہش دیتا ہوں۔ اب آمد امام تک شیطان باقی رہے گا۔ اس لیے کہ امام تب آئیں گے۔ جب دنیا جور اور ظلم و ستم سے بھر جائے گی۔ اسی سے معلوم ہوا۔ کہ شیطان اسی وقت تک باقی رہے گا۔ اگر وہ اس زمانہ تک باقی نہ رہتا تو ہر گز جور و ظلم نہ ہوتا تو اس کی مدت آمد امام کے بعد ختم کر دی جائے گی۔ تو وقت معلوم اور بعثت کے درمیان وجود شیطان نہیں ہو گا۔ تو چونکہ ہر نبی کے زمانہ میں شیطان ان کا مخالف بن کر بہکاتا رہا۔ دنیا عدل و انصاف سے لبریز ہو جائے گی۔

ابن عباس فرماتے ہیں کہ شیطان سموات پر جاتے تھے۔ جب حضرت عیسٰیؑ

Marfat.com

پیدا ہوئے تو تین آسمانوں پر روک دئے گئے اور جب ہمارے نبی پیدا ہوئے تو کل آسمانوں پر روک دے گئے (تفسیر کبیر رازی جلد پنجم صہ ۳۸۶

نبوت کا تعلق فلک سے بھی ہے۔ اس لیے آدم سے۔ پہلے آپ ساکنان افلاک کے لیے نبی تھے اور خلافت کا تعلق زمین سے ہے۔

انی جاعل فی الارض خلیفۃ — میں زمین پر خلیفہ بناؤں گا۔

(البقرہ ۲/۴)

اور امامت کا تعلق زمین والوں سے ہے۔

انی جاعلک للناس اماما — میں تم کو آدمیوں کے لیے امام بناؤں گا۔

(البقرہ ۲/۱۵)

تو جب تک آخری نبی نہیں آئے۔ شیطان آزاد رہا جب نبی افلاک آ گئے تو آسمان پر بندش ہوگئی اور وہاں نہیں جا سکا۔ اب رہ گئی زمین تو جب تک امامتیں آتی رہیں یہ زمین پر آزاد رہا۔ اور جب وہ آخری امام آئے گا تو زمین پر اس کی بندش اسی طرح ہو جائے گی جیسے آمدنبی پر افلاک پر بندش ہو گئی تھی۔ تو جیسے خاتم الانبیاء کے آنے پر کل آسمانوں سے شیطان روک دئے گئے تھے۔ خاتم الائمہ کے آنے پر زمین پر بھی روک دئے جائیں گے اور جب دخل شیطان نہ رہے گا۔ تو زمین عدل و انصاف سے بھر جائے گی۔

یہاں اتنا اور سمجھ لیجیے کہ ہمیشہ اوّل کو آخر سے نسبت ہوتی ہے۔ سورج نکلتا ہے تو سونے کی تھالی نظر آتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے۔ تب وہی شکل ہوتی ہے۔ چاند باریک پھانک بن کر نمودار ہوتا ہے اور جب محاق (آخری تاریخیں) سے پہلے چھپتا ہے تو اسی شکل اوّل پر۔ عالم تکوین عالم تشریع سے مشابہ ہے تو جب۔

اول ما خلق اللہ نوری — سب سے پہلے میرا نور اللہ نے پیدا کیا۔

اس وقت زمانہ شیطان سے خالی تھا تو آخر زمانہ بھی اوّل سے مشابہ ہو کر شیطان سے خالی ہونا چاہیے اور جس نور سے ابتدائے عالم ہوئی تھی اسی نور پہ انتہائے عالم ہونا ضروری ہے تاکہ اوّل آخر سے مشابہ ہو جائے۔ اسی لیے روایتہ اہل بیت میں ہے۔

یختم اللہ بنا کما فتح بنا۔ — کہ دنیا ہم پہ ختم ہو جائے گی جیسے ہم سے شروع ہوئی تھی۔

(دیکھیئے کنز العمال بحوالہ گزشتہ) روایتہ میں ہر جگہ یہ قید ہے کہ اسمہ اسمی اس کا نام میرا نام ہوگا تو اوّل بھی محمدؐ و آخر بھی محمدؐ اور اولاد ہونے کی وجہ سے مثل محمدؐ۔ اگر مثل محمدؐ نہ ہوتا تو حضرت عیسٰیؑ ان کے پیچھے نماز نہ پڑھتے۔ آیتہ مذکورہ کے متعلق علامہ رازی نے توضیح کی ہے کہ منظرین سے مراد یہ ہے کہ زندہ رہے گا (کبیر جلد پنجم صد ۲۹۷)۔

کتاب اللہ میں شیطان کا یہ قول موجود ہے۔

لاقعدن لهم صراطك المستقيم (اعراف ۲/۸) — میں ان کے تاک میں سیدھے راستہ پر بیٹھ جاؤں گا۔

اب اسی صراط مستقیم پر خدا کی حکمرانی ہے۔

ان ربي على صراط مستقيم (هود ۱۱/۵) — میرا خدا بھی صراط مستقیم پر موجود ہے۔

تو کیا خدا شیطان کا مدمقابل ہے۔ معاذ اللہ۔ اس نے شیطان کے مقابلہ کے لیے بھی تو نبی کو بھیجا ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یٰسٓ ۝ والقرآن الحکیم انک | اے نبی تم بھی صراط مستقیم پر |
| لمن المرسلین علی صراطٍ | رہو گے اور مقابلہ شیطان |
| مستقیم (یٰسین ۳۶) | کرو گے۔ |

بعد نبی اکرم سلسلہ آئمہ اہل بیت نگاہبان صراط مستقیم رہے اور جب معلوم ہو شیطان سے صراط مستقیم خالی ہو جائے گی۔ تو پھر دنیا عدل و انصاف سے لبریز ہو جاوے گی۔ اب تک

(۳) انبیاء کے ذریعہ سے احکام الٰہی آ چکے۔ یہ خوش خبری بھی آ گئی کہ۔

| | |
|---|---|
| اکملت لکم دینکم | تمہارے لیے دین کامل |
| (مائدہ ۵) | کر دیا۔ |

جس قدر دلائل و براہین صداقت اسلام و ایمان کے لیے ضروری تھے وہ سب آ چکے لیکن اسلام کی تصدیق کرنے والے پھر بھی تھوڑے ہی ہیں۔ کفر زیادہ ہے حالانکہ وعدہ الٰہی یہ ہے کہ

| | |
|---|---|
| لیظھرہ علی الدین کلہ | تمام ادیان پر اس طرح چھا جائیگا |
| (توبہ ۹) | کہ کسی اور دین کا وجود نہ رہیگا |

خدا کا وعدہ کبھی غلط نہیں ہوتا۔ اس لیے عقل بتلاتی ہے کہ ایک ایسا زمانہ ہونا لازمی ہے کہ جب یہ دین سب پر غالب ہو جائے اور وہ زمانہ دلائل و براہین کا نہ ہوگا۔ اس کی تو بدتوں آزمائش ہو چکی ہے۔ اب تو صرف ایک صورت باقی ہے۔

| | |
|---|---|
| قاتلوا ھم حتی لا تکون | ان کو قتل کر کے ختم کر دو تاکہ فتنہ |
| فتنۃ ویکون الدین کلہ | بالکل باقی نہ رہے اور سارا دین |
| للّٰہ (بقرہ ۲) | خدا کا ہو کر رہ جائے۔ |

اور یہ صرف آخر زمانہ میں ہوگا۔ جب کہ امام مہدیؑ آئیں گے اور ان کو خدا

وہ قوتیں دے گا کہ جس کی وجہ سے وہ موجودہ شیطانی ترقیوں کا مقابلہ کر سکیں گے

(۳) علامہ متقی نے کنز العمال میں سولہ روایات لکھی ہیں۔ جن میں سے ایک میں یہ تحریر ہے۔

یملأ الارض قسطا و عدلا ، امام مہدیؑ دنیا کو عدل و انصاف سے بھر دیں گے۔

* * * *

کنز العمال علامہ متقی جلد ہفتم صفحہ ۱۸۶ تا صفحہ ۱۸۹ طبع دکن) یہی وہ مشہور و معتبر کتاب ہے جو مصر نے حاشیہ مسند ابن حنبل پر طبع کی ہے۔

اتنا اور بتلادیں کہ انہیں صفحات میں سترہ جگہ جناب رسالتمآبؐ سے روایات ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ مہدی من اہل بیتی ۔ میرے اہل بیت سے ہوگا۔ کہیں فرماتا ہے من ولدی ۔ میری اولاد سے ہوگا۔ کہیں فرمایا ہے من عترتی ۔ میری عترت میری نسل و اصل سے ہوگا۔ ایک جگہ فرمایا ہے۔ المھدی من اہل بیت مہدی اہل البیت میں سے ہوگا۔ خطاب اہل بیت خداوند کریم نے پنجتن پاک علیہم السلام کو عطا فرمایا تھا۔

| | |
|---|---|
| انما یرید اللہ لیذھب | اللہ ارادہ کر چکا ہے کہ تم سے |
| عنکم الرجس اہل البیت | ہر قسم کی برائی دور رکھے ۔ اے |
| و یطھرکم تطھیرا ۔ | اہل بیت اور جو پاک رکھنے کا |
| (احزاب ۳۳) | حق ہے اسی طرح پاک رکھے ۔ |

تو آپ کی اولاد معصوم کا یہی خطاب قیامت تک باقی رہے گا۔

حضرت رسالتمآبؐ نے چادر میں صرف علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام لے کر بتلایا کہ یہ ہیں وہ اہل بیت جن کو خدا نے معصوم بنایا ہے اور ان کی اولاد میں جو آئمہ ہیں وہ سب اہل بیت اور معصوم ہوں گے اور آخر زمانہ میں جو امام آئے گا وہ

Marfat.com

اسی تسبیح اہل البیت کا ایک دانہ ہوگا۔

(۴) ینادی منادمن السماء الا ان صفوۃ اللہ من خلقہ فلان فاسمعوالہ واطیعوہ (کنزالعمال۔ علامہ متقی جلد ہفتم صـ۱۸۹) | ایک آوازدینے والا آسمان سے آوازدے گا کہ آگاہ ہوجاؤ مخلوقات میں سے اس کا منتخب کردہ فلاں شخص ہے اس کی سنواوراس کی اطاعت کرو۔

یہاں راوی نے خبر نہیں کس دباؤمیں آکرنام اڑادیا ہے۔ ورنہ یہ کیسے ممکن ہے کہ فلک کا منادی نام تک سے بے خبر ہواور اگراس آواز کو سن بھی لیا توفقط لفظ فلاں سے کس کی سمجھ میں آئے گا۔ اورسننے والا کس کی اطاعت کرے گا۔ تودوسری روایت نے اس کوصاف بتلادیا ہے۔

پہلا راوی شاہان دنیا کے خوف سے جوخودکو خلیفہ رسول کہتے تھے آل رسول کا نام بھی نہیں لے سکا۔ مگردوسری روایت اس کوواضح کردیا۔

عن ابن عمر رفعہ یخرج المھدی وعلی راسہ ملک ینادی ہذا المھدی خلیفۃ اللہ فاتبعوہ۔ | ابن عمراس روایت کے راوی ہیں کہ جب مہدی ظہور فرمائیں گے توان کے بالائے سرایک فرشتہ صدادیگا کہ یہ ہیں مہدیؑ خلیفہ خدا ان کی اطاعت کرو۔

(فرائد السمطین - علامہ حموی - اخرجہ صاحب ینابیع المودۃ طبع قسطنطنیہ صـ۴۸۸) اوریہ روائتیں بالکل اس قول خدا کے مطابق ہیں۔

واستمع لیوم ینادالمنادمن مکان قریب لیوم لیسمعون | غورسے سنو جس دن آوازدینے والا صدادے گا ایک قریبی مکان

| | |
|---|---|
| الصیحۃ بالحق ذالک یوم الخروج (ق ۵۰) ۔ | سے اس دن لوگ حق کی پکار سنیں گے اور یہی دن آپ کے ظاہر ہونے کا ہوگا ۔ |

کتاب وسنت دونوں بتلا رہے ہیں۔ کہ صدائے آسمانی دنیا کے گوش زد ہو گی اور امام مہدی کو بتلائے گی۔

(۵) امام مہدی علیہ السلام کو احادیث سنی وشیعہ ۔ حجۃ اللہ اور خلیفۃ اللہ کہہ رہی ہیں ۔ کوئی حجۃ خدا ہو نہیں سکتا۔ جب تک وہ معصوم نہ ہو اور الٰہی قوتیں اور معجزات نہ دکھلائے ۔ ورنہ ہر خواہشات کا بندہ دعویٰ حجۃ خدا کر سکتا ہے ۔ آئمہ اہل بیت نبی کی احادیث بتلا رہی ہیں کہ امام کی آمد کا اعلان دنیا کے ہر گوشہ میں پہنچ جائے گا اور منادی فلک یا فرشتہ کی قوت نورانیہ اس کو عالم میں براڈ کاسٹ کر دے گی ۔ پھر جو مومن خدمت امام کے لیے گھر سے نکلے گا ایک قدم اس کا دروازہ میں دوسرا خدمت امام میں ہوگا ۔ یہ بھی پیش نظر رہے کہ ہمیشہ معجزات ان قوتوں میں دکھائے گئے ہیں۔ جو اس زمانہ کے لوگوں میں غالب تھیں اور جن میں وہ کمال کے مدعی تھے اور معجزات انبیاء ان پر غالب آئے تھے ۔

صنعت کشتی نوحؑ نے ان کی صنعتوں کو ڈبو دیا۔ حضرت موسیٰؑ کے زمانہ میں جادوگری رونق پر تھی ۔ حضرت موسیٰؑ کے عصا نے اس کی کمر توڑ دی۔ حضرت عیسیٰؑ کے زمانہ میں یونان کی حکمت اور ڈاکٹری ترقی پر تھی حضرت عیسیٰؑ نے اندھے اور کوڑھیوں کو اچھا کر کے اور مردوں کو جلا کر ان کے دعووں کو مردہ کر دیا۔ ہمارے نبی کے زمانہ میں عربوں کو دو باتوں پر فخر تھا۔ اپنی شجاعت اور فصاحت پر اشعار عرب دونوں کو بتلاتے ہیں ۔ قرآن نے آ کر ان کی فصاحت کو گنگ کر دیا اور علیؑ کی قوت بازو نے ان کی شجاعت کو ۔ گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر دیا ۔ اس لیے علامہ کفوی طبقات کفوی

Marfat.com

ہیں ذکر علیؑ کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ علیؑ ہمارے نبی کا معجزہ تھے۔ امام آخری جس زمانہ میں تشریف لائیں گے وہ زمانہ مادی ترقیوں کے کمال کا ہوگا۔ آج بھی دنیا ریڈیو کے ذریعہ سے ہزاروں میل کی گفتار سن رہی ہے اور راکٹ ہزاروں میل کی رفتار طے کر رہے ہیں۔ تو امام کی آمد پر روئے زمین پر صدا کا پہنچنا اور پھر مومنین کا چشم زدن میں خدمت امام میں پہنچ جانا۔ حسب دستور خداوندی۔ قوت و گفتار و رفتار دونوں کو ان معجزات کی نمود سے لاجواب و درماندہ کردے گا۔

یملاالارض قسطا و عدلا ❁ زمین عدل و انصاف سے بھر دیگا

اسی کو آیۂ قرآن واضح کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| تمت کلمۃ ربك صدقا و عدلا (انعام ۶/۱۴) | تیرے پروردگار کا کلمہ سچائی اور عدل کے ساتھ پورا ہو جائے گا۔ |

اسی دن یہ آیۃ اپنی پوری قوت کے ساتھ نمایاں ہوگی کہ۔

| | |
|---|---|
| جاء الحق و زھق الباطل | حق آیا تو باطل ملیامیٹ ہو گیا |
| ان الباطل کان زھوقا (اسرائیل ۱۷/۹) | یقیناً باطل مٹ کر رہے گا۔ |

مگر کب؟ اب تک تو بقول حضرت عمر بروایت طبرانی اپنے نبی کے بعد جب امت نے اختلاف کیا تو باطل والے حق والوں پر غالب آگئے۔ (کنز العمال علامہ متقی جلد اوّل ص۱۸۲)

تو اب یہ غلبہ حق امام مہدیؑ کے زمانہ میں ہوگا۔ ورنہ آج تک تو ہوا نہیں۔

(۷) صاحبان ہدایت یا تو تعلیم و ارشاد لے کر آئے۔ عیسیٰؑ موسیٰؑ ایوبؑ و یوسفؑ یا تعلیم و تلوار دونوں لے کر آئے۔ جیسے ہمارے نبیؐ۔ لیکن دنیا نے ہدایت دونوں سے کمال پر نہیں پائی۔ اس لیے عقل کہتی ہے کہ اب صرف تیسری صورت باقی

Marfat.com

ہے۔ کہ اب جو آئے وہ تلوار لے کر آئے اور باب دلائل بند کر دیا جائے ۔

| | |
|---|---|
| یکون الدین کلہ للہ (البقرہ ۲/۳) | تا کہ دین پوری طرح صرف اللہ کے لیے ہو جائے۔ |

اور جو تلوار دیکھ کر ایمان لائیں گے۔ اب ان کا ایمان لانا بیکار ہو گا۔

| | |
|---|---|
| لاینفع نفسا ایمانہا لم تکن آمنت من قبل (انعام ۸/۶) | جو پہلے ایمان لائے ہیں ان کا اب تلوار دیکھ کر ایمان لانا فائدہ نہیں دے گا۔ |

(۸) یہ امام نشان قیامت بن کر آئے گا۔

قرآن پاک میں ارشاد ہے۔

انہ لعلم الساعۃ (زخرف ۲۵/۱۱) — یہ امام نشان قیامت ہو گا۔

اس آیت کے متعلق ابن حجر لکھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| قال مقاتل ومن تبعہ من المفسرین ان ھذہ الآیۃ نزلت فی المھدی وستاتی الاحادیث المصرحۃ بانہ من اھل البیت النبوی وحینئذ ففی الآیۃ دلالۃ علی البرکۃ فی نسل فاطمۃ وعلی رضی اللہ عنہما وان اللہ لیخرج منہما کثیرا طیبا وان یجعل نسلھما | مقاتل اور ان کے ہم نوا مفسرین نے کہا ہے کہ یہ آیۃ (امام) مہدی کے لیے نازل ہوئی ہے اور عنقریب ہم ان احادیث کو بیان کریں گے جو صاف تصریح کرتی ہیں کہ وہ (امام مہدی) اہل بیت نبوی میں سے ہوں گے اور اس صورت میں یہ آیۃ دلیل ہے کہ نسل فاطمہ اور علیؑ میں برکت ہو گی اور اللہ اس نسل سے بکثرت پاکیزہ نفوس پیدا |

Marfat.com

مفاتیح الحکمۃ ومعادن الرحمۃ وسر ذالک انہ صلی اللہ علیہ وسلم اعاذھما وذریتھما من الشیطان الرجیم ودعا لعلی مثل ذالک وشرح ذالک کلہ یعلم بسیاق الاحادیث الدالۃ علیہ .. (صواعق محرقہ طبع مصر صہ۹۶)

کرے گی اور ان کی نسل کو حکمت کی کنجیاں اور رحمت کی کان (معدن) بنائیگا اور اس کا راز یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فاطمہ اور ان دونوں کی اولاد کو راندہ درگاہ شیطان سے محفوظ رکھنے کی دعا کی ہے. علی کے لیے بھی اسی طرح کی دعا کی ہے اور ان اس کی شرح، توضیح کا پتہ ان احادیث سے چلتا ہے جو ان امور کو واضح کر رہی ہیں۔

اس قول کے سند میں ابن حجر نے بکثرت ان احادیث کو تحریر کیا ہے جو امام مھدیؑ کے متعلق ہیں اور جن میں یہ تصریح ہے کہ وہ اولاد فاطمہ سے ہوں گے اور وہ دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دیں۔ نیز ان کے روایات کو رد کر دیا ہے جو آپ کے خلاف خلفاء نوازوں اور حکومت وقت کے کاسہ لیسوں نے لکھی ہیں۔ (از صہ۹۶ تا صہ۹۹) اس محقق کے قول کے بعد بھی کوئی امام مھدیؑ کے متعلق شک رکھتا ہے تو وہ تعصب اور ہٹ دھرمی ہے .

## سنت الٰہیہ

قرآن پاک کے بغور مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم میں دو سنتیں رائج رہی ہیں۔ ایک سنت اللہ اور دوسرے سنت رُسل .

Marfat.com

| | |
|---|---|
| سنۃ من قد ارسلنا رسلاً من قبلک (اسرائیل ۷۷/۹) | جو تم سے پہلے رسول آئے یہ ان کی سنت ہے |

تو محض سنت رسول پر عمل کرنا اور سنت الٰہیہ چھوڑ دینا بالکل ایسا ہے جیسے کوئی محمد رسول اللہ تو کہے مگر لا الہ الا اللہ کا اقرار نہ کرے

سنت اللہ کبھی نہیں بدلتی جیسا کہ وہ قرآن میں فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلاً (احزاب ۶۲/۸) | اللہ کی سنت میں ہرگز نہیں پاؤ گے۔ |
| ولن تجد لسنۃ اللہ تحویلاً (فاطر ۴۳/۵) | اللہ کی سنت میں ردو بدل نہیں پاؤ گے۔ |

رہی سنت رسول تو اس میں بہت سی حسب اقتضائے زمانہ بدلتی رہتی ہیں اور بدل سکتی ہیں۔ آج ہم سنت ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ پر کلیتہ عمل نہیں کر سکتے البتہ ان کی سنت میں بعض وہ چیزیں جو نہیں بدلیں ان پر عمل واجب ہے۔

تو کیا ہمارے نبی کی بھی کچھ سنتیں بدل جائیں گی اور کسی کو حق ہے کہ وہ ان کو بدل دے۔ تو بے شک اگر ان کے بعد کوئی اور نبی آتا تو ضرور کچھ نہ کچھ سنتیں بدلتیں لیکن جب آپ کی ذات اقدس پر نبوت و رسالت تمام ہوگئی اور دین کامل ہوگیا تو اب قیامت تک سنت رسول نہیں بدل سکتی اور جب اس کے بدلنے کی کوئی صورت نہیں رہی تو مثل سنت خدا قرار پا گئی۔ نہ وہ بدل سکتی ہے نہ یہ۔ تو سنت خدا اور سنت رسول ایک سطح پر آگئی۔ کتاب اللہ سنت خدا ہے اور وہی سنت ہوتی ہے تو اب آپ اس کو کتاب اللہ و سنتی (خدا کی کتاب اور میری سنت) کہہ کر الگ نہیں کر سکتے۔ اسی لیے نبی نے معیار احادیث یہ بتلایا ہے کہ ان احادیث کو کتاب خدا پر پیش کرو۔ جو موافق کتاب ہو وہ میری سنت ہے اور جو کتاب خدا کے خلاف

Marfat.com

ہو وہ میری سنت نہیں تمہاری گھڑی ہوئی سنت ہے ۔

توجو بدل سکتی ہو وہ سنت رسل ہے اور جو نہ بدلے وہ سنت الٰہیہ۔ اس لیے جو خدا کے چاروں کتابوں میں یکساں باقی رہے ۔ وہ سنت الٰہیہ ہوگی اور جو ایک کتاب میں ہو اور دوسری میں نہ ہو وہ سنت رسل ہے۔ اسی معیار پر آتے اب غور کریں کہ وہ کون سی سنت ہے جو نہ ان کتب میں بدلی نہ قرآن میں نہ قول رسول میں تو پہلی چیز (۱) اولوالعزم ۔ صاحب شریعت اور رسول چند ہیں اور انبیا ایک لاکھ ۲۴ ہزار ہیں ۔ تو یہ باقی کس کام کے لیے آئے ۔ صرف اس شروع کی حفاظت کے لیے اور یہ مسلم ہے کہ ان سب کو خدا نے بھیجا ہے جو بعد رسل شرع کی صاحبان حرص وہوا سے حفاظت کرتے رہے اور اس کو موافق رسول جاری کرتے رہے اور شرع کو اہل غرض کے اختلاف اور ان کی خود ساختہ تاویلوں سے بچاتے رہے قرآن کی یہ آیتہ اس کو واضح کرتی ہے ۔

| | |
|---|---|
| انا انزلنا التورٰۃ فیہا ھدی ونور یحکم بہا النبیون الذین اسلموا للذین ھادوا والربانیون والاحبار بما استحفظوا من کتاب اللہ وکانوا علیہ شہدا (مائدہ ۴۴) ۔ | ہم نے توریت کو نازل کیا جس میں ہدایت و نور تھا ۔ اس کے ذریعہ سے اور اس کے مطابق خدا کے فرمانبردار بندے یہودیوں کو حکم دیتے رہے ۔ (ان انبیا کے علاوہ) محض خدا والے اور علماء توریت کے محافظ بنائے گئے تھے اور اس پر شہید تھے ۔ حکم دیتے تھے ۔ |

علاوہ انبیا جو حکم دینے کا حق رکھتے تھے ان کی تین قسمیں بیان کی ہیں

(۱) وہ صرف خدادا سے ہوں (۲) محافظ کتاب ہوں (۳) اور شہید ہوں۔ یعنی اس پر عبور رکھتے ہوں اور ہادی ہوں اور یہ شرائط دیکھ کر پتہ چلتا ہے کہ بعد نبی کس قسم کے نفوس احکام کتاب صحیح طور پر پہنچا سکتے ہیں اور یہ شرائط بتلاتی ہیں کہ وہ بھی منجانب اللہ مجاز تبلیغ ہوں گے اور ربانی کی قید نے بتلادیا کہ وہ معصوم ہوں گے۔

تو یہ سنت الہیہ ہے کہ حافظان شرع انبیاء اور معصوم رہے ہیں اور وہ منجانب اللہ مجاز بدانیتہ ہیں۔ غیر معصوم نہیں اس کی خبر قرآن پاک نے اپنے متعلق دی ہے

| | |
|---|---|
| ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا (فاطر ۳۵/۳) | پھر بعد نبی ہم نے اپنے کتاب کا وارث ان لوگوں کو بنادیا جن کو اپنے بندوں میں سے منتخب کیا تھا اور ان کو مصطفی قرار دیا تھا۔ |

قرآن پاک کو اول سے آخر تک دیکھ لیجیے۔ ہمیشہ اصطفاء ان بندوں کے لیے آیا ہے جو نگاہ قدرت میں خطاؤں سے بری تھے۔ ورنہ بے خطا قرآن کو خطا کاروں کے حوالہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔ یہ وراثت کتاب اور حکم کتاب بندوں کے انتخاب پر نہیں رکھا۔ بلکہ اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ اجماع وغیرہ کے حوالہ نہیں کیا۔ اس بنا پر جب تک کتاب باقی ہے اس کا محافظ معصوم باقی رہے گا جو وراثت کتاب ہوگا۔

(۲) دوسرے سنت جو تمام سابقہ کتابوں میں پائی جاتی ہے یہ ہے کہ بعد نبی ہمیشہ بارہ بارہ رہے ہیں تو اس نبی کے بعد بھی بارہ رہیں گے۔ یہ سنت الہیہ ہے۔

(۳) تیسری سنت الہیہ یہ ہے کہ ہر نبی نے اپنے بعد میں آنے والے کی بشارت دی ہے۔ تاکہ دنیا باخبر ہو جائے کہ ان کے بعد ہدایت و رشد کا مالک کون ہوگا۔ خود خدا نے بھی ان حضرات کی بشارت دی ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فبشرناہ بغلام حلیم (صافات ۳۷/۲) | میں نے اور میرے فرشتوں نے بشارت دی حلیم لڑکے کی۔ |
| وبشرناہ باسحاق (صافات ۳۷/۴) | میں نے اور میرے فرشتوں نے بشارت دی اسحاق کی |
| وبشروہ بغلام علیم (ذاریات ۵۱/۲) | میں نے اور میرے فرشتوں نے بشارت دی غلام حلیم کی۔ |

اسی طرح حضرت عیسیٰ کے متعلق

| | |
|---|---|
| مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد (صف ۶۱/۱) | وہ بشارت دینے والے تھے ایک ایسے رسول کی جو ان کے بعد آئے گا اور اس کا نام احمد ہو گا۔ |

مجھ کو اس سے انکار نہیں کہ آنحضرتؐ نے مومنین کو بہت سی چیزوں کی بشارت دی ہے۔ مگر ایک معنی مبشر یہ ہیں کہ ذات کی بھی بشارت دی جائے۔ اب اگر نبی کسی آنے والے کی بشارت نہ دیتے تو صفت مبشر ناتمام اور ناقص رہتی۔ تو جب آپ کی ایک صفت مبشری ہے تو لازم ہے کہ نبی علاوہ اور چیزوں کے کسی ایک ذات کی بھی بشارت دیں۔ تو آپ نے اپنے بعد بارہ کی بشارت دی اور آخر زمانہ میں امام مہدیؑ کی بشارت دے کر اپنی صفت مبشر (بشارت دینے والا) کو حد کمال تک بلکہ قیامت تک پہنچا دیا۔

(۳) ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کے زمانہ میں معجزہ باقی نہیں رہا۔ یہ سنت الٰہیہ ہے۔ (ہم اس کو سابق میں واضح کر چکے ہیں) تو اب قرآن معجزہ ہے تو ضرور صاحب معجزہ بنا بر سنت الٰہیہ باقی ہے۔

(۴) سنت الٰہیہ یہ رہی ہے کہ انبیاء رسل آئمہ خدا خود بناتا ہے۔ ان کا انتخاب قوم

و ملک و افراد کے ہاتھوں میں نہیں دیتا چنانچہ فرماتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| وربك یخلق ما یشاء و یختار ما کان لهم الخیرة تعالی الله عما یشرکون ۔ (قصص ۲۵) | تیرا پروردگار جو چاہتا ہے وہ پیدا کرتا ہے اور وہی انتخاب کرتا ہے ! بندوں کے اختیار میں پسند اور اختیار نہیں وہ خود انتخاب کر کے شریک خدا بنتے ہیں اللہ ان سے بری ہے ۔ |

امت تو الگ رہی خود انبیاء کو انتخاب کا اختیار نہیں دیا ۔ اسی لیے کل انبیاء نے اسی سے دعائیں کی ہیں ۔

| | |
|---|---|
| قال ومن ذریتی ۔ (البقرہ ۱۵) | خداوندا میری اولاد میں کون امام ہوگا ۔ |
| واجعل لی وزیرا من اهلی (طہ ۲) | تو میرا وزیر میرے اہل میں سے بنا دے ۔ |
| هب لی من لدنك ولیا (مریم ۱) | تو مجھ کو ولی عطا فرما ۔ |
| واجعل لی من لدنك سلطانا نصیرا (اسرائیل ۱) | تو میرے لیے ایک مددگار جو غالب آئے بنا کر بھیج دے ۔ |
| واجعلنا للمتقین اماما (فرقان ۶) | تو ہم کو متقیوں کا امام بنا دے ۔ |

تو ان آیات کی روشنی میں واضح ہو گیا کہ ہمیشہ امام منجانب اللہ ہوگا اور اس کے ساتھ وہ براہین اور دلائل اور اوصاف ہوں گے جس سے اس کی امامت نمایاں ہو جائے گی ۔

(۴) سنت الٰہیہ ہمیشہ یہ رہی ہے کہ زمانہ ہادی سے خالی نہیں رکھا ۔ رسل ۔ انبیاء

Marfat.com

اور آئمہ آتے رہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا رحم و کرم حضرت باری پہ حرف آتا۔ اگر کوئی بادشاہ ظالم کو ہم پر مسلط کر دے تو ظلم وہ ظالم کرے گا۔ مگر ہم بادشاہ کو بھی برا کہیں گے۔ اور بددعائیں دیں گے۔ اگرچہ خود شاہ نے ظلم نہیں کیا۔ مگر ظالم کو تو مقرر اور مسلط کر دیا جب اس نے شیطان کو مہلت دے کر ہم پر مسلط کر دیا۔ تو بہکائے گا شیطان مگر ہم کو خدا کے رحم و کرم ہدایت پر بھی شک ہو جائے گا۔ جس نے یہ گمراہ کنندہ اپنی من مانی کرنے کے لیے چھوڑ دیا۔ اس لیے قدرت نے جہاں اس کو مہلت دی وہاں اپنی جانب سے ہادی مقرر فرما کر برابر بھیجتا رہا۔ جو شیطان کا مقابلہ کر کے اس کی قوت کو توڑتے رہے اور بندوں کو ہدایت فرماتے رہے اور آج بھی امام اپنی قوت روحانیہ سے شیطانی وسوسوں کو نکالتا ہے۔ حیرت ہے ان لوگوں پر جو شیطان کی اس قوت کے قائل ہیں کہ وہ دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے اور امام کی اس قوت کے منکر ہیں کہ وہ وسوسہ نکالتا ہے

## ایک مثال

دنیا کی معمولی حکومتیں لوگوں کی آسانی کے لیے سڑکوں پر، گلیوں میں رو سار اپنی پرائیویٹ سڑکوں پر روشنیاں لگا دیتے ہیں۔ تاکہ چلنے والے اندھیرے میں ٹھوکریں نہ کھائیں اور ان روشنیوں میں راستہ طے کر لیں تو کیا خدائے رحیم و رحمٰن راہ انسانیت طے کرنے کے لیے اس کے راستہ پر وہ روشنیاں نہیں رکھے گا۔ جو اپنے نور ہدایت سے انسان اور انسانیت کو ٹھوکروں سے بچائیں۔ ضرور اس کے کرم نے نبوت و رسالت و امامت کی روشنیاں لگائیں اور فرمایا :-

| | |
|---|---|
| ان هذا صراطی مستقیما (انعام ۶/۱۵) | یہ ہے میرا سیدھا راستہ۔ |

Marfat.com

مگر اس سیدھے راستے پر ایک ڈاکو بھی چھپا بیٹھا ہے۔ جو صاف کہہ چکا ہے۔

لاقعدن لهم صراطك المستقيم (اعراف پ۸) میں ان کی تاک میں تیرے سیدھے راستہ پر آکر بیٹھ جاؤں گا۔

تو اب عدل و رحمت الٰہی ڈاکو سے بچانے کے لیے انبیاء رسل اور آئمہ بھیجتا رہا جو اپنے انوار سے اس ڈاکو سے بچتے رہے۔ لاکھ کا اندھیرا چھایا۔ اس ڈاکو نے چھاپہ مار کیا۔ اس اندھیرے کو یہ حضرات دور کرکے انسان بچاتے رہے۔ لیکن اب سوال یہ ہے کہ شیطان کو کیوں مہلت دی۔ تو اس میں بھی مومنوں کا ایک فائدہ ہے اگر آپ سرکاری امانت لیے جا رہے ہیں۔ راستہ صاف اور پرامن ہے تو صرف وہی تنخواہ کے حقدار ہوں گے۔ لیکن اگر راستہ میں ڈاکو مل گیا اور آپ نے جوان مردی سے مقابلہ کر لیا اور زخمی ہو کر امانت بچا لی۔ تو اب آپ کو انعام بھی ملے گا اور ترقی بھی مل جائے گی۔ اسی طرح اگر آپ کو شیطانی قوت سے سابقہ پڑا اور آپ دولت ایمان بچا کر لے آئے تو آپ کو جنت کے منازل عالیہ انعام میں ملیں گے۔ اور آپ کا یہ امتحان اسی وقت کامل ہوگا جب آپ دشمن ایمان سے دولت ایمان بچا کر میدان حشر میں پہنچ جائیں گے۔

اب انصاف کیجئے اور ایمان سے بتلا دیجئے کہ یہ صراط مستقیم کہاں ختم ہوتی ہے۔ آخرت پر اور آخر زمانہ تک تو قدرت نے شروع راستہ پر تو وہ روشنی کی ریل پیل رکھی کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار نور کی قندیلیں لگا دیں اور آخر میں ختم نبوت کی سب سے زیادہ قومی روشنی لگا دی تو کیا خلفاء کا سلسلہ بارہ تک رہ کر آئندہ کو غل اسٹاپ لگا دیا۔ حالانکہ منزل ابھی دور ہے اور راستہ باقی ہے تو کیا اس اندھیرے سے شیطان پورا فائدہ حاصل نہ کرے گا۔ اس لیے عقلاً جب تک راستہ ختم نہ ہو اور شیطان باقی رہے نور خداوندی اور ہدایت کی روشنی رہنی لازمی ہے۔ اس امام آخر کو طول

عمر دے کر تا قیامت باقی رکھا تا کہ اس کی نورانیت میں شیطانی ظلمت ساری دنیا کو گمراہ نہ کر سکے۔ یہی عقیدہ مذہب شیعہ ہے۔ الحمد اللہ کہ ہمارے عادل اور رحیم خدا نے ہادی سے زمانہ خالی نہیں رکھا۔ جو شیطانی غائب کی قوتوں کا غائب رہ کر مقابلہ کرتا ہے۔

اس کی ہدایت کا ایک طریقہ ہم آئندہ باب میں بیان کریں گے (۵) سنت اللہ ہے کہ جس کو طول عمر اور بقائے حیات دی ہے۔ اس کو غائب رکھا ہے۔ تمام ملائکہ غائب ہیں۔ حضرت ادریس و خضر و الیاس و عیسیٰ اور دجال و شیطان سب کو زندگی دراز دی ہے اور نگاہوں سے غائب کر دیا۔ اسی طرح اپنی سنت سابقہ کی بنا پر طول حیات و زندگی دے کر امام کو بھی غائب کر دیا۔ (تفصیل سابق میں آچکی ہے)

# ہدایت بذریعہ نور

## نور سبب ہدایت ہے

خلاق عالم نے قرآن پاک میں جگہ جگہ ہدایت کو نور اور گمراہی کو تاریکی فرمایا ہے یا ایمان کو نور اور کفر کو ظلمت بتلایا ہے دو جگہ اپنے لیے فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| یخرجھم من الظلمات الی النور (بقرہ ۲/۳۴) | خدا ان کو تاریکیوں سے نور کی جانب نکال لاتا ہے۔ |
| یخرجکم من الظلمات الی النور (احزاب ۲۲) | تاکہ تم کو تاریکیوں سے نور کی جانب نکال لائے۔ |

دونوں جگہ ظلمت کفر سے نور ایمان کی طرف نکالنے کی نسبت اپنی جانب دی ہے۔ اس سے ہرگز یہ مقصد نہیں کہ رات کے اندھیرے سے دن کی روشنی میں

نکالتا ہے۔ اس لیے کہ اس میں مومن و مشرک سب برابر ہیں۔ روزانہ دن میں سب تاریکی سے نکلتے ہیں۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ گمراہی سے راہ ہدایت پر پہنچا دیتا ہے۔ پھر اپنی یہ صفت انبیاء کو بھی عطا فرمائی ہے۔ اس لیے فرمایا ہے۔

لیخرج الناس من الظلمات الی النور (طلاق ۶۵۔ ابراہیم ۱۴، مائدہ ۵۔ حدید ۵۷) تاکہ وہ نبی تم کو اندھیروں سے نور کی جانب لے آئے۔

اس کے بعد حضرت موسیٰ کے لیے بھی یہی ارشاد فرمایا ہے کہ

ان اخرج قومک من الظلمات الی النور (ابراھیم ۱۴) کہ تم اپنی قوم کو تاریکی سے نور کی جانب نکالو۔ یعنی کفر سے ایمان اور گمراہی سے ہدایت کی جانب)

اب شیطان کے متعلق اس کی ضد اور عکس کو بیان فرماتا ہے۔

والذین کفروا اولیاءھم الطاغوت یخرجونھم من النور الی الظلمات جو کافر ہیں ان کے حاکم طاغوت ہیں، جو ان کو ہدایت سے گمراہی کی جانب نکالتے ہیں۔ (البقرہ ۲)

یہاں یخرجونھم صیغہ مضارع ہے۔ جو ہمیشگی اور استمرار کو بتلاتا ہے یعنی طاغوت ہمیشہ ایسا ہی کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ تو خداوند کریم نے اپنے رسولوں اور انبیاء کو اپنی اس صفت کا مظہر بنا دیا ہے۔ تاکہ وہ ہر زمانہ میں اس شیطانی قوت کا مقابلہ کرتے رہیں۔ خود وہ بندگان خاص کو یہ قوت دے کہ شیطان کے مقابلہ پر رکھتا ہے۔

یہ مسلم ہے کہ شیطانی قوت ختم نہیں ہوئی۔ وہ برابر نور سے ظلمت کی جانب پہنچاتی ہے تو عقل یہ بتلاتی ہے کہ جو قوتیں اس کے مقابلہ میں رکھی گئیں تھیں۔

Marfat.com

ان میں سے ایک نہ ایک ہمیشہ باقی رہے تاکہ وہ شیطان کے مقابلہ میں اہل ایمان اور عمل صالح رکھنے والوں کو ظلمتوں سے نور کی جانب نکالتے رہیں۔ اسی نے بتلا دیا کہ ہمیشہ مقابلہ شیطان میں ایک قوت باقی رہے گی۔ اگر خدا شیطان کے مقابلہ میں مومنوں کو اندھیرے سے نور کی جانب نکالتا رہتا تو وہ تنہا کافی تھا۔ انبیاء اور رسل کی ضرورت نہ تھی۔ مگر جب اس نے ایک لاکھ ۲۴ ہزار انبیاء خاتم الانبیاء تک یہ کام ان معصومین سے لیا تو بعد نبی بھی یہ کام آئمہ معصومینؑ کے متعلق رہے گا۔

اب رہا یہ امر کہ اس زمانہ میں وہ ظاہر ہو کر کیوں یہ کام نہیں کرتا۔ تو شیطان کب ظاہر ہو کر لوگوں کو ظلمت کی جانب پہنچاتا ہے۔ اب تو دونوں قوتیں جو ایک دوسرے سے ضد ہیں پوشیدہ رہ کر یہ کام کر رہی ہیں اور تا قیامت امام پوشیدہ رہ کر شیطانی قوت کا مقابلہ کرے گا۔ ایک خفیہ قوت کا اقرار اور دوسری کا انکار یہ بھی شیطانی کرامات ہیں۔

اب رہا یہ سوال کہ وہ امام غائب کس طرح ہدایت کرتا ہے۔ تو ہم اس کی توضیح کرتے ہیں۔ لیکن پہلے یہ سمجھ لیجیے کہ سبب ہدایت اور جس کی وجہ سے انبیاء ہدایت کرتے ہیں وہ کیا چیز ہے۔ قرآن اس راز کو حل کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وکذالک اوحینا الیک | مثل انبیائے ماسبق ہم نے اپنے |
| روحا من امرنا ما کنت | عالم امر سے تم کو ایک روح عطا |
| تدری ما الکتاب ولا الایمان | کی اگر وہ نہ ہوتی تو تم کو کتاب و |
| ولکن جعلناہ نورا نہدی | ایمان سے تعلق نہ ہوتا لیکن ہم |
| بہ من نشاء من عبادنا | نے اس روح کو نور سے لبریز کر دیا |
| وانک لتہدی الی صراط | اور اس نور کے ذریعہ ہم اپنے بندوں |
| مستقیم (شوریٰ ۲۵) | میں جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے |

Marfat.com

ہیں۔ اور تم بھی سیدھے راستہ
کی طرف ہدایت کرتے ہو۔

اس آیتہ گرامی نے صاف بتلا دیا کہ مابہ الہدایہ۔ یعنی جس کے ذریعہ سے
تعلق ہدایت ہوتا ہے وہ نور ہے۔ روح اس نور کا جسم ہوتی ہے اور وہ نور اس ١
کے لیے بمنزلہ روح ہے۔ خداوند کریم جس کو راہ نمائی کے لیے بھیجتا ہے اور ہدایت
فرماتا ہے اس کو وہ نور عطا فرما دیتا ہے۔ پھر وہ نبی اس نور کے ذریعہ سے دنیا کو
کو ہدایت کرتا ہے (سورہ انعام ب۷ع) میں ۱۸ انبیاء کرام کے نام لے کر فرمایا ہے کہ
ان انبیاء اور ان کے باپ اور اولاد اور بھائیوں کو ہم نے منتخب کر لیا اور سیدھے
راستہ کی جانب ہدایت کی۔ اور وہ لوگوں کو ہدایت کرتے ہیں۔ سورہ شوریٰ آیتہ بالا
نے بتلا دیا ہے کہ خدا کی ہدایت یہ ہے کہ وہ ان کو نور عطا فرماتا ہے اور ہر نبی اسی
نور کے ذریعہ سے ہادی بنتا ہے اسی لیے کل انبیاء نور خداوندی سے فیضیاب
تھے۔ اس کی توضیح پھر فرماتا ہے۔

یھدی اللہ لنورہ من
یشاء (زمر ۳۹/۵)

(اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے نور کے
لیے ہدایت کرتا ہے (یا اپنا نور اس
کو عطا فرماتا ہے)

اب کمال اسلام اور اطاعت کے بعد ایک مرتبہ ہے۔ شرح صدر کا
یعنی قلب انسانی پر راز ہائے قدرت آشکارا ہو جائیں اور حقائق اور علوم اس کے
سامنے دست بستہ نظر آئیں۔ یہ علم بھی اسی نور باطنی کے ذریعہ سے ہوتا ہے چنانچہ
قرآن مجید اس کو واضح فرماتا ہے۔

افمن شرح اللہ صدرہ
للاسلام فھو علی نور من

کیا وہ شخص جس کے دل کو خدا نے
اسلام کے لیے کھول دیا ہے۔ پس

من ربہ (زمر ۳۹/۲۲) وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے

عطیہ نور اور ہدایت ایک ہی شئے ہے مگر اس نور سے ہر کس و ناکس فائدہ نہیں اٹھاتا۔ جیسے اندھا آفتاب کے نور سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔ اس لیے کہ اس میں خود نور نہیں ہے اس لیے قبول نور کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

اب جیسے ظاہری نور سے جسم فائدہ حاصل کرتا ہے اور راہ پاتا ہے۔ اسی طرح سے انسانی روحیں نبی کے نور سے راہ پاتی ہیں اور فوائد حاصل کرتی ہیں نور نبی ہی ذریعہ ہدایت اور سبب ہدایت ہے۔ مگر وہ نور صرف انبیا کو دیا جاتا ہے سب اس کا تحمل نہیں کر سکتے ہیں۔ اس لیے خداوند کریم نے تحمل اور برداشت نور کے لیے خاص ہستیاں بنائی جاتی ہیں

| | |
|---|---|
| واصطنعتک لنفسی | اے موسیٰ تم کو میں نے اپنے کام |
| (طٰہٰ۔ آیت ۴۱) | کے لیے بنایا ہے۔ |

تم اس نور کو مجھ سے لو پھر قوم کو اندھیرے سے اس نور میں لاؤ۔

حضرت موسیٰ اپنی قوم سے ستر آدمی منتخب کر کے لے گئے تھے۔ مگر سب تجلی کی برداشت نہ لا سکے جل کر رہ گئے۔ حضرت موسیٰ صرف بے ہوش ہو گئے معلوم ہوا کہ نور خداوندی کا سہارا ہر شخص نہیں کر سکتا۔ اس لیے مخصوص ہستیاں بنائی جاتی ہیں۔ ید بیضاء آپ کا منور ہاتھ تھا۔ جس کو قوم دیکھتی تھی۔ یہ اسی نور کا کرشمہ تھا۔ ہمارا دن رات کا مشاہدہ ہے کہ نور آفتاب کو ہماری کمزور نگاہیں برداشت نہیں کر سکتیں۔ مگر وہی نور جب چاند میں ہو کر اس کے ذریعہ سے ہم تک پہنچتا ہے تو نگاہیں لطف لیتی ہیں اور بچے تک شوق سے دیکھ لیتے ہیں۔

خداوند کریم ان کو نور دیتا ہی اس لیے ہے کہ وہ اس نور سے دنیا کو منیر کر دیں اور ان کو راہ ہدایت دکھلائیں۔ اس لیے ان کو نورانی بنایا ہے اور وہ

Marfat.com

نور ہوتے ہیں۔ اب ہم ایک ایسی روایت پیش کرتے ہیں جس کا سوائے متعصب و ہٹ دھرم کے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ لیکن پہلے یہ بتلا دیں کہ اس کو کس راوی نے روایت کیا ہے۔ مورخ مسعودی کا نام آپ نے سنا ہوگا۔ اگر نہیں سنا تو اس کے متعلق اہل سنت کے مایہ ناز مورخ علامہ شبلی سے سن لیجیے وہ لکھتے ہیں کہ

مسعودی فن تاریخ کا امام ہے۔ اسلام میں ایسا مورخ پیدا نہیں ہوا۔ اگر اس کی تمام تاریخیں مل جائیں تو کسی اور تصنیف کی ضرورت نہ تھی۔ یورپ نے اس کی تاریخ "مروج الذہب" کو چھپایا ہے۔ (الفاروق شبلی جلد اول ص۳)

اسی تاریخ میں مسعودی جیسا مورخ اس روایت کو لکھتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اوحی اللہ الی آدم انی مخرج منک نوری الذی بہ السلوک فی القنوات الطاھرۃ والارومات الشریفۃ وابا لجی بہ الانوار و اجعلہ خاتم الانبیاء و اجعلنا خیار الائمۃ الخلفاء واختم الزمان بمدتھم واغص الارض بدعوتھم وانشرھا بشیعتھم۔ (مروج الذہب علامہ مسعودی جلد اول ص۲۲) | اللہ نے آدم کو وحی کی کہ میں تم کو اپنا نور دوں گا جس کی وجہ سے وہ پاک و پاکیزہ پشتوں اور شریف پشتوں میں گردش کرے گا۔ اور میں اسی نور کی وجہ سے تمام نوروں پر اپنی برتری ثابت کروں گا۔ اسی نور کو خاتم الانبیاء بناؤں گا اور اسی نور کو وہ منتخب امام بناؤں گا جو خلیفہ بھی ہوں گے اور ان کی مدت ختم ہوتے پر زمانہ بھی ختم کر دوں گا۔ اور جس دین کی طرف وہ بلائیں گے۔ اس سے زمین کو لبریز کر دوں گا اور ان کے دین و دعوت کو ان کے |

Marfat.com

شیعوں کے ذریعہ سے پھیلاؤں گا

ہمارے نبی و آئمہ اور اس وحی نے خلفاء کی حقیقت کو بتلا دیا کہ وہ نور خدا ہوں گے اور انہیں انوار خدا سے اس کا دین رواج پائے گا اور یہی سبب ہدایت خلق ہوں گے اور جب یہ ختم ہوں گے تو زمانہ ختم کر دیا جائے گا۔ گویا جب تک زمانہ موجود ہے یہ موجود رہیں گے۔ اب اتنا معتبر مورخ کہ علامہ شبلی جس کی تعریف کر رہے ہیں اور یورپ ان کی تاریخ چھاپ رہا ہے۔ اسی کتاب میں حضرت علیؑ کے ایک خطبہ کو لکھ رہا ہے۔ ہم اس کے بعض ضروری فقرات کو لکھتے ہیں۔

؎ امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ خداوند کریم نے اپنے نبی کو اپنا نور دے کر وعدہ فرمایا ہے۔

وانصب اهل بيتك للهداية
واوتيهم من مكنون
علمي ما لا يشكل عليهم
دقيق ولا يعييهم خفي
واجعلهم حجتي على بريتي
والمنبهين على قدرتي
ووحدانيتي . . . .
وامرهم ان الهداية
معه والنور له والامامة
في آله -
(مروج الذهب۔ علامہ مسعودی
جلد اول صفحہ ۱۳)

میں ہدایت کے لیے تمہارے
اہل بیت کو مقرر کروں گا اور اپنے
پوشیدہ علم سے وہ علم دوں گا کہ
جس سے کوئی باریکی ان کے لیے
مشکل نہیں رہے گی اور کوئی خفیہ
سے خفیہ بات ان کو عاجز نہیں
کرے گی۔ اپنی مخلوق پر ان کو حجت
بناؤں گا جو لوگوں کو میری قدرت اور
وحدانیت سے آگاہ کریں گے۔ (تب
قدرت نے عالم ذریت سب کو بتلا دیا
ہدایت نبی کے ساتھ ہو گی۔ نور ان کے
لیے ہو گا اور امامت ان کی اولاد میں ہو گی۔

اس مورخ کی اس روایت پر غور کرنے سے صاف واضح ہوتا ہے کہ محمد و آل محمد صلوات اللہ علیہم مرکز نور علم و ہدایت تھے۔ یہی حضرات، اس نور الٰہی سے ہم سب کو ہدایت فرماتے تھے اور جن اشخاص میں اس نور کے قبول کا مادہ تھا وہ ہدایت یافتہ ہوجاتے تھے اور اب بھی ہدایت حاصل کر لیتے ہیں۔

اللہ جن کے دل خواہشات نفسانی اور تعیش دنیا سے سیاہ ہو چکے ہیں اور ان میں انسانیت کی چنگاری بجھ چکی ہے۔ وہ اس نور سے محروم رہتے ہیں۔ قرآن اسی کو واضح طور سے بتلاتا ہے۔

| | |
| --- | --- |
| ومن لم یجعل اللہ لہ نوراً فمالہ من نور (نور ۵) | جن میں نور ایمان نہ ہو وہ نور ہدایت سے محروم رہتے ہیں۔ |

زنگ آلود لوہے میں روشنی کی چمک نہیں آتی۔ جب زنگ دور ہو کر پالش ہو جائے تو وہ روشنی جذب کرتا ہے اور چمک اٹھتا ہے۔ زنگ دور ہونے کا نام تذکیہ ہے (پاکیزگی) اور جلا اور پالش کا نام ایمان ہے۔ اور اس میں چمک آجانے کا نام ہدایت ہے۔ تو نبی و امام نور ہدایت پھیلاتے ہیں اور صاف شدہ دل اس نور کو جذب کر لیتے ہیں۔ امام تو اب بھی دنیا میں موجود ہیں اور الٰہی عطیہ نور سے بہرہ ور ہیں۔ ان کا نور دنیا میں پھیلا ہوا ہے۔ مگر اس نور کو حاصل کرنے کے لیے آپ کے پاس بھی نور ایمان کی ضرورت ہے تاکہ اس نور ہدایت کو جذب کر سکیں۔ نابینا آفتاب کے نور سے فائدہ نہیں اٹھاتا۔ البتہ جس کی آنکھ میں نور ہو وہ نور آفتاب سے فائدہ حاصل کرتا ہے۔

## عالم مثال سے توضیح

ریڈیو کی ویو اور برقی لہریں تمام عالم میں پھیل رہی ہیں اور ساری فضا میں

موجود ہیں اگر آپ کے پاس ریڈیو سیٹ موجود ہے۔ لیکن کرنٹ نہیں یا بیٹری نہیں تو آپ کا سیٹ بیکار ہے یا اگر کچھ تار بگڑے ہوئے ہیں۔ یعنی ایمان تو ہے مگر کچھ گناہ ہوتے رہتے ہیں تو آپ اس نور کو حاصل نہیں کر سکتے۔

## مزید توضیح

اگر ریڈیو آپ کے پاس موجود ہے اور قوت برقی بھی موجود ہے تو آپ کی برقی قوت ان لہروں کو حاصل کر کے آواز بن جاتی ہے۔ آواز پیدا کرنا آپ کے سیٹ کا کام ہے۔ مگر برقی لہروں کو حاصل کرنا آپ کی برقی طاقت کا کام ہے۔ خواہ وہ الکٹرک سے حاصل ہو۔ یا بیٹری سے۔ اب مختلف ملکوں کی مختلف برقی لہریں پیغامات لے کر فضا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ روس، جرمنی، پاکستان، انڈیا یا جاپان وغیرہ۔ ہم چاہتے ہیں کہ لندن کے پیغامات سنیں۔ تو ہم اگر اپنے سیٹ میں برقی لہروں کو لندن کی برقی لہروں سے مطابق کر لیں تو فوراً لندن کی خبر سن لیں گے۔ حالانکہ بولنے والا نہ سامنے ہے نہ نظر آتا ہے نہ قریب ہے۔ بالکل غائب ہے۔ مگر چونکہ اس کا کلام برقی لہروں کے ذریعہ تمام دنیا میں پھیلا ہوا ہے اور ہماری برقی لہریں اس کے مطابق بن کر اس کو حاصل کر رہی ہیں۔ یا پکڑ رہی ہیں اس لیے ہم آواز سن رہے ہیں۔

تو اسی طرح سے ہمارا سینہ ریڈیو سیٹ ہے اس میں نور ایمان برقی لہر کی جگہ ہے۔ براڈ کاسٹ کرنے والا امام نور باطنی رکھتا ہے۔ اس لیے وہ تمام عالم میں نور ہدایت پھیلا رہا ہے۔ جس وقت ہمارے سینہ کی ایمانی لہریں اس امام کے نورانی لہروں سے مطابق ہو جائیں گی۔ ہمارا ضمیر نور ہدایت قبول کرے گا۔ اس لیے گناہ کے وقت جو ضمیر اہل ایمان کو روکتا ہے وہ اسی نور ایمان کا کرشمہ ہے۔ جس

Marfat.com

کو اہل ایمان قبول کر لیتے ہیں۔ خواہ امام کو دیکھیں یا نہ دیکھیں۔ گناہوں کا خیال آپ کہتے ہیں کہ کار شیطان ہے۔ تو ضمیر کا باز رہنا بسبب امام زمانہ ہے۔ محرک گناہ تو آپ شیطان غائب کو مانتے ہیں مگر مانع گناہ آپ امام کو نہیں۔ یہی ہٹ دھرمی ہے۔ ایک قوت غائب کا اقرار دوسری کا انکار اسی کا نام تعصّب ہے۔ اسی طرح شیطان بقول قرآن۔

| | |
|---|---|
| ان الشیاطین لیوحون الی اولیائھم (انعام ۷) | اپنے پیروی کرنے والوں کو گمراہی کا پیغام پہنچاتا رہتا ہے۔ |

اور گمراہ اپنا کنکشن اس شیطان سے ملاتے رہتے ہیں۔ اور وہ ان کو گمراہ کرتا ہے۔ قوت امام زمانہ اس کو روکتی ہے گمراہ کنندہ اور ہدایت کنندہ عقلاً دونوں کا وجود لازم ہے۔

| | |
|---|---|
| فمن شاء فلیومن ومن شاء فلیکفر (کھف ۱۵) | جس کا دل چاہے ایمان لائے جس کا دل چاہے کفر اختیار کرے۔ |

یہاں یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ کہاں نور امام۔ جو خدا کا نور ہے۔ کہاں ہمارا ادنی نور دونوں میں کوئی مناسبت نہیں پھر ہم کیسے تعلق پیدا کر سکتے ہیں۔

لیکن کیا آپ کو یہ علم نہیں؟ کہ ریڈیو اسٹیشن پر کس قدر قوی برق ہوتی ہے ہمارے سیٹ میں اس کے مقابلہ میں ادنی قوت ہے۔ لیکن یہ ادنی بھی ان قوی لہروں سے مطابق ہے۔ اس لیے صدا سن لیتا ہے۔ تو اگر ہم شیعہ ہیں اور وجود امام پر یقین رکھتے ہیں تو ہمارا ادنیٰ ایمانی نور اسی طرح ان کے اعلیٰ نور سے مطابق ہوگا جیسے کٹورہ بھر پانی جو دریا سے لیا جائے دریا سے مطابق ہوتا ہے اگرچہ مقدار میں بدرجہا کم ہے مگر ہے وہی۔

آئمہ اہلبیت کی یہ حدیث اس امر کو واضح کرتی ہے۔

شیعتنا خلقنا من فاصل طینتنا وعجنوا من نور ولایتنا۔

(ہمارے شیعہ ہمارے ہی مٹی کے فاضل حصہ سے بنائے گئے ہیں اور ہمارے ولایت کے نور کے خمیر سے گوندھے گئے ہیں۔ (بنائے گئے ہیں)۔

اس لیے وہ ہمارے شریک اور ہمارے ساتھ ہیں۔

اگر لفظ شیعہ کا استخراج شعاع سے لیا جائے تو ہر شیعہ مخلص و پابند شرع شعاع آئمہ کا پرتو ہو گا۔ اس لیے کہ نور ولایتہ کا خمیر ان میں ملایا گیا ہے۔

آپ کہتے ہیں کہ بعض دفعہ ہمارا ضمیر (کونشنس) بدی سے باخبر ہو جاتا ہے اور بدی سے روکتا ہے۔ کبھی ہمارا شعور اچانک بغیر کسی سبب کے بعض خیالات پر پہنچ جاتا ہے۔ یا ڈر جاتا ہے۔ یا خوش ہو جاتا ہے۔ تو اے شعور۔ لاشعور والو! اور بے ضمیر اور ضمیر والو۔ جب آپ یہ کہتے ہیں کہ اس عالم اسباب میں کوئی چیز خود بخود نہیں ہوتی۔ تو ضمیر کی یہ صدا اور لاشعور کی یہ باخبری بغیر کسی سبب کے نہیں۔ اس لیے یہ نورانیت امام کا اثر ہے اور یہ خبر اسی کی جانب سے ملتی ہے جو رحمت اللعالمین کا فرزند ہے اور تمام عالم سے تعلق رکھتا ہے۔ اس لیے کہ اس کی امامت امام الانس والجنّہ کی مصداق ہے۔ اگر آدمی میں ذرا سا بھی اثر نور انسانیت ہے تو وہ تنبیہ کو حاصل کر لیتا ہے اور مومن مخلص پر اتحاد نوری کی وجہ سے اور زیادہ نیکی منکشف ہو جاتی ہیں۔

اب منکرین یعنیہ منکرین خدا کی طرح انکار امام کر دیتے ہیں۔ جیسے وہ کہہ دیتے ہیں کہ ساری کائنات خود بخود ہو گئی اس میں خدا کا دخل نہیں وہ تو ایک خیالی چیز ہے۔ اسی طرح منکرین امام کہہ دیتے ہیں کہ کار ہدایت سے لاشعور ضمیر خود د

یہ خود باخبر ہو جاتا ہے۔ اس میں دخل امام نہیں۔ اس کا وجود تو محض اعتقادی ہے الحمد للہ سوائے فرقہ خوارج اور دشمنان اہل بیت کے دوسرا ان امور کا منکر نہیں حقیقی اہل سنت ہمارے ساتھ ہیں۔ اسی لیے ہم نے تمام روایات و اسناد کو صرف برادران اہل سنت سے لیا ہے تاکہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ یہ صرف شیعوں کے اعتقادات ہیں اہل سنت کا اسے واسطہ نہیں ہے۔

حالانکہ ان اعتقادات میں شیعہ اور حقیقی اہل سنت سب برابر ہیں۔ البتہ خارجی اور ناصبی اس کے خلاف ہیں۔

| | |
|---|---|
| من یضلل اللہ فلہ ھادی لہ۔ | جس کو خدا ہی کجروی کی وجہ سے قابل ہدایت نہ سمجھے اس کا کوئی ہادی نہ ہوگا۔ |

# ذکر کتب اہل سنت جن میں بارہ اماموں

## کا نام بنام ذکر ہے۔ مع حضرت امام مہدی علیہم السلام

ہم صفحات گذشتہ ص۱۵ میں ان کتب اہل سنت کا ذکر کر چکے ہیں جن میں حضرت امام مہدی علیہ السلام کا ذکر ہے۔ اب ہم صرف ان کتب کی فہرست پیش کرتے ہیں جن میں بارہ اماموں کا ذکر ہے۔

(۱) ہدایتہ المہدی۔ مصنفہ امام اہل حدیث مولانا وحید الزمان صاحب ص۱۰۳

(۲) لغات الحدیث۔ علامہ وحید الزمان۔ طبع کراچی کتاب الف ص۲ کتاب الباء ص۱۰۔

(۳) الائمہ الاثنا عشر- ابن طولون - طبع بیروت - اس میں صـ۱۱۸ پر ابن طولون کا وہ قصیدہ بھی ہے جس میں تمام بنام آئمہ اثنا عشر کو گنوایا ہے

(۴) قصیدہ در مدح وذکر آئمہ اثنا عشر از امام یحیی بن سلامہ الحصفکی جنہوں نے ۵۵۱ھ میں وفات پائی - اس کا ذکر علامہ ابن طولون نے شذرات الذہبیہ میں صـ۲۹ پر کیا ہے ۔

(۵) نور الابصار علامہ شبلنجی - طبع مصر صـ۱۱۳

(۶) صواعق محرقہ - علامہ امام اہل سنت ابن حجر ہیثمی - طبع مصر صـ۱۱۸

(۷) شواہد النبوۃ - مولانا عبدالرحمن جامی - طبع بمبئی صـ۲۱۳

(۸) محاکمہ تاریخ آل محمد - آقائے بہلول بھجت آفندی - معروف قاضی رنگ زوری صـ۱۱۳ ۔

(۹) ظہیر البشر فی احوال آئمہ اثنا عشر - طبع بدایون از حکیم شاہ ظہیر احمد بفرمائش مدار المہام محمد اسرار حسن خان بھوپال ۔

(۱۰) ینابیع المودۃ - شیخ الاسلام - علامہ قندوزی طبع قسطنطنیہ استخراج ذکرہم صـ۳۵۸

(۱۱) ارجح المطالب علامہ عبید اللہ امرتسری صـ۴۲۲ - طبع لاہور ۔

(۱۲) تشریف البشر بذکر ائمہ اثنا عشر از صدیق ابن حسن یہ کتاب - طبع آگرہ ہے ۔

(۱۳) مطالب السئول - علامہ ابن طلحہ شافعی صـ۲۶۰ - طبع تیغ بہادر ۔

(۱۴) اسعاف الراغبین - علامہ شیخ محمد صبان - طبع مصر - استخرج من فتوحات محی الدین صـ۵۳ ۔

(۱۵) مشارق الانوار شیخ حسن حمزاوی - طبع مصر - استخرج من فتوحات صـ۱۵۲

(۱۶) فصول المہمہ - ابن صباغ مالکی - طبع طہران صـ۲۱۲

Marfat.com

تحقیق حق بشرب ہمیتی۔ مولوی وحید الدین خان صفحہ ۹۰ ۔

(۱۸) تاریخ خمیس۔ دیار بکری۔ طبع مصر صفحہ ۳۱۹

(۱۹) وسیلہ النجاہ۔ ملا مبین فرنگی محلی۔ طبع لکھنؤ۔ کل کتاب ذکر آئمہ اہلبیت میں ہے۔

(۲۰) مواہب البشر فی آئمہ اثنا عشر ملا مبین صاحب دراسات اللبیب اس کا ذکر دراسات اللبیب صفحہ ۲۷ میں ہے۔

(۲۱) تذکرہ خواص الامہ۔ سبط ابن الجوزی۔ پوری کتاب میں ذکر آئمہ ہے خصوصاً صفحہ ۱۸۳ میں طبع طہران۔

(۲۲) مناقب آئمہ اثنا عشر شیخ عبد الحق۔ محدث دہلوی۔ ان کا ذکر صاحب ارجح المطالب نے صفحہ ۶ پر کیا ہے۔

(۲۳) اتحاف بحب الاشراف۔ علامہ شیرازی۔ طبع مصر صفحہ ۵۴۔

(۲۴) الیواقیت والجواہر۔ علامہ شعرانی جلد دوم طبع مصر صفحہ ۱۴۲۔ استخرج من الفتوحات المکیہ۔

(۲۵) علامہ میبذی۔ شرح دیوان علی صفحہ ۱۲۳

(۲۶) تاریخ ابن خلکان۔ جلد اول۔ در ذکر حضرت امام حسن عسکری صفحہ ۲۷۳ و ذکر امام جعفر صادق صفحہ ۱۹۱۔

جلد دوم۔ امام زین العابدین صفحہ ۴۲۹ و امام رضا علیہ السلام صفحہ ۴۳۲ و امام علی نقی صفحہ ۴۳۴۔

جلد سوم۔ امام محمد باقر صفحہ ۳۱۴ و امام محمد تقی صفحہ ۳۱۵ و امام آخر الزمان علیہ السلام صفحہ ۳۱۶۔

جلد چہارم۔ امام موسیٰ کاظم صفحہ ۳۹۳

اس میں ابن خلکان نے ۴-۵-۶-۷-۸-۹-۱۰-۱۱-۱۲ آئمہ کا ذکر کیا ہے۔

(۷) میں فصل الخطاب خواجہ محمد پارسا۔ ان کی پوری عبارات، صاحب ینابیع المودۃ (طبع قسطنطنیہ ص ۳۶۸) نے تحریر فرمائی ہیں یہ بارہ اماموں کے مقر ہیں۔
اسی طرح حضرات صوفیہ کرام کی اکثریت بارہ اماموں کا اقرار کرتی ہے۔

## بارہ کے بعد کیوں سلسلہ ظاہری ختم ہو گیا

(۱) سبب اوّل تو ہم لکھ چکے ہیں کہ سنت الہیہ ہمیشہ یہی رہی ہے کہ نمایاں نبی بارہ بارہ رہے ہیں جس کو توریت انجیل و قرآن اور کتب صحاح اہل اسلام بتلا چکی ہیں۔
یہاں ہم مزید توضیح کے لیے صرف اس قدر اور لکھتے ہیں کہ جب دو گروہ جو اعتقاد میں ایک دوسرے کے خلاف ہوں اور پھر وہ کسی ایک بات پر اتفاق کر لیں تو وہ امر صحیح ترین مانا جائے گا۔ اس لیے کہ یہ فطرت ہے کہ جب کوئی مذہب کسی اعتقاد پر قائم ہو جائے اور اس کی دلیل صرف روایات ہوں تو وہ ثبوت میں جس قدر روایات مل سکتی ہیں۔ ان سب کو لکھے گا اور اسی قدر وہ دوسری فرقہ کی روایات کی رد کرے گا اور ان میں سے نقص نکالے گا یا ان کا انکار کر دے گا۔ لیکن جب دونوں فریق کسی ایک روایت کو لائیں اور ایک دوسرے کی رد بھی نہ کریں۔ تو وہ روایت صحیح ترین مانی جائے گی۔ اب یہ روایت کہ میرے بعد بارہ امیر یا خلیفہ ہوں گے۔ دونوں فریق سنی اور شیعہ سب لکھ رہے ہیں کسی نے بھی اس میں کمی اور بیشی نہیں کی۔ نہ ایک نے دوسرے کی رد کی۔ تو معلوم ہوا کہ بارہ کی معین تعداد میں قدرت کا ہاتھ تھا۔ جس نے رواۃ کو اس حدیث کے لکھنے پر لاچار کر دیا اور یہی دلیل صحت ہے۔ اس تعداد پر تو سب متفق ہیں۔ اختلاف ان امیروں اور خلفاء کے مصداق میں ہے۔

تمام شیعہ اور بہت سے حضرات اہل سنت اس پر متفق ہیں کہ بارہ کی تعداد سے مراد آئمہ اہلبیت ہیں جیسا کہ ہم پیشتر لکھ چکے ہیں۔ ان کے علاوہ جو مسلمان ہیں انمیں سخت اختلاف ہے (۱) وہ اس مصیبت میں گرفتار ہو گئے ہیں اگر خلفائے راشدین کو مصداق بنائیں تو وہ پانچ ہو سکتے ہیں (مع امام حسنؑ) تعداد کم ہو گی۔ بنی امیہ کو باوجود ظلم ان بارہ میں شمار کریں تو تعداد بارہ سے بڑھ جاتی ہے اور اس لیے بنی عباس کے خلفاء جور کو شریک کریں تو بارہ سے بدرجہا زیادہ تعداد ہو جاتی ہے اس لیے کچھ بنی امیہ اور خلفائے راشدین کو ملا کر بارہ پورے کر دیتے ہیں۔ (۲) کچھ چھانٹ چھانٹ کر راشدین اور بنی امیہ اور بنی عباس کو ملا کر گنتی پوری کر دیتے ہیں (۳) کچھ ایک دوسرے کے خلاف اشخاص کو گنتے ہیں (۴) اور کچھ ان کے علاوہ دوسروں کو لکھتے ہیں۔ غرض آج تک وہ ایک بات پر متفق نہیں ہوئے (۵) بعض خلفاء کو اس گنتی میں داخل کرنا اور بعض کو نکال دینا بھی انہوں نے اپنی اپنی مرضی پر رکھا ہے۔ (۶) اور بعض قیامت تک اس تعداد کے پورے ہونے کا دعوی کرتے ہیں۔ لیکن انصاف پسند اہلسنت انہیں بارہ کو مانتے ہیں جن کو شیعوں نے مانا ہے۔ ان کے اقوال ہم سابق میں لکھ چکے ہیں۔ عقل سلیم بھی کہتی ہے کہ ان کو مانا جائے جس پر تمام شیعہ اور اہل انصاف وحق پسند اہل سنت اتفاق کرتے ہیں اور وہ بارہ آئمہ اہل بیت ہیں۔

(۲) جب کسی سلسلہ ونسل پر نبوت ختم ہو گئی۔ تو قدرت نے اس کے آخر کو غائب کر دیا۔ جیسے سلسلہ اسحاق پر نبوت ختم ہوئی۔ تو حضرت عیسیٰؑ کو اور سلسلہ اسمٰعیل پہ ختم امامت کے بعد حضرت حجتہ کو غائب فرما دیا اور وہ بارہواں حضرت عیسیٰؑ کی طرح آخر زمانہ تک زندہ ہیں اور دونوں سلسلہ ہدایتہ خاتم ایک ساتھ ظاہر ہوں گے

(۳) عالم تکوین اور عالم تشریع دونوں ایک دوسرے سے مشابہ ہیں۔ یا کائنات

کا قانون قانون شرع کے خلاف نہیں۔ اسی لیے اسلام کو دین فطرت کہتے ہیں ہر جگہ قدرت نے کائنات کو پیش کر کے اور ان کو مثال بنا کر حقیقت کو واضح کیا ہے

سنریھم ایاتنا فی الافاق — ہم کائنات میں نشانیاں دکھلائیں گے

افلم ینظروا الی السماء — کیا انہوں نے آسمان پر نظر نہیں

اولم ینظروا الی ملکوت — ڈالی۔ کیا انہوں نے آسمانوں کی

السموات۔ — اندرونی قوت پر غور نہیں کیا۔

یہاں تک کہ میدان غور و فکر میں حضرت اونٹ کو بھی دوڑا دیا

افلا ینظرون الی الابل — اونٹ کی ساخت پر غور نہیں

کیف خلقت — کیا کہ ہم نے کیسا پیدا کر دیا ہے۔

غرض عالم تکوین اور عالم تدوین ساتھ تھے ہیں۔ اس لیے ایک کے ذریعہ سے دوسرا سمجھ میں آتا ہے۔ تو اب ذرا عالم تکوین کی اس بات پر بھی غور کر لیجیے کہ خلاق کائنات نے بارہ ماہ پر دورہ زمین کو ختم کر کے سال کو تمام کر دیا ہے۔ اس ایک سال کے بارہ ماہ ہیں۔ کل فصلیں۔ کل پھول پھل۔ کل موسم۔ گرمی و سردی بہار و خزاں۔ بارشیں۔ آندھیاں سب اپنے اپنے وقتوں پر ایک ہی سال یعنی بارہ ماہ میں پوری ہو جاتی ہیں۔ سال آئندہ کوئی نئی بات یا نیا موسم نہیں آتا اور انہیں مواسم اور پیداوار کو سال آئندہ پھر دوہرایا جاتا ہے۔ (REPEAT) جس کی تکمیل گذشتہ بارہ ماہ نے کی تھی۔ اس لیے تعداد ماہ آگے نہیں بڑھائی جاتی۔ بارہ ماہ حد آخر ہیں۔ اب آئندہ جو کچھ ہو گا وہ پچھلا سین دوہرایا جائے گا کوئی نئی بات نہیں ہو گی۔ جس کے لیے تیرھواں مہینہ ایجاد کیا جاوے۔ یہ ہے حد عالم تکوین۔ اب رہا عالم تدوین تو اس کے بارہ ائمہ کو بارہ ماہ قرار دیدیا۔ اب جس قدر دین میں تبدیلیاں، مذہب میں خزاں بہار آئے گی جس قدر فرقے

Marfat.com

بنیں گے وہ ان بارہ آئمہ تک بن جائیں گے۔ ان کے بعد کوئی نیا فرقہ نہیں بنے گا۔ بلکہ سابقہ فرقوں کو نئے نئے لباس میں پیش کیا جائے گا۔ اس لئے جو بھی نئے فرقے بنتے ہیں وہ سابقہ عقائد ہی کو لے کر استدلال کرتے ہیں۔ بالکل نیا فرقہ آج تک ایجاد نہیں ہوا۔

## مزید توضیح

یہ بھی تجربات مذہب و دین میں آچکا کہ ہر نبی کے بعد۔ شریعت بگاڑی گئی۔ ہوائے نفس اور خواہشات کے بندوں نے دین کو اپنے ہاتھ میں لے کر بگاڑا اور مذہب بنا کر مقاصد نبوت برباد کر دیا۔ مگر چونکہ نبوت کا اثر ایک دم ختم نہیں ہوتا۔ اس لیے شریعت تباہ کرنے والے بندے خدا اور رسول کا نام لے کر دھوکہ دینا شروع کر دیتے ہیں اور رفتہ رفتہ دین تباہ ہو جاتا ہے اس لیے نبی نے صاف اعلان کر دیا کہ میرے بعد میری امت کے ۷۳ فرقہ ہو جائیں گے ایک ناجی ہوگا اور ۷۲ ناری ہوں گے۔ اکثریت جہنمیوں کی ہوگی اور اقلیت جنتی کی۔ تو بہتر ۷۲ فرقے جو جہنمی ہوں گے۔ وہ خود غرضیوں اور طمع حکومت دنیا میں اپنے مفید مطلب عقائد کو اسلام کے لباس میں پیش کریں گے۔ اس لیے جب تک یہ سارے فرقے اور عقائد سامنے نہ آجائیں۔ اس وقت تک حسب سنت الٰہیہ ان محافظوں کی ضرورت ہوگی۔ جو حقیقی اسلام کو اپنے حار و بیچا قائم رکھیں اور بتلائیں۔ اس لیے اس وقت تک یہ نفوس باقی رہیں گے۔ جب تک کہ یہ بہتر ۷۲ فرقے دنیا کے سامنے نہ آجائیں۔ اس لیے آنحضرتؐ نے بارہ امیروں اور خلفاء اور آئمہ کا اعلان فرمایا کہ سلسلہ رشد و ہدایت ان کے زمانہ میں ان کے سپرد کر دیا۔ تاکہ وہ نئے فرقوں کے مقابلہ میں حقیقی اسلام کی راہ نمائی کرتے رہیں۔

Marfat.com

چنانچہ تواریخ وسیر وغیرہ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آئمہ اثنا عشر کے زمانہ میں سارے فرقے اور مختلف عقائد دنیا کے سامنے آچکے تھے اور بارہ آئمہ ہمیشہ صراط مستقیم اور اسلام وایمان حقیقی کو واضح کر کے بتلاتے رہے۔ آج بھی ان کی صحیح احادیث حقیقی اسلام وایمان کو واضح کرتی ہیں اور جب بہتر ۷۲ کی تعداد بارہ کے زمانہ میں پوری ہوگئی اور آئمہ نے ان کو بتلا دیا تو اب کسی تہتر ۷۳ ویں کی راہ نمائی کی ضرورت نہیں رہی اور یہ سلسلہ ظاہری ختم ہوتے ہوئے ایک ان میں ایسا باقی رہ گیا جو شیطان کے مقابلہ میں ہدایت روحانی سے فیض پہنچاتا ہے۔ جس طرح بارہ ماہ ہر سال ختم کر دیا گیا۔ اسی طرح بارہ آئمہ پر تبلیغ ظاہری ختم کر دی گئی۔ بارہ ماہ کے بعد جس طرح گذشتہ بارہ ماہ کے فصول دوہرائے جاتے ہیں۔ اسی طرح ان بارہ اماموں کے بعد پرانے مذہب دوہرائے جا رہے ہیں۔ اور بہتر ۷۲ فرقوں کے بعد اب جو نئے فرقے بن رہے ہیں۔ یہ کوئی نئی چیز نہیں اور نیا اعتقاد نہیں بلکہ وہی چبائے ہوئے نوالے ہیں جن کو یہ پھر چبا رہے ہیں اور ہر نیا فرقہ گڑھ دیتا ہے۔ یہ نئے مرکبات پرانی چیزوں سے بنائے جا رہے ہیں۔ جن میں کوئی عقیدہ نیا نہیں ہے۔

تو نئے امام ظاہر کی ضرورت نہیں پرانا سامان مدافعت ان نئے لشکروں کے لیے کافی ہیں۔

(۴) آج جن علماء کے اجتہاد پر اسلام کے بڑے حصوں کا دارومدار ہے۔ یہ سب زمانہ آئمہ میں گذر چکے ہیں۔

چار مجتہدین کہ اسلام نے مان کر پھر تابوت اجتہاد پر آخری کیل لگادی (۱) امام ابوحنیفہ نے ۱۵۰ھ (۲) امام مالک نے ۱۷۹ھ میں وفات پائی (۳) امام شافعی نے ۲۰۴ھ میں انتقال فرمایا۔ (۴) امام احمد بن حنبل نے ۲۴۱ھ

میں انتقال فرمایا۔

اس کے بعد اجتہاد کا دروازہ بند کر دیا گیا۔ آئمہ علیہم السلام ان کے زمانہ میں موجود رہے اور ان کی غلطیوں کو علماء اہل بیت کو بتلاتے رہے۔

چونکہ بعد نبی روایات کا مدار صحابہ قرار دیدیے گئے تھے۔ جس میں ہر میل کے حضرات تھے اس لیے خدا و رسول کے متعلق وہ وہ روایات بنا دی گئیں کہ جس کو دیکھ کر اہل ایمان کو شرم آتی ہے۔ درجنوں روائتیں قرآن اور عمل رسول کے خلاف ہیں تو جب تک ایسے راویوں اور راویوں کے راوی کا وجود تھا۔ آئمہ علیہم السلام کا وجود لازمی تھا تاکہ وہ ان باطل عقائد اور روایات سے دین کی حفاظت کرتے رہیں اور صحیح عقائد کی تعلیم دیتے رہیں اور جب یہ سلسلہ ختم ہو جائے تب وہ روحانی حکومت کو روحانی طریقوں سے قائم رکھیں، ان بارہ کے بعد چونکہ ایسے رواۃ اور ان کے راوی ختم ہو چکے تھے اور کوئی مزید سلسلہ رواۃ نہیں رہا تھا اور مقرر کردہ نبی آئمہ کی تعداد بھی پوری ہو گئی تھی۔ اس لیے ظاہری مقابلہ کرنے والوں کی ضرورت نہیں رہی تھی۔ اس لیے سلسلہ ظاہری کو ختم کر کے بارھویں کو غائب کر دیا تاکہ ہدایۃ روحانی کا سلسلہ باقی رہے۔

## مصنوعی مہدی

قرآن مجید سے جب تبلیغ قولی کی گئی اور اس کے اعلیٰ نمونہ پیش کر دیئے گئے۔ تو طریقہ قرآن یہ رہا کہ جو اہم ہستیاں آمد نبی علیہ الصلوٰۃ سے پہلے گذر چکی تھیں۔ ان کے تو نام بتلا دیئے۔ اور جو محافظین شرع عمل قرآن بن کر آئندہ آنے والے تھے ان کے نام نہیں بتلائے بلکہ ان کے صفات و لوازم صفات بیان کر دیئے۔ اس لیے کہ نام رکھ لینا آسان ہے۔ مگر صفات پیدا کرنے مشکل

Marfat.com

اب یہ سب نقلی مہدیؑ بھی ہمارے لیے ایک اہم دلیل وجود امام ہیں۔ اس لیے کہ نقل اسی کی بنتی ہے جس کی اصل موجود ہو۔ ورنہ جس کی اصل نہ ہو اس کی نقل ضرورت نہیں ہر نقل اصل سے پہچانی جاتی ہے۔ یہ شبہ ضرور ہوتا ہے کہ جب اصل موجود ہے تو خدا اس کو کیوں ظاہر نہیں فرماتا۔ تو سنت الٰہیہ یہ رہی ہے کہ جب نقلی ختم ہو جاتے ہیں۔ تب اصل سامنے لاتا ہے۔ حضرت موسیٰ کے سامنے جب تک سامری جادوگروں نے اپنی کل لکڑیاں اور رسیاں پیش نہیں کر دیں حضرت موسیٰ نے اپنا عصا پیش نہیں فرمایا۔ جب وہ سب پیش کر چکے۔ تب حضرت موسیٰؑ نے آیتہ الٰہی عصا کو پیش فرمادیا اور وہ سب کی رسیاں اور لکڑیاں نگل گیا۔ صرف وہی باقی رہا اور سارے جادوگر ایمان لے آئے۔ اگر ایک کا بھی جادو باقی رہ جاتا۔ تو جادوگر اس کا انتظار کرتے اور ایمان نہ لاتے۔ اسی طرح جب ساری مصنوعی امامتیں ختم ہو جائیں گی۔ تب خدا اپنی حجتہ کو ظاہر فرمادے گا اور سب کی امامتیں باطل ہو جائیں گی۔

یہ بھی یاد رکھئے گا کہ ان نقلیوں نے اصل کی عزت کو نمایاں کر دیا اور ان کی اہمیت بتلا دی۔ گدھے جو گھاس کھاتے ہیں۔ اس کی نقل کوئی نہیں بناتا آدمی جو زعفران کھاتے ہیں اس کی نقلیں دن رات بن رہی ہیں۔

معلوم ہوا کہ قیمتی اور نفیس شئے کی نقل بناتے ہیں۔ گھٹیا شئے کی نہیں بناتے تو ان نقلیوں سے اصل کی عزت معلوم ہو گئی کہ وہ اس قدر قدر و قیمت والا ہو گا کہ اگر آسمان سے کوئی نبی بھی اتر آئے تو وہ اصل مہدی کے پیچھے نماز ادا کریں گے۔ اور وہ امام دنیا کو عدل و داد سے بھر دے گا۔ اس قدر بہتات سے مہدی بنے مگر دنیا کو عدل و انصاف سے کوئی لبریز نہ کر سکا اسی نے بتلا دیا کہ سب نقلی تھے۔

اسلام کے خود ساختہ دور ہیں۔ درجنوں مہدیؑ بن جائیں ہم نہیں گن سکتے۔ نہ

Marfat.com

ہم ان کے دھوکہ میں آسکتے ہیں۔ اس لیے کہ گیارہ معصومینؑ کی بلند ہستیں۔ ان کی بے داغ زندگیاں ہمارے سامنے موجود ہیں۔ ان کے کمالات کا بار چھوٹے مدعیان امامت و مہدویت نہیں اٹھا سکتے۔ ان کا خدا سے تعلق۔ ان کی عبادات ان کے علوم ان کی امامت پر قول رسول گواہ ہے۔ ان کی امامت کے صفات پر قرآن کی گواہی موجود ہے، ان کی عصمت ان کے معجزات۔ ان کی بشری کمالات۔ ان پر اخلاق الٰہیہ کا پرتو ایسی چیزیں ہیں کہ نقلیوں کے دامن ان سے خالی نظر آرہے ہیں۔ بگڑتے اور بہکتے وہ ہیں جن کے پہلے ولی اور خود ساختہ امام ان نقلیوں سے مشابہ ہیں۔ خدا کے مقرر کردہ نبی کے فرمودہ آئمہ کی کوئی صفت ان سے یا جن کی یہ نقل ہیں ان سے نہیں ملتی۔

تعجب نہ کیجیے کہ خضر و الیاس زمین پر زندہ اور موجود ہیں۔ روایات معتبرہ بیان کرتی ہیں بلکہ سنت تائید کرتی ہے۔ لیکن آج تک کسی نے خضر ہونے کا دعویٰ نہیں کیا۔ یہ نام صرف اس لیے لے رہا ہوں کہ ان کی شہرت حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہے۔ پھر خضر ہونے کا دعویٰ کیوں نہیں کیا گیا۔ اور امام مہدی درجنوں بن گئے۔ تو خضر ہونے کا دعویٰ اس لیے نہیں کیا کہ احادیث و روایات نے ان کے موجود ہونے کی خبر تو دی تھی۔ لیکن ظہور اور قرب قیامت میں ان کی حکومت و امامت کی خبر نہیں دی تھی۔ اس امام کے ظہور کے بعد اس کی امامت اور حکومت اور دولت کی اس قدر کثرت سے احادیث موجود تھیں کہ مسلمان شدت سے اس کی آمد کے منتظر تھے اور اب بھی ہیں۔ تو خبر آمد مہدیؑ اور ان کی حکومت کی خبر نے خواہاں حکومت کو دعوائے مہدویت پر آمادہ کر دیا۔ اس لیے ان کو بہکے ہوئے گروہ کی امامت بھی مل گئی اور معتقدین کی دولت اور ان پر حکومت بھی مل گئی اور ان کے ختم ہونے پر ان کے خلفاء کا سلسلہ چل پڑا۔ لیکن ان جھوٹے دعوے داران سے پہلے اور ان کے بعد وہ علامات و حالات پیدا نہیں ہوئے جن کی خبر مخبر صادق ہمارے نبی اکرمؐ دے گئے تھے۔ مگر

Marfat.com

جب تک دنیا میں احمق اور جاہل موجود ہیں تو دعویٰ کرنے میں ہرج کیا ہے۔ نہ سہی دین دنیا تو مل جائے گی۔ نہ آئے قیامت خود تو آ گئے۔ نہ بھرے نہ زمین عدل و داد سے گھر تو دولت سے بھر گئے۔

آئندہ والے خواہ حق پر ہوں یا باطل پر اپنے کردار میں سابق کے مدعیان ناحق کے کردار سے جرأت حاصل کرتے ہیں۔ جب بہت سے خلفاء اسلام میں قائم مقامی نبی کی کوئی شرط اور صفت موجود نہ تھی۔ پھر بھی دعوائی خلافت چل گیا۔ تو اسی سے سبق لے کر اگر کوئی دعوائی مہدویت کر دے۔ تو کام چل جائے گا۔ پہلے خلیفہ بن گئے تھے یہ مہدی بن جائیں گے۔ مہدی بننے کے بعد اور دعوؤں کا راستہ ہموار ہو جائے گا۔

چنانچہ ہندوستان میں ایک صاحب اوّل مہدی موعود بنے۔ پھر مسیح ابن مریم بنے۔ پھر نبی ظلی بنے۔ وہ تو موت آ گئی تھی ورنہ اگلی منزل ظلی خدا بننے کی تھی۔

ہاں جو حضرات رسول آخرؐ اور قرآن اور اہلبیتؑ کی احادیث سے مکمل علامات وصفات امام کا سبق حاصل کر چکے ہیں۔ وہ نہ پہلے خلافتوں اور امامتوں کے چکر میں پھنسے نہ تازہ مدعیان مہدویت کے جال میں آئے اور اسی نعمت کی امام زمانہ حفاظت کر رہے ہیں یہی ان کے وجود کا مقصد اصلی ہے۔ کہ ہدایت یافتہ نئے جال میں نہ گرفتار ہوں۔ اس لیے جو اس امام غائب پر اعتقاد رکھتے ہیں ان کے یہاں نہ دیگر امامتوں کی گنجائش ہے نہ نبوتوں کی نہ خلافتوں کی۔ وہ آئندہ کے ان مصنوعی اماموں اور انبیاء سے محفوظ ہیں اگر اور کچھ بھی فائدہ نہ ہو تو ایک یہی فائدہ امام غائب سے ان کو حاصل کہ وہ کسی مصنوعی نبی یا امام کے پیچھے نہیں بھاگتے۔ ان کو ایک ہی کافی ہے۔ ایک خدائے غائب پر ایمان لا کر ہزاروں خداؤں سے صاف بچ گئے اسی

Marfat.com

طرح اس امام غائب پر ایمان لا کر سینکڑوں نقلی رسولوں اور اماموں سے بچ گئے. خدا کے مخالفوں نے غل مچایا کہ - (ارنا اللہ جھرۃ ر- قرآن کریم) ہم کو خدا کو کھلم کھلا دکھا دو وہی غل آج اس امام کے لیے ہے کہ اگر ہیں تو نظر کیوں نہیں آتے - ہم کو دکھا دو - ورنہ ہم کسی نہ کسی کو امام بنا لیں گے - اس لیے منکرین امام غائب کے یہاں نت نئے امام بنتے رہتے ہیں

## انتظار امام آخر

| | |
|---|---|
| ھل ینظرون الا ان تاتیھم الملائکۃ او یاتی ربک او یاتی بعض ایات ربک یوم یاتی بعض ایات ربک لا ینفع نفسا ایمانھا لم تکن آمنت من قبل او کسبت فی ایمانھا خیرا قل انتظروا انا منتظرون (انعام ۶) | اے نبی یہ اس کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں گے - یا تمہارا خدا آئیگا - یا تیرے خدا کی نشانی آئیں گی - تو جس دن تیرے خدا کی نشانی آئی گی - تو جو شخص پہلے سے ایمان نہیں لایا - یا اپنے ایمان کی حالت میں کوئی نیکی نہیں بجا لایا تو اب اس کا ایمان لانا کوئی فائدہ نہیں دے گا تم ان سے کہدو کہ وہ انتظار کریں ہم بھی انتظار کر رہے ہیں ۔ |

قرآن پاک کی آیتہ نے جس کا انتظار کرنا چاہیے اور جس کے انتظار کا حکم دیا ہے اس کو بالکل واضح کہہ دیا - ان لوگوں کو تین چیزوں کا انتظار تھا - خدا اور فرشتے اور خدا کی آیتہ مقررہ - تو اس آیتہ میں قرآن نے دو کا تو انکار کر دیا کہ نہ اس کے فرشتے آئیں گے نہ خود خدا - تیسری چیز کا اعلان کر دیا کہ خدا کی نشانیوں میں سے ایک نشان آئے گا اس سے مراد آیتہ قرآن نہیں وہ تو پورا آچکا ہے اور کامل ہے - اس لیے اب جدید

حکم نہیں آئے گا۔ بلکہ آیۃ سے مراد وہ معین ذات ہے۔ جو منجانب اللہ آئے گی۔ قرآن کی آیتہ نازل ہوتی ہے۔ آتی نہیں لفظ یاتی یعنی آئے گا۔ ایک ذات کو بتلاتا ہے۔ قرآن کی آیات کو خدا نے لفظ انزلنا (اتارا) سے بیان فرمایا ہے۔ لفظ یاتی (آئے گا) سے تو لفظ بعض آیات رب سے امام آخر مراد ہیں۔ وہ بھی وقت کا منتظر ہیں ہم کو بھی حکم انتظار دیدیا ہے۔

# آیت

اس آیت میں لفظ آیت سے کوئی دھوکہ نہ دے کہ آیت سے مراد قرآن کی آیت ہے۔ خداوند کریم نے جگہ اور مقام کو بھی آیت فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| (۱) فیہ آیات بینات مقام ابراھیم (آل عمران ۴) | اس کعبہ میں کھلی ہوئی آیتہ مقام ابراہیم ہے۔ |

(۲) نیک ہستیوں کو آیت فرماتا ہے۔ اصحاب کہف کے لیے فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| کانوا من آیاتنا عجبا (کہف ۱) | اصحاب کہف ہماری عجیب آیات میں سے تھے۔ |

(۳) جس جانور سے کمال قدرت اور تعجب انگیز صفت نمایاں کی ہے اس کو بھی آیتہ فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| ھذہ ناقۃ اللہ لکم آیتہ (اعراف ۱۰) | یہ اللہ کا اونٹ تمہارے لیے ایک آیتہ ہے۔ |

(۴) فرعون جیسے کافر کے بدن کو ا ننے دن محفوظ رکھا۔ تو اس کو بھی آیتہ فرمایا ہے

| | |
|---|---|
| الیوم ننجیک ببدنک لتکون لمن خلفک آیۃ (یونس ۹) | تاکہ بعد والوں کے لیے وہ ایک آیتہ بن جائے۔ |

Marfat.com

(۵) حضرت عیسیٰ اور ان کی والدہ کو بھی آیۃ فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| جعلناها وابنها آیۃ للعالمین (انبیاء ۶) | میں نے مریم کو اور اس کے بیٹے کو دنیا بھر کے لیے آیۃ بنا دیا۔ |

جب یہ ثابت ہو گیا کہ ہستیوں کو اور اشخاص کو اس نے آیۃ فرمایا ہے تو آیت مذکورہ میں تین ذاتوں کا انتظار امتوں کو تھا۔ ملائکہ وہ ہستیاں ہیں۔ خدا کا وہ بھی ہستی اور ذات ہے تو تیسری منتظرہ شئے بھی ذات ہو گی اور جس طرح حضرت عیسیٰؑ کو بقاء اور طول عمر دے کر آیۃ فرمایا ہے۔ اسی طرح سے یہ ذات اپنی بقاء اور طول عمر کی وجہ سے آیۃ ہے اور اسی کے انتظار کا خدا نے حکم دیا ہے۔ یہ مسلّم ہے کہ خدا جس کا حکم دے اس کا بجا لانا عبادت اور داخل دین ہے۔ تو اس ذات کا انتظار بھی عبادت اور داخل دین ہے اور اس انتظار کی عظمت اس سے معلوم ہو گی۔ کہ ہمارے ساتھ خدا بھی منتظر ہے۔ جب کہ وہ صلوٰۃ میں ہمارے ساتھ ہے وہ بھی صلوٰۃ بھیجتا ہے ہم بھی صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ اسی طرح وہ انتظار کرتا ہے اور ہم بھی منتظر ہیں اور بحکم خدا انتظار کرنا عبادت ہے۔ اے اہل نظر آل محمد میں وہ خوبیاں تھیں کہ ان کے کاموں میں خود قدرت ساتھ ہو کر۔ اہل ایمان کو بھی آمادہ کرتی ہے۔ وہ ان پر صلوٰۃ میں شامل ہے۔ ان کے انتظار میں ہمارے ساتھ ساتھ ہے، اسلام میں ساتھ۔ محبت میں ساتھ ہے

## متعلق انتظار دوسری آیۃ گرامی

| | |
|---|---|
| یقولون لولا انزل علیه آیۃ من ربه فقل انما الغیب لله فانتظروا انی معکم من المنتظرین (یونس ۲/۱) | کہتے ہیں کہ اس (نبی) پر آیۃ کیوں نہیں نازل ہوئی خدا کی جانب سے تو اے نبی کہدو کہ غیب صرف خدا کے لیے انتظار کرو میں بھی تمہارے |

Marfat.com

انتظار کرنے والوں میں ہوں۔

اس جگہ آیتہ سے مراد آیات قرآن نہیں وہ تو برابر نازل ہوتی رہتی تھیں۔ بلکہ وہ ایک نشان خدا کے خواہاں تھے۔ تو قدرت نے اس نشان کو غیب فرما کر کہدیا کہ اے نبی کہدو کہ انتظار کریں میں بھی تمہارے ساتھ منتظر ہوں۔ اب یہاں مراد علم غیب نہیں۔ نہ خدا کو علم غیب میں انتظار کی ضرورت تھی۔

عندہ مفاتح الغیب اس کے پاس تو غیب کی کنجیاں ہیں

اس نشان سے مراد کوئی ذات ہے جس کو وہ پردہ غیب میں چھپائے ہوئے ہے اور جب مناسب سمجھے گا اس کو نمودار کردے گا۔ اور خواہ آپ کے ساتھ نبی انتظار کریں۔ یا خدا۔ ایک شئے منتظر موجود ہے جس کے ہم سب منتظر ہیں اور اس حقیقت منتظر کے انتظار کا حکم ہے۔ اور چونکہ حکم خدا بجا لانا واجب اور عین دین ہے اس لیے انتظار عین دین اور عبادت ہے۔ مذہبی دنیا ایک کی آمد کی منتظر ہے۔ کسی کو آسمانی بادشاہت کا زمین پر انتظار ہے کسی کو کلنکی اوتار کا انتظار ہے کوئی مسیح کا منتظر ہے تو کوئی مہدی کا۔ غرض انتظار ایک دلیل تعلق ہے۔ جن کو انتظار نہیں ان کو تعلق نہیں۔ ایک باغبان کو ثمر آنے کا انتظار ہے۔ جس کا اس باغ سے تعلق نہیں وہ انتظار نہیں کرتے۔ ایک کاشتکار کو فصل کے آنے کا انتظار ہے جو دانہ اس نے جگہ گوشہ زمین میں چھپایا ہے اس کی نمو کا منتظر ہے۔ جن کے کھیت نہیں وہ کیوں انتظار کریں۔ شدت گرما میں آمد باراں کا انتظار ہے۔ باپ کو اولاد کے جوان ہونے کا انتظار ہے۔ غرض جدھر نظر ڈالیے انتظار ہی انتظار ہے مگر جن کو انتظار ہے ان کا مقصد موجود ہے اور جن کا کوئی ہے ہی نہیں وہ کیوں انتظار کریں۔

بحمد اللہ ہم آنے والے کے منتظر ہیں اس لیے کہ نبی صادقؐ نے خبر دیدی ہے

Marfat.com

قرآن نے اشارات سے بتلادیا ہے۔ انبیائے ماسبق نے آخری نبی کا انتظار کرلیا۔ ہم آخری امام کا انتظار کررہے ہیں۔

## انتظار

ہم بیان کرچکے ہیں۔ عالم میں ہر مخلوق کے لیے ایک حالت منتظرہ بنائی ہے اور دنیا کسی نہ کسی طرح کشمکش انتظار میں مبتلا ہے۔ اور دراصل یہ انتظار ہی ہے جو لطف و شوق کو بڑھاتا ہے۔ خدا نے اعلان

| | |
|---|---|
| انی جاعل فی الارض خلیفہ (بقرہ ۴) | میں زمین پر خلیفہ بناؤں گا۔ |

فرماکر کل فرشتوں کو منتظر خلیفہ بنادیا۔

| | |
|---|---|
| اذاخذ اللہ میثاق النبیین (آل عمران ۹) | تمام انبیاء سے اقرار مدد و ایمان نبی آخر الزمان لے کر ایک لاکھ ۲۴ ہزار کو منتظر نبی آخر بنادیا۔ |

اگر بغیر انتظار کے ہر چیز حاصل ہوجائے تو لطف و لذت فنا ہوجاتی ہے۔ دراصل لذت آتی ہی ہے انتظار کے بعد۔ تو جو لذت امامت خدا نے ہم کو دی ہے وہ ان کو نصیب نہیں جن کا کوئی امام نہیں۔ یا جن کو اس قدر آسانی ہے کہ نہ حکم خدا کی ضرورت ہے نہ قول نبی کی جس کو دل چاہا ہاتھ بڑھا کر امام بنا لیا۔ وہ لذت انتظار کیا جانیں۔ یہ انتظار ہی ہے جو محبت حقیقی کی کسوٹی ہے۔ یہ انتظار ہے جس سے اکتا کر دنیا انکار کر بیٹھی ہے۔ یہ انتظار ہی ہے جس کو اشد من الموت = موت سے زیادہ بتلایا گیا ہے۔ یہی انتظار بتلاتا ہے کہ کون اپنے محبت و مقصد و مقصود میں مستحکم ہے اور کون ڈانوانڈول ہے۔

Marfat.com

قدرت اسی آزمائش کے نمود کے لیے حکم دیتی ہے کہ تم انتظار کرو۔ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔ مصلحت کی تم کو خبر نہیں۔ میں جانتا ہوں۔ اس لیے اللہ والے اللہ کے ساتھ منتظر ہیں اور یہی دلیل استقامت ہے۔

## انتظار کے بعد راحت

انتظار وہ سختی ہے کہ جس میں نظریں انتظار سے تھک کر دل کو مایوس کر دیتی ہیں موت آسان ہے مگر انتظار اس سے زیادہ سخت ہے ذرا انتظار کرنے والوں سے پوچھئے ان کے دل پر کیا گذرتی ہے۔ نگاہوں کا بار بار اٹھنا۔ جدھر دل پڑا ہوا ہے چہرہ کا رخ اُدھر رکھنا۔ آمد کا رخ معین ہے تو نگاہیں ادھر جا دینا۔ اگر رخ معین نہیں تو چار سو دیکھنا۔ یاد کر کے آہیں بھرنا آہ کر کے بیٹھ جانا۔ چین نہ پا کر پھر اٹھنا یہ انتظار کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ ایمان والے بھی ارشاد رسول سن کر ایک آنے والے کے منتظر ہیں اور صدیوں سے منتظر ہیں۔ ادھر طوالت انتظار میں دل گھبرایا۔ ادھر قرآن نے زبان قدرت سے صدا دی۔

| | |
|---|---|
| فانتظروا انی معکم من المنتظرین (اعراف ۷) | انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔ |

صدا سن کر مرجھائے ہوئے دل پھر شاداب ہو گئے۔ ادھر آمد میں تاخیر ادھر یہ خوشخبری کہ آنے دو۔

| | |
|---|---|
| یملأ الارض قسطا وعدلا | وہ آ کر تمام دنیا کو عدل و انصاف سے لبریز کر دے گا۔ |

کیا اتنے دن کی بگڑی ہوئی دنیا اس قدر جلدی عدل سے بھر جائے گی۔ مگر اس کا جواب آنے والے آب باراں اور زمین کی سرسبزی سے پوچھئے۔ اگر موسم

Marfat.com

میں بارش نہ آئے تو پھر چمن کے مالی سے پوچھیئے۔ چمن میں خاک اڑی۔ پتے کملائے اور زرد ہو کر گر گئے۔ سبزہ نابود ہوا سارا چمن خشک سالی سے ایک سال میں تباہ ہو گیا۔ تو روزانہ کا مشاہدہ ہے کہ بگڑنے میں ایک فصل سے دوسری فصل صرف ہوتی ہے۔ لیکن جس بارش کا انتظار تھا۔ اس کا پہلا پانی برسا اور چمن میں شادابی نظر آنے لگی کونپلوں نے سبز ہو کر سر ابھارا اور سارا چمن سرسبز ہو گیا۔ بیشک دنیا بگڑی۔ ظلم و استبداد سے بھری۔ فسادات ابھرے اقوام تباہ ہوئیں۔ مگر اس نور کے آتے ہی اور فرزند رحمت کے پہنچتے ہی دنیا عدل و داد سے بھر جائے گی۔

## لا مہدی الا عیسیٰ

مخالفین امام مہدیؑ نے انکار امام مہدیؑ کے لیے یہ روایت بنا دی۔ کہ مہدیؑ عیسیٰؑ ہی ہیں۔ وہ جداگانہ وجود نہیں رکھتے ہیں۔ اس روایت کو سابقہ احادیث صحاح رد کرنے کے لیے کافی ہیں۔ مگر ہم اس کے متعلق صرف اس قول کو پیش کرتے ہیں جس کو خود اہل سنت نے لکھا ہے اور اس روایت کے وضعی ہونے کو بتلایا ہے۔

علامہ ابن حجر ہیثمی کہتے ہیں کہ ہم

(۱) تاویل حدیث لا مہدی الا عیسیٰ۔ کہ کوئی مہدی نہیں سوائے عیسیٰؑ کے خواہ مخواہ کیوں کریں۔ تاویل تو تب کی جاوے۔ جب یہ حدیث ثابت ہو جائے۔ (۱) حاکم نے اس روایتہ کو بیان کر کے کہا ہے کہ میں نے تعجب کر کے اس حدیث کو لکھا ہے نہ کہ دلیل کے طور پر۔ (۲) بیہقی یہ کہتا ہے کہ اس کو صرف اکیلے محمد ابن خالد نے روایتہ کیا ہے (کوئی اور راوی ہم خیال نہیں نہ کوئی موئید ہے) اور حاکم نے محمد ابن خالد کو مجہول کہا ہے۔ (جس کے دیانت و حالات کی خبر نہیں)۔ (۳) نسائی

نے کہا ہے کہ وہ منکر ہے اور حدیث ناقابل اعتبار بلکہ قابل رد ہے۔ (۴) حافظان احادیث کی پختہ رائے یہ ہے کہ جن احادیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ امام مہدیؑ اولاد فاطمہؑ سے ہوں گے۔ ان کی سندیں بے حد صحیح ہیں، اس لیے یہ روایت غلط ہے (صواعق محرقہ ابن حجر صفحہ ۹۸ طبع مصر) اب کتب صحاح اور سندوں کی معتبر احادیث کے بعد جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نے یہ تصریح کی ہے کہ امام مہدیؑ اولاد فاطمہؑ سے ہوں گے۔ اس لامعلوم راوی کی یہ روایت کیا حقیقت رکھتی ہے۔

دشمنان آل محمدؑ و اولاد فاطمہؑ نے جیسے اور روایات گھڑی ہیں انہیں ہی میں سے یہ بھی ہے۔

## پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائیگا

مزید توضیح (کنز العمال جلد ۷ سابع صفحہ ۱۸۶ طبع دکن) میں علامہ متقی نے چودہ روایات لکھی ہیں جن میں صاف تحریر ہے کہ المہدی من اھل بیتی کہ امام مہدیؑ کے متعلق نبی نے فرمایا ہے کہ وہ میرے اہل بیت سے ہوں گے اور ایک روایت میں ہے کہ من اھل البیت یعنی امام مہدیؑ اہل البیت میں سے ہوں گے۔ اگر مخالفت پنجتن کی بنا پر اہل البیت سے مراد نبی کے گھر والے لیے جائیں تو امام مہدی کبھی نبی کے گھر میں نہیں رہے۔ اس لیے جنہوں نے اہل البیت سے نبی کے گھر والے مراد لیے ہیں۔ وہ غلطی پر ہیں۔ البتہ اس سے مراد نبی کے گھرانے والے ہیں اور اس میں شک نہیں۔ کہ امام مہدیؑ نبی کے گھرانے والے اور کنبہ والے اور اولاد ہیں اور جب یہ اہل البیت میں شامل ہیں تو بہ نص آیت قرآنی انما یرید اللہ یہ پاک و پاکیزہ و معصوم ہیں۔ روایات مذکورہ کنز العمال میں نبیؐ نے صاف فرمایا ہے کہ۔

Marfat.com

من ولدی — امام مہدیؑ میری اولاد سے ہوں گے

پھر فرمایا ہے۔

من عترتی — میرے کنبہ اور قبیلہ میں سے ہوں گے

ان واقعات صریحہ کے بعد لا مہدی الا عیسیٰ والی روایت کی کوئی حقیقت نہیں رہتی۔ خصوصاً جبکہ صحاح کی روایات بھی اس کی مخالفت کرتی ہیں۔

علامہ شبلنجی نے نور الابصار طبع مصر صـ۱۸۶ ۔ حیات امام مہدیؑ کی مزید تائید فرما کر اس حدیث کی تردید کی ہے اور حیات حضرت امام مہدیؑ کے دلائل بیان کئے ہیں۔ نیز آپ کی حیات کی تائید۔ قطب شعرانی نے الیواقیت والجواہر طبع مصر میں کی ہے۔ اور شیخ حسن عراقی مدفون مصر اور سید علی الخواص نے بھی حیاۃ امام مہدی کی تائید کی ہے اور لامحالہ یہ ذات حضرت عیسیٰ سے جداگانہ ہے۔ اسی لیے مشہور تفسیر علامہ قرطبی میں بھی اس مصنوعی روایت کی تردید کی گئی ہے (مشارق الانوار علامہ حمزادی طبع مصر صـ۱۵۵ ) اور خود علامہ حمزادی نے بھی اس روایت کو ضعیف لکھا ہے (مشارق صـ۱۵۷ )

اب ہم اس ذکر کو علامہ ابن صبان کے قول کے بعد ختم کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ احادیث متواترہ ہیں کہ امام مہدیؑ ہمارے نبی کے اہل بیت میں سے ہوں گے (اسعاف الراغبین) علامہ شیخ محمد الصبان طبع مصر صـ۵۲ اب حدیث متواترہ کے بعد مجہول السند حدیث کا کوئی اعتبار نہیں۔ اس امام کے وجود پر روایات کے متواترہ ہونے کا اقرار علامہ ابن حجر نے بھی کیا ہے۔ (صواعق محرقہ ابن حجر ہیتمی طبع مصر صـ۱۰۲ ) اور اسی طرح مستقل وجود امام کے متعلق اور یہ کہ وہ اہل بیت نبی سے ہوں گے۔ تواتر روایات کا اقرار (نور الابصار علامہ شبلنجی مطبع مصر صـ۱۸۶ پر بھی موجود ہے۔

Marfat.com

اب مدعیان خلافت وحکومت کے طرفدار راویوں کی دوسری ترکیب بھی دیکھ لیجیے۔ جہاں آنحضرتؐ نے اس امام کی خبر دی ہے وہاں فرمایا ہے: اسمہٗ اسمی۔ وہ میرا ہم نام ہوگا۔ خلافت اور حکومت نے موقع دیکھا تو خلفاء بنی عباس کی حسب مرضی فوراً روایات میں اضافہ کر دیا۔

اسمہٗ اسم ابی — ان کا باپ میرے باپ کے ہمنام ہوگا۔

تاکہ یہ روایتہ مہدی عباسی جو منصور دوانقی کا بیٹا تھا۔ اس پر چسپاں ہو جاوے اور باپ اور بیٹے دونوں سے منہ مانگا انعام مل جائے۔

اسمہ اسمی کے بعد اسم ابیہ اسم ابی اور بڑھا دیا۔ کہ اس کا باپ میرے باپ کا ہمنام ہوگا۔ منصور دوانقی کے اس بیٹے کا نام محمد ابن عبداللہ المنصور تھا۔ اور آنحضرت محمدؐ ابن عبداللہ تھے۔ تو نام سے نام ملا کر اپنا کام نکالنا چاہا۔ اور گویا ہمارے امام کو بیدخل کر دیا۔ اس لیے کہ آپ کا نام محمد ابن الحسن العسکری تھا۔ شرط آخر گویا آپ میں نہ تھی۔ اس لیے وہ مراد نہیں ہیں بلکہ مہدیؑ عباسی مراد ہے۔

لیکن ان کی اس دھاندلی کو حافظان احادیث نے پکڑ لیا۔ اس روایتہ کا راوی زائدہ نام تھا۔ حافظان احادیث کہتے ہیں کہ اصل روایتہ اسمہ اسمی پر ختم ہو جاتی ہے۔ باقی کو زائدہ نے زاید کر دیا ہے۔ جیسا نام تھا ویسا کام کر کے دکھلا دیا۔ حافظ حدیث علامہ گنجی اپنی کتاب البیان صفحہ ۳۲۶ میں اس کی مفصل تردید کرتے ہیں۔ اور آخری فیصلہ یہ کرتے ہیں۔

ان ھذہ الزیادۃ لا اعتبار لھا — اس زیادتی کا کوئی اعتبار نہیں

مع اجماع ھولاء الائمۃ — خصوصاً جبکہ آئمہ احادیث اس

علی خلافها — کے خلاف بیان کرتے ہیں

لیجیے جس اضافہ کی چوٹ منصور عباسی کے بیٹے کی پیشانی پر لگائی گئی تھی وہ اتر گئی اور وہ غریب دولت خروج کر کے بھی مہدی نہ بن سکا۔

اگر بفرض محال اس اضافہ کو صحیح بھی مان لیں تو اس کی بہترین حقیقت وہ ہے جو علامہ ابن طلحہ شافعی نے مطالب السئول صـ ۲۹۸ میں بیان کی ہے۔ اس پہ ہزار آفرین کہنے کو دل چاہتا ہے۔ اس کا ترجمہ حاضر کرتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ زبان عرب میں جداعلیٰ (اوپر والے دادا) کو باپ کہتے ہیں۔ قرآن پاک میں ہے

ملۃ ابیکم ابراھیم۔ — تمہارے باپ ابراہیم کا دین

حالانکہ وہ دادا تھے۔ واقعہ یوسف میں مذکور ہے۔

واتبعت ملۃ آبائی — میں نے اپنے باپ ابراہیم اور

ابراھیم واسماعیل — اسماعیل کے دین کی پیروی کی ہے

دونوں جگہ جداعلیٰ کو باپ کہا گیا ہے۔ دوسرا امر یہ ہے کہ لفظ اسم کنیت اور صفت دونوں کے لیے بولا جاتا ہے۔ جیسا کہ بخاری اور مسلم دونوں میں یہ روایات موجود ہے کہ امیر المومنینؑ کے نزدیک ابوتراب سے زیادہ کوئی اسم اور نام محبوب نہ تھا تو کنیت کو اسم کہا ہے۔

اس بنا پر امام مہدیؑ کے جداعلیٰ حضرت ابو عبداللہ الحسین تھے اور آپ کی کنیت ابو عبداللہ تھی اور چونکہ حضرت امام مہدی ان کی اولاد سے تھے۔ اس لیے وہ آپ کے والد تھے اور آپ کا نام محمد تھا۔ اب بفرض محال اس روایۃ کو صحیح بھی مان لیا جائے تو امام مہدی کا نام محمد تھا۔ حسب آیات قرآنی آپ کے والد (دادا امام حسین) کا نام عبداللہ تھا۔ تو اسمہ اسمی واسم ابی اسم ابیہ والی روایۃ بھی اس تاویل سے جس کی تائید قرآن کرتا ہے صحیح ہو جائے گی۔

Marfat.com

# اگر موجود ہیں تو کبھی کسی نے دیکھا ہے

جن حضرات کو احادیث رسول اور وجود حجتہ خدا کا انکار ہے وہ کہتے ہیں کہ اگر امام مہدیؑ موجود ہیں تو دنیا میں کوئی تو یہ کہتا کہ ہم نے دیکھا ہے۔ جن حضرات نے دیکھا ہے۔ ہم ان کا ذکر کرتے ہیں۔ مگر منکر پھر بھی نہ مانیں گے۔ اس لیے کہ کسی معترض نے نہیں دیکھا۔ اگرچہ وہ بغیر دیکھے شیطان کا اقرار کرتے ہیں۔ مگر چونکہ امام اور اہل بیت سے عداوت اور حسد ہے۔ اس لیے وہ اس شئیہ کو پیش کرتے ہیں۔ اب اگر ہم ان شیعہ علماء کی فہرست پیش کر دیں کہ جنھوں نے زیارت امامؑ کی ہے۔ تو پھر انکار کا بہانا مل جائے گا کہ یہ تو شیعہ ہیں۔ انھوں نے واقعات بنا دیئے ہیں۔ اس لیے ہم صرف ان اہلسنت کا ذکر کرتے ہیں کہ جن کو زیارت نصیب ہوئی ہے اور ان کے نزدیک ہر وہ سنی جو ۱۲ امام کے وجود کا قائل ہے وہ جہاد نفس اور عبادات کے ذریعہ سے اس امام زمانہ کی زیارت کر سکتا ہے

(۱) قطب شعرانی اپنی کتاب بھجتہ النفوس والاسمار میں تحریر کرتے ہیں کہ سید حسن عراقی نے جامع اموی دمشق میں حضرت امام مہدی کی زیارت کی۔ اور ان حضرت نے ان کو اعمال بتلائے (مشارق الانوار علامہ حمزادی طبع مصر ص ۱۵۷ واسعاف الراغبین علامہ شیخ محمد الصبان طبع مصر ص ۵۳)

(۲) شیخ عبدالوہاب شعرانی اپنی کتاب انوار القدسیہ میں لکھتے ہیں کہ ہمارے بعض بزرگان دین فرماتے ہیں کہ ہم نے دمشق (الشام) میں آپ کی بیعت کی ہے اور سات دن ان کے حضور میں رہے ہیں۔ غالباً یہ سات دن کا قیام حسن عراقی ہی کے ساتھ رہا۔ جیسا کہ قطب شعرانی نے اپنی کتاب طبقات الکبری مسمی بہ لواقح الانوار کے جزو ثانی میں ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

(۳) شیخ عبداللطیف الحلبی کہتے ہیں کہ مجھ سے میرے باپ ابراہیم رحمتہ اللہ نے کہا کہ میں نے بعض بزرگان مذہب سے سنا کہ وہ کہتے تھے کہ ہم نے امام مہدیؑ کی بیعت کی ہے۔ ینابیع المودۃ شیخ الاسلام علامہ قندوزی۔ طبع قسطنطنیہ باجازت دفتر علوم بہ زمانہ سلطان عبدالعزیز خلیفہ ترکی صـ۴۷۱)

اسی مشہور کتاب میں ان اکیس آدمیوں کے نام کی روایتیں لکھی ہے جنھوں نے امام زمانہ کی زیارت کی ہے۔ (ینابیع صـ۴۶۳) ان کے علاوہ تین وہ راوی ہیں۔ جن کو ہم اوّل میں بطور گواہ شرعی پیش کر چکے ہیں۔

فمن شاء فلیؤ من — جس کو خدا توفیق دے وہ ایمان لے آئے گا۔

٭ ٭ ٭

یہ بھی یاد رہے کہ زنگ خوردہ لوہا نور کی چمک کو نمایاں نہیں کرتا نہ صورت کو دکھلاتا ہے لیکن اگر زنگ کو دور کر کے صیقل کر دیں تو نور کی چمک آجائے گی اور صورت بھی نظر آجائے گی۔ آج اگر تزکیہ نفس کر کے تقویٰ سے دل کو جلا دیں تو ضرور صفائے قلب کے بعد آج بھی امام نظر آسکتے ہیں۔ سورج کی روشنی ہر جگہ موجود ہے۔ مگر مٹی کے ڈھیر میں نمایاں نہیں ہوتی۔ البتہ کٹورہ بھر پانی میں اس کی صفائی کی وجہ سے آفتاب کی آب تاب نظر آجاتی ہے۔ ایسے واقعات موجود ہیں کہ جن نفوس نے عبادتیں کیں اور صفائے نفس حاصل کی اور اعلیٰ مدارج پر پہنچے۔ ان کو زیارت امام عالی مقام ہوگئی۔ اگرچہ غیبت کا پردہ یہاں بھی اس قدر باقی رہا کہ مشکل مسائل کا حل پا کر لا علاج بیماری سے نجات پا کر پھر پتہ چلا کہ جس نے سوال حل کیے ہیں اور بیماری سے نجات دلائی وہ صرف امام کی ذات تھی جس سے یہ فیض پہنچا۔ مگر ان کا خیال اور تصور بعد میں آیا اور بعض جگہ اسی وقت علم ہوگیا۔ مگر حضرت نظروں سے پنہاں ہوگئے۔

## انکار غیب کے نقصانات روحانی

اس مادی دنیا کا یہ اصول ہے (۱) کہ جو نظر نہ آئے اس کا انکار کر دو (۲) جو سمجھ میں نہ آئے اس کا بھی انکار (۳) جو اپنے خیالات اور مذہب کے خلاف ہو اس کا بھی انکار (۴) مذہبی کتابوں میں جن غائب اشیاء کا ذکر ہے۔ اس کا بھی انکار کر دو (۵) دوزخ اور جنت کا انکار کر کے اخلاقیات سے خوف و رغبت کو مٹا دو۔ پھر جو چاہو سو کرو۔ وغیرہ وغیرہ کی بنا پر انکار حقائق کر دیا جاتا ہے۔

اس انکار کی ابتدا دشمنان اہلبیت اور محبان خلافت امویہ و عباسیہ سے شروع ہوئی اور ان کے زیر اثر لوگوں نے امام غائب کا انکار کر دیا۔ پھر اسلام کے وہ متکلمین جو فلسفہ یونان کے زیر اثر تھے۔ انہوں نے فرشتوں اور جنات کے وجود میں تاویل کر کے انکار شروع کر دیا۔ جس کو یورپ زدہ مسلمانوں نے خیالی رنگ دے کر ان کا انکار شروع کر دیا۔ یورپ نے تو حد کر دی کہ روح وغیرہ کے بھی منکر بن گئے ان کی انکار کی آخری حد منکرین خدا نے پوری کر دی اور خدائے غائب کا بھی انکار کر دیا۔ چونکہ تمام مذاہب کی بنیاد اعتقاد بالغیب پر ہے۔ جس کو کل انبیاء بتلا تے رہے۔ اس لیے تمام غیبوں کا انکار کر کے نہ خدا ہی کو باقی رکھا نہ رسولوں کے بتائے ہوئے مذہب کو۔ اس طرح مذہب سے آزاد ہو کر مادر زاد آزاد بن گئے اور تمام پابندیوں سے آزادی حاصل کر لی اور دنیا کو اپنی من ملتے قوانین کا پابند کر دیا۔ اور انکار مذہب کر کے جن پابندیوں سے چھٹکارا حاصل کیا تھا۔ اس سے زائد پابندیوں میں گرفتار ہو گئے۔

در اصل امام غائب کا انکار محراب غیب کی آخری اینٹ کا نکال دینا تھا جس کے بعد سارے غیبوں کے انکار کا راستہ کھل گیا۔ اور محراب غیب کل کی

کل گر پڑی جب اس دیوار گرنے کے بعد بھی خدا نظر نہ آیا تو اس کا بھی انکار کر دیا گیا یہ تھا نتیجہ انکار غیب۔

اس لیے کہ منکرین امام کے اعتراضات بالکل اسی اصول پر مبنی ہیں۔ جن اصول سے آج خدا کا انکار کیا جا رہا ہے۔ گویا اس آخر کے انکار نے خدا کے انکار کا راستہ صاف کر دیا۔ اہل دین اس سے عبرت حاصل کریں۔

## وجود خدا پر مسلمانوں کی دلیل

مسلمان کہتے ہیں کہ آثار کے وجود سے موثر کا نشان ملتا ہے اور صنعت کا وجود صانع پر روشنی ڈالتا ہے۔ جب آثار قدرت نمایاں ہیں تو قادر کا ماننا لازمی ہے لیکن اس دلیل کو وہ امام کے لیے بھول جاتے ہیں۔ ہر نبی کے بعد دوسرا نبی تب آیا جب اس کے سابق کے دین کو برباد کر دیا گیا اور حافظان دین کی قلیل تعداد کو بے اثر کر دیا گیا۔ اس نبی نے آکر پھر دین اجاگر کیا۔ اس کے انتقال کے بعد پھر دین کی وہی گت بن گئی جو موسیٰ کے کوہ طور پر چند روزہ غیر حاضری میں بن گئی تھی کہ اس کے مقرر کردہ خلیفہ کو بھی نہیں مانا اور بگاڑے کی پوجا اس کو خدا مان کر شروع کر دی۔ پھر دوسرا نبی آیا۔ اس نے راہ حق دکھلائی اور یہ سلسلہ آخری نبی تک رہا۔ ہمارے نبی بھی اس وقت تشریف لائے۔ جب گمراہی چھا گئی تھی۔

| | |
|---|---|
| وان کانو من قبل لفی ضلال مبین (جمعہ ۲) | جب دنیا کھلی گمراہی میں مبتلا ہو گئی تھی۔ |

نہ شریعت ابراہیم باقی رہی تھی نہ موسوی شریعت نہ عیسوی تعلیمات۔ یہ سب خود ساختہ نمائشی دین میں بدل گئیں تھیں۔ بہر حال ہر نبی کی حیات میں اگرچہ سب ایمان نہیں لائے۔ مگر ایک قلیل گروہ تو ایمان پر باقی و استوار رہا

Marfat.com

وما آمن معہ الا قلیل — بہت تھوڑے سے لوگ ایمان لائے

مگر نبی کے بعد پھر تو پورا میدان صاف ہو گیا اور کھلی گمراہی رونما ہو گئی۔ صرف چند اہل ایمان ایمان پر باقی رہے۔ اس وجود ہادی نے بتلا دیا کہ بعد نبی کوئی سنبھالنے والا موجود تھا۔ تو آثار ہدایت نے مؤثر کا پتہ بتلا دیا اور آخری نبی کے بعد پوری گمراہی نہیں پھیلی۔ ۷۳ میں سے ایک حق پر ہے اور رہیگا۔ اسی نے بتلا دیا کہ کوئی ان کا محافظ موجود ہے جس کی وجہ سے یہ اقلیت باقی ہے اور ضلال مبین نہیں پھیلی۔ اسی اثر سے ہم ایک مؤثر یعنی حجت خدا۔ محافظ دین۔ ہادی روحانی کے قائل ہیں

ان کے اعتقاد سے نہ کفر لازم آتا ہے نہ شرک نہ نفاق۔ اگر وہ نہیں بھی ہیں تو اس اعتقاد سے کہ وہ ہیں کوئی خرابی شریعت میں نہیں پیدا ہوتی۔ لیکن اگر وہ ہیں اور پھر ہم انکار کر رہے ہیں۔ تو شریعت کے ایک اصول اور امامت جاریہ جس کا خدا وعدہ کر چکا ہے اور حجت خدا جس کا ہر دم وجود ضروری ہے اور قرآن کی اکثر آیات اور رسول کی احادیث کے منکر بنتے ہیں اور بہتر ۷۲ کی اکثریت میں شریک ہو جاتے ہیں اور ۷۳ کی ایک اکائی حق پر باقی رہ جاتی ہے۔

امامت کے جو اوصاف و کمالات قرآن نے بیان کئے ہیں۔ ان کمالات کا مستحق تمام اسلام میں آج آنکھوں کے سامنے موجود نہیں ہے اور آج عالم میں کوئی فرد امامت کے ان تمام اوصاف و لوازم سے آراستہ نظر نہیں آتا۔ جن کمالات امامت کو قرآن نے واضح کیا ہے۔ ان کا موصوف کوئی ظاہر میں نہیں ملتا۔ تو اس بنا پر اگر وجود امام کا انکار دیا جائے تو حدیث

| | |
|---|---|
| من مات ولم یعرف امام زمانہ۔ الخ۔ | جو اپنے امام زمانہ کو پہچانے بغیر مر جائے وہ کافر کی موت مرے گا۔ |

بالکل بیکار ہو جائے گی۔ جب سارے زمانہ میں کوئی امام متصف باوصاف قرآن نظر نہیں آتا تو پھر نبی کی تاکید معرفت امام بیکار تھی۔ پھر خدا کا یہ دعوی کہ میں امام اور وارث بناتا ہوں گا۔ دھوکہ قرار پائے گا۔ پھر صادقین کی پیروی کا حکم۔ اولوالامر کی اطاعت کا حکم۔ وسیلہ تلاش کرنے کا حکم۔ خدا کے اعلان کہ وہ حاکموں کا وجود سب بیکار محض اور ایک ڈھونک بن جائے گا۔ جب کوئی امام اولی الامر۔ صدق نطق کا حامل وسیلہ موجود بھی نہیں تو وعدے کیسے اور ذکر کیوں ہے۔ رہے غائب کے ماننے والے تو وہ ان اوصاف امامت پر ایمان لا کر ایک امام کا اقرار کرتے ہیں اور خدا کے وعدوں کو چھوٹا اور نبی کی تاکید کو بیکار نہیں سمجھتے۔ وہ ایک امام غائب سے روحانی فیض حاصل کرتے ہیں اور جیسے خدائے غائب کی معرفت حاصل کرتے ہیں۔ اسی طرح امام غائب کی۔ اس لیے کہ اس امام کی معرفت کا سبق ایک نبی آخر اور گیارہ معصوموں نے دیا ہے اور اتنی شہادتوں کے بعد ہم کو اسی طرح امام کا یقین ہے۔ جیسے ایک اندھے کو آنکھ والوں سے سن کر سورج نکلنے کا یقین ہو جاتا ہے اور اگر کسی اسلامی فرقہ کے یہاں اس کا ذکر نہیں ہے تو یہ خدا اور رسول کا قصور نہیں۔ یہ ان راویوں اور اہل غرض کا قصور ہے جو صاحبان حکومت کے بل بوتے پر راوی بنے ہوئے تھے اور روایات کو چھپا رہے تھے۔ اگر ان روایات کر دیتے تو ان کی حکومتیں اور خلافتیں سب خاک میں مل کر رہ جاتیں اور آج۔ اسلام میں کوئی منکر امامت نظر نہ آتا۔

## اوصاف امامت حسب فرمودہ قرآن

جس طرح خداوند کریم نے متقین اور مومنین کے صفات کو مختلف جگہ بیان فرمایا ہے۔ اب جو ان اوصاف کا جامع ہو گا وہی امام ہو گا۔

Marfat.com

ہم نے ہر آیتہ جتنے اوصاف بیان کرتی ہے۔ ان کو جدا جدا لکھا ہے اور پھر دوسری آیتہ کے نمبروں کا پہلی آیتہ کے ساتھ شمار کیا ہے۔ تاکہ آخر میں معلوم ہو جائے کہ کس قدر اوصاف امامت کے لیے ضروری ہیں۔ مکررات کو سابق کے نمبر سے بیان کر دیا ہے۔

آج کل نہ معلوم کس قدر امامتیں دعویٰ کر رہی ہیں۔ کوئی خود کو امام حاضر کہتا ہے۔ کوئی خود کو المعصوم یعنی مثل معصوم کہتا ہے۔ کوئی امام الحدیث کے ساتھ اپنی امامت پر نازاں ہے۔ کوئی امام تاریخ کے لقب پر مسرور ہے۔ کوئی امام جمعہ وجماعت ہی کہلا کر خوش ہو جاتا ہے اور کوئی محض امام جماعت بن جاتا ہے اور پھر اس روحانی عبادت کے امام بننے میں اس قدر آسانی ہے۔

| | |
|---|---|
| صلوا خلف کل برّ و فاجر۔ | ہر نیک و بد کو امام نماز بنا کر نماز پڑھ لو۔ |

قیاس کن ز گلستان من بہار مرا۔

اب جن امامتوں کی امت نے یہ گت بنالی ہے۔ ذرا قرآن سے پوچھیے کہ وہ کس کو امام کہتا ہے۔ تو عالم میں سب سے پہلا اعلان امامت حضرت ابراہیم کے لیے ہوتا ہے۔ یہی وہ امام ہے جس نے ہم سب کو مسلمان کا خطاب دیا ہے

| | |
|---|---|
| ھو سمّاکم المسلمین (حج ۲۲/۱۰) | اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ |

اور یہی وہ ذات مقدس ہے کہ جس نے اقرار ایمان بھی کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| اَوَلَمْ تُؤمن قال بلیٰ (البقرہ ۲/۳۵) | کیا تم ایمان نہیں لائے عرض کی ہاں میں ایمان لایا ہوں۔ |

اور یہی ہے وہ ذات ہے کہ جس کو خدا نے لقب شیعہ سے سرفراز فرمایا ہے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| انّ من شیعتہ لابراھیم (صافات ۳۷) | اس کے شیعوں میں سے ابراہیم ہے۔ |

## پہلی آیتہ

توحضرت ابراہیم مسلمان ہیں۔ مومن ہیں۔ نبی ہیں۔ رسول ہیں۔ شیعہ ہیں اور امام ہیں۔ یہی وہ بلند مرتبہ عہدہ ہے۔ جو آپ کو بعد امتحان دیا جاتا ہے اور اعلان کیا جاتا ہے کہ۔

| | |
|---|---|
| انی جاعلک للناس اماماً (البقرہ ۲) | میں تم کو آدمیوں کے لیے امام بناؤں گا۔ |

مگر یہ اعلان کب ہوا کہ جب امتحان میں کامیاب ہو گئے۔

| | |
|---|---|
| اذ ابتلی ابراھیم ربّہٗ بکلمات فاتمھن ر (البقرہ ۲/۱۵) | جب پروردگار نے کلمات کے ذریعہ سے آپ کو آزمایا اور آپ اس آزمائش میں پورے اترے |

تب اعلان اِنّی جاعل فرمایا۔ اس وقت آپ نے فرمایا کہ من ذریتی

| | |
|---|---|
| قال لاینال عھدی الظلمین (البقرہ ۲/۱۵) | میری اولاد سب تو قابلیت نہیں رکھتی لیکن کچھ اولاد کو امام بنا دے |

جواب ملا کہ ہاں میں ذریت کو امامت دوں گا۔ لیکن ظالموں کو نہیں۔ آپ فوراً سمجھ گئے کہ یہاں ظالم سے خدا کی کیا مراد ہے اس لیے فرمایا۔

| | |
|---|---|
| واجنبنی وبنیّ ان نعبد الاصنام (ابراھیم ۱۴) | مجھ کو اور میری اولاد کو بتوں کی پرستش سے بچا لے اور محفوظ رکھ |

اب ان آیات سے حسب ذیل امور و صفات واضح ہوتے ہیں۔

(۱) کہ امام بنانے کا حق صرف خدا کو ہے۔ آدمیوں کو نہیں۔ امام آدمیوں کے لیے ہوگا۔ مگر بنائے گا خدا۔

(۲) امامت اس کو ملے گی جو امتحان خداوندی میں کامیاب ہوگا۔

(۳) حضرت ابراہیم نے امت کے لیے خواہش امامت نہیں کی۔ بلکہ اولاد کے لیے کی ہے۔ اگر امت کا اس میں حق ہوتا تو حضرت ابراہیم کبھی حصہ امت چھین کر صرف اولاد کے لیے یہ تمنا نہ کرتے۔ اگر خدا بھی امت کا حق سمجھتا تو جیسے اولاد کے لیے فرما دیا تھا کہ امامت ظالموں کو نہیں دوں گا۔ اسی طرح فرما دیتا کہ صرف تمہاری اولاد کے لیے نہیں ہوگی۔ بلکہ امت کا بھی حصہ ہوگی۔ معلوم ہوا کہ امامت صرف اولاد انبیاء کا حصہ ہوگی۔ امت سے تعلق ہدایت ہوگا نہ کہ تعلق امامت۔

(۴) بت پرستوں کو حق امامت نہ ہوگا۔ بلکہ جس کو خدا بت پرستی سے محفوظ رکھے۔ وہ حقدار رہے گا۔ جو بتوں کی پوجا کر چکے ہیں۔ ان سے کبھی تعلق امامت نہ ہوگا۔ گہرا زخم اچھا بھی ہو جائے تو پہلا نشان نہیں مٹتا۔ اس لیے سابق کے بت پرست نہ امام بن سکتے ہیں۔ نہ امامت کا تعلق ان سے ہوگا۔ وہ شرک کر کے ظلم عظیم کے مرتکب ہو چکے ہیں۔ اس لیے مستحق امامت نہیں۔

| | |
|---|---|
| ان الشرك لظلم عظيم (لقمان ۳۱/۱) | شرک بہت بڑا ظلم ہے۔ |

## دوسری آیت

| | |
|---|---|
| ووهبنا له اسحاق و | اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یعقوب نافلۃ وکلاً جعلنا صالحین ۔ وجعلناھم آئمۃ یھدون بامرنا واوحینا الیھم فعل الخیرات واقام الصلوٰۃ وایتاء الزکوٰۃ وکانوا لنا عابدین ۔ (انبیاء ۵/۷) | جیسا بیٹا اور یعقوب جیسا پوتا انعام میں عنایت فرمایا اور ہم نے سب کو صالح بنایا اور ہم نے ان کو امام بنایا کہ وہ ہمارے حکم سے ہدایت کرتے ہیں اور ہم نے کل اچھے کاموں اور نماز قائم کرنے کی اور زکوٰۃ دینے کی وحی کردی اور وہ صرف ہماری عبادت کرتے والے تھے ۔ |

اس آیۃ نے حسب ذیل اوصاف آئمہ کو بتلا دیا ۔

مثل شمارہ امت سابقہ ۔ (۳) صرف اولاد انبیا کو خواہ بیٹا ہو یا پوتا شرف امامت ملے گا ۔ جیسا کہ آیۃ سابقہ (۳) میں ذکر ہے اور یہ اسی کی مزید توضیح ہے ۔

(۵) وہ صالح ہوں گے غیر صالح کو امامت نہیں ملے گی ۔

مثل آیۃ سابقہ (۱) ہم نے ان کو امام بنایا ۔ اجماع یا انتخاب امت نہیں بنا سکتا ۔ یہ حق صرف خدا کا ہے ۔

(۶) وہ صرف ہدایت خلق کے لیے ہوتے ہیں اور اس کے حکم سے ہدایت کرتے ہیں ۔ فتح ممالک اور ملکوں پر قبضہ ان کا مقصد نہیں ہوتا ہے ۔

(۷) تمام نیکیاں اور اچھے افعال ان کو وحی کیے جاتے ہیں ۔ لفظ وحی سے ان کو نبی نہ سمجھ لیجیے گا ۔ نبی پر وحی شروع ہوتی ہے اور ان پر وحی افعال نیک ہوتی ہے ۔ یہاں ذرا معنی وحی بھی سمجھ لیجیے ۔

اوحی ربك الی النحل ان اتخذی من الجبال بیوتا ومن الشجر ومما یعرشون ثم کلی من کل الثمرات فاسلکی سبل ربك ذللا یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس ۔

(نحل ۱۴/۹)

پھر تیرے پروردگار نے شہد کی مکھیوں کو وحی کی کہ پہاڑوں اور درختوں اور بلند مقامات پر گھر بنائیں اور ہر قسم کے پھلوں کو کھائیں اور پروردگار کے بتلائے ہوئے راستوں پر چلیں تابعداری کے ساتھ ان کے شکموں سے مختلف قسم کے شربت نکلتے ہیں۔ ان میں آدمیوں کے لیے شفا ہے اور صاحبان فکر کے لیے ایک نشانی ہے۔

اب یہاں وحی سے مراد یہ نہیں کہ جبرئیل یا فرشتے پیغام لے کر آئے۔ بلکہ یہ مراد ہے کہ ہم نے ان کے فطرت میں یہ بات ڈال دی اور وہ ازروئے پیدائش وفطرت یہ علم لے کر دنیا میں آئی ہیں۔ ان کے شکموں سے شربت آدمیوں کے لیے شفا بن کر نکلتے ہیں اور یہ صاحبان فکر کے لیے ایک سبق اور نشانی ہے۔

تو اس بنا پر آئمہ کو تمام نیک کاموں۔ نماز قائم کرنے کی اور زکوٰۃ دینے کی ازروئے فطرت تعلیم حاصل ہے۔ ان کو سیکھنے کی ضرورت نہیں۔ وہ تمام نیکیوں۔ اور نماز زکوٰۃ کا علم بالفطرت لے کر آتے ہیں۔ ان کو بالغ اور جوان ہونے پر نہیں سکھایا جاتا ہے۔ شہد کی مکھیوں کے بطن سے شہد نکلتا ہے اور ان آئمہ کی زبانوں سے ہدایت کے چشمے ابلتے ہیں۔ اہل فکر کے لیے یہ مثال کافی ہے۔

(۸) وہ پہلے سے (کانوا صیغہ ماضی ہے) صرف عبادت گذار تھے۔ اوّل بتوں کو پوج کر پھر ہماری عبادت نہیں کی۔ لہذا عابدین۔ بس حصر ہے کہ

Marfat.com

صرف ہمارے عبادت گذار تھے۔

## تیسری آیت

| | |
|---|---|
| وجعلنا منھم آئمۃ یھدون | ہم نے ان کو ان کے صبر کی وجہ |
| بامرنا لما صبروا وکانوا | سے امام بنادیا اور وہ ہماری نشانیوں |
| بایاتنا یوقنون (سجدہ ۳۲/۳) | پر یقین رکھتے ہیں۔ |

اس آیتہ سے پہلے حضرت موسیٰ کا ذکر ہے۔ جو بنی اسرائیل میں سے ہے مطلب واضح ہے کہ اسی نسل میں سے ہم نے امام بنائے۔ جو ہمارے زیر حکم ہدایت کرتے تھے۔ امام اس لیے بنایا کہ وہ صبر کر چکے تھے۔ (صابرین میں سے تھے) اور ہماری نشانیوں پر یقین کامل رکھتے تھے۔

آیت سابقہ میں مثل (۶) ہے وہ صرف ہدایت کے لیے تھے اور امر خدا سے ہدایت فرماتے تھے۔ اپنا حکم نہیں چلاتے تھے۔

(۹) استحقاق امامت صبر سے ہوتا ہے اور صبر کا ظہور بعد حصول مظالم ہوتا ہے۔ تو مظلوم اور صابر امام ہوگا۔ نہ کہ فاتح و مالک

(۱۰) آئمہ آیات الٰہیہ پر کمال یقین رکھنے والے ہوں گے اور یقین بعد علم ہوتا تو وہ عالم آیات الٰہیہ ہوں گے اور اس پر ان کا یقین کامل ہوگا۔ یہاں تک دس اوصاف قرآن نے بیان کر دئے ہیں۔

## چوتھی آیت

| | |
|---|---|
| ونرید ان نمن علی | ہم یہ ارادہ کر چکے ہیں کہ جو روئے |
| الذین استضعفوا فی | زمین پر ضعیف کر دئے گئے ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| الارض و نجعلھم آئمۃ و نجعلھم الوارثین و نمکن لھم فی الارض (قصص ۲۸) | ان پر احسان کریں اور ان کو امام بنائیں۔ انہیں کو وارث بنائیں اور زمین پر ان کو قدرت عطا کریں۔ |

اس آیت میں تو اوصاف امامت کو اور واضح کر دیا گیا ہے۔

(۱۱) جو امام بنائے گئے ہیں ان پر یہ امامت ایک احسان الٰہی ہے۔

(۱۲) اس احسان امامت کے مستحق وہ ہوں گے جو زمین پر کمزور کر دئیے گئے تھے فاتحان ممالک اور صاحبان خزائن و افواج اس کے حقدار نہ ہوں گے۔

(۱۳) ہم صرف ان کو بھی وارث بنائیں گے۔ کس چیز کا وارث اس کا تذکرہ نہیں فرماتا ہے۔ تو امامت جن چیزوں کی وارث ہوتی ہے۔ وہ خدا کی کتاب اور سنت ہے اسی کو قرآن پاک میں واضح فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا (فاطر ۳۵/۳۲) | پھر ہم نے اپنی کتاب کا وارث ان کو بنایا جن کو ہم نے اپنے بندوں میں سے منتخب کر لیا تھا۔ |

اسی وراثت کو اہل سنت کی مشہور کتاب بھی واضح کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| وقال النبی لعلی رضی اللہ عنہ انت اخی ووارثی قال وما ارثک قال ما ورثت الانبیاء قبلی کتاب اللہ و سنتی۔ (مفردات راغب اصفہانی طبع مصر صفحہ ۵۱۴) | حضرت رسول خدا نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ تم میرے بھائی اور وارث ہو۔ عرض کی میں آپ کی کس چیز کا وارث ہوں گا فرمایا کہ جن چیزوں کے مجھ سے پہلے انبیاء وارث تھے اور وہ اللہ کی کتاب اور میری سنت ہے۔ |

ان آیات اور حدیث سے ثابت ہو گیا۔ کہ امام کس چیز کے وارث ہوں گے اور انبیاء ماسبق کن چیزوں کے وارث تھے۔

(۱۴۱) ہم ان کو زمین پر قدرت دیں گے۔ یہ قدرت مال و دولت و خزانوں کی نہیں بلکہ خود قرآن اس قدرت اور تمکین کی توضیح کرتا ہے۔

الذین ان مکنّاھم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ وامروا بالمعروف ونھوا عن المنکر وللّٰہ عاقبۃ الامور۔ (حج ۲۲/۴۱)

وہ وہ لوگ ہیں اگر ہم نے ان کو زمین پر قابو دیدیا تو نمازیں قائم کریں گے۔ زکوٰۃ عطا کریں گے۔ اچھے کاموں کا حکم دیں گے۔ بری باتوں سے روکیں گے۔ سارے کاموں کا انجام خدا کے ہاتھ میں ہے

اس آیتہ نے واضح کر دیا کہ ہادیوں کو تمکین فی الارض دی جائے گی تو ان کے فرائض کیا ہوں گے تمکین سے مراد صرف حکومت۔ زمینوں اور ملکوں پر قبضہ۔ خزائن کی ملکیت نہیں۔ یہ تو مشرکین کو بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر کسی امام کو مل جائے تو فخر نہیں۔ نہ اس کی صفت خاصہ ہے۔ اس کو جو تمکین ملتی ہے تو وہ اقامہ نماز۔ ادائے زکوٰۃ۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔ جو حصہ مشرکین و کفار و منافقین نہیں۔ صرف آئمہ ہداۃ کا حصہ ہے اور ان کی مخصوص صفت ہے

## آیت پنجم

افمن کان علیٰ بینۃ من ربہ ویتلوہ شاھد منہ ومن قبلہ کتاب موسیٰ

کیا (کوئی انکار کر سکتا ہے) وہ شخص جو خدا کی جانب سے دلیل لے کر آیا اور اس کے پیچھے بھی

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اماما و رحمۃ (ھود ۱۱) | ایک گواہ آیا جو اس کا ایک جزو تھا اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب امام اور رحمت تھی۔ |

مفسرین نے جو اختلافات اس آیتہ میں بیان کئے ہیں۔ عقل حیران کہ یہ وہی قرآن ہے جو اختلاف مٹانے کو آیا تھا اور اب خود آماجگاہ اختلاف بنا ہوا ہے

پھر قرآن مرتب کرنے والوں کے الٹ پھیر نے اس آیتہ میں بھی اپنے کمال کو دکھلایا ہے۔ بے شک مذہب شیعہ اس کا قائل ہے کہ اس موجودہ کتاب میں نہ کمی ہے۔ نہ زیادتی مگر دشمنان اولاد رسولؐ نے کہیں اعراب بدل کر قرآن کو زیر و زبر کیا ہے۔ کہیں ناموں کا ترجمہ کر کے حق چھپایا ہے۔ کہیں لوٹ پلٹ کردی ہے۔ کمی زیادتی تو نہیں کی مگر تقدیم و تاخیر کر کے حق پوشیاں کیں ہیں۔ اور آئمہ اہل بیتؑ نے اختلاف سے بچنے کے لیے علیحدہ قرآن کو ترتیب نہیں دیا۔ لیکن ان کی دست دیرد کو بے نقاب کردیا۔

قرآن میں یہ دست برد۔ یہ تقدیم و تاخیر ہو کر رہی۔ آنحضرتؐ خبر دے گئے قرآن پاک میں اس جگہ یہود و اہل کتاب سے قرآن نے کہا ہے۔

| | |
|---|---|
| یحرفون الکلم عن مواضعہ (النساء ۴۶) | کلمات کو اس کی جگہ سے ہٹا دیتے ہیں۔ |
| یحرفون الکلم من بعد مواضعہ (مائدہ ۴۱) | کلمات کو بعض جگہ سے ہٹا دیتے ہیں۔ |
| ثم یحرفونہ من بعد ما عقلوہ (البقرہ ۷۵) | وہ سمجھنے کے بعد بھی جگہ بدل دیتے ہیں۔ |

Marfat.com

ان آیات نے یہ بتلایا کہ یہود و نصاریٰ جان بوجھ کر لفظوں کی الٹ پھیر کیا کرتے تھے۔ تو وہی کام حسب قول آنحضرتؐ اس امت کے ہاتھوں ہوا جو آپ فرما چکے تھے۔

| | |
|---|---|
| لتتبعن سنن من قبلکم شبرا بشبر و ذراعا بذراع حتی لو دخلوا جحر ضب تبعتموهم | جو تم سے پہلے ہو چکے تم ضرور بالضرور ان طریقوں اور کردار کی پیروی کرو گے۔ بالشت بالشت بھر اور ہاتھ ہاتھ بھر مقامات میں یہاں تک کہ اگر وہ گوہ کے سوراخ میں داخل ہوتے ہیں تو تم بھی وہیں ان کی پیروی کر کے پہنچو گے۔ |

(۱) بخاری۔ جلد رابع صـ۱۸۷

(۲) مسلم کتاب العلم حدیث ۶

(۳) ترمذی کتاب الفتن۔ باب ۱۸

(۴) مسند احمد بن حنبل۔ جلد اول صـ۳۲۷ جلد دوئم صـ۸۴ جلد چہارم صـ۱۲۵ جلد پنجم صـ۲۱۸۔

قرآن کی آیات و سنت نے بتا دیا کہ جب وہ معمولی معمولی باتوں میں ان کی پیروی کریں گے تو اہم چیزوں میں بھی ان کی پیروی ترک نہیں کریں گے اور ان کی طرح قرآن کے کلمات بھی اپنی جگہ سے دوسری جگہ رکھ کر ان کی طرح تحریف کریں گے

آئمہ اہل بیتؑ کے دو افراد معصوم۔ حضرت امام محمد باقرؑ اور حضرت امام جعفر صادقؑ علیہم السلام نے فرمایا کہ آیت اس طرح تھی۔

| | |
|---|---|
| افمن کان علی بینه من ربه ویتلوه شاهد منه اماما و رحمة ومن قبله کتاب موسی (هود ۱۷) | کیا اس کا مقابلہ ہو سکتا ہے جو خدا کی جانب سے دلیل واضح لے کر آیا اور اس کے ساتھ بھی ایک گواہ آیا جو امام اور رحمت تھا۔ اور اس ہی سے پہلے |

موسیٰ کی کتاب (خبر دے رہی) تھی

تو لفظ اماما ورحمتہً کو شاہد کے بعد ہٹا کر کتاب موسیٰ کے بعد کر دیا کہ علیؑ جو شاہد نبی ہو کر آئے تھے۔ جیساکہ مفسرین اہل سنت نے بھی اور اقوال کے ساتھ بیان کیا ہے۔ امام ورحمتہ ثابت نہ ہوں اور موسیٰ کی کتاب امام کہلائے تاکہ ہم اپنے حسب مطلب دوسرے موقع پر امام بمعنی کتاب لے سکیں۔ لیکن آیت میں الٹ پھیر کا نتیجہ یہ ہوا کہ معنی ٹھیک بٹھانے کے لیے تاویل کرنی پڑی حالانکہ مطلب صاف تھا کہ یہ شاہد علیؑ ہیں جو امام ورحمتہ ہیں اور اس سے پہلے موسیٰؑ کی کتاب اس نبی کی آمد پر شاہد تھی۔ اب رہا یہ کہ علیؑ امام تھے یا نہیں تو امام احمد بن حنبل جن کی مشہور کتاب سند ہے۔ یہی وہ بزرگ ہیں جن کی سوانح عمری ابن جوزی نے لکھی ہے اور جس کو ناشر کتاب نے ابن مسعود کو تحفہ دیا ہے۔ اس لیے کہ ابن مسعود حنبلی المذہب تھا۔ ایسا مسلمہ عالم حضرت علیؑ کے لیے لکھتا ہے

| | |
|---|---|
| من لم یثبت الامامۃ لعلی فھو اضل من حمار اھلہ | جو علیؑ کے لیے امامت ثابت ہونا نہیں مانتا وہ اپنے گھر کے گدھے سے زیادہ گمراہ ہے۔ |

(مناقب احمد ابن حنبل طبع مصر صفحہ ۱۶۳)

اب رہا آپ کا رحمت ہونا تو جب آپ حسب ارشاد خدا آیتہ مباہلہ میں نفس نبی فرمائے گئے ہیں تو لامحالہ رحمت کا نفس رحمت ہی ہوگا۔

اب اس آیتہ کی روشنی میں حسب ذیل امور داخل صفات امامت ہوں گے۔

(۱۴) امام نبی کا گواہ ہوگا اور اس کی صداقت پر شاہد ہوگا۔

(۱۵) وہ نبی کا جزو اور اس کا نفس وخون ونور ہوگا۔ غیر نہ ہوگا۔ جس کو لفظ منہ

واضح کرتا ہے

(۱۶) وہ خود بھی رحمت ہوگا اس لیے کہ گواہ رحمت ہے۔

## آیت ششم

انا نحن نحی الموتی و نکتب ماقدموا و آثارھم و کل شیء احصیناہ فی امام مبین (یٰسین ۱۲)

ہم مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ وہ پہلے کر چکے ہیں اور جو آثار ان کے عمل پر نمایاں ہوئے ہیں۔ ان سب سے باخبر ہیں اور تمام چیزیں ہم نے امام مبین میں جمع کر دی ہیں

اس آیۂ مبارکہ نے شان و اوصاف امامت کو اور نمایاں کر دیا۔ حسب ذیل امور اس سے مرتب ہوتے ہیں۔

(۱۷) ہر شے امام مبین میں جمع کر دی ہیں اور وہ کل علوم قرآن کا خزانہ ہے اور تمام رطب و یابس جو کتاب مبین میں حسب فرمودہ قرآن جمع ہے وہ سب ان کی ذات میں مخزون اور جمع ہے۔

اسلام کا مدعی ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ امام مبین سے مراد یہ ہے کہ وہ امام ظاہر ہو یعنی نظر آئے۔ اس بنا پر وہ نبی کی مقرر کردہ بارہ کی تعداد توڑ کر اب چالیس سے زیادہ امام مانتا ہے۔ حالانکہ مبین کے معنی احکام قرآن کا بیان کرنے والا اور ظاہر کرنے والا ہے۔ اس ظاہر امام سے کیا فائدہ جس پہ سارا قرآن اور اس کے احکام غائب ہوں اور وہ بقلم خود حاضر ہو۔ مبین ایک صفت ہے جو ذات کی ہوتی ہے۔ خدا قرآن میں فرماتا ہے۔

ان الشیطان لکم عدو مبین ۔

Marfat.com

یعنی امامت اور عداوت دونوں صفتیں ہیں اور شیطان صفت عداوت میں مبین ہے۔ حالانکہ کبھی نظر نہیں آتا۔ اسی طرح ہر امام بھی مبین ہے۔ اگرچہ نظر نہ آئے۔ تو مبین کے معنی نظر آنے والے کے نہیں بلکہ احکام خدا کے بیان کرنے والے کے ہیں)۔

(۱۸) وہ بحکم خدا مردوں کو زندہ کر سکتا ہے۔ اس لیے کہ یہ صفت بھی اس کا حصہ ہے

(۱۹) وہ بوجہ شہید ہونے کے امت کے حالات سابقہ اور ان کے اثرات سے باخبر اور قدرت نے یہ کمال بھی اسی میں جمع کر دیا ہے۔

## آیت ہفتم

اب ہم امام کے متعلق ایسے آیات پیش کرتے ہیں کہ جن میں قدرت نے ان کے بہت سے اوصاف گنوائے ہیں۔ ہم صرف حصہ اوصاف کو بیان کرتے ہیں۔ درمیان کی توضیحات نہیں لکھتے۔ (۱) وعباد الرحمن۔ ۲۔ الذین یمشون علی الارض هونا۔ ۳۔ اذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاما۔ ۴۔ الذین یبیتون لربهم سجدا وقیاما۔ (۵) الذین یقولون ربنا اصرف عنا عذاب جهنم۔ ۶۔ الذین اذا انفقوا لم یسرفوا و لم یقتروا وکان بین ذالک قواما۔ (۷) الذین لا یدعون مع الله الٰها آخر۔ (۸) ولا یقتلون النفس التی حرم الله الا بالحق۔ ۹۔ ولا یزنون۔ ۱۰۔ والذین لا یشهدون الزور۔ ۱۱۔ واذا مروا باللغو مروا کراما۔ ۱۲۔ الذین اذا ذکروا بآیات ربهم لم یخروا علیها صما وعمیانا۔ ۱۳۔ الذین یقولون ربنا هب لنا من ازواجنا و ذریاتنا قرة اعین۔ ۱۴۔ واجعلنا للمتقین اماما

(فرقان ۲۵/۹)

(۱) وہ خدا کے بندے ہیں جو زمین پر انکساری سے چلتے ہیں۔ ۲۔ اور جب جاہل ان سے الجھتے ہیں۔ تو وہ کہتے ہیں کہ آباد رہو۔ ۳۔ اور وہ وہ ہیں جو سجدوں میں اور کھڑے ہو کر رات گذار دیتے ہیں۔ ۵۔ وہی یہ کہتے ہیں کہ اے پالنے والے ہم سے جہنم کے عذاب کا رُخ موڑ دے۔ ۶۔ اور وہ ہی وہ لوگ ہیں کہ جب دولت صرف کرتے ہیں تو یہ فضول خرچی کرتے ہیں نہ کنجوسی کرتے ہیں بلکہ درمیانی راہ اختیار کرتے ہیں۔ (۷) وہی وہ لوگ ہیں جو خدا کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے ہیں (۸) اور جن کے قتل کو خدا نے حرام کیا ہے اور اس کو بغیر حق کے قتل نہیں کرتے (۹) اور وہ زنا نہیں کرتے۔ (۱۰) اور فریب کے پاس نہیں بھٹکتے۔ (۱۱) کبھی بیہودہ کام کے پاس سے گذرتے ہیں تو با عزت گذر جاتے ہیں۔ (۱۲) اور جب پروردگار کی آیات یاد دلائی جائیں تو بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے۔ ۱۳ اور جو یہ دعا کرتے ہیں کہ خداوندا ہماری بیویاں اور اولادیں آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما۔ ۱۴۔ اور ہم کو صرف متقین کا امام بنا دے۔

ان آیات میں تیرہ صفات بیان کئے گئے ہیں۔ اور صفات کے بعد وہ یہ دعا کرتے ہیں کہ اب ہم کو صرف متقین کا امام بنا دے۔ بغیر ان صفات کے کوئی حق امامت نہیں رکھتا۔ نہ وہ امام بن سکتا ہے۔ اگر امام بنانا امت کے فیصلہ پر ہوتا تو خدا سے اس امامت کی تمنا نہ کی جاتی جو مافوق مرتبہ متقین ہے۔ انہی صفات آیات سابقہ میں گذرے اور تیرہ صفات اس آئینہ میں ہیں یہ کل بتلائی صفات ہیں جو ان صفات کا حامل ہو گا وہ منصب امامت پر فائز ہو سکتا ہے دوسرا نہیں۔ اب اہل انصاف خود غور فرمالیں کہ جن کو وہ امام مان رہے ہیں وہ ان صفات و کمالات پر فائز تھے یا نہیں اور اس کے بعد حالات آئمہ اہل بیت

اور اولاد رسول دیکھئے تو آپ کو نظر آئے گا کہ وہ حضرات ان تمام اوصاف کے بدرجہ اتم حامل تھے اور کل کمالات پر فائز تھے۔ افسوس کہ قرآن نے جو اہمیت امامت کو دی تھی۔ مسلمانوں نے اس کو بالکل نظر انداز کر دیا جس کی وجہ سے آج لوگوں کو امام بننے کی جرأت ہو گئی اور ہر سمت اماموں کی ریل پیل نظر آنے لگی اور ہر امام امت میں ایک نئے فرقہ کا بانی بن کر سبب تفرقہ امت بن گیا۔ اگر امامت کو صرف قرآن سے سمجھ لیتے اور اس کو دنیا کے حوالہ نہ کرتے تو آج اس قدر فرقہ بندیاں نظر نہ آتیں۔

## محض تعصب کی وجہ سے منکران امام کی قرآن و سنت سے چشم پوشی

### اور وجود امام کا انکار۔ بلکہ وجود مہدیؑ کا انکار اور اعتراضات

(۱) اعتراضات جو قرآن و سنت کو پس پشت رکھ کر اعتراضات ڈال کر کئے جائیں اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ وہ اعتراضات کی وجہ سے شہرت حاصل کر لیں اور اپنے حلقہ میں عزت سے دیکھے جائیں۔

(۲) اپنے خود ساختہ اسلام خود ساختہ خلفاء اور اماموں کی حمایت میں صریح اور متواتر احادیث کا انکار کر کے اپنے عقائد خود ساختہ کو تباہی سے بچائیں۔

(۳) یہود و نصاریٰ کے علماء اور پادریوں نے غلط بیانیوں کی وجہ سے جو زہر اپنے مذہب والوں کے دلوں میں بھر دیا ہے۔ اس کی بنا پر اور جو تعلیم ان کو دی گئی ہے۔ اس پر انحصار کر کے اعتراضات کو عادت بنا لیا ہے۔ اس قسم کے اعتراضات صرف برائے اعتراض ہوتے ہیں۔ تحقیق میں وہ جہل مرکب ثابت ہوتے ہیں جن کی اصلیت خلاف عقل و نقل ہوتی ہے۔

(۴) پادریوں اور ان کے اہل فکر نے یہ کہہ کر کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا اس

Marfat.com

میں دیانت اور حقانیت نہ تھی۔ اسلام والوں کے انتہائی ظلم بیان کئے۔ ان پر غلامی کے رواج کا الزام لگایا۔ عورتوں کے بھڑکانے کو چار نکاحوں کا راگ الاپا۔ اس طرح ان کے دلوں میں اسلام کے خلاف شورش بھر دی اور وہ اپنی دینی آسودگی کے لیے اعتراضات کو اپنا حق سمجھنے لگے اور اپنی قوم میں ان اعتراضات کی وجہ سے عزت و شہرت پا گئے اور دولت بھی حاصل کر لی۔ اسی طرح وہ مسلمان جن کے دلوں میں مصنوعی خلفاء نے اپنی خلافتوں کو بچانے اور ان پر برقرار رہنے کے لیے آل محمدؐ کی دشمنی کا بیج بویا اس کے لیے دولت صرف کی۔ گورنریاں دیں۔ مخالفین اہل بیت نے دین کو رواج دے کر ان کی مذہبی قیادت کو قائم کیا۔ اب ان پر لازم ہو گیا کہ وہ خود ساختہ عقائد کو بچانے کے لیے اور اپنے محسن خلفاء کی حمایت کے لیے۔ صاحبان حق اور اہل حق پر اعتراضات کریں۔ خواہ وہ کسی قدر مہمل ہوں لیکن کچھ تو لوگ بہک جائیں گے۔ کچھ تو قدر ہو جائے گی۔ اس لیے دنیا خواہوں نے اعتراضات کی داغ بیل ڈالی۔ ان معترضین میں سب سے زیادہ نمایاں مرتبہ ابن تیمیہ کا ہے جو ایک حیثیت سے امام الخوارج ہے۔ اس نے دیکھا کہ فضائل اہل بیت میں اہلسنت میں اس قدر کثیر روایات ہیں کہ جن کے سامنے ان کی خارجیت نہیں چل سکتی اور نہ ان کے مذہب کو فروغ ہو سکتا ہے۔ اس لیے انہوں نے اہلسنت کی نقاب چہرے پر ڈال کر احادیث کا انکار شروع کر دیا۔ اور بغیر دلیل محکم یہ کہنے لگے کہ۔

(۱) روایات احاد ہیں۔ ۲۔ موضوع ہیں۔ ۳۔ راوی مجہول ہے۔ ۴۔ غیر معتبر ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ مگر جن صاحبان تحقیق نے راویوں کے حالات پڑھے ہیں وہ جانتے ہیں کہ ایک شخص ایک راوی کو اچھا بتلاتا ہے دوسرا اس کو برا کہتا ہے تیسرا کمزور کہتا ہے۔ چوتھا۔ اس کو شیعہ مگر ثقہ بتلاتا ہے۔ پانچواں کہتا ہے

Marfat.com

کہ رافضی تھا۔ اس لیے مردود۔ غرض ایک مصیبت ہے تو کیا محض ایک شخص کے کہنے سے راوی غیر معتبر ہو سکتا ہے۔ پہلے تو یہ دیکھئے کہ کہنے والا بھی معتبر ہے یا نہیں

الغرض ابن تیمیہ نے انکار احادیث کا یہ سلسلہ نکال کر نافہم حضرات کو اس راہ پر لگا دیا اور وہ ابن تیمیہ کے ہم نوا بن گئے اور چونکہ وہ دشمن خاندان نبوت تھا۔ اس لیے حسب دستور قدیم اس کو امام۔ مورخ۔ محدث سب کچھ بنا دیا۔ زمانہ خلفاء میں یہ دستور بن چکا تھا کہ جو جس قدر زیادہ مخالف اہلبیت رسول ہو گا۔ اسی قدر مستحق عزت قرار پائے گا اور جو دوست اور محب اہل بیت ہو گا۔ وہ قتل کر دیا جائے گا۔ یا قاتوں کے سپرد کر دیا جائے گا۔ یا قید کر دیا جائے گا اسی کی حرص علامہ ذہبی نے کی۔ تذکرۃ الحفاظ لکھی اور اس میں بھی حسب مرضی راویوں کو معتبر اور غیر معتبر بنا دیا۔ ایسے موقع سے بھلا مورخ کیوں نہ فائدہ اٹھائے۔ علامہ خلدون صاحب بھی اس میدان میں آگے بڑھے اور احادیث مہدیؑ کو بھی مٹانے کی کوشش کی اس کوشش کے صلہ میں ان کو سب سے بڑا مورخ مانا گیا اور ان کی تاریخ کو بھی تاریخ کا مرتبہ دیا گیا۔ ان کے مقدمہ کو مثل قرآن مانا گیا اور اس پر اسلام سیدیہ کی بنیاد رکھی گئی۔

ان کو دیکھ کر کھیت کے چھوٹے خربوزوں نے بھی رنگ بدلا اور ان کے چبائے ہوئے نوالوں کو تازہ مال بنا کر پھر چبانے لگے۔ ان میں بعض اہل مصر بھی شامل ہو گئے اور سنت عمر عاص کی روح کو جو ان کا حاکم تھا خوش کرنے لگے۔ ذالک مبلغہم من العلم۔ یہ ہے ان کی کارناموں کی حدیں۔

ہم نہایت اختصار سے ان کے اعتراضات اور ان کے جوابات کو لکھتے ہیں۔ اگر کسی صاحب کو زیادہ تفصیل کی ضرورت ہو۔ تو حضرت علامہ شہیر

Marfat.com

لطف اللہ الصافی (گل پائیگانی) کی تصنیف ملاحظہ فرمائیں۔ ہم اس تالیف کی دیانت کو برقرار رکھنے کے لیے جہاں ان کی کتاب سے نقل کریں گے۔ وہاں اس کے صفحات کا حوالہ بھی پیش کرتے جائیں گے۔ اس کتاب کا نام منتخب الاثر ہے۔ بعض مدعیان علم نے ان کے اقوال کو اپنا بنا کر پیش کیا ہے اور اسی کو وہ کمال سمجھتے ہیں۔

## اعتراضات کی وجہ

(۱) کچھ افراد تو اس لیے اعتراضات کرتے ہیں کہ ان کے فرقے ان سے خوش ہوجائیں اور ان کی شہرت ہو۔

(۲) کچھ اس لیے اعتراضات کرتے ہیں کہ ان کی منافقت کی پیاس بجھ جائے۔

(۳) کچھ نے اس لیے اعتراضات کیے ہیں کہ ان کے خود ساختہ مذہب کو ان کی آڑ میں کچھ پناہ مل جائے۔ (۴) کچھ حضرات نے اس لیے اعتراضات کیے ہیں کہ ان کے ساختہ خلفاء و حکام خوش ہوجائیں اور دربار میں ان کی عزت بڑھ جائے۔

ان سب کے سرتاج ۔ ابن خلدون ۔ ابن تیمیہ اور علامہ ذہبی ہیں۔

ابن خلدون نے کل روایات متعلقہ امام مہدیؑ کو رد کرکے دشمنی خاندان رسالت پر مہر لگادی ہے اور عام علمائے اہل اسلام و سنت و محبان اہل بیت نے جن روایات کو صحیح مان کر اپنی کتابوں میں لکھا تھا۔ ان سب کے برخلاف چل کر عداوت اہل بیت کے سیاسی مذہب کو زندہ کرنے کی کوشش کی۔ اس لیے کہ بہ کثرت احادیث صحاح میں تحریر ہیں کہ وہ اہلبیت نبوت سے ہوگا۔ تو دشمنان اہل بیت کو یہ گوارا نہیں ہوا اور مخالفت شروع کردی

لیکن ان روایات معتبرہ کا انکار کرکے صحاح کے راویوں کی غلط گوئی اور

Marfat.com

رواۃ کے غیر معتبر ہونے کا نتیجہ ان لوگوں کی زبانی لکھا ہے کہ اگر ان پر اعتبار کر لیا جائے تو اہل سنت کی چھ صحیح ترین کتابیں جن کی روایات پر مدار اسلام و سنت ہے تقریباً سب غیر معتبر قابل نفرت و دلائق آتش زنی بن جاتی ہیں اور سب سے صحیح کتاب بخاری جھوٹ کا طومار بن کر رہ جاتی ہے اور اس کے راوی بھی انہیں کے قائم کردہ استدلال پر جھوٹے۔ روایت ساز فریبی قرار پاتے ہیں ابن خلدون کی تردید میں حسب ذیل امور قابل غور ہیں

(۱) آخر ابن خلدون تاریخ کے فن سے واقف ہو کر کیوں حدود تاریخ سے آگے بڑھا۔ تاریخ صرف واقعات۔ حالات امم بیان کرتی ہے اور بتلاتی ہے کہ فلاں سنہ ہجری میں کیا ہوا۔ اس کو روایات کی قدح اور اس کے آپریشن کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بلکہ جو واقعہ جس طرح نمودار ہوا ہے۔ اپنے علم کی بنا پر اس کا لکھنا فرائض تاریخ میں داخل ہے۔ روایت کی جرح و تعدیل سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔

(۲) ابن خلدون نے صرف روایات مہدیؑ کی تحقیق کیوں کی۔ اسلام میں ہزاروں جھوٹی روایات کی کھپت ہو گئی۔ مگر ان سب روایات میں ابن خلدون کو صرف امام مہدیؑ کی روایات کی چھان بین کی کیوں ضرورت پڑی۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کے زمانہ کی حکومت خاندان نبوت کے خلاف تھی۔ ابن خلدون نے اپنی شہرت و عزت اسی میں سمجھی کہ دشمنان اہلبیت کا ہم نوا بن جائے اور وہ اس میں کامیاب ہوا۔ اس لیے کہ آج تک ہر دشمن خاندان نبوت اسی کی آڑ لے کر اس کے اقوال کو خدا و رسول کے اقوال پر بھی ترجیح دیتا ہے اور سابقہ مورخوں کو نظر انداز کر دیتا ہے۔

(۳) اسلام میں سب سے پہلا مورخ یعقوبی ہے۔ جس کی تاریخ مصر میں طبع ہو چکی ہے۔ اس نے ۲۹۲ھ میں وفات پائی۔ اس کے بعد مؤرخ طبری ہے جس کی مشہور تاریخ یورپ میں بھی چھپ چکی ہے۔ ۳۱۰ھ میں وفات پائی۔ پھر

Marfat.com

علامہ ابن اثیر صاحب تاریخ کامل ہیں۔ جنہوں نے ۶۳۰ھ میں وفات پائی پھر مؤلف تاریخ ابوالفداء ہیں جنہوں نے ۷۳۲ھ میں وفات پائی۔ اب رہے ابن خلدون صاحب تو یہ ان سب سے بعد آئے اور انہوں نے ۸۰۸ھ میں وفات پائی۔ حیرت ہے کہ ان سب سے بہتر اور سب سے پہلے مورخوں نے ادھر توجہ نہیں کی نہ روایات کی تردید کی۔ نہ غار سامرہ کا وہ واقعہ لکھا جس کو ابن خلدون نے گھڑا ہے۔ کہ ہر روز شیعہ مع ساز و سامان کے آتے ہیں اور غل مچاتے ہیں کہ ظہور کیجیے اور صبح واپس چلے جاتے ہیں۔ اس واقعہ کے راوی صرف ابن خلدون صاحب ہیں اور یہ انہیں کی ایجاد ہے۔ ورنہ بنی امیہ اور بنی عباس اور سلاطین ترکیہ جن کی سامرہ میں حکومت تھی کب اس کی اجازت دیتے اور شیعوں کی آزادی کو روا رکھتے۔ بلکہ آج جب عراق میں شیعوں کی اکثریت ہے یہ واقعہ کبھی نظر نہیں آتا۔ یہ واقعہ ابن خلدون نے (مقدمہ طبع مصر صـ۲۵۲ جلد اول) میں تحریر کیا ہے۔ ہم صرف اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔ لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔

(۴) جن ائمہ احادیث نے روایت مہدیؑ کو یا امام کی آمد کو لکھا ہے۔ وہ بخاری مسلمؒ۔ ترمذیؒ۔ ابوداؤدؒ۔ ابن ماجہؒ یہ پانچ صاحبان صحاح کہلاتے ہیں اور ابن خلدون کے علاوہ سب ان کتابوں کی روایات کو صحیح مانتے ہیں۔ ان کے علاوہ۔

حاکم (صاحب مستدرک) طبرانی۔ ابویعلی موصلی نے ان روایات کو لکھا ہے۔ ان کے علاوہ علامہ نسائی جن کی کتاب کا شمار صحاح میں ہے۔ ان روایات کو لکھتے ہیں۔ مسند بزاز میں بھی روایات ہیں۔ نیز مسند ابویعلی میں بھی اس کا تذکرہ ہے

اب ہم شمار وار صاحبان روایات کے مستخرجین لکھتے ہیں

(۱) صحیح بخاری۔ ۲۔ صحیح مسلم۔ ۳۔ صحیح ترمذی۔ ۴۔ صحیح ابن ماجہ۔ ۵۔ سنن صحیح ابوداؤد

Marfat.com

(۶) مستدرک حاکم۔ ۷۔ طبرانی۔ ۸۔ ابو یعلی موصلی۔ ۹۔ مسند بزار۔

ابن خلدون نے ان سب کتابوں کی روایات کو غیر مستند، غیر معتبر کر دیا۔ گویا یہ آئمہ احادیث اہلسنت نادان اور بے بصیرۃ تھے اور ایسے بے خبر تھے کہ غیر معتبر روایات کو اپنے یہاں درج کر دیا۔ ان سب نادانوں میں بس ابن خلدون صاحب ہی ایسے دانا تھے جو یہ دور کی کوڑی لائے۔ اہل انصاف خود غور فرمائیں۔

(۵) جن راویوں کو ابن خلدون نے جھٹلایا ہے۔ ان کے معتبر ہونے کے بھی بہت سے قائل ہیں۔ مگر ابن خلدون کو اتنی فرصت نہ تھی کہ ان کو اور ان کے اقوال کو لکھتا۔ بعض راویوں کے متعلق جب کچھ نہیں ملا تو یہ کہہ کر ان کی روایتہ کو رد کر دیا کہ یہ شیعہ تھے۔ یا ان کے شیعہ ہونے کا خیال تھا۔ یا وہ مائل بہ تشیع تھے۔ کیا انصاف اور دیانت اسی کا نام ہے۔

(۶) ابن خلدون نے تمام سب کتابوں اور راویوں کی تردید کی مگر ڈر گیا۔ تو مسند احمد ابن حنبل سے اس کی تردید پر قلم نہیں اٹھ سکا۔ مسند احمد ابن حنبل میں بہ تصریح کل وہ روایات موجود ہیں۔ جن کی اس جلاد نے بجیان خویش گردن قطع کی ہے۔ مگر وہ پھر زندہ ہیں دیکھئے مسند احمد ابن حنبل جلد اوّل ص۸۴ و ص۹۹ و ص۳۷۶ و ص۳۷۷ و ص۴۰۶ و ص۴۴۸ و

جلد سوئم میں ص۱۷ و ص۲۶ و ص۳۶ و ص۳۷ و ص۵۲ و ص۷۰

جلد دوئم میں ص۳۶۵ اور جلد پنجم میں ص۲۷۷۔ اب ابن خلدون اور ان کے کاسہ لیس جھٹلائیں کہاں تک جھٹلائیں گے۔ واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون۔ اگرچہ کافر کسی قدر منہ بنائیں اللہ اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا۔

امام احمد ابن حنبل ان معتبرین میں سے ہیں۔ جن سے امام بخاری اور امام مسلم

Marfat.com

نے بھی احادیث لی ہیں۔ ان جناب نے ۲۴۱ھ میں وفات پائی تھی۔ اس لیے یہ اہلسنت کے نزدیک سب سے مقدم اور معتبر اشخاص میں سے ہیں۔

امام بخاری اور مسلم ان کے بعد والے ہیں اس لیے ان کی روایات کے سامنے صحاح بعد کی کتابیں ہیں۔ یہ زمانہ معتصم عباسی میں تھے۔ (مفصل حالات کے لیے دیکھیے۔ طبقات امام السبکی الکبری ملحقہ دیباچہ مسند طبع مصر) اور ان کا روایات مہدیؑ کو لکھنا کہ وہ اہلبیتؑ میں سے ہوں گے۔ بخاری و مسلم وغیرہ کی روایات کی صحت کی مزید سند ہیں۔ اگر سب کی روایات میں سقم ہے تو احمد بن حنبل کی روایات سب کی موئید ہیں۔ اس لیے ابو الفدا کا انکار محض بغض اہل بیت پیدا کردہ جاتا ہے۔

۲۔ بڑے بڑے علمائے اہلسنت اور آئمہ حدیث اس روایت مہدی کے متواتر ہونے کے قائل ہیں اور متواترہ کا منکر کافر

(۱) شیخ عبد الحق محدث دہلوی رسعۃ اللمعات میں حد تواتر تک کے قائل ہیں

(۲) علامہ صبان۔ اسعاف الراغبین طبع مصر صنہ ۱۴۰ میں تواتر کے قائل ہیں۔

(۳) علامہ شبلنجی نور الابصار ص ۱۵۵ طبع مصر میں لکھتے ہیں کہ مہدیؑ کی روایت متواترہ ہے۔

(۴) ابن حجر۔ صواعق محرقہ طبع مصر ص ۹۹ اس روایۃ کو متواتر کہتا ہے۔

(۵) سید زینی دحلان مفتی شافعیہ (فتوحات اسلامیہ جلد دوم ص ۲۱۱ طبع مصر میں) اس روایات کو متواترہ لکھتے ہیں۔

(۶) علامہ سعیدی سبائک الذہب ص ۷۸ میں اس روایۃ کے متعلق اتفاق علماء لکھتے ہیں۔

(۷) حافظ احادیث (ابن حجر عسقلانی فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ششم

Marfat.com

ص۲۸۵ پر لکھتے ہیں۔ کہ ابوالحسن الخسعی الابدی کہتے ہیں کہ احادیث متواترہ ہیں کہ مہدیؑ اس امت سے ہوگا۔ اب اس قدر تصریحات کی توضیح کے بعد ابن خلدون کیا چیز ہیں جو وہ سب احادیث متواترہ کا انکار کرتے ہیں یہ تو بالکل ضد ہے کہ جس کو سورج نظر نہیں آتا۔ وہ کہتا ہے کہ سورج نہیں نکلا۔

(۹) جن علمائے ابن خلدون کی اس دھاندلی (استبداد) کی رد کی ہے وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱۰) خود ابن خلدون کے الفاظ۔ جن کو انہوں نے اپنے مقدمہ میں لکھا ہے بتلاتے ہیں کہ وہ سب مسلمانوں کے خلاف ہیں تو اس بنا پر سارے مسلمان اس کے خلاف ہیں۔

اعلم ان المشهور بين الكافة من اهل الاسلام على ممر الاعصار انه لابد في آخر الزمان من ظهور رجل من اهل البيت يؤيد الدين و يظهر العدل و يتبعه المسلمون و يستولي على الممالك الاسلامية و يسمى بالمهدي (ابن خلدون مقدمہ ص۳۲۶)

یہ جان لو کہ باوجودیکہ زمانے گذرتے رہے ہیں لیکن تمام اہل اسلام کے نزدیک یہ مشہور ہے کہ زمانہ آخر میں اہل بیت میں سے ایک ذات ظاہر ہوگی جو دین کی مدد کرے گی۔ عدل کو بروئے کار لائے گی۔ مسلمان اس کی پیروی کریں گے۔ اور وہ اسلامی ممالک پر قابض ہو جائے گی اور مہدیؑ اس کا نام ہوگا۔

ان فقرات میں بھی ابن خلدون کی دیانت رسوا ہو رہی ہے۔ وہ لکھتا ہے

Marfat.com

کہ اس وقت تمام ممالک اسلامیہ پر تباہی ہو گی۔ حالانکہ یہ روایت اور قرآن کے خلاف ہے قرآن صاف کہتا ہے۔

یستخلفنھم فی الارض — تمام دنیا پر خلیفہ بنا دے گا۔
دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے کہ
ان الارض یرثھا عبادی الصالحون — کہ میرے نیک بندے کل زمین کے وارث ہوں گے۔

تمام روایات میں یہ فقرہ ہے یملأ الارض قسطاً وعدلاً۔ تمام زمین کو عدل اور انصاف سے پر کر دے گا۔ یہ قرآن اور سنت کے خلاف صرف ممالک اسلامیہ لکھ رہا ہے۔ واقعی محقق ہو تو ایسا تو ہو۔ پھر تمام مسلمانوں میں یہ چیز ہر زمانہ میں مشہور رہی ہے۔ یہ ان سب کے اور تمام مسلمانوں کے خلاف اس کے منکر ہیں۔ بہت نفاق اسی کا نام ہے

(۲) علامہ منصور علی ناصف فرماتے ہیں کہ معتبر رواۃ کے بعد ذکر جن میں حافظ ابن حجر عسقلانی جیسا واقف احادیث بھی شامل ہے) جس نے احادیث مہدی کو ضعیف کہا ہے اس نے خطا کھائی ہے۔ جیسے ابن خلدون اور اس کے ہم نوا دونوں شامل ہیں۔ (غایۃ المامول جلد پنجم ص۳۶۷ طبع مصر)

(۳) مصر کے ایک صاحب ہیں جن کا نام احمد امین ہے انہوں نے ایک کتاب المہدی والمہدویہ لکھی ہے۔ جس میں ابن خلدون کی تائید کر کے احادیث کا انکار کیا ہے۔ مگر وہ بھی لکھ گئے ہیں کہ میں نے ایک رسالہ استاد احمد بن محمد صدیق کا دیکھا جس کا نام ابراز الوھم المکنون من کلام ابن خلدون ہے (ابن خلدون کے پوشیدہ وہم کا اظہار) اس میں انہوں نے ابن خلدون کی رد لکھی ہے اور رد کے دوران میں لکھا ہے کہ ابن خلدون بدعتی ہے اور اس رسالہ میں ابن خلدون کی پوری

Marfat.com

تردید کی ہے۔ (المہدی والمہدویۃ صفحہ ۱۰۱)

(۴) پھر لکھتا ہے کہ علامہ ابو طیب ابن احمد نے بھی ایک کتاب الاذاعۃ میں ابن خلدون کی رد لکھی ہے اور لکھا ہے کہ مہدی کی روایات کی رد ایک بہت بڑی جرأت ہے اور ابن خلدون نے زبردست ٹھوکر کھائی ہے (المہدی و المہدویۃ صفحہ ۱۱۱)

پر لطف بات یہ ہے کہ انکار مہدیؑ پر تو اس قدر زور لگایا ہے کہ متواتر احادیث کا بھی انکار کر دیا۔ مگر دجال کی تردید اور اس کا انکار کہیں نہیں کیا۔ کیا مہدیؑ کا انکار دجال کا اقرار یہ نہیں بتلاتا کہ خلدون دجال کے متعلقین سے ہو گا اس لیے اس کی نفی نہیں کی۔ بہر حال ابن خلدون کا مذہب مہدیؑ کی تردید اور دجال پر سکوت سے معلوم ہو گیا۔

ان تمام امور یا وجود احمد آمین نے ابن خلدون کی ہم نوائی کی ہے۔ جس کا جواب ہم دے چکے ہیں۔ احمد آمین نے ابن خلدون کے اقوال کے علاوہ صرف دو اعتراض اور کیے ہیں جن سے اس کے تعصب اور اس کے جہل کا پتہ چلتا ہے۔

## عقیدہ امام مہدیؑ پر احمد امین کا پہلا اعتراض

احادیث امام مہدیؑ میں بہت سی باتیں خلاف عقل ہیں۔ مثلاً کل زمین پر حکومت۔ مسیح کا آنا معجزات اور واقعات جدیدہ کا نمایاں ہونا۔ تو یہ اعتراض محض اس لیے ہے کہ اعتراض کرنا چاہیے خواہ صحیح ہو یا نہ ہو۔ ورنہ آپ ہی بتلائیے کہ اگر آخر زمانہ میں کوئی مصلح آکر انسانوں کو مظالم سے نجات دلاتے۔ زمین پر عدل و انصاف پھیلائے۔ تو اس میں کیا بات خلاف عقل ہے۔ دنیائے

تاریخ جانتی ہے کہ جب کسی قوم پر ظلم وستم آخری منزل طے کر لیتا ہے تو مظلوم قوم غم وغصہ سے بھر جاتی ہے اور جذبات دل ان مظالم سے خواہاں آزادی ہوتے ہیں۔ تب اس قوم میں ایک راہ نما نمودار ہوتا ہے اور ساری قوم اس کی زیر ہدایت ورہبری آزادی حاصل کرتی ہے۔ احمد امین دنیا کے فلسفہ انقلاب اور تاریخ کو دیکھتا تو یہ بات خود واضح ہو جاتی۔ رہا بعض عجیب باتوں کا خلاف عقل ہونا۔ تو جس عقل سے احمد امین خلاف عقل کہتے ہیں تو اس وضع کی عقلیں تو حشر ونشر جنت وجہنم اور خود خدا کو بھی خلاف عقل کہتی ہیں۔ تو احمد امین کی بنا پر سب کا انکار کر دینا لازم ہے۔ کیا مسلمان اس بات پر راضی ہو جائیں گے۔

## دوسرا اعتراض پہلے سے زیادہ مہمل ہے

اس کا سارا زور اور کتاب کی بنیاد یہ اعتراض ہے اور یہ اعتراض ان کا مایہ ناز ہے وہ کہتے ہیں کہ اعتقاد تخیل مہدی نے اسلام میں بہت سی شورشیں پیدا کی ہیں اور بعض افراد نے امام مہدیؑ کے نام پر اسلامی حکومتوں میں بہت تباہیاں اور تفرقے پھیلائے ہیں۔ اس کی انہوں نے چند مثالیں بھی دی ہیں۔ مگر سب سے زیادہ احمقانہ یہی اعتراض ہے۔ اس بنا پر تو ہر شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ اعتقاد وتخیل نبوت نے دنیا میں بہت شورشیں پھیلائی ہیں اور اس کی وجہ سے بے حد کشت وخون ہوئے ہیں۔ مسیحؑ اور موسیٰؑ کے ماننے والوں میں کس قدر لڑائیاں ہوئی ہیں۔ کس قدر کشت وخون ہوا ہے۔ کہ العظمۃ للہ۔ پھر مسیحؑ اور محمدؐ کے ماننے والوں میں اس وقت سے لے کر آج تک کس قدر خونریزیاں ہوئی ہیں کہ العظمۃ للہ۔ پھر جھوٹے دعوی داران نبوت نے دعوی کر کے کس قدر جنگیں برپا کی ہیں۔ اس لیے اعتقاد نبوت بھی غلط ہے (بنا بر دماغ وعقل

Marfat.com

احمد امین) پھر اعتقاد و تخیل خلافت پر کس قدر کشت و خون ہوئے ہیں کہ پناہ بہ خدا۔ خلافت راشدہ میں (بقول اہلسنت) جنگ جمل۔ صفین۔ نہروان۔ بعدہ عبداللہ ابن زبیر سے جنگ ہوئی جس میں تباہی کعبہ ہوئی۔ پھر دور یزید میں مدینہ میں قتل عام۔ پھر بنی عباس کے ہاتھوں بنی امیہ کی تباہی۔ پھر ترکوں وغیرہ کے ہاتھوں خلافت بنی عباس کی تباہی اور دیگر سینکڑوں لڑائیاں جو اسلام کے مقدس نام پر لڑی گئیں تو پھر اسلام و تخیل خلافت سے بھی اس بنا پر انکار کر دینا لازمی ہے۔ اس جاہل تاریخ کو کس طرح یہ سمجھایا ہے کہ ناحق کی لڑائیاں ہمیشہ حق کا لباس پہن کر لڑی جاتی ہیں اور باطل امور کو حق کا نام دے کر دنیا کو بہکایا جاتا ہے تو اس بنا پر جس قدر حقائق ہیں۔ سب کا انکار کر دینا چاہیے اور احمد امین کو فتویٰ دے دینا چاہیے کہ حق کا وجود خلاف عقل ہے۔ اس لیے کہ اس کی وجہ سے تباہیاں پھیلتی ہیں۔ علاوہ بریں آج جو امریکہ و روس وغیرہ میں کشاکش ہے اس میں کہاں۔ عقیدہ مہدیؑ کار فرما ہے۔ حالانکہ یہ کشت و خون مہدیوں کے فتنہ و فساد سے کہیں زیادہ ہے۔ لہذا جو جذبہ یہاں کام کر رہا ہے وہی وہاں بھی تھا۔ عقیدہ فقط سہارے کے لیے تھا۔ آج کئی کروڑ کی آبادی امام مہدیؑ کے انتظار میں چشم براہ ہے اور کہیں فتنہ و فساد کا نام نہیں۔

## تیسرا احمقانہ اعتراض

اعتقاد و تخیل و فکر مہدیؑ۔ مایوسی سے عملی اور ترقی کی مانع ہے۔ لیکن احمد امین آخر اپنے شیطان کو کیوں بھول گیا۔ خدا کو کیوں چھوڑ دیا۔ جب بعض اہل سنت کے اس اعتقاد کی بنا پر کہ سب خیر و شر خدا کی جانب ہوتا ہے۔ یا جو تقدیر میں لکھا ہے وہی ہوتا ہے۔ یا جو کچھ دنیا میں ہوتا ہے وہ سب خدا کی رضی

Marfat.com

سے ہوتا ہے اور جو ہو گیا خواہ وہ کسی زور و ظلم سے ہوا ہو خدا کی مرضی یہی تھی۔ یا ہر برائی کا شیطان ذمہ دار ہے تو یہ ہیں وہ اعتقادات جو انسان کو مایوس لاچار بے بس اور ہر ترقی سے روکتے ہیں۔ تو اس بنا پر احمد آمین کو خدا و شیطان دونوں کا انکار کر دینا چاہیے۔ بخلاف اس کے۔

شیعوں کا یہ عقیدہ کہ ایک امام اب بھی موجود ہے۔ جو ہمارے بد اعمالی پر رنجیدہ ہوتا ہے اور ہمارے نیک اعمال پر خوش ہوتا ہے۔ ان کو صحیح راہ عمل پر لگاتا ہے اور ہر اس ترقی پر جو موافق شرع محمدی ہو ہم کو ابھارتا ہے اور میدان عمل کو ہم پر واضح کرتا ہے اور یہ تخیل کہ امام زمانہ کے مددگار نیکوکار اور صالح ہوں گے ہم کو دعوت عمل صالح دیتا ہے تاکہ ہم ان کی مدد کے قابل ہو سکیں اور اسی وقت زندہ ہو کر اپنے موجودہ اعمال کی وجہ سے ان کے مددگار بن جائیں اور جس طرح تخیل جنت و دوزخ جس کا یقین ہم کو رسول اللہؐ کے فرمانے سے ہوا ہے۔ ہم کو نیکیوں کی جانب راغب اور بدیوں سے متنفر بناتا ہے۔ اسی طرح سے ہم کو حسب فرمودہ رسول یہ تخیل کہ ہر زمانہ میں ایک حجتہ خدا کا وجود ضروری ہے اور وہ موجود ہے۔ ہم کو تخیل جنت و جہنم کی طرح نیکیوں کی طرف راغب اور بدیوں سے متنفر کرنے کا ایک دوسرا طریقہ ہے۔ جو وجود جنّت و جہنم کو اور مستحکم کرتا ہے۔ تو گویا تخیل و اعتقاد حجتہ۔ تخیل و اعتقاد جنت و نار کا موئد ہے۔ نہ کہ اس کے خلاف البتہ جن کے یہاں تخیل و اعتقاد امام زمانہ نہیں ہے۔ وہ در جنوں خود ساختہ اماموں اور مصلحوں اور رہبروں کے پیچھے دوڑتے پھرتے ہیں۔ بخلاف ان کے ہم کو یہ اعتقاد درجنوں ناجائز اور خودساختہ اماموں سے بچاتا ہے۔

الحمد للہ اولاً و آخراً۔

اب ہم مزید اعتراضات کا جواب دیتے ہیں جو عدم تدبر کی پیداوار ہیں۔

## چوتھا اعتراض

| | |
|---|---|
| ایّ فائدة فی امام مختفی عاجز لا یقدر علی دفع الظلم | ایسے امام سے جو پوشیدہ ہے اور اس قدر عاجز ہے کہ وہ ظلم کے دفع پر بھی قادر نہیں، کیا فائدہ ہے۔ |

جب وہ امت کو منظم نہیں کر سکتا تو اس کے وجود سے کیا فائدہ۔ اگر اس اعتراض کو صحیح مان لیں۔ تو۔ پھر آپ کو یہ کہنا اور آسان ہو جائے گا کہ۔

| | |
|---|---|
| ما الفائدہ فی اللہ الغائب العاجز لا یقدر علی منع الظلم و دفعہ | ایسے خدا کے ماننے سے کیا فائدہ جو غائب ہے اور اس قدر عاجز ہے کہ دنیا سے ظلم کو دور نہیں |

کر سکتا نہ روکتا ہے نہ اس کو بند کر سکتا ہے۔ لیجئیہ جو امام پر اعتراض ہے وہی خدا پر ہو جائے گا۔ بلکہ اس پر زیادہ اعتراض ہے۔ اس لیے کہ وہ باوجود صفات کمال اور قوت کے اور باوجود اس کے کہ وہ امام سے زائد قوت اور کمال رکھتا ہے۔ پھر بھی مظالم کے روکنے سے نیکیاں پھیلانے سے عاجز ہے اس لیے اس کا بھی انکار کر دینا لازم ہے اور دہریت سے اسی وجہ سے خدا کے منکر بھی ہو گئے۔ تو کیا مسلمان بھی اس بنا پر انکار کر دیں۔ آپ کی دلیل کی بنا تو ہر مسلمان کو انکار خدا کر دینا چاہیے۔

تو یاد رکھیے کہ وہ اس عالم مادی ہیں۔ خود سامنے نہیں آتا۔ بلکہ اس عالم مادی کے افراد سے کام لیتا ہے۔ قرآن پاک کی آیتہ اس پر پوری روشنی ڈالتی ہے۔

| | |
|---|---|
| ولولا دفع اللہ الناس بعضھم ببعض لھدمت | اگر خدا ایک کے ذریعہ سے دوسرے انسانوں کو ایک دوسرے |

| | |
|---|---|
| صوامع و بیع و صلوات و مساجد یذکر فیها اسم اللہ کثیرا (حج ۲۲) | سے نہ روکتا اور ایک گروہ کے ذریعہ سے دوسرے گروہ کو باز نہ رکھتا۔ تو یہودیوں اور مجوسیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کی وہ مسجدیں جن میں بکثرت خدا کا ذکر ہوتا ہے۔ برباد کر دی جائیں (مگر خدا نے ان مقامات کو ایک دوسرے کے ذریعہ سے بچا دیا۔ |

دفع ظلم۔ خدا کی قدرت سے ہوتا ہے۔ مگر وہ یہ کام دوسروں سے لیتا ہے اس نے عالم مادی کا شعار یہی مقرر کیا ہے۔ وہ محیی یعنی زندہ رکھنے والا ہے۔ مگر یہ کام اس نے پانی سے لیا ہے اور فرمایا ہے۔

| | |
|---|---|
| وجعلنا من الماء کل شئی حیّ (انبیاء ۳) | ہم نے پانی سے ہر شے کو زندہ رکھا۔ |

یہ نہیں فرمایا کہ صرف قدرت سے ہر شئے کو زندہ رکھا ہے۔ بلکہ سبب حیات پانی کو قرار دیا ہے۔ دوسری جگہ قرآن میں فرماتا ہے۔

| | |
|---|---|
| انّ علینا للھدی (لیل ۲) | ہدایت ہمارے ذمہ ہے۔ |

لیکن خود مادی بن کر سامنے نہیں آیا۔ بلکہ فرماتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| ھوالذی ارسل رسوله بالھدی (توبہ ۵) | اس نے اپنے رسول کو ہدایت کے ساتھ بھیجا۔ |

اس طرح کی درجنوں مثالیں قرآن پاک میں موجود ہیں۔ اس لیے کہ یہ بھی سنت اللہ ہے۔ تو جس طرح خدا باوجود اپنی قدرت کے اور انبیاء باوجود ایک لاکھ ۲۴ ہزار ہونے کے دنیا سے دفع ظلم نہیں کر سکے تو امام اگر نہیں کر سکا تو کیوں حیرت ہے۔

Marfat.com

ذرا یہ بھی سمجھ لیجیے کہ خدا اس معاملہ میں کسی طرح جبر یا زبردستی نہیں کرتا ہے۔ بلکہ جو خواہان ہدایت ہیں ان کے لیے انبیاء و آئمہ کے ذریعہ سے راہ راست کھول دیتا ہے اور اب وہ یہ کام حجتہ خدا اور امام زمانہ سے لے رہا ہے۔ جو طالب ہدایت ہیں ان کو الہام اور امام کے ذریعہ سے ہدایت فرماتا ہے۔

## فائدہ وجود امام

جو ہدایت یافتہ شیعہ اس کا یقین رکھتے ہیں کہ ان کا امام موجود ہے اور اس کا حکم ہر پابند مذہب پر جاری ہے۔ تو یہ اعتقاد ان کو ہر فساد اور بدی سے روکتا ہے اور ہر خیر اور صلح کی جانب رغبت دلاتا ہے۔ یہ ایک نفسیاتی مسئلہ ہے۔ لاشعور اور کانشس جب بدی سے روکتے ہیں۔ تو بہت سے اس کو رد کر دیتے ہیں۔ مگر جن کو یہ یقین ہو جائے کہ یہ تنبیہ اور یہ اشارہ۔ ان کے امام کی جانب سے ہے۔ وہ کبھی اس کو رد نہیں کریں گے۔ بلکہ اس کو قبول کر کے نیکیوں کی جانب راغب ہو جائیں گے۔ بلکہ یہ خیال کہ امام موجود ہیں۔ ان کی نیکیوں کے جوش کو اور بڑھا دے گا۔ یہ ایک فطری چیز ہے کہ اگر کسی لشکر کو یہ یقین ہو کہ ان کا سردار موجود ہے۔ اگرچہ وہ آنکھ کے سامنے موجود نہ ہو تو پھر اس لشکر کا جوش اور اس کا حوصلہ باقی رہتا ہے۔ لیکن اگر یہ یقین ہو جائے کہ کوئی سردار نہیں ہے تو ان کے حوصلہ پست ہو جائیں گے اور ہمتیں ٹوٹ جائیں گی ان میں تفرقہ پھیل جائے گا اور وہ اپنے اپنے پسند کے سردار بنا لیں گے اور یہی تفرقہ ان کی بربادی کا سبب ہو جائے گا۔ وجود امام کے یقین سے یہی جذبہ اور جوش آج شیعوں میں موجود ہے اور اسی جوش نے ان کو آج تک باقی رکھا ہے اور جو ان کے قائل نہیں وہ نئے نئے امام اور رہبر چن کر نئے مذہبوں کی بنیاد ڈال رہے

Marfat.com

ہیں اور وہ فرقے بنا رہے ہیں جو حدیث رسول کی بنا پر ناری ہوں گے۔

## اعتراض و اقرار

آنحضرت نے جس قدر احادیث صفات مہدیؑ میں بیان فرمائی ہیں اور جس قدر صفات یکون بعدی اثنا عشر (میرے بعد بارہ ہوں گے) والی روایتوں میں بیان کیے ہیں۔ وہ سارے شرائط امام حسن عسکریؑ کے صاحبزادہ (حضرت محمدؑ) امام مہدیؑ میں پائے جاتے ہیں۔ غیر آئمہ اثنا عشر میں نہیں پائے جاتے ہیں۔ مدعیان امامت میں تو معترض یہ کہتا کہ اگرچہ یہ صفات اب تک ان کے سوا دوسرے میں نہیں پائی گئی ہیں۔ ممکن ہے کہ یہ صفات آئندہ زمانہ میں کسی اور میں پائی جائیں اور یہی مراد نبی ہو۔ لیکن اس موقع پر معترض کی مثال یہود و نصاریٰ کی ہو جائے گی۔ یہودیوں نے اسی بنا پر انکار مسیح کر دیا کہ وہ نہیں ہیں بلکہ آئندہ آئیں گے۔ پھر یہودیوں نے اور عیسائیوں نے باوجودیکہ انجیل و توریت میں آنحضرت کے اوصاف بیان کر دئے تھے اور آنے کی خبر بھی دے دی تھی۔ مگر انہوں نے اسی بنا پر کہ یہ وہ نبی نہیں ہیں بلکہ کوئی اور نبی آئے گا اور یہ اوصاف جو اس نبی میں ہیں مستقبل میں دوسرے کے ہو سکتے ہیں۔ اس بنا پر آنحضرت کی نبوت سے انکار کر دیا۔ یہی حال منکرین امام مہدیؑ کا ہے۔ کہ باوجودیکہ وہ مصداق اوصاف و اخبار نبوی ہیں۔ ان کے لیے حیلہ تلاش کرتے ہیں اور آئندہ کے امیدوار ہیں

## غائب و حاضر

آج ایسا گروہ بھی موجود ہے۔ جو امامت کا تو قائل ہے مگر ایک حاضر امام کو مانتا ہے اور اگرچہ وہ گروہ قلیل تعداد میں ہے لیکن یکے بعد دیگرے امام کو مانتا

Marfat.com

چلا آتا ہے ۔ مگر ایک بات پر وہ غور نہیں کرتا ۔ کہ امام شرع رسولؐ و آئمہ سابق کو قائم کرنے آتا ہے اس کو شریعت کے بدلنے کا حق نہیں اور نہ اپنی لپیٹ پر شریعت کو ڈھالنے کا اختیار ہے اسی لیے اس گروہ کی کوئی شرع نہیں ۔ جو ان کے امام نے کہدیا وہی شریعت بن گئی جس کا آج یہ نتیجہ ہے ۔ کہ اس گروہ کی نماز پنجگانہ غائب ۔ زکوٰۃ غائب ۔ حج غائب ۔ خمس غائب ۔ غسل و طہارت غائب ۔ زیارات قبر نبی وغیرہ سب غائب ۔ مگر امام حاضر ۔ الحمدللہ کہ ہماری نمازیں ۔ روزے ۔ حج زکوٰۃ خمس ۔ غسل طہارت و زیارات سب حاضر ہیں ۔ اگرچہ امام غائب ہے ۔ تو ان کے حاضر نے کوئی فائدہ شرع محمدی کو نہیں دیا اور ہمارے غائب نے کوئی نقصان نہیں پہنچایا ۔ امام حاضر کے اس گروہ نے جن امام جعفر صادق کو مانا ہے ۔ ان کی قبر کی بے حرمتی کی گئی ۔ مگر کسی نے آج تک ایک آواز اس کے خلاف بلند نہیں کی ۔ تو اس زندہ امام سے اور حاضر امام سے کیا فائدہ جو اپنے مردہ اماموں کی بھی خبر نہ لے ۔ نہ ان کی زیارت کو جائے ۔ خود کو ان کی اولاد کہے مگر اپنے بزرگوں کی بے حرمتی کی پروا نہ کرے ۔ اپنا مقبرہ تو شاندار بنوائے ۔ مگر اپنے ان آباؤ و اجداد ۔ جیسے وہ کہتے ہیں کہ ہم کو امامت ملی ہے ۔ ان کی شکستہ قبروں کی پرواہ بھی نہ کرے اور اپنی امامت محض دنیادی سیاست تک محدود رکھے

## اختلاف اہم امامت میں

آج جن قوموں نے امام بنا رکھے ہیں ۔ وہ بھی کسی ایک امام پر متفق نہیں اگر امام بھی اس زمانہ میں ظہور فرمالیں ۔ تب بھی خود غرض اور خود پسند دنیا ان پر اتفاق نہیں کرے گی ۔ آج کہیں بادشاہت ہے ۔ کہیں ڈکٹیٹر شپ ۔ کہیں جمہوریت ۔ کہیں انتخابی حکومت ۔ کہیں اقرار خدا ہے ۔ کہیں انکار خدا ۔ ہر ملک

Marfat.com

میں ایک شور فتن ہے۔ ہلڑ ہے۔ جس عرب کو وحدت کا سبق سکھایا تھا۔ آج وہی عرب ایک دوسرے سے دست بگریبان ہے۔ یورپ جو ہزاروں اشیاء کا موجد ہے فلک پیما ہے اور تعلیم یافتہ عیسائی ہے۔ آج دنیا بھر پر چھایا ہوا ہے اور سب کا عقل کل بنا ہوا ہے اور خود متحد الفکر متحد الخیال۔ متحد المعاش نہیں۔ اگر امام اس زمانہ میں حسب دستور انبیاء کا سبق صرف تعلیم و نصیحت و اخلاق و ہدایت لے کر آجائیں۔ تو وہی حشر ہوگا۔ جو اور رہا دیاں امت اور انبیاء کا ہوا ہے اس لیے وہ اس وقت آئے گا۔ جب دنیا ظلم و جور سے بھر جائے گی اور ہر قوم برسر حکومت آ چکے گی۔ تاکہ کسی قوم اور خود ساختہ مذہب کو یہ کہنے کا موقع نہ ملے کہ اگر ہم کو حکومت ملتی تو ہم عدل و انصاف کرتے۔ مگر جب مدعیاں حکومت و اقتدار ظلم پر کمربستہ ہو جائیں گے۔ عوام ایک دوسرے کے خون کے پیاسے بن جائیں گے تب وہ امام آخر نصیحت نہیں۔ بلکہ تلوار لے کر آئے گا۔ اس لیے کہ جب زخم سڑ جاتے ہیں اور اس کے تمام جسم میں پھیل جانے کا خطرہ ہو تو ڈاکٹر مکسچر نہیں نشتر لے کر آتا ہے اور آپریشن کر کے سارے فسادی مادہ کو نکال دیتا ہے۔ یا ان اعضاء کو کاٹ دیتا۔ جن کی اصلاح کی امید نہیں رہتی۔ یا آگ میں سرخ شدہ لوہے سے داغ لگایا جاتا ہے۔ اسی لیے عرب میں مشہور مثل ہے کہ آخری علاج داغ ہے

## اسلامی فرقے

آج وہ اسلام جو دنیا کی رہنمائی کے لیے آیا تھا۔ وہ اس حالت پر پہنچ گیا کہ اس کے لیے تہتر ٹکڑے ہو گئے ہیں۔ جن کی اکثریت جہنمی ہے صرف ایک نجات و ہدایت یافتہ ہے باقی سب جہنم کا ایندھن ہیں۔ تو اب صرف اس ہادی کے آنے سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ جو قوت قاہرہ اور تلوار لے کر آئے۔ اس وقت

اس کی تلوار دیکھ کر جو ایمان لائے گا۔ حسب ارشاد قرآنی اس کا اس وقت ایمان لانا فائدہ مند نہ ہوگا۔ بلکہ ایسے لوگ تباہ کر دئیے جائیں گے تاکہ دنیا اس نمائشی اسلام وہدایت سے نجات پا جائے۔ جو تلوار دیکھ کر لایا گیا تھا اور ایسا ہی ہو کر رہے گا۔ اسی کا انتظار ہے۔

## جو ہو گیا وہی مرضی خدا تھی

اگر اقتدار اور حکومت کو یہ کہہ کر مان لیں کہ جو کچھ ہوا ہے وہ سب خدا کی مرضی اور اس کے حکم سے ہوا ہے۔ تو پھر فرعون نمرود و شداد کے لیے اور تاتاریوں اور چنگیز کے لیے اور آج یورپ میں جو حکومت ہے ... وہ سب خدا ہی کی مرضی سے ہوتا ہے تو کیوں آج اس کی مخالفت کی جا رہی ہے سب کچھ اس کی مرضی سے ہو رہا ہے تو غلبہ اور تسلط اگر دلیل حقانیت ہے تو آج عیسائی حق پر ہیں۔ تو پھر سارے مسلمانوں کو عیسائی بن جانا چاہیے۔

یاد رکھئے کہ یہ حکومت اقتدار قرآن پاک کے ان اصول پر ہے کہ

تلك الایام نداولها
بین الناس ۔

اس زمانہ اور اس کے اقتدار کو ہم لوگوں میں گردش دیتے رہتے ہیں۔ اور اسی میں ان کا امتحان ہو جاتا ہے اور آئندہ ان کو یہ کہنے کا حق نہیں رہتا کہ اگر حکومت ہمارے ہاتھوں میں دی جاتی تو ہم عدل و انصاف پھیلا دیتے

اب ان کو یہ کہنے کا حق نہیں رہے گا۔ تو خود ساختہ حکومتیں اور خلافتیں اس لیے ہیں کہ خدا کی حجتہ ان پر قائم رہے۔ نہ یہ کہ ان حکومتوں اور خلافتوں میں اس کی مرضی بھی شامل ہے۔

Marfat.com

آج جو خدا کی مرضی کے خلاف اور اس کا انکار کر کے حکومت کر رہے ہیں کیا یہ سب خدا کی مرضی ہے۔ اگر خدا کی یہی مرضی ہے تو پھر ان کو سزا کیوں دی جائے گی اور ان کو کیوں ناحق کہا جاتا ہے۔ کہیں تو عقل کو کام میں لایا کیجیے۔

## ایک اور وجہ غیبت امام

حیوان کو عقل دے کر بشر بنا دیا۔ تو بشریت انسان کا کمال تھا۔ مگر چونکہ خطرہ تھا کہ بشریت حیوانیت بن جائے گی تو قدرت نے اپنی نور اور روح سے آراستہ انبیاء کو لباس بشریت دے کر اس عالم میں بھیجا۔ تاکہ وہ حیوان صفت بشر کو راہ بشریت دکھلائیں۔ تب ان حیوان صفت انسانوں نے ان کو قتل کیا زہر دیئے مصائب اور آلام کے پہاڑوں میں ان کو دبایا۔ قدرت نے

| | |
|---|---|
| یقتلون النبیین بغیر حق (البقرہ پ۱) | انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں۔ |

فرما کر ان کی نقاب بشریت کو چاک کر دیا۔ تب قدرت نے زبان عمل سے بتلا دیا کہ بشریت تمہارا کمال تھا۔ وہ میں نے اپنے انبیاء کو دیا تو تم قتل کرتے رہے۔ دکھ پہنچاتے رہے۔ اب میں اپنا کمال غیبت دے کر جن کی ضرورت ہے ان کو بچاتا ہوں

| | |
|---|---|
| یریدون لیطفئوا نور اللہ بافواھہم واللہ متم نورہ ولو کرہ الکافرون (صف پ۲۸) | وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو پھونک مار کر بجھا دیں (افواہوں سے۔ الزامات سے بہتانوں سے بجھا دیں) اور اللہ اپنے نور کو پوری طرح ظاہر کر دے گا۔ خواہ کافر کتنی |

Marfat.com

ہی کراہت کریں (منہ بنائیں) اور ان نفوس کو جاوہ گر کہہ کر کبھی فتنہ گر کہہ کر ستایا اور قتل کیا۔ بیلن اللہ ان کے انوار کو تاباں کر کے رہے گا۔ اس آئینہ مبارکہ میں نور اللہ سے ذات خداوندی مراد نہیں وہ تو ہر حال میں کامل اور پوری ہے۔

اور نہ ہوائے دین اس تک پہنچ سکتی ہے۔ نہ وہم و خیال کی وہاں تک رسائی ہے۔ نیز وہ تو تمام کرکے وعدہ پورا کرنے والا ہے۔ تمام ہونے والی اور پورا ہونے والا کوئی اور ہے۔ بلکہ اس سے مراد وہ ذات ہے جو اس کا نور ہے کہ اس کی عطا کردہ قوت روحانیہ سے آراستہ ہو کر اس دنیا میں ہدایت کے لیے آئی۔ آخر میں خدا و رسول کی مقرر کردہ تعداد آئمہ اور خلفاء پوری ہو چکی تھی۔ صرف ایک ذات باقی رہ گئی تھی خدا نے اس کو بچا لیا۔ اور جب تک اس کے ذریعہ سے تکمیل ہدایت عالم نہ ہو جائے۔ وہ باقی رہے گا۔

## کیا انبیاء اور آئمہ اور رسل کا وجود صرف ہدایت کیلیے تھا؟

عوامی عقلیں یہ کہتی ہیں کہ جب امام موجود ہے تو وہ آکر ہدایت کیوں نہیں کرتا۔ اگر ہدایت نہیں کرتا تو اس کے وجود سے کیا فائدہ ہے۔ ظاہر بین عقلیں یہیں آکر رک جاتی ہیں۔ اس لیے کہ وہ غائب کی ہدایت کے قائل نہیں۔ حالانکہ ہادی حقیقی یعنی خداوند عالم جو قرآن پاک میں بار بار فرماتا ہے کہ یھدی۔ وہ ہدایت کرتا ہے۔ ھوالھاد۔ وہ ہادی ہے۔ آخر وہ غائب رہ کر کیسے ہادی ہے۔ آج منکرین خدا اس کے غائب ہونے کی وجہ سے نہ اس کی ذات کا اقرار کرتے ہیں نہ اس کی ہدایت کا۔ تو کیا اس کے بظاہر ہدایت نہ کرنے کی وجہ سے ہم یہ سمجھ لیں معاذ اللہ

(۲) صاحب صواعق محرقہ میں صفحہ ص ۹ پر لکھتے ہیں کہ علامہ ثعلبی نے اپنی

تفسیر میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا یہ قول تحریر فرمایا ہے۔ کہ آیتہ واعتصموا بحبل اللہ جمیعا (آل عمران پ۴ ع۱۱) اللہ کی رسی کو مضبوط تھام لو تو اس رسی سے مراد ہم ہیں۔ (ایک رسی میں کم از کم دو بل ہوتے ہیں۔ اسی طرح اس حبل اللہ کے دو پہلو ہیں۔ ایک قرآن ایک اہلبیت) اس کے بعد وہ امام زین العابدین کی ایک دعا لکھتے ہیں جو اہم اور قابل غور ہے جس سے معلوم ہو گا کہ اہلبیت نبوت کے ساتھ دنیا نے کیا سلوک کیا ہے وہ قول امام چہارم نقل کرتے ہیں "کچھ لوگ ہمارے معاملات میں کوتاہی بھی کرتے ہیں اور قرآن کی متشابہ آیات سے دلیل لاتے ہیں۔ مگر اس کی تاویل اور مطالب اپنی رائے سے کرتے ہیں اور معتبر احادیث پر افترا کرتے ہیں تو کس کی طرف بقیہ امت پناہ لے۔ حالانکہ اس ملت و مذہب کے نشانات مٹ چکے ہیں اور امت تفرقہ میں مبتلا ہو چکی اور ایک دوسرے کو کافر بتلاتی ہے اور خداوند کریم قرآن میں فرماتا ہے "تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو تفرقہ میں مبتلا ہو گئے اور واضح آیات کے بعد اختلاف میں پڑ گئے" تو حجتہ خدا ان جانے پر کس پہ بھروسہ کیا جائے اور معانی حکم اہل کتاب کو کون بتلائے۔ تو فرزندان آئمہ ہدیٰ اور تاریک راہوں کے چراغ وہ ہیں جن کے ذریعہ سے اللہ نے اپنے بندوں پہ حجتہ قائم کی ہے اور خلق کو بیکار بغیر حجتہ کے نہیں چھوڑا تم ان کو شناخت نہیں کر سکتے ہو نہ ان کو پا سکتے ہو وہ ملیں گے تو شجرہ مبارکہ کی شاخوں میں ملیں گے اور ان منتخب لوگوں میں کہ جن کو اللہ نے تمام برائیوں سے دور اور تمام آفات سے بچا رکھا ہے اور ان کی محبت تمام واجب کی گئی ہے" (تا صہ۱ ۹ صواعق محرقہ) اس قول کو ابن حجر سے جہاں یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ بعد نبی امت گمراہیوں میں مبتلا ہو گئی۔ وہیں یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ

Marfat.com

## ہر زمانہ میں حجۃ خدا کا وجود ضروری ہے اور وہ اہلبیت نبی ہیں

اس روایت کے بعد وہ روایت النجوم امان کو بیان کرتے ہیں کہ میرے اہلبیت باعث امان زمین ہیں ۔ (دیکھیے صواعق محرقہ ص۱۱۱ و کنز العمال جلد ششم ص۲۱۶ و ص۲۱۷) اس کے بعد وہ تحریر کرتے کہ میرے نزدیک ظاہر یہ ہے کہ مراد اس سے اہلبیت ہیں ۔ اس لیے کہ اللہ نے تمام دنیا کو نبی کی وجہ سے خلق فرمایا اور اس کی بقاء اور ہمیشگی نبی کی وجہ سے اور ان کے اہل بیت کی وجہ سے رکھی ۔ اس لیے کہ وہ بہت سی چیزوں میں نبی کے برابر ہیں (صواعق ص۹۱) تو اس حدیث نے صاف بتلا دیا کہ ہر زمانہ میں اہلبیت میں سے ایک ذات مثل نبی امان زمین و اہل زمین رہے گی اور اگر وہ نہ رہیں تو جس قیامت کا وعدہ کیا ہے وہ آ جائے گی ۔

## ایک اور انصاف پسند عالم اہلسنت کا فیصلہ

علامہ شیخ حافظ الحدیث محمد ابن یوسف الشافعی الگنجی ۔ متوفی ۶۵۸ھ اپنی مشہور کتاب "البیان فی اخبار صاحب الزمان" میں حضرت حجۃ کے متعلق ایک تحقیقی مقالہ تحریر فرمایا ہے ہم اس کا خلاصہ پیش کر کے منکرین وجود امام سے انصاف کے خواہاں ہیں ۔ وہ اس کتاب کے پچیسویں باب میں ص۳۳۶ میں تحریر فرماتے ہیں "کہ امام مہدی علیہ السلام کی بقاء زمانہ غیبت سے لے کر آخر زمانہ تک قابل تسلیم ہے اور دلیل بقاء و حیات یہ ہے کہ اولیائے خدا میں سے عیسی اور الیاس اور خضر باقی ہیں اور دشمنان خدا میں شیطان اور دجال باقی ہیں ۔

حضرت عیسی کی حیاۃ و بقاء کی دلیل قرآن پاک کی یہ آیت ہے ۔

وان من اھل الکتاب　　کوئی اہل کتاب میں ایسا باقی نہیں

Marfat.com

الا لیومننّ بہ قبل | رہے گا جو آپ کے مرنے سے پہلے
موتہ (نساء ۲۲) | آپ پر ایمان نہ لے آئے۔

تو جس دن یہ آیت نازل ہوئی اس دن سے لے کر آج تک لاکھوں یہودی باقی ہیں اس کا وجود بیکار ہے۔ جب وہ سامنے آکر ہدایت نہیں کرتا تو ایسے خدا سے کیا فائدہ جب آپ خدا کے طرز ہدایت پر غور فرمائیں گے تو پھر آپ کو طریقہ ہدایت امام بھی واضح ہو جائے گا۔

ہم اس غائب امام کی ہدایت کے قائل ہیں اور اس کو مختلف عنوان سے ثابت بھی کر چکے ہیں۔ یہاں ہم اس کے بعد بھی یہ بھی واضح کیے دیتے ہیں۔ کہ ہدایت کے علاوہ وجود حجۃ خدا سے اور بھی فوائد وابستہ ہیں۔ صرف ہدایت ہی مقصد وجود نہیں۔ وہ تو ادراوصاف کے علاوہ ایک وصف ہے۔ جس کو وہ پورا کر رہے ہیں جیسے خدا ہادی ہے مگر اس کا وجود محض ہدایت کے لیے نہیں بلکہ وہ باعث ایجاد خلق ہے وغیرہ وغیرہ۔

ہم آفتاب کے لیے یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ صرف راہ نمائی کے لیے خلق ہوا ہے اور صرف راہ نما ہے۔ بلاشبہ وہ آنکھ والوں کو راستہ دکھلاتا ہے۔ یہ اس کے وجود کا ایک کرشمہ ہے۔ اس کے علاوہ اس کے وجود سے دنیا میں نشوونما ہے۔ نظم سیارگان ہے۔ موسم کی تبدیلیاں ہیں۔ اس کے دم سے چاند اور ستاروں کی نورانیت ہے۔ اس کی شعاعوں سے عالم رنگ و بو کی رنگینیاں ہیں۔ پھلوں کو پختہ کرتا ہے۔ علیٰ ہذا سیکڑوں فوائد ہیں۔ ان فوائد کے علاوہ وہ اپنے نور سے راہ نما بھی ہے۔

اسی طرح آئمہ اپنے قول و فعل سے ہادی راہ نما بھی ہیں۔ اور سبب بقائے زمین بھی ہیں۔ واذاً لساخت الارض باھلہ۔ اگر وہ موجود نہ ہوتا تو زمین مع اپنی آبادی کے برباد ہو جاتی (دیکھئے حدیث مذکورہ) وہ امان زمین ہیں (دیکھئے حدیث مذکورہ

اس لیے ان کا وجود ضروری ہے۔ نہ کہ ان کا ظہور۔ وہ غائب رہ کر بھی خلق کو اسی طرح فائدہ پہنچاتے ہیں۔ جیسے سورج بادلوں میں غائب ہو کر کائنات کو فائدہ پہنچاتا رہتا ہے۔ اس امام غائب سے روحانیت کی بقاء ہے۔ ۷۳ میں سے ایک جنتی گروہ اس کے دم سے باقی و قائم ہے۔ بعینہ جیسے وجود آفتاب سے ہمارا کرۂ ارض قائم و باقی ہے

## مزید توضیح کہ غائب سے فائدہ پہنچ سکتا ہے

قرآن پاک جو نوع بشر کے لیے آخری کتاب ہے۔ جو ایک مکمل شریعت اور راہ نما ہے۔ اگر اس کی آیات پر تدبر اور عقل سے غور کیا جائے تو وہ حقائق واضح ہوتے ہیں جو جان مذہب و ایمان ہیں۔ ارشاد پاک ہے۔

| | |
|---|---|
| فالمقسمات امراً (ذاریات ۵۱) | قسم ہے امر تقسیم کرنے والوں کی |

دوسری جگہ فرماتا ہے کہ۔

| | |
|---|---|
| فالمدبرات امراً (نازعات ۷۹) | قسم ہے امر کے تدبیر کرنے والوں کی۔ |

یہاں ذات احدیت مدبروں کی اور مقسّموں کی قسم کھا رہی ہے۔ خود اس نے اپنے لیے فرماتا ہے کہ۔

| | |
|---|---|
| یدبر الامر (یونس ۱۰) | وہ امر کا انتظام فرماتا ہے |

اور والمدبرات امرا کی قسم نے بتلایا کہ انتظام اور تدبیر کرنے والے خدا کے علاوہ اور ہستیاں بھی ہیں۔ وہ کون ہیں تو اس کو علامہ فخر الدین رازی کی زبانی سنیے۔ وہ کہتے ہیں کہ علماء نے بالاتفاق کہا ہے کہ وہ انتظام اور تدبیر کرنے والے ملائکہ ہیں

Marfat.com

جبرئیل کے سپرد ہوا اور قدرت کے لشکر ہیں۔ میکائیل بارش اور نباتات پر موکل ہیں۔ قبض روح ملک الموت کے ذمہ ہے۔ اسرافیل امر نازل کرنے والے ہیں اس عالم مادی کے کل امور ایک نہ ایک فرشتہ کے سپرد ہیں (تفسیر فخر رازی جلد ہشتم صفحہ ۴۴۸ ذیل تفسیر سورہ نازعات)

تو مدبر اور منتظم حقیقی صرف خدا ہے۔ مگر یہ بھی اس کی تدبیر اور نظم ہے کہ نظم اسباب عالم کے لیے فرشتے معین فرما دیے ہیں۔ جو تدبیر عالم کرتے ہیں اور یہ سب غائب ہیں۔ ایک بھی نظر نہیں آتا ہے اور نظم عالم ان غائبوں کے دم سے ہے تو اگر وہ مالک الملک نظم و تدابیر دین کا کام بھی کسی غائب سے لیلے تو آپ کو کیوں حیرت ہے۔ خود مدبر ہو کر تدبیر کا سارا کام ان غائبوں سے لیتا ہے۔ تو ہادی ہو کر اگر کار ہدایت کسی غائب سے لیلے تو ہرگز خلاف عقل و شرع نہیں ہو سکتا۔ آخر جب دین کا بگاڑنے والا شیطان غائب ہے تو دین کا سنوارنے والا بھی غائب رہ کر دین کو سنوار سکتا ہے۔ شیطان کا اقرار اور امام کا انکار بالکل ایسا ہے بدی کا اقرار کرلیں اور نیکی کا انکار کردیں۔ بہرحال تدبیر دین اور عالم کے لیے وجود امام و ملائکہ ضروری ہے ظہور ضروری نہیں۔

تو اگر ملائکہ انتظام و نظم عالم کرتے ہوئے نظر نہیں آتے تو ان کی یہ غیبت نظم عالم سے نہیں روکتی تو امام غائب کو روحانی و دینی نظم سے غیبت کب مانع ہو سکتی ہے جنگ احد میں اصحاب کے بھاگنے پر خدا نے فرشتوں کے ذریعہ مدد فرمائی۔ (قرآنی تمثیل) قرآن میں اس واقعہ کا ذکر موجود ہے۔

| | |
|---|---|
| یمدد کم ربکم بثلٰثۃ | خدا تمہاری مدد تین ہزار ملائکہ |
| آلاف من الملائکۃ | کو بھیج کر فرما رہا تھا۔ |
| منزلین (آل عمران ۱۲۴) | |

قرآن کی خبر ہے اور نص ہے کہ تین ہزار فرشتوں نے مدد کی۔ حالانکہ کسی کو ایک بھی فرشتہ نظر نہیں آیا۔ تو کیا ان کا نظر نہ آنا مدد نہ کرنے کی دلیل ہے۔ تو اگر امام بحکم خدا غائب رہ کر مومنین کی مدد فرمائے تو اس کا سامنے آنا ضروری نہیں اور اس کے غائب ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ مدد بھی نہیں کر سکتا۔ مدد کے لیے وجود ضروری ہے ظہور ضروری نہیں۔ مگر فرشتوں نے کب مدد کی جب احد میں زیادہ تعداد رسول کو چھوڑ کر بھاگ گئی تھی اور چند گنتی کے مسلمان رہ گئے تھے۔ تب خدا نے یہ غائبانہ مدد فرمائی۔ اسی طرح جب بکثرت بہتر ۷۲ فرقے گمراہ ہو گئے اور صرف ایک فرقہ نجات یافتہ باقی رہ گیا تو اللہ نے اس غائب امام کے ذریعہ سے مدد فرما کر ان کو راہ مستقیم پر چلاتی رکھا۔ تو در اصل غائب کی مدد سے انکار ہٹ دھرمی اور قرآن کا انکار ہے

## آخر اس امام کا انکار کیوں ہے

صرف اس لیے کہ اس اقرار کے بعد خود ساختہ اماموں کا کاروبار ٹھنڈا ہو جائے گا اور اپنے خود ساختہ اماموں اور اماموں کا انکار کرنا پڑ جائے گا۔ نیز خود ان کے امام بننے کی گنجائش نہیں رہے گی اور یہ ڈھیر کے ڈھیر امام ادب امام المورخین اور امام المحدثین۔ امام المفسرین کہاں جائیں گے۔ ورنہ سیکڑوں مددگاروں اور مدبرین غائب کے اقرار کے بعد اس ایک امام غائب کے انکار کے کیا معنی ہیں۔

## وجہ بقاء امام زمانہ

تاریخ کا مطالعہ کرنے والے حضرات اور جن کی نظر احادیث و سیر پر ہے۔

ان پر یہ پوشیدہ نہیں کہ اہل غرض نے اولاد رسول کے ساتھ کیا سلوک کیا۔ آنحضرتؐ قرآن اور اہل بیت کو ساتھ چھوڑ گئے تھے اور یہ فرما گئے تھے کہ دونوں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے۔ اس کے شواہد بہ کثرت کتب اہل اسلام میں موجود ہیں۔ چند مسلمہ اور مشہور حوالے درج ذیل ہیں۔

(۱) صحیح مسلم طبع مصر جلد دوم ص ۳۲۵۔ (۲) صحیح ترمذی میں جلد دوم ص ۲۱۸
(۳) طبقات ابن سعد جلد دوم قسم دوم ص ۲۔ از مفتاح کنوز السنۃ ص ۴۱۸۔
(۴) مسند احمد حنبل طبع مصر۔ جلد سوم ص ۱۴۔ ص ۱۷۔ ص ۲۶۔ ص ۵۹۔ جلد چہارم ص ۳۷۱۔ ص ۳۶۶۔ جلد پنجم ص ۱۸۱۔ ص ۱۸۹۔ (۵) خصائص کبری سیوطی جلد دوم ص ۲۶۶
(۶) کنز العمال۔ بر حاشیہ مسند طبع مصر۔ جلد اول ص ۴۴ تا صفحہ ص ۴۷ متعدد مقامات پر ذکر ہے۔
(۷) شفاء قاضی عیاض طبع قسطنطنیہ جلد دوم ص ۴۱۔ (۸) شرح شفاء خفاجی جلد دوم ص ۵۵۴
(۹) تفسیر کبیر فخر رازی جلد ہشتم ص ۲۳۱ جلد سوم ص ۱۸۔ (۱۰) درمنثور سیوطی جلد ششم ص ۷۔ (۱۱) البدایۃ والنہایۃ ابن کثیر دمشقی جلد پنجم ص ۲۰۹ بموقع غدیر خم۔
(۱۲) عقد فرید۔ عبد ربہ اندلسی جلد دوم ص ۳۴۶۔ (۱۳) تاریخ ابو الفداء طبع مصر جلد دوم ص ۴۷۔ (۱۴) اسد الغابہ جلد دوم ص ۱۲۔ یہ چند حوالے ہیں ورنہ بکثرت کتب میں اس کا ذکر ہے۔

لیکن صاحبان غرض اور ہوس اقتدار و حکومت و دولت رکھنے والوں نے قرآن کو اہل بیت سے جدا کر کے قرآن کو سینہ سے لگایا۔ بوسہ دیا۔ حفظ کیا اور اہل بیت پر ظلم کے پہاڑ گرا دیئے۔ آنحضرتؐ کی گیارہ معصوم اولادوں کو قتل کیا۔ زہر دئے۔ جیل خانہ میں رکھا۔ اپنے سامنے نظر بند کر کے جاسوسوں کے پہرے لگائے۔ منبروں پر خفدار ان صلوٰ

پر لعنت بھیجی - ان کے مقابلہ کے لیے خدا سے نہ ڈرنے والے راویوں کی فوج اکٹھی کردی - روایتیں گھڑوائیں اور ان جاہل کرایہ کے راویوں نے وہ وہ روایات گھڑی کہ آج اہل عقل یا تو ان پر مضحکہ کرتے ہیں - یا ان کے ریلے میں بہہ گئے ہیں ان مظالم کے بعد خدا نے کارہدایت اس غائب کے سپرد کر دیا تاکہ اس کے بقاء اور غیبت سے کار ہدایت - باقی رہے اور اہل غرض ان کو مثل دیگر ائمہ کے قتل نہ کر سکیں

## حدیث "بارہ خلیفہ اور بارہ امیر" پر غور

ذات ختمی مرتبت نے اپنے حیات میں کوئی گوشۂ دین بغیر تفصیل نہیں چھوڑا اس لیے کہ اگر کوئی گوشہ تشنۂ تکمیل رہ جاتا تو دعوائے تکمیل دین غلط ہو جاتا - قرآن نے حکم نماز دیا - تو حضرت نے اس کی ایک ایک تفصیل بتلا دی - صورت نماز تعداد رکعات - نماز میں کیا پڑھیں - جماعت اور بغیر جماعت کے قواعد سب بتلا دئے ایک ایک چیز کی جس قدر تفصیل بتلائی ہے کہ اگر وہ لکھی جائیں تو کتابیں بھر جائیں زکوٰۃ کے اقسام - تعداد زکوٰۃ وغیرہ اور دیگر عبادات و احکام کی تشریح میں احادیث و اقوال کا انبار لگا دیا ہے - بیت الخلاء اور خلوت تک کے احکام بتلائے - مگر جب یہ فرماتے ہیں کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے - تو صرف اس قدر فرماکر خاموش ہو جاتے ہیں کہ وہ سب قریش سے ہوں گے - اب بنی ہاشم قریشی ہیں - بنی امیہ خود کو قریش کہتے ہیں - بنی عباس قریشی ہیں اور یہ سب مدعی امارت و خلافت ہیں - اب ان درجنوں خلفاء میں خلافت و امارت پر خون ریزیاں ہوئیں اس کے سبب کشت و خون ہوئے اور ان خلفاء کے اثر کے امت واحدہ کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے - اور امت پر طرح طرح کی تباہیاں آئیں - تو کیا یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ جو نبی مسواک اور خلال تک کے احکامات اس تفاصیل بتلا دے یہ

وہ بارہ خلفاء قریش سے ہوں گے۔ یہ کہہ کر خاموش ہو جائے اور ان کے نام تک نہ بتلائے۔ نہ ان کے صفات خاصہ بیان فرمائے۔ نہ ایسی علامات بتلائے جو آئندہ کی خونریزیاں اور طمع حکومت کا سدباب کر دیں۔ یہ بات قطعاً عقل میں نہیں آتی اور خلاف عقل ہے۔ جب آپ نے بحکم خداوندی بارہ کی تعداد بتلا دی تو دوسرے مسائل کی طرح اس کی کافی توضیحات اور اسماء کے بتلانے کی ضرورت تھی۔ کیا جس خدا نے بارہ کی تعداد بتلائی تھی۔ جس نے جہنم اور جنت کی تفصیلات بتلائی تھیں وہ ان کی تفصیل اور نام نہیں بتلا سکتا تھا اور اگر نبی کو نہیں بتلائے تھے تو کیا آپ خدا سے نہیں پوچھ سکتے تھے۔ جس کی یہ دعا قرآن میں موجود ہو کہ رب زدنی علماً (قرآن) خدایا میرا علم اور بڑھا دے وہ اس کے لیے دعا نہیں فرما سکتا تھا۔ کہ خداوندا یہ خلافت و امارت و حکومت جھگڑے کی جڑ ہے اس کی توضیح فرما دے کہ وہ کون ہیں۔ کیا آخری نبی اس سے بے پرواہ اور بے خبر ہو کر ان کا تقرر امت کے حوالے کر جاتا تاکہ قیامت تک ان میں جھگڑا برقرار رہے اور فرقے پہ فرقے بنتے چلے جائیں۔ کیا کوئی عاقل یہ کہہ سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ تو آنحضرتؐ نے جب یہ تعداد بتلا دی تو ان کے نام تک بتلا دئیے تھے۔ (جن کو ہم گذشتہ صفحات میں بیان کر چکے ہیں۔ اور جب امت نبی کے بیان کردہ گیارہ کو قتل اور زہر سے ختم کر چکی اور اپنی دنیاوی مقاصد اور ہوس خلافت و حکومت میں ان کو تباہ کر چکی تو قدرت نے بارھویں کو غائب کر کے بچا لیا۔ اس لیے کہ تعداد بارہ سے زیادہ مقصود نہ تھی اور صداقت قول رسول کے لیے بارھویں کا بقاء ضروری تھا۔ اگر وہ بارھواں بھی اہل غرض کے ہاتھوں ختم ہو جاتا تو یہ ارشاد نبوی کہ قیامت تک بارہ ہوں گے ہرگز پورا نہ ہوتا۔ بعض علماء اسلام نے یہ کہا ہے کہ آنحضرتؐ کے ارشاد میں جو

لفظ بعدی ہی آیا ہے۔ یعنی میرے بعد اس میں میرے بعد سے یہ مراد ہے کہ وہ پے درپے اور مسلسل نہ ہوں گے بلکہ ان کے درمیان میں کچھ زمانہ خالی رہے گا۔ پھر کوئی پیدا ہو جائے گا۔ یوں قیامت تک بارہ پورے ہو جائیں گے وقفہ وقفہ کے بعد درمیان میں فاصلہ چھوڑ کر امام بنتے رہیں گے۔ تو اس طرح ہر فاصلہ امام زمانہ سے خالی ہو گا۔ مگر ان کے اس تاویل اور بات بنانے سے رسول کی یہ حدیث بیکار و غلط ہو جاتی ہے کہ،

| | |
|---|---|
| من مات ولم یعرف امام زمانہ مات میتۃ الجاھلیہ | جس نے اپنے زمانہ کو نہ پہچانا وہ کفر کی موت مرے گا۔ |

ان کی تاویل کی بنا پر جب درمیانی فاصلہ امام سے خالی ہے اور امام ہے ہی نہیں، تو معرفت کس کی حاصل کرے گا۔ اگلے اور پچھلے اماموں کی تو آنحضرتؐ نے قید نہیں لگائی۔ بلکہ یہ فرمایا کہ اپنے زمانہ کے امام کی معرفت لازم ہے۔ تو ہر زمانہ میں امام کا ہونا لازم ہے۔ نیز آنحضرتؐ کا یہ ارشاد بھی معاذ اللہ غلط ہو جائے گا کہ اگر حجتہ خدا سے زمین خالی ہو جائے تو وہ مع اپنے رہنے والے کے دھنس جائے گی اور برباد ہو جائے گی۔ اس حدیث مبارک میں جس کا حوالہ ہم دے چکے ہیں۔ لفظ معرفت آیا ہے۔ یہ لفظ رویت یعنی یہ نہیں فرمایا کہ جو اپنے زمانہ کے امام کو نہیں دیکھے گا۔ وہ کفر کی موت مرے گا بلکہ یہ فرمایا کہ جو معرفت حاصل نہیں کرے گا۔ وہ جاہلیت یعنی کفر کی موت مرے گا۔ تو معرفت کے لیے شئی کا ہونا اور اس کا وجود لازمی ہے۔ ظہور اور سامنے ہونا ضروری نہیں۔ زمانہ نبیؐ سے آج تک مسلمان خدا کی معرفت حاصل کرتے رہے ہیں۔ حالانکہ وہ آنکھوں کے سامنے موجود نہیں ہے نہ کسی نے

Marfat.com

آج تک دیکھا ہے پیغمبر اکرمؐ کو ان جناب کے زمانے کے لوگوں نے دیکھا اور بعض نے معرفت حاصل کی لیکن آنحضرتؐ کے انتقال کے بعد سے آج تک کے مسلمان دیدار سے محروم ہیں۔ لہذا یا تو یہ سب بے معرفت ہیں۔ یا بغیر دیکھے معرفت ممکن ہے۔ اسی طرح امام کا موجود ہونا لازم ہے ظاہر بہ ظاہر ہونا لازم نہیں۔ بحمد اللہ امام موجود ہے اور اہل ایمان کو اس کے وجود کا اعتقاد اور معرفت بالدلائل حاصل ہے۔

مگر جب ذہنیت یہ ہو کہ خواہ رسول کی ہزار حدیثیں غلط ہو جائیں۔ مگر ہم اولاد رسول کو امام نہیں مانیں گے۔ تو اس کا علاج نہیں۔ لیکن جن کا ایمان ان احادیث پر ہے ان کے نزدیک ایک ایسی ذات کا ہر زمانہ میں موجود رہنا لازمی ہے۔ جو حجتہ خدا ہو۔ خدا نے اس کو امام بنایا ہو۔ وہ جامع صفات امامت مذکورہ قرآن سے متصف ہو۔ باعث امان زمین ہو۔ ہدایت روحانی اس کے دم سے وابستہ ہو۔ اس لیے اُن کی معرفت کے لیے اس کا وجود کافی ہو گا۔ ظہور کی ضرورت نہیں۔ خدا ظاہر نہیں غائب ہے مگر اس کی معرفت دلائل و براہین و علامات سے حاصل ہے۔ اسی طرح اس امام کا وجود احادیث رسول اور آیات قرآنی کی روشنی میں موجود ہے اور مذاہب اسلام میں صرف مذہب اثنا عشری اس کا قائل ہے۔ فالحمد للہ علی ما ھدانا۔

## غیبت کا ایک اور افادی اور نفسیاتی پہلو

جو آیات قرآن پاک اور احادیث رسول و ارشادات آئمہ اہلبیت کی بنا پر اس کا یقین رکھتے ہیں کہ اس زمانہ میں بھی ہمارا امام موجود ہے۔ وہ بنا بر آیتہ قرآنی ہے۔

قل اعملوا فسیری اللّٰہ عملکم و رسولہ والمومنون (توبہ ۱۴)

اے نبی ان سے کہدو کہ تم عمل کرتے رہو تمہارے عمل کا نگراں اور ان سے باخبر تین ہستیاں ہیں اور رہیں گی ۔ اللہ اور اس کا رسول اور (خاص مومن) ۔ مومنین

اس آیتہ میں حکم عمل کے لیے زمانہ کی قید نہیں اور دیکھنے کے لیے صیغہ مضارع آیا ہے ۔ یعنی دیکھتے ہیں اور دیکھتے رہیں گے ۔ تیسری بات قابل غور یہ ہے کہ ایک لفظ رویت کے ماتحت تینوں ہستیوں کا ذکر ہے ۔ جس نے یہ بتلا دیا کہ خدا کے ساتھ اس کی رویت کا سلسلہ برابر جاری رہے گا یہ ناممکن ہے کہ ایک لفظ کے ماتحت کئی چیزوں کو بیان کیا جائے اور اس میں کسی جگہ کوئی موافقت نہ ہو ۔ زید اور عمر اور بکر آئے تو یہ فرق ہو سکتا ہے کہ ایک موٹر پر آئے دوسرا گھوڑے پر تیسرا پیدل ۔ مگر آنے میں سب ایک ہوں گے ۔ آیت میں تین ہستیوں کے طریقہ رویت میں فرق ہو سکتا ہے ۔ مگر خبر اور علم میں فرق نہیں ہو سکتا ہے ۔ آئمہ اہلبیت کی روایت صحیح یہی ہے ۔ کہ امام زمانہ حالات سے باخبر رہتے ہیں اور مومنوں کے اعمال نیک پر خوش اور عمل بد پر رنجیدہ ہوتے ہیں ۔ تو اب ہر صاحب اعتقاد و ایمان کو یہ یقین کامل ہے کہ امام ہمارے حالات کے نگران ہیں ۔ بے شک وہ ایک جگہ موجود ہیں ۔ مگر اپنے علم اور قوت روحانیہ سے ہمارے حالات سے واقف ہیں ۔ جیسے حضرت عیسیٰؑ ۔ اگرچہ ایک جگہ موجود رہتے تھے مگر ہر گھر کے حالات سے باخبر تھے ۔ قرآن اس کو واضح کرتا ہے ۔

انبئکم بما تاکلون و ماتدخرون فی بیوتکم

جو کچھ تم اپنے گھروں میں جمع کرتے ہو اور کھاتے ہو اس کی سب

(آل عمران ۵) کی خبر دوں گا۔

تو جیسے حضرت عیسیٰ رہتے تو ایک جگہ تھے۔ مگر شہید ہونے کی وجہ سے سب گھروں سے باخبر تھے۔ مگر حضرت عیسیٰ اور امام میں فرق ہے۔ حضرت عیسیٰ تو زمانہ نبوت میں ظاہر تھے۔ اس لیے ایک جگہ نظر آتے تھے۔ تو ان کی طرح اگر امام ظاہر ہوتے تو قیام ایک جگہ نظر آتا اور اپنے علم سے حالات اہل دنیا سے واقف ہوتے۔ مگر غائب ہونے کی صورت میں ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ ایک جگہ پر مقید ہیں ممکن ہے وہاں ہوں یہاں ہوں ممکن ہے ہمارے گھر میں ہوں۔ تو اس کا اثر نفس اور قلب پر زیادہ پڑے گا اور نفس برائیوں سے زیادہ محفوظ رہے گا۔

اس لیے کہ اگر کوئی میرے بزرگ کو میرے اعمال سے اپنے خط کے ذریعہ سے باخبر کر دے تو اس کا اثر اور ہے اور وہ بزرگ خود آکر اپنی آنکھوں سے دیکھ لے اس کا اثر کچھ اور ہے اور یہ مسلم ہے کہ ان دونوں میں آخری صورت کا اثر زیادہ ہے تو اگر ہم کامل الایمان ہیں تو ضرور گناہوں سے یہ سمجھ کر بچ جائیں گے کہ ہمارا امام ممکن ہے کہ ہمارے گھر میں ہمارے پاس موجود ہو اور یہ خیال صرف غیبت میں ہو سکتا ہے۔ ظہور میں نہیں۔

تو اگر یہ صورت مفید ہے اور زیادہ مفید ہے تو اوّل والوں کو کیوں نہ غائب کر دیا۔ تو اوّل میں ظہور ضروری تھا۔ تاکہ پے در پے اور یکے بعد دیگرے انبیاء اور رسل اور آئمہ کے آنے سے یہ یقین اور اعتقاد راسخ ہو جائے کہ ہر زمانہ میں حجتہ خدا کا موجود رہنا ضروری ہے اور زمانہ اس سے خالی نہیں رہتا۔ اس یقین کے بعد اگر کوئی ذات غائب ہو جائے۔ تو ہرج نہیں۔ اسی سابقہ یقین و علم و اعتقاد کی بنا پر ہم کو اندازہ ہو جائے گا کہ اب بھی حجتہ خدا باقی ہے۔ آفتاب روزانہ نکلتا ہے اور دنیا کو اپنے وجود اور ضرورت کا یقین دلاتا ہے اور ہم کو یقین کلی حاصل ہو جاتا

Marfat.com

ہے کہ اس کا وجود ضروری ہے۔ اگر وہ نہ ہو تو نشو و نمائے عالم مادی ختم ہو جائے اس یقین کے بعد اگر وہ کبھی بارشوں میں چھپ جائے اور ایک عرصہ تک نظر نہ آئے۔ تب بھی ہم کو یقین رہے گا کہ وہ ضرور موجود ہے۔ اسی طرح سابق کی رسالتوں نبوتوں اور اماموں نے بتلایا کہ دین صحیح کے لیے وجود حجت ضروری ہے تو اگرچہ وہ نظر بھی نہ آئیں تب بھی یقین حاصل رہے گا کہ وہ موجود ہیں اور اس یقین کے بعد ہم بہت سے گناہوں سے بچ جائیں گے۔

## اس کے وجود ہدایتہ روحانی سے سب کیوں فائدہ حاصل نہیں کرتے

پھول باغ میں ایک جگہ ہے مگر اس کی خوشبو سے سارا باغ مہک رہا ہے۔ شمع محفل میں ایک جگہ ہے مگر اس کے نور سے ساری محفل منور ہے لیکن اگر محفل میں کوئی نزلہ کا مریض ہو یا اندھا ہو تو نہ خوشبو حاصل کرے گا نہ نور اس کو فائدہ پہنچائے گا۔ بارش سب جگہ برستی ہے مگر شاداب وہی زمین ہوتی ہے جس میں صلاحیت ہو۔ زمین شور اثر باراں قبول نہیں کرتی۔ خدا ہادی حقیقی ہے مگر وہ بھی ان کو ہدایت کرتا ہے کہ جن کے دل صلاحیت قبول رکھتے ہیں اور تلاش ہدایتہ میں ہیں۔

والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (عنکبوت)

جو ہمارے لیے جدوجہد کرتا ہے ہماری معرفت کے لیے کوشش کرتا ہے ہم ضرور اس کو اپنا راستہ دکھلا دیتے ہیں۔

تو اس امام کی ہدایت سے صرف وہ دل قبول کر سکتے ہیں۔ جن میں صلاحیت قبول ایمان ہے۔ نور آفتاب سے صرف وہ فائدہ اٹھاتے ہیں جن کی آنکھوں

Marfat.com

میں خود نور ہو۔ تو ہدایت ایمان صرف وہ حاصل کرتے ہیں جن کے دلوں میں نورِ ایمان ہو۔ خدا اور رسول پر ایمان رکھتے ہوں۔ وہ اس امام کی ہدایت سے بہرہ یاب ہوتے ہیں۔ یہ امام چونکہ حسب فرمودہ رسول ثقلین میں سے ایک ہے۔ شریک قرآن ہے اس سے جدا نہیں اس لیے مثل قرآن۔

| | |
|---|---|
| یضل بہ کثیرا یھدی بہ کثیرا و ما یضل بہ الا الفاسقین (بقرہ ۲) | بہت سے قرآن سے ہدایت پاتے ہیں وہ ہدایت کرتا ہے اور بہت سے اشخاص کو چھوڑ دیتا ہے۔ |

اس لیے کہ وہ صلاحیت قبول ہدایت نہیں رکھتے ہیں اور چونکہ فرمودہ قرآن

| | |
|---|---|
| وان کثیرا من الناس لفاسقون (مائدہ ۲) | بہ کثرت آدمی گنہ گار ہیں |

اس لیے اکثریت ہدایت امام و قرآن سے محروم رہتی ہے اور اقلیت فائدہ اٹھاتی ہے۔ اسی لیے قرآن نے ہر جگہ اکثریت کی مذمت کی ہے اور اقلیت کی مدح فرمائی ہے۔

## غائب امام سے کیا فائدہ

تو آج اگر امام غائب ہے اور اس سے کثرت فائدہ نہیں اٹھاتی۔ تو آج قرآن تو حاضر ہے۔ سب کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ ہر گھر میں پایا جاتا ہے۔ اس سے کیا فائدہ اٹھایا۔ آج اس کے ہوتے ہوئے بھی امت کے تہتّر فرقے موجود ہیں۔ جس میں سے بہتر جہنمی ہیں اور صرف ایک جنتی ہے۔ تو کہہ دیجیے کہ اس قرآن سے کیا فائدہ۔ یہ بھی مثل امام بیکار ہے۔ تو یاد رکھیے کہ قرآن اور اہلبیت دونوں مل کر سبب ہدایت ہیں اور حدیث نبوی کا یہ فقرہ کہ

Marfat.com

جب تک دونوں سے تعلق رکھو گے گمراہ ہرگز ہرگز نہ ہو گے۔ اس لیے اہل ایمان وہی ہیں۔ جو قرآن اور اہل بیت کو ساتھ رکھتے ہیں اور قرآن کے ساتھ اس کے قائل ہیں کہ وہ اور اہلبیت ایک دوسرے سے ہرگز جدا نہ ہوں گے۔ جب تک حوض کوثر پر نہ پہنچ جائیں۔ دونوں ساتھ ساتھ رہیں گے۔ آج قرآن موجود ہے تو حدیث رسول کے مطابق اہلبیت بھی اس کے ساتھ موجود ہیں۔ تو وہ معصوم ہادی خلق ہیں اور دونوں مل کر قیامت تک باقی رہیں گے۔ صاف تو یہ ہے کہ جو گمراہ ہیں وہ موجود اور ظاہر سے بھی ہدایت نہیں پاتے اور جو ہدایت کے خواہاں ہیں وہ غائب سے بھی ہدایت پائے رہتے ہیں

یہ سارے مسلمان روز پنجگانہ نمازیں دعا کرتے ہیں۔ اھدنا۔ ہم کو ہدایت فرما۔ تو بقول مخالفین امام کے "غائب سے ہدایت نہیں ہوتی" تو خدا بھی تو غائب ہے اس سے کیسے ہدایت ہوتی ہے۔ تو یہ تو ثابت ہو گیا کہ غائب سے ہدایت ہو سکتی ہے مگر یہ کثرت اور زیادہ تعداد کو اس سے ہدایت نہیں ہوئی تو کیا گمراہوں کی کثرت کی وجہ سے خدا کے ہادی ہونے کا انکار کر دیا جائے۔ یا یہ کہہ دیا جائے کہ کروڑوں گمراہ ہیں تو اس کے ہادی ہونے سے کیا فائدہ اور کروڑوں اس کے منکر ہیں تو اس کے وجود سے کیا فائدہ اسی قسم کے مہمل خیالات سے آج وجود خدا اور امام کے منکرین کی کثرت ہے۔

## حقیقت و انصاف پسند اہل سُنّت

ہم اس سے پیشتر ان علمائے اہلسنت کی تفصیل دار فہرست دے چکے ہیں جنہوں نے آئمہ اہلبیت کا ذکر کیا ہے۔ در اصل ان کا انصاف پسند طبقہ اور یہ حضرات صوفیہ و حنفی حضرات کا اکثر حصہ ہمارا ساتھ دیتا ہے۔ صرف خوارج بنی امیہ

اور خلفائے بنی عباس اپنی خلافتوں کو بچانے کے لیے ان کے منکر ہیں اور ان کا کاسہ لیس طبقہ اسلام کے پردے میں آئمہ اہلبیت کے خلاف ہے اور ان کا نمایاں دشمن ہے الحمد للہ کہ اہل سنت کا بہت بڑا طبقہ اب بنی امیہ و بنی عباس کے پروپیگنڈے سے آزاد ہو چکا ہے۔

سلاطین ترکی جو خلیفۃ المسلمین کے خطاب سے بہت عرصہ تک نوازے گئے۔ ان میں ایک خلیفۃ المسلمین سلطان عبد العزیز بھی گذرے ہیں۔ ان کے زمانہ کے مشہور عالم اور شیخ علامہ قندوزی نے فضائل اہلبیت نبی میں ایک مشہور کتاب ینابیع المودۃ تحریر فرمائی اور قسطنطنیہ کے مشہور مطبع اختر ین سن ۱۳۰۱ھ میں محکمہ شرعی کی اجازت لے کر چھپوائی ہوئی ہے کہ اس شان کی کتاب اہلسنت میں آج تک نہیں لکھی گئی۔

(۱) یہ زمانہ خلافت ترکی کا تھا محکمہ شرعیہ کبھی ایسی کتاب کی اجازت نہیں دے سکتا تھا۔ جو غلط کتابوں کے حوالوں اور واقعات پر مبنی ہو۔ نیز وزارت معارف جو کتابوں کی چھان بین کا مستقل محکمہ تھا وہ کبھی اس کی اجازت نہیں دے سکتا تھا خصوصاً جب وہ کتاب ان کے زیر نظر ان کے دار الحکومت میں چھپ رہی ہو۔

(۲) ہر زمانہ میں موافق و مخالف ہوتے ہیں۔ شیخ الاسلام کے بھی مخالف کچھ نہ کچھ ہوں گے اور غلط فہمی کی بنا پر کچھ نہ کچھ اہل بیت کے بھی مخالف ہوں گے۔ ان لوگوں میں سے کسی کو ہمت نہیں ہوئی کہ اس کتاب کی تردید لکھتا۔ یا یہ کہتا کہ فلاں کتاب کے حوالہ غلط ہیں۔ ٹرکی کا شاہی کتب خانہ موجود تھا۔ جس میں وہ کتابیں موجود تھیں۔ جن کے حوالے علامہ قندوزی نے دئے تھے۔

(۳) مان لیا کہ ٹرکی میں کسی عالم کی ہمت نہیں پڑی تو مصر اور شام کے اہل قلم اس کی تردید کر دیتے۔ مگر یہ کتاب آج تک مدح اہلبیت کا اعلان کرتی رہی۔

Marfat.com

اور سب ہی سنتے رہے اور اہل انصاف مانتے رہے۔ البتہ چونکہ ہمارے علاقہ میں ایک فرقہ مخالفت اہلبیت اور توہین اہلبیت میں پیش پیش ہے۔ ان کا کوئی جاہل حدیث و سیر مکتوبہ احادیث کا انکار کر دے اور اس کا ہدیہ روح ابن تیمیہ کے سامنے پیش کر دے۔ تو وہ قابل توجہ نہیں۔ خوارج اور خوارج پسند لوگوں کے علاوہ عام اہلسنت محب اہلبیتؑ ہیں۔

(۴) علامہ قندوزی رضی اللہ عنہ نے جس قدر حالات و احادیث و آیات حضرت امام زمانہ کے متعلق لکھی ہیں وہ ایک حقیقت افزا حیثیت رکھتی ہیں اور اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ دراصل اہلسنت کا عقیدہ کیا ہے۔ اگر احادیث متعلقہ امام زمانہ قصص و حکایت کی حیثیت رکھتیں۔ تو اس زمانہ میں خارجیت پسند علماء اور اہل قلم میں غل مچ جاتا اور ترکی میں بھی اس کے خلاف آواز بلند ہو جاتی۔ لیکن اس زمانہ میں کسی کو اس کی تردید کی جرأت نہیں ہوئی۔ نہ کوئی آواز اس کے خلاف بلند ہوئی۔ جس نے بتلا دیا کہ یہ مشہور کتاب حقائق پر مبنی ہے۔ جس کی تردید ممکن نہیں۔ اس لیے کہ اس کا مدار صحاح ستہ اور دیگر کتب علمائے اہلسنت ہیں۔ اب اگر کسی نے اس کے خلاف لکھا تو وہ کھلی کتاب و سنت کی مخالفت ہو گی۔ اہل تحقیق پر اس کتاب کا مطالعہ واجب ہے جس کا ایک ایک حرف صد افنوں کا حامل ہے۔

## صاحب تاریخ خمیس کا ایک فیصلہ

تاریخ خمیس علامہ دیار بکری کی تالیف ہے جو ۱۳۰۲ھ میں مصر میں طبع ہو چکی ہے۔ وہ خمیس جلد اوّل صفحہ ۱۲۱ میں حضرت خضر کی حیات کے لیے اپنا اور دیگر علماء کا ایک فیصلہ لکھتے ہیں۔ ہم اس لیے اس کو تفصیلاً لکھتے ہیں

Marfat.com

اس لیے کہ جب ایک ہستی کے متعلق یہ فیصلہ ہوگیا کہ وہ زندہ ہے تو اہل انصاف کسی دوسری ذات کی زندگی کے متعلق شک وشبہ نہیں کریں گے ۔ وہ لکھتے ہیں کہ پانچویں بحث ان کی زندگی کے متعلق ہے ۔ آپ کی زندگی کا انکار محدثین کے ایک گروہ نے کیا ۔ (جن میں نمایاں) بخاری اور ابراہیم حربی اور ابن مغازی ہے ۔ ابن جوزی نے اس کے متعلق مخصوص تالیف کی ہے ۔ لیکن صحیح اور پسندیدہ قول یہ ہے کہ وہ باقی ہیں (زندہ ہیں)

(۱) ابن اصلاح کہتے ہیں کہ وہ زندہ ہیں اور علماء کا بڑا گروہ اور تمام صالحین اس کے قائل ہیں کہ وہ زندہ ہیں ۔ صرف چند محدثین ان کی زندگانی کا انکار کرتے ہیں اور جو اقرار کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ان کو آخر زمانہ میں جب قرآن اٹھا لیا جائے گا موت آئے گی ۔

(۲) صحیح مسلم میں بیان دجال میں یہ روایت ہے کہ وہ ایک آدمی کو قتل کرے گا پھر اس کو زندہ کرے گا ۔ تو ابراہیم بن سفین راوی کتاب مسلم کہتے ہیں کہ وہ خضر ہوں گے ۔ دجال آخر زمانہ میں قرب قیامت میں آئے گا اور حضرت خضرؑ اس وقت تک زندہ رہیں گے ۔

(۳) اسی طرح سے معمر نے اپنے مسند میں لکھا ہے ۔ (۴) شیخ علاءالدولہ سمنانی عروۃ الوثقیٰ میں حضرت خضر کی کنیت اور لقب اور اسم بھی تحریر کرتے ہیں (اور قائل حیات ہیں) (۵) کتاب القراء میں ابن عباس سے مروی ہے کہ خضر و الیاس ہر سال زمانہ حج میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں (ملخص) (۶) عرائس میں ابن اسحاق روایتہ کہتے ہیں کہ خضر فارس کے ہیں اور الیاس بنی اسرائیل سے ہیں ۔ (دونوں زندہ ہیں) (۷) زبدۃ الاعمال میں عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت خضر بیت المقدس میں رہتے ہیں اور ہر جمعہ کو پانچ مسجدوں میں نماز پڑھتے ہیں اور

Marfat.com

ہر جمعہ کو دو غذائیں ۔ کماۃ اور کرفس نوش فرماتے ہیں اور زمزم کا پانی پیتے ہیں اور حضرت سلیمان کے کنوئیں کا پانی بھی نوش فرماتے ہیں اور چشمہ سلوان پر غسل فرماتے ہیں ۔ (۷)۔ اسی روایت کو حافظ ابوالقاسم ابن عساکر نے بھی صحیح سمجھ کر لکھا ہے (۸) ربیع الابرار میں علامہ زمخشری لکھتے ہیں کہ انبیاء میں صرف چار زندہ باقی ہیں۔ دو تو آسمان پر زندہ ہیں۔ حضرت عیسٰی اور ادریس اور دو زمین پر زندہ ہیں خضر اور الیاس ۔ ایک کا تعلق خشکی سے ہے اور ایک کا تعلق دریا سے ہے اور وہ ہر شب کو دیوار فصیل ذوالقرنین پر جمع ہوتے ہیں اور ہر سال حج کرتے ہیں ۔ ان کو وہ دیکھ سکتے ہیں جن کو خدا دکھلاتا ہے ۔

اب اس قدر شواہد کے بعد ان کی زندگی کا انکار وہی کر سکتے ہیں جو سب سے جدا ہو کر شہرت کے لیے مشہور واقعہ کا انکار کر دیا کرتے اور جب ایک یا چار تا قیامت زندہ رہ سکتے ہیں تو حضرت امام مہدیؑ کی زندگی کا انکار صرف ہٹ دھرمی اور خاندان نبوت سے تعصب اور ہٹ دھرمی کی بنا پر ہے ۔

## کلیات قرآن دائمی قانون ہیں

جب ہم ان آیات پر غور کرتے ہیں جن کو قرآن نے بحیثیت کلیات اور قانون دائمی ارشاد فرمایا ہے تو حسب ذیل آیات سامنے آتی ہیں

| | |
|---|---|
| (۱) کل من علیھا فان و یبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام ۔ (رحمان ۵۵/۲) | زمین پر جتنی چیزیں ہیں وہ فنا ہو جائیں گی ۔ ہاں صرف تیرے پروردگار کا سبب معرفت باقی رہے گا ۔ |
| (۲) کل شیء ھالک الا وجھہ (قصص ۲/۹) | سوائے سبب معرفت کے ہر شے ہلاک ہونے والی ہے ۔ |

| | |
|---|---|
| کل نفس ذائقة الموت (آل عمران ۴/۱۹) | ہر نفس موت کا مزہ چکھ کر رہے گا۔ |
| (۴) کل فی فلک یسبحون۔ (انبیاء ۲/۱) | ہر ستارہ اپنے فلک پر متحرک ہے۔ |
| (۵) وجعلنا من الماء کل شیء حیّ (انبیاء ۲/۱) | ہر شے کی زندگی ہم نے پانی سے رکھی۔ |
| (۶) کل امرء بما کسب رہین (طور ۵۲/۱) | ہر شخص نے جو کیا ہے وہ بھرے گا۔ |
| (۷) لکل امة اجل (یونس ۱۱/۵) | ہر گروہ کے لیے ایک مدت ہے |

یہ کلیات ماضی کے ہر زمانہ میں صحیح رہے ہیں۔ کوئی قوم کوئی مذہب کوئی فرقہ کوئی علم اس کو غلط نہیں کہتا ماضی کے بعد حال میں بھی ان کی صحت میں شک نہیں اس لیے زمانہ حال کے بعد آئندہ بھی یہ کلیات برقرار اور صحیح رہیں گے۔

مثلاً ہم نے دیکھا کہ ابتدائے آفرینش سے اب تک ہر فرد کے لیے موت لازمی رہی ہے اور اس کو بغیر موت کے چارہ نہیں۔ خواہ ہزار برس کے بعد آئے یا دس ہزار برس کے بعد۔ اس کی حیات موت سے بدل کر رہے گی۔ تو چونکہ گذشتہ زمانہ میں اس کلیہ کو صحیح پایا۔ موجودہ زمانہ میں بھی صحیح ثابت ہو رہا ہے عقل یہ کہتی ہے کہ آئندہ زمانہ میں بھی ہو کر رہے گا اور موت کا وجود ہر زمانہ میں لازمی ہے۔ اب اہل انصاف قرآن کے دو اور کلیوں پر غور فرمائیں۔

| | |
|---|---|
| (۸) یوم ندعوا کل اناس بامامهم (اسرائیل ۸/۱) | ہم ہر شخص کو اس کے امام کے ساتھ بلائیں گے اور طلب کریں گے۔ |
| (۹) لکل قوم هاد (رعد ۱۳/۱) | ہر قوم کے لیے ہادی رہے گا۔ |

Marifat.com

ہر زمانہ میں برابر ہادی آتے رہے اور جہاں انسان پائے گئے ہیں ان کا امام بھی موجود رہا۔ یہ کلیہ زمانہ نبیؐ سے پہلے ہمیشہ رہا۔ ایک لاکھ ۲۴ ہزار انبیاء سب انسانوں کے امام تھے (ہر نبی امام ہے مگر ہر امام نبی نہیں اور سب کے ہادی اور راہ نما تھے۔ زمانہ نبی میں خود آنحضرتؐ ہادی اور امام تھے۔ اب عقل کہتی ہے کہ یہ کلیات ماضی کے ہر زمانہ میں صحیح رہے ہیں۔ کبھی غلط نہیں ہوئے۔ نبی کے زمانہ میں اور بعد نبی بھی (با اختلاف اشخاص) امام ہادی باقی رہے تو رہتی دنیا تک اور بقائے انسانیت تک وجود امام و ہادی لازمی ہے قوم اور ناس موجود رہیں لیکن امام اور ہادی نہ ہو یہ کلیہ قرآن کے خلاف ہے تو موجودہ زمانہ میں بھی امام اور ہادی کا وجود ضروری ہے۔ اس لیے کہ امام و ہادی ہر زمانہ میں تھے۔ ہیں اور رہیں گے۔ ان کی غیبت سے ہدایت و امامت میں خلل نہیں پیدا ہوتا۔

## صواعق محرقہ ابن حجر مکّی کا اقرار

ہم گذشتہ صفحات میں اس کا ذکر کر چکے ہیں۔ لیکن یہاں مفصّل بیان کرتے ہیں۔ یہ عجیب ماجرا ہے کہ اقرار کرتے ہیں مگر مانتے نہیں۔ لکھتے ہیں مگر عمل اس کے خلاف ہے۔ بہر حال حق اگر زبان پر جاری ہو جائے تو یہ اہلبیت کی ایک کرامت ہے

(ا) یہ واضح ہے کہ صواعق محرقہ شیعوں کے رد میں لکھی گئی ہے اس میں تبدیل حدیث۔

انی تارک فیکم الثقلین ترجمہ گذر چکا ہے۔
کتاب اللّٰہ و عترتی اھل بیتی

Marfat.com

اس روایت کو وہ کہتے ہیں کہ بیس سے زیادہ صحابہ نے تحریر کیا ہے۔ ترمذی۔ مسند احمد ابن حنبل۔ صحیح مسلم۔ طبرانی وغیرہ نے بہت سے طریقوں سے تحریر کیا ہے اور آنحضرتؐ نے مختلف مقامات پر بتلایا ہے (صواعق محرقہ ص۸۹ طبع مصر) اس کے بعد وہ لکھتے ہیں کہ ایک روایت میں کتاب اللہ وسنتی بھی آیا ہے۔ اس لیے تین چیزوں کا وجود قیام قیامت تک لازمی ہے ہم اس وقت حدیث کتاب اور سنت کے متعلق نہیں لکھتے کہ یہ حدیث بعد کی ایجاد ہے صرف اس طرف توجہ دلاتے ہیں کہ اہلبیت کا جو عالم قرآن ہوں

## قیامت تک رہنا ضروری لازمی ہے

ان کا کام کیا ہو گا۔ فتوحات نہ ہوں گے بلکہ (صواعق ص۹۰) "ہر باقی ماندہ امت میں ایک عادل اہل بیت میں سے رہے گا۔ جو اس دین سے گمراہیوں کی تحریف کو دور کرے گا اور باطل پرستوں کے افتراء کو دفع کرے گا اور جاہلوں کی تاویل کو رد فرمائے گا" لیجیے آئمہ اہلبیت کا کام بھی بتلا دیا اور یہ بھی لکھدیا ہے کہ یہ اہلبیت خدا تک امت کی رسائی کریں گے تو تم یہ غور کرلو کہ کس کے ساتھ جاؤ گے" پھر وہ لکھتے ہیں (صواعق محرقہ ص۹۰) "کہ جن احادیث میں تمسک اہل بیت پر امت کو آمادہ کیا ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ اہلبیت میں جو لائق تمسک و پیروی ہیں وہ قیامت تک منقطع نہیں ہوں گے۔ جیسے کہ قرآن قیامت تک باقی ہے" نتیجہ

## اہل بیت میں ایک شریک قرآن قیامت تک باقی رہیگا

جو ان پر ایمان نہیں لائے۔ اسی نے بتلایا کہ وہ ابھی زندہ ہیں اور

Marfat.com

آخر زمانہ میں جب سب ان پر ایمان لے آئیں گے۔ تب ان کی موت واقع ہوگی یہ تو ہے قرآن کی شہادت رہی شہادت سنت تو صحیح مسلم میں یہ روایت موجود ہے کہ حضرت علیسیٰؑ دمشق میں ایک مینارہ سپید کے پاس دو فرشتوں کے کاندھے پر ہاتھ رکھے ہوئے نازل ہوں گے۔ نیز بخاری کی یہ روایت ہے۔

| | |
|---|---|
| کیف اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم | آنحضرتؐ نے فرمایا کہ تم پر کیا گذرے گی جب مریم کے بیٹے تم میں نازل ہونگے اور تمہارا امام تم ہی سے ہوگا۔ |

حیات خضر و الیاس کے متعلق مورخ ابن جریر طبری لکھتا ہے کہ وہ باقی ہیں اور زمین پر چلتے پھرتے ہیں (نیز مدارج النبوۃ محدث دہلوی میں ہے کہ خضر نے وفات سرور کائنات پر آکر اہلبیت کو پرسہ دیا ہے۔

حیات دجال تو اس کے متعلق صحیح مسلم میں روایات موجود ہیں کہ وہ زمانہ نبی سے لے کر تا قیامت زندہ رہے گا۔ (تفصیل پہلے آچکی ہے) اور وہ حضرت خضر کو قتل کرنے کا ارادہ کرے گا۔ تمیم داری کی روایت بھی صحیح مسلم میں اس کی حیات کو بتلاتی ہے۔ احادیث مذکورہ صحیح مسلم صاف اور صریح ہیں کہ دجال زندہ ہے اور یہ احادیث وہ ہیں جن پر اہل روایات کا اتفاق ہے۔

اب رہا یہ امر کہ شیطان باقی ہے اور زندہ ہے تو قرآن پاک کی صراحت کے ساتھ گواہی دیتا ہے کہ شیطان نے یہ کہا کہ مجھ کو قیامت تک مہلت دی تو خداوند کریم نے فرمایا کہ تجھ کو وقت معلوم تک مہلت دیدی)۔

اب رہا مسئلہ بقاء و حیات مہدی علیہ السلام تو قرآن کی (آیۃ لیظھرہ علی الدین کلہ تاکہ وہ تمام دینوں پر اسلام کو غالب کر دے) تو سعید ابن جبیر اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ جن کی وجہ سے غلبہ ہوگا۔ وہ مہدیؑ ہیں جو اولاد فاطمہؑ سے

Marfat.com

ہوں گے۔ نیز قرآن پاک کی یہ آیت۔ انہ لعلم للساعۃ۔ کہ وہ ایک نشان ہوں گے قیامت کے لیے۔ تو مقاتل ابن سلیمان اور دیگر مفسرین لکھتے ہیں کہ وہ مہدی علیہ السلام ہیں جو آخر زمانہ میں ہوں گے اور ان کے ظہور کے بعد قیامت اور اس کی علامات نمودار ہوں گی۔

اب رہی دلیل سنت تو ہم اس کو احادیث صحیحہ سے لکھ چکے ہیں۔

بہر حال احادیث صحیحہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ آخر زمانہ میں تین اشخاص کا وجود ضروری ہے۔ دجال جو زندہ ہے حضرت عیسیٰ وہ بھی زندہ ہیں اور امام مہدیؑ کہ جن کے پیچھے حضرت عیسیٰؑ نماز پڑھیں گے۔ وہ بھی زندہ اور باقی ہیں اور ان کا باقی رہنا خدا کی قدرت سے ہے اور یہ ناممکن نہیں۔ اس لیے کہ وہ جب مخلوق بغیر کسی شے کے پیدا کر سکتا ہے اور فنا کے بعد پھر قرب قیامت میں زندہ فرمائے گا۔ تو اس کے لیے کسی کا باقی رکھنا محال نہیں۔ جب پیدا کرنا مار کر پھر جلانا اس کی قدرت میں داخل ہے۔ تو زندہ رکھنا اور باقی رکھنا بدرجہ اولیٰ داخل قدرت ہے اور یہ سب امور اسی کی حکمت پر موقوف ہیں۔

## حضرت امام مہدی علیہ السلام

تو جس دن سے وہ غائب ہوئے ہیں۔ آج تک زمین عدل و انصاف سے نہیں بھری لامحالہ وہ آخر زمانہ میں اس امام کے ذریعہ سے عدل و انصاف سے بھر پور ہوگی اور جب احادیث صحیحہ اور قرآن سے دجال و حضرت عیسیٰؑ کی حیات اور بقاء ثابت ہے۔ تو حضرت مہدیؑ کی بقاء میں خدا کے اختیار و حکمت کو کونسی شے روکتی ہے اور کیا مانع ہے

٭ ٭ ٭ ٭

## سبب بقاء حضرت عیسیٰؑ

حضرت عیسیٰؑ کی بقاء سبب ایمان اہل کتاب ہوگی داایت مذکورہ ہو چکی ہے۔ اور وہ حضرت مہدیؑ کے پیچھے نماز پڑھ کر ہمارے نبی کی نبوت کی تصدیق فرمائیں گے اور حضرت مہدیؑ کی مدد فرمائیں گے اور جس امام کے پیچھے نماز پڑھی ہے اس کی ملت پر لوگوں کو بلائیں گے۔

اسی طرح دجال آکر دعویٔ خدائی کرے گا۔ تو یہ امتحان اہل عالم ہوگا تاکہ مطیع خدا۔ خدا کی نافرمانی کرنے والوں سے جدا ہو جائیں اور نیکوکار اور گنہ گار صاف صاف ایک دوسرے سے ممتاز ہو جائیں۔ اس کی بقاء سے یہی فائدہ ہوگا۔

## اصل و فرع

نواب گویا حضرت عیسیٰؑ اور دجال کا وجود فرع ہوگا اور امام مہدیؑ کا وجود اصل قرار پائے گا۔ اس لیے ایک آکر ان کی مدد کرے گا۔ دوسرا یعنی دجال آکر مومنوں کو کافروں سے جدا کر دے گا اور امام مہدیؑ کے لیے اہل ایمان کا راستہ صاف کر دے گا۔

حضرت عیسیٰؑ صرف اپنی دعوت لے کر نہیں آئیں گے ورنہ خواہ سے اسلام باقی نہیں رہے گا اور لوگ ان کی ملت پر رہ کر اسلام سے جدا ہو جائیں گے۔ اس لیے آپ صرف حضرت مہدیؑ کے مددگار بن کر نبی کی تصدیق فرما کر ملت اسلام پر لوگوں کو دعوت دیں گے۔ اس لیے آپ کا آنا اصلاً اپنے لیے نہیں ہوگا بلکہ امام مہدیؑ کی مدد اور نصرت اسلام کے لیے ہوگا۔ اس لیے آپ تابع بن کر آئیں گے۔ خود اپنا تابع نہیں بنائیں گے۔ اس لیے اصل وہ نہیں ہوں گے۔ بلکہ

اصل امام مہدیؑ ہوں گے ۔ اسی طرح دجال جب آئے گا اور اپنی جانب لوگوں کو دعوت دے گا ۔ تو یہ خلاف عقل ہے کہ اس وقت کوئی امام حق موجود نہ ہو جس کی طرف تلاش حق میں لوگ رجوع کریں اور صرف دجال ہی دجال باقی رہ کر اسلام کو برباد کر دے اور اس کی دعوت کو تباہ کر دے ۔ اگر دجال موجود ہو گا تو اس کی دعوت کے وقت اسلام کا نمائندہ دین حق کی طرف بلانے والا بھی موجود رہے گا ۔ تو اس بنا پر اصل امام مہدیؑ ہوں گے اور یہ عقلاً ناممکن ہے کہ فرع تو موجود رہے ۔ زندہ قائم ہو ۔ اور اصل موجود نہ رہے ۔ شاخیں باقی رہیں اور جبر جو اصل ہے وہ موجود نہ رہے ۔ عقل اس کو قبول نہیں کرتی ۔ اگر فرع باقی ہے تو اصل بھی باقی رہے گا ۔ احادیث صحیحہ میں ذکر حکومت امام مہدی ہے ۔ ذکر حکومت حضرت عیسیٰؑ و دجال نہیں ہے ۔

اسی نے بتلایا کہ وہ اصل ہوں گے اور حضرت عیسیٰ اور دجال ملعون فرع ہو گا ۔ اب رہا یہ امر کہ حضرت امامؑ کو کون غذا پہنچاتا ہے ۔ کون ان کا بندوبست کرتا ہے تو جو دجال و شیطان و حضرت خضر و الیاس کے لیے اسباب حیات مہیا کرتا ہے وہ اگر امام مہدیؑ کے لیے بھی سامان مہیا کر دے تو اس کے خزانہ میں کمی نہیں آ جائے گی ان تمام شواہدات و دلائل قرآنیہ و سنت کے بعد ہم اپنی اس مختصر کتاب کو ختم کرتے ہیں ۔

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذَالِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ؕ

(سورہ۔ ق ۵۰)

سنو! جس دن ایک نزدیک جگہ سے منادی صدا دے گا۔ اس دن وہ حق کی آواز سنیں گے اور یہی دن ظہور کا ہوگا !!

# نور العصر

تصنیف منیف

## سرکار خطیب اعظم مولانا سید محمد صاحب قبلہ دہلوی

ناشر

مکتبہ تعمیر ادب

پوسٹ بکس نمبر ۵۱۷۰ - پیپسا خبار ، لاہور